خسرو اور اقبال

فارسی غزلیات اور منظوم اردو تراجم



شامِ غریب
منتخب کلامِ شیدا

مترجم:
ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم ڈی)

سوانح


کلیات غالب



صبا ذوق

نئی دہلی

خسرو اور اقبال

ڈاکٹر خالد حمید شیدا

سورج پبلشنگ بیورو
2/12- میاں چیمبرز، 3- ٹمپل روڈ، لاہور - پاکستان.
E-mail: surajquarterly@yahoo.com 7146970 :فون

معیار کی علامت
سورج
وہ کتاب جو آپ پڑھنا چاہتے تھے۔

U
831
KSSKI

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ

- کتاب : خسرو اور اقبال
- ناشر : حُر حامیم
- اشاعت : اکتوبر 2008
- مطبع : شرکت پرنٹنگ پریس، لاہور
- قیمت : 400 روپے
بھارت 500 روپے
دیگر ممالک 140 امریکی ڈالر

خُسرو اور اقبال

اہلِ نظر کی آرا

- **محسن بھوپالی**

خسرو جیسے عظیم و باکمال شاعر کے اشعار کو اردو میں منتقل کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر خالد حمید شیدا جتنا ناز کریں بجا ہے اور ان اشعار کی تفہیم کو سہل بنانے پر قارئین کرام خالد حمید شیدا کو جس قدر بھی داد دیں کم ہے۔

- **ڈاکٹر محمد علی صدیقی**

اگر ڈاکٹر خالد حمید شیدا اسی طرح فارسی کے دیگر اہم شعرا مثلاً عطار، سنائی، جامی اور عرفی کے کلام کے منتخب نگینے اردو میں تراشتے رہے تو اردو زبان کا دامن وسیع تر ہوتا چلا جائے گا۔

- **ڈاکٹر رشید امجد**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ہے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ہے کہ اصل کے قریب تر رہتے ہوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جن کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ہوئے احساس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے۔

- **ڈاکٹر قرۃ العین طاہرہ**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا ترجمہ یوں کرتے ہیں کہ اصل تخلیق سے اس کا رشتہ برقرار رہتا ہے، کہیں کوئی خلیج، کوئی دراڑ دکھائی نہیں دیتی، انھوں نے جس جگر کاوی، جاں فشانی اور لگن سے کام کیا ہے اس کا اعتراف نہ کرنا ادبی بددیانتی ہو گی۔

- **ڈاکٹر تنظیم الفردوس**

ڈاکٹر خالد حمید شیدا تعریف کے مستحق ہیں کہ دیارِ غیر میں بیٹھ کر نہ صرف اردو میں نظم و نثر تخلیق کر رہے ہیں بلکہ اردو کے اصل مراکز سے بہت دور ہو جانے کے بعد بھی وہ اردو پر فارسی کے کلیدی اثر کے قائل ہیں۔ نہ صرف قائل ہیں بلکہ اس اثر کے عملی اظہار کی صورت پیدا کرنے کے لیے فارسی منظومات کا اردو ترجمہ کرنے میں بھی مصروف ہیں۔

عرضِ شیدائی

قصور صاحب سے میں نے بہت کہا کہ حضور والا: عاشقان کشتگانِ معشوق اند، بر نیاید ز کشتگاں آواز۔ مگر وہ نہ مانے اور فرماتے رہے کہ اے عاشقِ شیدائی تیری کہانی تیری ہی زبانی سنی جائے گی۔ ناچار بسم اللہ کر کے قلم اٹھانا پڑا۔

میری اچھی بہن بشریٰ انیس کو شاید زیادہ معلوم ہو مگر میں جو جانتا ہوں اس کے حساب سے تو میرا شجرۂ نسب صرف میرے دادا ڈاکٹر عنایت خان تک پہنچتا ہے۔ انھوں نے لاہور سے ڈاکٹری کی تھی اور کافی عمر فوج میں گزاری تھی مگر بعد میں کوچہ چیلاں دہلی میں ایک چماروں کے کٹھڑے میں آ کر بیٹھ گئے تھے۔ وہیں رہتے تھے اور طبابت بھی کرتے تھے جس میں خدمت خلق زیادہ تھی اور معاش کم۔ ان کا جب انتقال ہوا تو میرے والد مولانا عبدالحمید خاں کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ ناداری کی بنا پر دن بھر مزدوری کرتے تھے مگر کیونکہ فراقِ پدر سے پہلے پڑھنا لکھنا سیکھ لیا تھا۔ رات پڑھائی لکھائی میں گزارتے تھے۔ استاد کوئی میسر نہ تھا مگر ہمت خداداد تھی۔ آہستہ آہستہ علم و فضل حاصل کرتے رہے اور ایک وقت ایسا آیا کہ وہ علم اسلامی پر حاوی ہو گئے اور کیونکہ ان کا رسالہ ''مولوی'' ہندوستان کا مقبول ترین جریدہ بن گیا تھا۔ ساری دنیا کے اردو دان مسلمانوں میں ان کی شہرت ہو گئی۔

میری پیدائش ۱۹۲۹ء میں کوچہ چیلان دہلی میں چماروں کے کٹھڑے میں ہوئی تھی وہیں بچپن بھی گزرا مگر تعلیم و تربیت اینگلو عربک ہائی اسکول میں ملی۔ میٹرک جب کیا تو والد محترم نے پوچھا کہ بیٹا کیا بنو گے۔ میں نے فوراً کہا وکیل۔ سنتے ہی چہرے کا رنگ بدل گیا اور فرمایا وکیل جھوٹ بولتے ہیں تم ڈاکٹر بنو گے اور خدمتِ خلق کرو گے۔ میں نے جا کر اپنے اسکول کے سائنس کے ماسٹر صاحب سے مشورہ کیا تو انھوں نے فرمایا کہ تو نے اسکول میں سائنس نہیں پڑھی ہے تو

میرے والد محترم کو فارسی عربی پر عبور تھا جس کی وجہ سے فارسی سے میرا بچپن ہی میں تعارف ہو گیا تھا اور پھر علی گڑھ میں میرے اُستاد مہرباں حضرت معین احسن جذبی نے اس کی نشوونما کی

ڈاکٹر کبھی نہیں بن سکتا۔ اس کے باوجود کیونکہ فرمان پدری حکم خداوندی سے کچھ تھوڑا سا ہی کم ہوتا ہے میں نے ڈاکٹری کا قصد کر لیا اور ۱۹۴۴ء میں علی گڑھ چلا گیا ۱۹۴۷ء میں چونکہ میری والدہ اور بہن بھائی پاکستان آ گئے تھے میں نے بھی علی گڑھ چھوڑ کر لاہور میں پناہ لی۔ وہاں خوش قسمتی سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں داخلہ مل گیا اور ۱۹۵۳ء میں ڈاکٹر بن گیا اور فرمان پدر بجا لایا۔ پورا نہیں آدھا۔ خدمت اپنی ہی کی۔ خلق کی نہیں۔ اس زمانے میں ہر ڈاکٹر کے لیے ملکی ملازمت لازم تھی۔ کیونکہ سپاہ گری میرا آبائی پیشہ تھا اور فوج میں خطرۂ جاں کے باوجود پیسے اچھے تھے میں فوجی بن گیا۔

۱۹۵۷ء میں "ملکی خدمت" پوری کرنے کے بعد ایک نئی چراگاہ کی ضرورت ہوئی۔ کیونکہ برطانوی آفتاب غروب ہو رہا تھا اور امریکہ کی دنیا میں بادشاہی تھی۔ فطرتاً میں نے امریکہ کا رخ کیا۔ خوش قسمتی سے مجھے ایک دوست کی مدد سے یہاں ایک تعلیمی نوکری مل گئی اور میں امریکہ چلا آیا۔ بس اب پچاس سال سے یہاں پر ہی ہوں گو درمیانی دس سال کینیڈا میں گزرے۔ آجکل ہیوسٹن ٹیکساس میں مقیم ہوں۔ یہاں ایک قبر خرید لی ہے اور اسی میں دن رات ٹانگیں لٹکائے بیٹھا رہتا ہوں۔

مجھے یقین ہے آپ سوچ رہے ہوں گے کہ اس قدر نالائق آدمی کا اردو و فارسی ادب و عبارت اور شعر و شاعری سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ بات آپ کی ٹھیک ہے مگر آدھی۔ یہ صحیح ہے کہ میں نے ۶۴ سال کی عمر سے پہلے ذرا بھی تک بندی نہیں کی اور فارسی تو کیا پچاس سال سے اردو تک نہیں بولی اور فارسی میں نے صرف اسکول ہی میں پڑھی تھی مگر میرا مزاج بچپن ہی سے عاشقانہ تھا۔ دو سال کی عمر میں میرے والدین مجھے لیلیٰ مجنوں کا تھیٹر دیکھنے لے گئے تھے۔ وہاں مجنوں نے کئی فارسی کی غزلیں گائی تھیں جو مجھے ازبر ہو گئی تھیں اور میں روز و شب گاتا پھرتا تھا۔ سر مستم و مدہوشم دیوانہ، منزل ام۔ گو فارسی میں نے تھوڑی سی اسکول میں پڑھی تھی میرے والد محترم کو فارسی عربی پر عبور تھا جس کی وجہ سے فارسی سے میرا بچپن ہی میں تعارف ہو گیا تھا اور پھر علی گڑھ میں میرے اُستاد مہرباں حضرت معین احسن جذبی نے اس کی نشوونما کر دی تھی۔ لیکن اس کے بعد خلاص۔

بڑھاپے میں جب بے روزگاری کا خوف بڑھنے لگا تو بچپن یاد آیا اور میں نے اردو فارسی کی شاعری کا رخ کیا۔ حافظ سے مجھے لڑکپن سے لگاؤ تھا ۶۴ سال کی عمر میں جب پھر انھیں

حافظ کے ترجمے کے بعد جناب جمیل الدین عالی نے فرمایا کہ میں غالب کا رخ
کروں اور اسلم فرخی صاحب نے خسرو کی دعوت دی

عرضِ شیدائی

قصور صاحب سے میں نے بہت کہا کہ حضور والا : ما شمار
ز گزشتگاں آواز ۔ مگر وہ نہ مانے اور فرماتے رہے کہ اے
بیاں تیری ہی زبانی سنی جائے گی۔ ناچار بسم اللہ کر کے قلم اٹھانا پڑ

میری اچھی بہن بشریٰ انیس کو شاید زیادہ معلو
صاحب سے تو میرا شجرۂ نسب صرف میرے دادا ڈاکٹر عنایت
والے ڈاکٹری کرتے تھے اور کافی عمر فوج میں گزاری تھی مگر میرا
ایک چچا [illegible] بیٹھ گئے تھے۔ وہیں رہتے تھے
ان میں خود داری زیادہ تھی اور خواہش کم۔ ان کا جب انتقال
ہوا عبدالحمید خاں کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ ناداری کی بنا پر دن بھ
کام کرتے ہوئے پڑھنا لکھنا سیکھ لیا تھا۔ رات [illegible] میں
علم ہمت خداداد تھی۔ آہستہ آہستہ علم و فضل حاصل
وہ علم اصلاح پر حاوی ہو گئے اور کیونکہ ان کا رسالہ
جریدہ بن گیا تھا۔ ساری دنیا کے اردو داں حس

میری پیدائش ۱۹۳۹ء میں کرچی
کچھی گزرا مگر تعلیم و تربیت [illegible]
کہ مشاعرے میں نے

پڑھنے بیٹھا تو سوچا کہ ان کا تو اردو میں بھی آسانی سے منظوم ترجمہ کیا جا سکتا ہے بس اس میں لگ گیا۔ ترجمہ کردہ غزلیات کچھ پاکستان بھیجیں تو وہاں لوگوں کو پسند آئیں اور اس سلسلے میں محترم شبنم رومانی مدیر ''اقدار'' نے میری پذیرائی کی اور بہت ہمت بڑھائی۔

یک نہ شد دو سہ چہار شد۔ حافظ کے ترجمے کے بعد جناب جمیل الدین عالی نے فرمایا کہ میں غالب کا رخ کروں اور اسلم فرخی صاحب نے خسرو کی دعوت دی۔ اسی دوران میں بے نظیر کے عہد میں ان کے بھائی کو قتل کر دیا گیا اور اس پر میں نے تڑپ کر زندگی کی پہلی غزل لکھی جس میں کہا ''دم جو بھرتے ہیں مہر و الفت کا۔ قاتلِ بے نظیر ہوتے ہیں''۔

حال ہی میں میرے شفیق بہنوئی پروفیسر ڈاکٹر انیس الرحمان، سابق مشیر منصوبہ بندی اقوام متحدہ جن کی مسلسل مدد اور ہمت افزائی کے بغیر میں ہرگز جو کچھ بھی میں نے کیا۔ نہ کر سکتا تھا جب عرب سے نوکری ختم کر کے لاہور واپس آئے تو تصور صاحب سے ان کی ملاقات ہوئی۔ جب تصور صاحب کو یہ معلوم ہوا کہ میں نے غالب کی فارسی غزلیات کا منظوم ترجمہ کیا ہے تو انھوں نے مجھ پر نظر کرم فرمائی اور پہلا خالد حمید شیدا نمبر وجود میں آیا جس میں غالب پر زور تھا۔ کثیر تعداد میں چھپوایا تھا جو غالبا غالب کی وجہ سے لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور تین ماہ کے اندر اندر ختم ہو گیا۔

بے روزگاری کے خوف نے مجھے تک بندی سکھائی تھی اور میں نے فارسی غزلوں کا اردو ترجمہ کرنا شروع کر دیا تھا۔ یہ سوچ کر کہ مصروف دیکھ کر شاید ملک الموت مجھے مہلت دے دے۔ اور میں یہ کام ختم کر جاؤں۔ مگر یہ میرا خیال خام تھا، ملک الموت کی بے اعتنائی کا سبب میرا کام نہیں اس کی اپنی ہی مصروفیات تھیں یا شاید کاتب تقدیر کی شوخی تحریر۔ بہر حال اردو تراجم ختم ہونے کے بعد کئی سال اس کا انتظار رہا اور جب وہ آ کر نہیں دیا تو مجبورا انگریزی کا رخ کیا۔ آج کل فارسی غزلوں کا انگریزی ترجمہ کر رہا ہوں۔ خسرو اور حافظ کی پہلی سو سو غزلوں کا ترجمہ کر دیا ہے۔ جو میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس کتاب میں خسرو کی سو غزلوں کا ترجمہ شامل ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

۸۔ اکتوبر ۲۰۰۸ء

خالد حمید شیدا

۲۲۰۸ پائن کریک ڈرائیو
فرینڈز ووڈ، ٹیکساس، یو ایس اے

والد محترم
حضرت مولانا عبدالحمید خان

والدہ محترمہ
الطاف جہاں بیگم

ڈاکٹر خالد حمید شیدا، بیگم شیدا اور چھوٹا بیٹا آدم حمید مع اہل و عیال

بڑا بیٹا یوسف حمید مع اہل و عیال

ڈاکٹر خالد حمید شیدا
کے فنِ ترجمہ نگاری کا ایک اور شہ پارہ

کلیاتِ غالب

دیوانِ غالب (اردو) اور فارسی غزلیات

شامِ غریب

کلامِ شیدا کا خوبصورت مجموعہ، نئی غزلیات کے ساتھ

- 800 سے زائد صفحات
- نفیس طباعت
- مضبوط جلد

قیمت 400 روپے

- بھارت: 500 روپے
- دیگر ممالک: 40 امریکی ڈالر

سورج پبلشنگ بورڈ
2/12، میاں چیمبرز، 3 ٹمپل روڈ، لاہور۔ فون: 42-6280305, 7146970
surajquarterly@yahoo.com

بشریٰ انیس الرحمٰن

میرے بھائی

یوں تو اپنے نجی احساسات اور جذبات کو قلم کے سپرد کرنا ویسے ہی بڑا مشکل کام ہے۔ لیکن جب معاملہ اپنی کسی بہت ہی عزیز ہستی سے متعلق ہو تو سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا لکھوں اور کیسے لکھوں۔ افسانہ ہو یا کہانی۔ تنقید ہو یا فکاہیہ۔ اُن میں جذباتی وابستگی ایک حد تک ہی ہوتی ہے مگر یہاں تو اپنے ہی بخیے اُدھیڑنے پڑیں گے اور وہ بھی بھائی کے حوالے سے۔ خدا کرے میں اپنے ساتھ اور اُن کے ساتھ انصاف کر سکوں۔

بھائی کی شخصیت کے ارتقاء میں اُن کے خاندانی پسِ منظر اور تربیت کا بہت دخل رہا ہے۔

ہمارے پردادا فقیر محمد خاں، ''گویا'' تخلص فرماتے تھے اور میرے چچا نے ایک دفعہ مجھے ان کے ایک دو شعر بھی سنائے تھے۔ پٹھانوں کا یہ یوسف زئی قبیلہ کسی مغل بادشاہ کے زمانے میں کابل سے ہندوستان آیا تھا اور پیشہ سپہ گری سے منسلک تھا۔ ہمارے جد امجد بھی مرزا غالبؔ کی طرح اسی پیشہ سے منسلک تھے۔ ننھیال کی طرف سے ہمیں سادات ورثے میں ملی ہے۔ اور شجرۂ نسب امام حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے جا ملتا ہے۔ آباؤ اجداد تبلیغ کے سلسلے میں غالباً بخارا سے تشریف لائے تھے۔ خدا جانے یہ سیّدوں اور پٹھانوں کا آگ اور پانی والا میل کیسے ہوا۔ بہر حال ہمارا وجود اسی کا مرہونِ منت ہے۔

ہمارے دادا ڈاکٹر عنایت خان پیشے کے لحاظ سے تو ڈاکٹر ہی تھے مگر فارسی اور عربی پر مکمل عبور حاصل تھا۔ سنا ہے قرآن حکیم کا اردو میں منظوم ترجمہ کرنے کے دوران ہی وفات پائی۔ میرے والد کی کم عمری میں ان کے انتقال کی وجہ سے ہمارے پاس ان کی کوئی تحریر موجود نہیں۔ صرف روایات موجود ہیں۔ میرے چچا جنھیں خواجہ حسن نظامی نے غزالی لقب دیا تھا اسی تخلص سے شعر کہتے تھے ان کے ایک شعر کا مصرع مجھے آج تک یاد ہے

ایک غزالی آنکھ والا زینتِ آغوش تھا

بھائی کی شخصیت کے ارتقاء میں اُن کے خاندانی پس منظر اور تربیت کا بہت دخل رہا ہے

ہمارے والد مولوی عبدالحمید خان زندگی بھر صحافت سے منسلک رہے اور اسلام کی تبلیغ کو حاصل زندگی سمجھا۔ وہ عربی اور فارسی کے عالم تھے اور بقول بھائی بچپن میں انھوں نے ہی بھائی کی فارسی کی اصلاح کی۔

میرے والد کی ذہنی تربیت نوعمری میں مولانا محمد علی جوہؔر کے زیر سایہ ان کے اردو روزنامے ''ہمدرد'' میں کام کرنے سے شروع ہوئی۔ ۱۰ سال کی عمر میں یتیم ہونے والے بچے کو قدرت نے اس کے صحیح مقام تک پہنچا دیا تھا۔ پھر خواجہ حسن نظامی اور ملا واحدی کی صحبت رہی جنھوں نے ان کے صحافت کے شوق کو پروان چڑھایا۔ میرے والد اور چچا کی زندگی تک ہمارے خاندانوں کے تعلقات قائم رہے۔ اب تو سب ہی ادھر اُدھر بکھر گئے ہیں اور دلی کے یہ روایتی خاندان اب روایت ہی بنتے جا رہے ہیں۔ ملا واحدی میرے والد کے بہت قریبی رفقاء کار میں سے تھے۔ غالباً انھی کے زیر اثر میرے والد نے اپنا رسالہ 'مولوی'' نکالا اور پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ ان کا یہ رسالہ جو زندہ مذہب، زندہ سیاست اور زندہ تہذیب جیسے عنوانوں سے مزین تھا اس زمانے میں برصغیر کے مسلمانوں کی آواز اور صف اول کے جریدوں میں شامل تھا۔ قرآن کریم، سیرت رسول ﷺ اور حدیثوں کی اشاعت کا کام جس جانفشانی اور محنت سے انھوں نے دہلی میں شروع کیا تھا وہ پاکستان کے وجود میں آنے تک ایک بڑے ادارے میں تبدیل ہو چکا تھا۔

ہمارے والد بے حد روشن خیال اور تعلیم نسواں کے دل سے حامی تھے۔ انھوں نے اپنی لڑکیوں کی تعلیم کو بھی اتنی ہی اہمیت دی جتنی اپنے لڑکوں کی اور رسول کریم ﷺ کی حدیث پر عمل کرتے ہوئے واقعی انھوں نے ہمیں چین تو نہیں لیکن امریکہ اور یورپ ضرور پڑھنے کے لیے بھیجا۔ اور اس سلسلے میں کسی کی پرواہ نہیں کی۔ میری سب سے بڑی بہن کو انھوں نے ۱۹۴۱ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں FSc کے لیے بھیجا (وہ بھائی سے عمر میں ۶ سال بڑی تھیں) ۱۹۴۳ء میں جب وہ دہلی کے لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج میں داخل ہوئیں تو خاندان میں تہلکہ مچ گیا کہ یہ کیسے مولوی ہیں جو لڑکی ذات کو اتنی آزادی دے رہے ہیں۔ ہماری سب سے بڑی بہن خاندان کی پہلی لڑکی تھیں جنھوں نے ۹۴۹،، میں ایم بی بی ایس کرنے کے بعد پاکستان ایئرفورس میں اپنا مستقبل تلاش کیا اور فلائیٹ لیفٹیننٹ کے عہدے پر فائز ہوئیں۔

بھائی سے چھوٹے بھائی زاہد K.D.A سے چیف انجینئر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ان سے چھوٹی بہن بھی ڈاکٹر ہیں جو امریکہ سے پبلک ہیلتھ میں ماسٹرز کرنے کے بعد پاکستان کے

ہمارے والد بے حد روشن خیال اور تعلیم نسواں کے دل سے حامی تھے

خاندانی منصوبہ بندی کے محکمے سے وابستہ رہیں اور ڈائریکٹر جنرل کے عہدے سے ریٹائر ہو کر آغا خان میڈیکل یونیورسٹی سے منسلک ہوگئیں۔ میں نے اپنے تین بہن بھائیوں اور دو بہنوئیوں کی ڈاکٹری سے گھبرا کر کسی نئے شعبے کی تلاش میں Town Planning اس لیے پسند کی کہ مشرقی اور مغربی پاکستان کی پہلی Town Planner لڑکی کہلا سکوں۔ میں پہلی تو نہیں مگر پہلی چار لڑکیوں میں ضرور شامل ہوگئی۔ اس سلسلے میں Athens (Greece) سے فارغ التحصیل ہو کر پہلے حکومت پنجاب میں ڈپٹی ڈائریکٹری کی اور پھر امریکہ میں ڈائریکٹری کرتی رہی۔ مجھ سے بڑی اور چھوٹی بہن نے گھر اور بچوں کی دیکھ بھال ہی میں عافیت سمجھی۔ سب سے چھوٹے بھائی ماجد کیمیکل انجینئر ہونے کے ناطے امریکہ میں Exxon سے منسلک ہے اور دس بارہ سال International Assignments بھگتا کر اب امریکہ ہی میں ہے۔

ہم بہن بھائیوں کے اس وقت تک ماشاء اللہ ۹ لڑکے اور لڑکیاں امریکہ سے میڈیکل کے مختلف شعبوں میں Specialise کرنے کے بعد وہاں مختلف ہسپتالوں میں کام یا پریکٹس کر رہے ہیں۔ بقیہ ۵ بچے امریکہ ہی میں اعلیٰ تعلیم کے بعد انجینئرنگ اور کمپیوٹر کے شعبوں سے وابستہ ہیں اور دو تین بچے ابھی تعلیمی مراحل طے کر رہے ہیں۔ بہت دل چاہتا ہے کہ یہ سب بچے کبھی پاکستان واپس آکر اپنے ملک کو وہ سب کچھ واپس کر سکیں جو ان کے ماں باپ کو پاکستان کی وجہ سے ہی نصیب ہوا۔

بھائی کو ان کے نام کے ساتھ نہ میں نے کبھی مربوط کیا اور نہ پہچانا۔ دنیا کے لیے وہ خالد حمید یا ڈاکٹر خالد حمید ہوں گے۔ میرے لیے تو وہ صرف ''میرے بھائی'' ہیں۔ ان کا ذکر میں کہاں سے شروع کروں۔ اب لکھنے بیٹھی ہوں تو اس حقیقت کا انکشاف بھی ہوا ہے کہ وہ تو ہمیشہ ہی سے میری زندگی کا ایک حصہ رہے ہیں۔ یہ ایک عام بہن بھائی کا رشتہ کبھی نہیں رہا۔ وہ بچپن سے لے کر اب تک میرے آئیڈیل رہے ہیں۔ ساری عمر اپنے آپ کو ان کی کسوٹی پر پرکھا۔ دانستہ یا نادانستہ ہمیشہ ان کی خوشنودی اور ستائش ہی تلاش کرتی رہی اور اب بھی یہ حال ہے کہ چاہے میں ان کے کسی مشورہ پر عمل نہ بھی کروں لیکن ذہن کے کسی گوشے میں وہ ہمیشہ مجھے پریشان کرتا رہتا ہے۔ میرے بچے ان کے لیے میرے اس جذباتی انحصار پر بہت نالاں رہتے ہیں لیکن یہ صرف میری ہی کمزوری نہیں ہے بلکہ یہ ان کی شخصیت کا وہ طلسم ہے جس نے سب بہن بھائیوں کو کسی نہ کسی حد تک اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔

بچپن کی ساری یادیں بھائی سے شروع ہو کر بھائی پر ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ وہ ہم موجودہ

بچپن کی ساری یادیں بھائی سے شروع ہو کر بھائی پر ہی ختم ہو جاتی ہیں

سات بہن بھائیوں میں سب سے بڑے ہیں۔ بچپن ہی سے بے حد ذہین تھے۔ ۱۳ سال کی عمر میں میٹرک کر لیا تھا۔ علی گڑھ جانے کی ضد تھی اس لیے دلی میں کالج میں داخلہ لینے سے صاف انکار کر دیا۔ پاکستان جب بنا تو وہ اس وقت علی گڑھ یونیورسٹی میں ۱۷ برس کی عمر میں BSc کر رہے تھے۔ اس زمانے میں علی گڑھ یونیورسٹی مسلمان طالب علموں کے لیے تعلیم و تربیت کا گہوارہ تھی۔ نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی قابل فخر تہذیب و تمدن اور اخلاقیات کے درس وہاں کے طالب علموں کو پارس بنا دیتے تھے۔ شاید یہ وہی تربیت تھی جس نے بھائی کو اتنی کم عمری میں ذہنی پختگی دے کر آنے والے مرحلوں کے لیے تیار کر دیا تھا۔

ہندوستان جب اگست ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہو گیا تو ہمارے والد جائیداد و کاروبار کی الجھنوں کی وجہ سے اس وقت دہلی سے نہ آ سکے اور اپنے بچوں کو بہتر مستقبل اور بہتر تعلیم کے حصول کے لیے لاہور بھیج دیا۔ میں نے جب ہوش سنبھالا تو والد کی جگہ بھائی کو پایا۔ کبھی کبھی خیال آتا ہے کہ ایک ۱۷ سال کے بچے نے کیسے یہ Role سنبھالا ہوگا۔ بھائی اس وقت کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں داخلہ کی تیاری کر رہے تھے۔ خدا جانے اس وقت ان کی ذہنی کیفیت کیا ہوگی۔ ایک ایسی ماں جو ہمیشہ سات پردوں میں رہی اور جس نے کبھی گھر سے باہر قدم بھی نہ نکالا تھا، چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں کی ذمہ داری، مالی پریشانیاں اور ہم سب کے لیے مناسب سہولتوں کا انتظام، اتنے کم عمر لڑکے نے کیسے کیا ہوگا۔ پاکستان کے حصول اور آزادی کی قیمت تو کوئی ہم سے پوچھے۔ اس نسل کے بچوں سے تو ان کا بچپن ہی چھن گیا تھا۔ بھائی بھی انہی میں سے ایک تھے۔ ان کے کھیلنے کودنے کے دن تو چھوٹے بہن بھائیوں کی نگہداشت کی ہی نذر ہو گئے۔ اس عمر میں نہ تو مجھے اتنا ہوش تھا اور نہ ہی احساس کہ میرے ردگرد کیا ہو رہا ہے اور میرے والد، والدہ اور بھائی کس ہیجانی کیفیت سے گزر رہے ہیں لیکن دل ہی دل میں بھائی کے مزاج سے بہت خوف زدہ اور نالاں رہتی تھی۔ ایک ۱۷ سال کا بچہ اور کر بھی کیا سکتا تھا۔ میں فطرتاً بہت لاابالی اور کھلنڈری تھی۔ کھیل کود کے آگے پڑھائی لکھائی بہت غیر اہم لگتی تھی۔ ایسے میں بھائی کی ڈانٹ ڈپٹ نے بہت عاجز کر رکھا تھا۔ وہ اس عمر میں بھی بے حد Perfectionist تھے۔ ہمارے دانتوں اور ناخنوں کی صفائی سے لے کر ہمارے کمروں کی صفائی تک۔ ہر چیز پر ان کی نظر رہتی تھی۔ ہر اتوار کو ہمارے کمروں کی Inspection ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ میں سب سے زیادہ زیر عتاب رہتی تھی۔ لاکھ کوشش کرتی کہ میرے کپڑوں کی الماری ان کی نظر سے محفوظ رہے اور مجھے کپڑے Hanger پہ نہ لٹکانے پڑیں مگر بھائی کی سرزنش سے بچنا بڑا مشکل تھا۔ اب سوچتی ہوں تو اندازہ ہوتا ہے کہ میری

ان کے کھیلنے کودنے کے دن تو چھوٹے بہن بھائیوں کی نگہداشت کی ہی نذر ہو گئے

شخصیت کے ہر پہلو کی جلا انھوں نے ہی کی تھی۔ چھٹی یا ساتویں جماعت میں اخبار ''پاکستان ٹائمز'' میرے لیے عذاب بن گیا تھا۔ بھائی کی ہدایت تھی کہ روز پہلے صفحے کی Head Lines اور بڑی خبر کی تفصیل کا اردو ترجمہ لکھ کر انھیں شام کو دکھاؤں یا سناؤں۔ اب انگریزی غلط پڑھ جاؤ تو مصیبت۔ معنی معلوم نہ ہوں تو شامت کہ ڈکشنری کیوں نہ دیکھی۔ مگر لشتم پشتم اسی بہانے میری انگریزی بہتر ہوگئی۔

بھائی کو اس عمر سے ہی اردو اور انگریزی ادب سے بہت لگاؤ تھا۔ ایک میڈیکل کا طالب علم ہونے کے باوجود ان کی چھوٹی سی لائبریری اس زمانے میں بھی انگریزی اور اردو کلاسیکی ادب کی کتابوں سے مزین تھی۔ لاہور کے کباڑیے یقیناً ان کے احسان مند ہوں گے کہ وہ ساری کتابیں فٹ پاتھ کی ڈھیریوں سے سستے داموں خرید کر اپنے کمرے میں سجاتے تھے۔ یہ انھی کا شوق تھا کہ میں نے میٹرک ور FSc میں برنارڈ شاہ، ٹالسٹائے، آسکر وائلڈ، فیض، عصمت چغتائی اور کرشن چندر کو پڑھا۔ امام غزالی سے لے کر عمر خیام تک اور ابن خلدون سے لے کر کارل مارکس، اسٹالن اور لینن تک ہر قسم کی کتابیں ان کی الماری کی زینت تھیں۔ مجھے اس زمانے میں فلسفے کی باریکیوں اور سوشلزم کے داؤ پیچ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ لیکن بھائی کے کمرے میں ان کی غیر موجودگی میں زیادہ وقت گذرتا تھا۔ ردو اور انگریزی ادب کا یہ شوق اور All Pakistan Inter College Debates میں حصہ لینے کا مرض بھی بھائی کا مرہون منت تھا۔ اس سلسلے میں جتنے انعامات بھی جیتے غیر ارادی طور پر بھائی ہی کی خوشنودی اور ستائش منظور تھی۔ مگر بھائی اس معاملے میں بہت کنجوس تھے۔ مجال ہے جو کبھی ایک لفظ بھی تعریف کا ان سے سنا ہو۔ حد تو یہ ہے کہ جب مجھے Post Graduation کے لیے یونان جانے کا وظیفہ ملا تو میں نے خوشی کے مارے سب سے پہلے بھائی کو لکھا (بھائی اس وقت اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جا چکے تھے) بھائی کا جواب بہت مختصر آیا جو مجھے اب تک یاد ہے کہ ''مجھے خوشی ہے کہ تم لاکھوں میں نہیں تو ہزاروں میں تو ایک ہو'' اب خدا جانے یہ تعریف تھی یا طنز۔ بھائی سے تعریف کی امید تو کم ہی تھی میں نے یہی سمجھا کہ طنزیہ لکھا ہے ور پھر اس سلسلے میں زیادہ نہیں سوچا۔

ان کی شخصیت کے متضاد پہلو کبھی کبھی مجھے بہت بوکھلا دیتے تھے اور اب بھی یہی حال ہے۔ بہنوں کے معاملے میں بہت روشن خیال مگر بے حد محتاط بھی تھے۔ اس زمانے میں ایک ۲۱ سال کی لڑکی کو یورپ پڑھنے کے لیے بھیجنا ہمارے جیسے روایتی اور مذہبی خاندان کے لیے خاصا مشکل کام تھا اور وہ بھی اس صورت میں جب وہ غیر شادی شدہ ہو۔ بھائی نے اس سلسلے میں مجھے اپنے والد سے اجازت دلوانے میں خاصی مدد کی اور میرے والد میرے رونے دھونے پہ راضی ہوگئے۔ اتفاق سے وہاں Y.W.C.A کے ہوسٹل میں (جہاں میں رہتی تھی) غیر ملکی لڑکیوں کے

مختلف لباسوں کا مقابلہ ہوا۔ میں نے بھی اس میں حصہ لیا اور اپنے پاکستانی کپڑوں کی وجہ سے مجھے پہلا انعام مل گیا۔ میں نے ہمیشہ کی طرح خوش ہو کر سب سے پہلے بھائی کو اطلاع دی۔ پھر کیا تھا وہ شامت آئی کہ بس نہ پوچھیں اور حکم ہوا کہ فوراً اپنا Report Card بھیجو۔ میرے سان و گمان میں بھی نہ تھا کہ میں نے کوئی غلط بات کی ہے۔ بہرحال میرا Report Card دیکھ کر جب انھیں اطمینان ہوا تو پھر ذرا ڈھنگ کا خط آیا۔

بھائی کی ڈکشنری میں صحیح اور غلط یا اچھے اور بُرے کے درمیان بہت واضح لکیر ہے۔ درمیان میں کوئی Gray Area نہیں ہے اور نہ کوئی رعایت ہے۔ ان سے جھوٹ بولنا یا بلوانا ناممکن ہے۔ ہر کام اور ہر بات بالکل سیدھی اور صاف ہونی چاہیے ورنہ آپ مصیبت میں آسکتے ہیں۔ شادی کے بعد اپنے شوہر کے ساتھ امریکہ گئی تو میرے پاس اس وقت امریکہ میں کام کرنے کا ویزا نہیں تھا۔ میرے شوہر اسٹوڈنٹ ویزا پر پی ایچ ڈی کر رہے تھے اور مجھے پیسوں کی سخت ضرورت تھی۔ اپنی یورپین ڈگری کی وجہ سے میرے لیے اچھی نوکری کا حصول بہت آسان تھا اور تنخواہ بھی میری امید اور ضرورت سے زیادہ اچھی مل رہی تھی مگر بھائی کا حکم تھا کہ کوئی غیر قانونی کام نہیں کرو گی۔ جب تک کام کرنے کا ویزا نہیں ملے گا تم نوکری کا سوچو گی بھی نہیں۔ دل ہی دل میں بہت غصہ آیا کیونکہ وہاں میرے جاننے والے بہت سے لوگ غیر قانونی کام کر رہے تھے اور کوئی پوچھتا بھی نہیں تھا مگر بھائی کا حکم ٹالنے کی کس میں ہمت تھی لہٰذا چھ ماہ تک گھر بیٹھ کر دوسری طالبات کے بچوں کی دیکھ بھال کرتی رہی اور اس سے گھر کا خرچ چلایا۔ جس کی وجہ سے پاکستان سے بہت طعنے ملے کہ اپنے ملک کی ڈائریکٹری چھوڑ کر وہاں دوسروں کے بچے پال رہی ہیں۔ بھائی مجھ سے ملنے Wisconsin آئے تو میری ضروریات کا خیال کرتے ہوئے مجھے ایک Blank Cheque دے گئے کہ جتنا دل چاہے میرے اکاؤنٹ سے پیسے نکلوا لینا لیکن مجھے جب تک نوکری نہ کرنے دی جب تک مجھے وہاں کام کرنے کے لیے امریکن گورنمنٹ نے ویزا نہیں دے دیا۔

اب لکھنے بیٹھی ہوں تو اتنی چھوٹی موٹی باتیں یاد آ رہی ہیں جو ان کی شخصیت کی عکاس ہیں۔ امریکہ میں ہی ایک دفعہ میڈیکل سرٹیفکیٹ کی ضرورت پڑ گئی۔ پاکستان گورنمنٹ کے خط پہ خط آ رہے تھے کہ واپس آؤ ہمیں تمھاری ضرورت ہے۔ میرے شوہر کی پی ایچ ڈی ابھی مکمل نہیں ہوئی تھی اور میں Family way میں ہونے کی وجہ سے بیمار تھی۔ بھائی سے کہا کہ آپ میڈیکل سرٹیفکیٹ دے دیں میں پاکستان بھیج دیتی ہوں مگر انھوں نے صاف انکار کر دیا کہ تم ایسی بیمار نہیں

بھائی کی ڈکشنری میں صحیح اور غلط یا اچھے اور بُرے کے درمیان بہت واضح لکیر ہے

ہو جو میں تمھیں میڈیکل سرٹیفکیٹ دوں۔ مجبوراً ایک امریکن ڈاکٹر کو اپنا حال زار سنایا اس نے فوراً سرٹیفکیٹ دے دیا اور میں نے پاکستان گورنمنٹ کو بھیج دیا۔

میرے شوہر کے بہت دلدادہ ہیں۔ میری مجال نہیں کہ کبھی اپنے شوہر کی کوئی شکایت بھائی سے کرسکوں۔ ایک دفعہ ان کے سامنے میری انیس سے کسی بات پر بحث ہوگئی اور میں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا۔ بھائی نے آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً مجھے ڈانٹنا شروع کر دیا کہ جو انیس کہہ رہے ہیں تم وہی کرو گی۔ تم کیسے اپنے شوہر کی بات ماننے سے انکار کرسکتی ہو۔ انیس تو جتنے خوش ہوئے وہ ظاہر ہی ہے مگر میرا دل بہت کڑھا کہ ساری دنیا کے بھائی اپنی بہنوں کی حمایت کرتے ہیں اور میرے بھائی الٹا مجھے ہی بُرا بھلا کہہ رہے ہیں۔

بھائی جیسے مشرقی روایات میں رچے بسے انسان کا امریکہ میں رہنا بظاہر مشکل لگتا تھا۔ مگر ان کی شخصیت کے متضاد پہلوؤں نے یہ آسان کر دیا۔ حقیقت پسندی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ امریکہ انھیں اس وقت بھی اپنے مستقبل کے لیے بہتر نظر آیا۔ جب کوئی امریکہ جانے کے لیے سوچتا بھی نہیں تھا۔ ۱۹۵۳ء میں جب وہ میڈیکل کالج سے سند یافتہ ہوئے تو پاکستانی فوج میں کیپٹن کے عہدے پر فائز ہوئے اور کوئٹہ کے سٹاف کالج سے فارغ ہوتے ہی امریکہ جانے کی ٹھان لی۔ حالانکہ اس زمانے میں فوج کی نوکری اور فوج کا مستقبل نوجوان لڑکوں کے لیے بہت پرکشش تھا۔ مگر بھائی کو تو 'ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں' کی تلاش تھی۔ امریکہ گئے اور ۱۹۶۳ء میں پیتھالوجی میں Specialise کیا پھر پڑھانے اور تحقیق کے شوق میں امریکہ کی Ohio State میں پیتھالوجی کی Hospital Practice شروع کر دی۔ اور ۲۰ سال تک اسی سے منسلک رہے۔ ۱۹۹۴ء میں پھر تدریس کا شعبہ اختیار کر لیا اور ۱۹۹۹ء تک Ohio ہی کے میڈیکل کالج میں پروفیسری کی۔

۱۹۶۴ء میں شادی کے بعد دونوں بچوں کی پرورش میں ویسے ہی جانفشانی کی جیسے بہن بھائیوں کی تربیت میں کی تھی۔ ان کے دونوں بیٹے ماشاء اللہ بے حد لائق اور امریکہ میں ہی بہت اچھے عہدوں پر فائز ہیں۔ بڑا بیٹا بھی انھی کی طرح ڈاکٹر ہے اور Anesthesia میں سپشلائیز کیا ہے۔ چھوٹا بیٹا الیکٹریکل انجینئر اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کرنے کے بعد ایک امریکن کمپنی سے منسلک ہے۔ بہوئیں بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔ لیکن فی الحال گھر اور بچوں کی تربیت میں مصروف ہیں۔ بھائی اب ماشاء اللہ ایک پوتے اور دو پوتیوں کے دادا ہیں۔

بھائی کو امریکہ کی بودوباش اختیار کیے ۵۰ برس ہونے کو آئے لیکن اپنے معاشرے سے ان

> میری مجال نہیں کہ کبھی اپنے شوہر کی کوئی شکایت بھائی سے کرسکوں

کا لگاؤ اور اپنی تہذیب سے ان کی انسیت کبھی نہیں چھپی۔ جس کا نتیجہ ان کی حالیہ سرگرمیوں سے عیاں ہے۔ فارسی شاعری سے ان کی دلچسپی ۱۹۹۴ء میں شروع ہوئی۔ ایک دن بیٹھے بیٹھے مجھے اطلاع ملی کہ بھائی حافظ شیرازی کے فارسی کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کر رہے ہیں تو مجھے بالکل یقین نہیں آیا۔ اس لیے کہ امریکن بیوی کی موجودگی میں تو وہ اردو میں بات بھی بہت کم کرتے تھے اور اکثر کہتے تھے کہ میں اردو پڑھنا ہی بھول گیا ہوں۔ میں دل ہی دل میں ان کی اس بات سے خاصی افسردہ رہتی تھی۔ فطرتاً میں خوابوں میں رہنے کی عادی ہوں اور امریکہ میں رہ کر تو خاص طور پر مجھے پاکستان جنت لگتا تھا۔ اپنی زبان، اپنا رہن سہن یہاں تک کہ لاہور کی گندی گلیاں بھی مجھے وہاں رہ کر اچھی لگتی تھیں۔ اس لیے جب میں نے سنا کہ وہ حافظ کا اردو میں منظوم ترجمہ کر رہے ہیں تو مجھے بے حد خوشی ہوئی اور جب ان کی کتاب چھپ کر آئی تو میں بج طور پر کہہ سکتی ہوں کہ مجھے اُن پر فخر ہے اور وہ میرے ولد کے صحیح جانشین ہیں۔ خدا جانے یہ Talent اُن میں اتنے عرصے کہاں چھپا رہا شاید غمِ جاناں اور غمِ روزگار نے اُن کو اتنا موقع ہی نہیں دیا کہ وہ اپنے آپ کو دریافت کر سکتے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ شوق ان کی گھٹی میں ہے۔

بھائی کی پہلی کتاب جب چھپ کر آئی ور میں نے غزلیات حافظ شیرازی پڑھی تو ان کے اردو ترجمہ کے سہارے میں نے بھی حافظ کو جانا۔ ورنہ کہاں میں اور کہاں حافظ۔ اُس تیل بیچنے والے ملک میں بھائی کی وجہ سے مجھے بھی فارسی پڑھنے کی توفیق ہوگئی۔ ایک ایک شعر دل میں اترتا چلا گیا۔ حافظ کے اسلوب بیان اور اشعار کی خوبصورتی کا تو وہی لوگ اندازہ لگا سکتے ہیں جو فارسی سے اچھی طرح شناسا ہوں۔ میں نے تو بھائی کے ترجمے سے ہی یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے۔

ہمیں کیا منزلِ جاناں میں امن و عیش، جب ہر دم
جرس فریاد کرتا ہے کہ باندھو چل کے محمل ہا

اور چھوٹی بحر میں حافظ کے شعر کی خوب صورتی بھی بھائی ہی برقرار رکھ سکتے ہیں کہ کہیں کوئی جھول نظر نہیں آتا۔

ایک زندگی ملی تھی سو وہ رائگاں گئی
افسوس یہ نہیں کہ ہوئی تن سے جاں جدا

مجھے یقین ہے کہ حافظ زندہ ہوتے تو خوش ہو جاتے۔ وہی بے ساختگی اور طرح داری جو حافظ کی شاعری کی پہچان ہے بھائی نے اردو کے ترجمے میں بھی برقرار رکھی ہے۔ جتنا میں انھیں جانتی ہوں

اپنے معاشرے سے ان کا لگاؤ اور اپنی تہذیب سے ان کی انسیت کبھی نہیں چھپی

ایسا لگتا ہے جیسے حافظ کے کچھ شعر تو ان ہی کے دل کی آواز ہیں جبھی تو اتنا خوب صورت ترجمہ کیا ہے۔

کچھ شرط خانقاہ و خرابات کی نہیں
ہر سمت عکسِ ہائے جمال حبیب ہیں
ہر گاہ کاروبار عبادت میں جلوہ گر
ناقوس و دیر و راہب و نامِ صلیب ہیں

جب بھائی غالب کے فارسی کلام کا منظوم ترجمہ کر رہے تھے تو میں دل میں سوچتی تھی کہ وہ غالب کا انداز بیان اپنے ترجمے میں کیسے لائیں گے۔ غالب کی اردو شاعری تو زبانِ عام ہے۔ ہم جیسے نابلد بھی پہچان لیتے ہیں کہ یہ غالب کا شعر ہے۔ مگر جب کتاب کی پہلی غزل میں ہی مقطع کا منظوم ترجمہ پڑھا تو لگا کہ بھائی نے غالب کے ساتھ بے انصافی نہیں کی۔

میں سوچتی تھی کہ وہ غالب کا انداز بیان اپنے ترجمے میں کیسے لائیں گے

ہے غالب خلد کے در پر اسے مت روک اے رضواں
پرند خوش نوا کوئی نہیں جنت میں اس جیسا

بھائی کی شائع شدہ کتابوں کی ستائش یا تنقید نہ میں کرنے کے لائق ہوں اور نہ ہی یہ میرا مقصد ہے۔ مجھے تو اس بات کی خوشی ہے کہ ان کی وہ خواہش اور شوق جو وہ شاید اپنے لڑکپن کے دنوں سے چھپائے ہوئے تھے اب باہر آ رہا ہے اور وہ اسے پایہ تکمیل تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ یہ تخلیقی کام ہر ایک کے بس کی بات بھی نہیں ہے۔ ایک اچھا شعر ایک شاعر کی روح کا نچوڑ ہوتا ہے۔ اس کو سمجھنا اور پھر اس کو کسی دوسری زبان کے قالب میں ڈھالنا ایسا ہی ہے جیسے آپ کسی کی روح دوسرے کے جسم میں منتقل کر رہے ہوں۔ اور وہ بھی اس کی پوری کیفیات اور خصوصیات کے ساتھ۔ اس کے لیے خود ایک انسان کا لطیف اور حساس ہونا ضروری ہے۔ بھائی نے ہمیشہ اپنے آپ کو حقیقت پسند ثابت کرنے کی کوشش کی۔ مگر سچ یہ ہے کہ ان کے اس حد تک حساس ہونے ہی نے ان کو ۴۴ سال کی عمر میں دل کا مرض لگا دیا تھا اور انھیں سرجری کروانی پڑی۔ میں اس بات سے بہت مطمئن ہوں کہ اب جب وہ خود اپنے دل کی جراحی کر رہے ہیں۔ یہ شاعری ان کے جذبات اور احساسات کا وہ پرتو بن گئی ہے جسے وہ اپنی انا اور حقیقت پسندی کی بدولت پہلے باہر نہ نکال سکے تھے۔ یہ Catharsis ان کے لیے بہت ضروری تھی۔ خدا انھیں سلامت رکھے اور اللہ کرے یہ زورِ کلام اور زیادہ ہو۔ اب تو اُن کا اقبال و خسرو کے فارسی کلام کا اردو ترجمہ

خدا انھیں سلامت رکھے اور اللہ کرے یہ زورِ کلام اور زیادہ ہو

بھی شائع ہو کر اہلِ علم و دانش میں مقبولیت حاصل کر چکا ہے۔ میری بڑی خواہش ہے کہ وہ باپ دادا کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے فارسی کے صوفیانہ کلام پر اور توجہ دیں ان کا اپنا کلام بھی آہستہ آہستہ شائع ہو رہا ہے مگر انھوں نے فی الحال اسے پسِ پشت ڈال رکھا ہے۔ میری یہی دعا ہے کہ حافظ کا شعر جس کا انھوں نے منظوم ترجمہ یوں کیا ہے ۔

غزل تو نے کہی، موتی پروئے، شعر پڑھ حافظ
لٹائے گا فلک فن پر ترے عقدِ ثریا کو

ان پر ہی صادق آئے اور وہ اپنا یہ تحقیقی کام جاری رکھیں۔

* * *

ڈاکٹر انیس الرحمٰن

آتشِ عشق

دبلے پتلے، لمبا قد، کھلتا ہوا گندمی رنگ، تیکھے نقش، طبیعت میں نفاست پسندی، کام کاج میں وقت کی پابندی، آنکھوں میں تجسّس، بات چیت میں بے باکی، کلام میں بے ساختگی، چال ڈھال میں بے گانگی۔ یہ سب عناصر اکٹھے ہوں تو خالد بھائی کا خاکہ ذہن میں ابھرتا ہے۔ سچی بات یہ ہے خالد بھائی کے بارے میں کچھ لکھنا مجھ جیسے کم مایہ شخص کے لیے ایک دشوار امر ہے۔ بعد از کوشش بسیار شاید کسی حد تک ان کی شخصیت کی گیرائی کا احاطہ کر پاؤں۔

خالد بھائی ۱۹۶۴ء میں بوجوہ، میری شادی میں شرکت کرنے لاہور نہیں آسکے تھے۔ ان سے میری پہلی غیر رسمی ملاقات ۱۹۶۷ء میں ہیلی فیکس، کینیڈا میں ہوئی۔ ان دنوں خالد بھائی ڈلہوزی یونیورسٹی میں پیتھولوجی Pathology کے پروفیسر کے عہدہ پر فائز تھے اور میں عالمی نشوونما کے موضوع پر ایک سیمینار میں شرکت کرنے ایک ماہ کے لیے ہونولولو Honolulu ہوائی جا رہا تھا۔ میرا خالد بھائی کے پاس تین چار روز قیام رہا۔ ان کا رہن سہن امریکی تھا۔ امریکن بیوی کی وجہ سے وہ گھر میں انگریزی ہی میں بات چیت کرتے تھے اور مجھے بھی تکلفاً انگریزی میں ہی بات کرنی پڑتی تھی۔ لیکن ان کے لہجے میں امریکی بے ساختگی تھی اور میری انگریزی میں پاکستانی رنگ! گھر کی صفائی کا یہ عالم تھا کہ خالد بھائی کو گرد کا ایک ذرہ بھی گھر کے اندر گوارہ نہ تھا۔ ایک شام، خالد بھائی کے یونیورسٹی سے آنے کے وقت ان کی بیوی نے مجھ سے کہا، دیکھو انیس، میں تمھارے سامنے گھر کی صفائی کر رہی ہوں، اب خالد آئیں گے تو تم دیکھنا، کیا ہوتا ہے۔ خالد بھائی یونیورسٹی سے آئے اور ڈرائنگ روم میں صوفہ پر بیٹھتے ہی انھوں نے میز پر انگلی پھیر کر دیکھا کہ کہیں اس پہ گرد تو نہیں جم گئی۔

بعض احباب کا خیال ہے کہ خالد بھائی کی شخصیت میں تضاد ہے لیکن میرے خیال میں ان

ان کی شخصیت میں ابا جی کے پٹھان اور اماں جی کے سیدانی ہونے کے باعث، جلال و جمال اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجزن نظر آتے ہیں

کی شخصیت متنوع خصوصیات سے عبارت ہے۔ ہاں تنا ضرور ہے کہ یہ متضاد کیفیات ایک دوسرے میں ضم نہیں ہو پائیں بلکہ اپنا، اپنا منفرد رنگ برقرار رکھتی ہیں۔ ان کی شخصیت پر اگر طائرانہ نظر ڈالی جائے تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میں اٹک کے محکمہ تعمیراتِ عامہ کے ریسٹ ہاؤس سے دریائے سندھ اور دریائے کابل کے سنگم کا نظارہ کر رہا ہوں۔ دونوں دریاؤں کے پانی کا رنگ ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ آپس میں ملنے کے بعد بھی دور تک دو رنگ کی لہروں کے ساتھ ساتھ بہنے کا نظارہ، تضاد اور یگانگت کے ملے جلے تاثرات کو جنم دیتا رہتا ہے۔ خالد بھائی کا بھی کچھ یہی حال ہے۔ ان کی شخصیت میں ابا جی کے پٹھان ور اماں جی کے سیدانی ہونے کے باعث، جلال و جمال اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجزن نظر آتے ہیں۔ اگر جلالی رو کی لپیٹ میں آگئے تو الامان الحفیظ اور اگر جمالی لہر سے ہم کنار ہوگئے تو وارے نیارے ہوگئے۔ بھائی بہنوں کے مسائل تو خیر ان کے مسائل ہیں ہی، ان کے بچوں کے مسائل بھی حل کرنے کی حتی الوسع کوشش کرتے ہیں۔

جب تک پاکستان میں رہے حسن بھی باحجاب رہا، عشق بھی باحجاب رہا

خالد بھائی کی شخصیت کی دوسری نیرنگی تمدنی ہے۔ یہ مغرب میں مغربی اور مشرق میں مشرقی ہیں۔ یہ دونوں رنگ بھی آپس میں نہیں ملتے۔ بالکل ایک دوسرے سے جداگانہ اپنی اپنی انفرادیت برقرار رکھتے ہیں۔ کچھ یہی حال قنوطیت اور رجائیت کے جذبات کا ہے۔ دونوں ساتھ ساتھ جلوہ افروز نظر آتے ہیں۔ ہر معاملہ کے بہترین امکانات کی خواہش کے ساتھ ساتھ اس کے بدترین امکانات کے لیے تیار رہتے ہیں۔ اگر فوراً مر گئے تو یہ کرنا ہوگا اور نہ مرے تو کم از کم سو سال کی عمر تک جینے کی قیمت اد کرنے کے لیے وسیلے ہونے چاہییں۔

جب تک پاکستان میں رہے حسن بھی باحجاب رہا، عشق بھی باحجاب رہا۔ طالب علمی اور ڈاکٹر بننے کے بعد نا معلوم کتنے دلوں کی دھڑکن رہے ہوں گے لیکن طالب علمی کے زمانہ میں عشق کی اشتہا کتابوں سے دل لگا کر بجھانے کی کوشش کرتے رہے۔ پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جانے کی دھن سوار ہوئی، امریکہ گئے وہاں اگرچہ حسن میں مغربی بے حجابی در آئی لیکن ان کے عشق کی آگ اندر ہی اندر سلگتی رہی۔ امریکہ بقول ایک ماہر اجتماعیات کے ایک تنہا ہجوم کی مانند ہے۔ یہ لیک ،بیا ہجوم ہے جس میں سب اپنے آپ کو تنہا محسوس کرتے ہیں۔ یہاں جب تک کوئی کسی کا نہ ہو جائے، تنہائی کا احساس کاٹنے کو دوڑتا ہے اور مادیت آمیز معاشرہ اس احساس کو مزید جلا بخشتا

خالد بھائی نے اپنے ادبی کام سے اردو دان طبقے کو انگشت بدنداں کر دیا

ہے۔ جب تک اماں جی بقید حیات رہیں، خالد بھائی نے کسی امریکن لڑکی سے شادی کے خیال کو دل میں جگہ نہ دی کیونکہ اماں جی کو انگریزی نہیں آتی تھی، بہو سے کیسے بات کریں لیکن اماں جی کے انتقال کے بعد، انھوں نے ابا جی سے امریکن لڑکی سے شادی کی اجازت چاہی، جو انھیں بخوشی مل گئی۔

بقول غالبؔ عشق کی آگ لگائے نہیں لگتی اور بجھائے نہیں بجھتی۔ خالد بھائی میں یہ آگ اندر ہی اندر سلگتی رہی۔ لڑکپن میں شرمیلی طبیعت مانع رہی۔ جوانی میں کسب معاش آڑے آیا۔ اس کے بعد بچوں کی تعلیم اور ان کو اپنے پاؤں پر کھڑے کرنے کی دھن میں لگے رہے۔ ان سب مراحل سے فارغ ہو کر خالد بھائی نے اپنے ادبی کام سے اردو دان طبقے کو انگشت بدنداں کر دیا۔ آج سے نصف صدی پہلے یہ کس کو معلوم تھا کہ ۱۳ سال کی عمر میں میٹرک پاس کرنے والے اس شرمیلے لڑکے میں عشق کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے جس کا اظہار اچانک ایک لاوے کی شکل میں ہوگا اور یہ لڑکا نہ صرف حافظؔ، غالبؔ، اقبالؔ اور خسرو کے فارسی کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کر کے اسے اردو دان طبقے سے روشناس کرائے گا، بلکہ ناقدین سے بھی اپنی ادبی کاوش کی بھرپور داد حاصل کرے گا۔

⁂

ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم۔ڈی)

میں بوسیدہ، خزاں رسیدہ اپنی پرانی دنیا میں مگن رہتا ہوں۔ گھر کو پرستان مجسم بنا رکھا ہے جس میں پریاں قطار اندر قطار اور نیلے نیلے، اودے اودے، پیلے پیلے پیرہن ہر سمت نظر آتے رہتے ہیں۔

خسرو اور اقبال

نقد و نظر

ڈاکٹر خالد حمید شیدا (ایم ڈی)

فارسی ایک اعلیٰ ترین زبان ہے جو آٹھ سو سال ہمارے منہ میں رہی اور جس میں بے شمار گنج ہائے گراں مایہ ہیں بد قسمتی سے ہم نے آج کل ان خزانوں کو زمین میں دفن کر رکھا ہے، انگریزی سر آنکھوں پر لیکن فارسی کو بھول جانا ہمارے لیے اپنے ادب کے سرچشمے کو کھو دینے کے برابر ہے۔ وقت ہے کہ یہ بات یاد دلائی جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ ہم نے بھی فارسی شاعر پیدا کیے ہیں اور ایسے کیے ہیں کہ ان کا لوہا ایرانی تک مانتے ہیں۔

ڈاکٹر رشید امجد

خالد حمید شیدا کے تراجم کا ایک اجمالی جائزہ

گوئٹے نے کہا تھا کہ ترجمہ ایک ایسا دریچہ ہے جس کے ذریعہ ایک قوم دوسری قوم کی ادبی و فکری سرگرمیوں سے آگاہ ہوتی ہے۔ اس میں اب یہ اضافہ اور کیا جاسکتا ہے کہ ترجمہ کے ذریعہ قومیں ایک دوسرے کے علمی انکشافات سے بھی واقف ہوتی ہیں، لیکن ترجمہ ایک مشکل فن ہے ترجمہ کی مبادیات کیا ہیں اور ایک اچھے ترجمہ کے لیے کن اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے اس کا تعین تو شاید بہت مشکل ہو۔ لیکن کوئی ترجمہ پڑھ کر یہ اندازہ ضرور لگایا جاسکتا ہے کہ یہ ترجمہ اچھا ہے یا نہیں۔

فنی اور علمی ترجموں کے مقابلہ میں تخلیقی ترجمے بہت مشکل ہیں کہ ہر تخلیق کے ساتھ اس کی زبان، ثقافت اور لکھنے والے کا نظریۂ حیات شامل ہوتا ہے اور کوئی مترجم دونوں زبانوں پر کتنا ہی عبور رکھتا ہو اس کے لیے مشکل ہو جاتا ہے کہ اصل تخلیق کے تمام جواہر کو دوسری زبان میں منتقل کردے۔ خصوصاً کسی تخلیق کے اسلوب کو اس کے اصل مزاج کے ساتھ ترجمہ کرنا تو تقریباً ناممکن ہے مترجم زیادہ سے زیادہ تخلیق کے خیال یا مفہوم کو بیان کرسکتا ہے۔ پھر یہ بھی کہ کیا ترجمہ اسی زبان سے کیا جا رہا ہے جس میں فن پارہ تخلیق ہوا ہے یا درمیان میں کوئی اور زبان بھی شامل ہے۔ اس کی مثال روسی فکشن کے ان تراجم سے دی جاسکتی ہے جو براہ راست روسی زبان سے ترجمہ ہوئے اور دوسرے وہ جو پہلے انگریزی اور پھر انگریزی سے کسی دوسری زبان میں ترجمہ کئے گئے۔ ماسکو کے اشاعتی ادارے سے ظ۔ انصاری نے جو براہ راست ترجمے کئے ہیں۔ ان کی

افسانہ نگاری کی دنیا میں ڈاکٹر رشید امجد بلاشبہ ممتاز ترین حیثیت کے حامل ہیں۔ لیکن تنقید و تحقیق کے حوالے سے بھی ان کا کام بے مثال اور قابلِ رشک ہے۔ صدر پاکستان نے انھیں گزشتہ برس تمغۂ حسن کارکردگی عطا کیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نیشنل اینڈ ماڈرن لینگوئجز یونیورسٹی اسلام آباد میں صدر شعبہ اردو ہیں۔

زبان، مزاج اور آہنگ ان تراجم سے بالکل مختلف ہے جو بذریعہ انگریزی اردو میں کیے گئے۔

ترجمہ نگار کے لیے جس طرح دونوں زبانوں پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے اسی طرح دونوں زبانوں کی ثقافت سے واقفیت بھی ضروری ہے کیونکہ ہر زبان اپنے پس منظر میں ایک مخصوص تہذیبی و تمدنی دائرہ رکھتی ہے جس میں مختلف عناصر شامل ہوتے ہیں۔ مترجم کے لیے کئی مشکلات ہیں مثلاً کبھی کبھی لفظی ترجمہ مضحکہ خیز ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی کمی وبیشی یا سے بہتر کرنے کی صورت اصل مفہوم کو بدل دیتی ہے۔ بعض وقات ایک لفظ رکاوٹ کا سبب بن جاتا ہے فرحت اللہ بیگ سے روایت ہے کہ ایک شام وہ اور دانی جب ڈپٹی نذیر احمد کے ہاں درس لینے گئے تو مولوی صاحب پریشانی میں ٹہل رہے تھے۔ سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ ایک ترجمہ کر رہا ہوں لیکن ایک لفظ پہ اٹک گیا ہوں۔ دانی نے پوچھا مولوی صاحب کونسا لفظ ہے۔ بولے Sta lian۔ دانی نے فوراً کہا دھاری دار گھوڑا۔ مولوی صاحب غصہ میں آ گئے بولے یہ مجھے بھی معلوم ہے لیکن یہاں یہ ترجمہ مناسب نہیں لگ رہا۔ فرحت اللہ بیگ کہتے ہیں کہ کئی دن بعد میں نے پوچھا مولوی صاحب کوئی مناسب لفظ ملا، کہنے لگے مل تو گیا ہے لیکن میں اب بھی مطمئن نہیں۔ اس سلسلے میں میراجی کی مثال بھی دی جا سکتی ہے جو کبھی کسی طویل نظم کا چند مصرعوں میں ترجمہ کر دیتے اور پھر کسی مختصر نظم کے لیے کئی سطریں لکھتے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ شاعر کا خیال پوری طرح نئی زبان میں منتقل ہو جائے۔

خالد حمید شیدا نے ترجمہ کی مبادیات کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روح کو سمجھنے کی کوشش کی ہے

ترجمہ کے ذریعے ہم جو ادب بھی پڑھتے ہیں، اس میں ہمیں صرف خیال تک رسائی ہوتی ہے۔ اصل تخلیق کا اسلوب ہم تک نہیں پہنچتا۔ مولانا صلاح الدین احمد نے ترجمہ کو ایک مشکل فن قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ اچھے ترجمہ کے لیے پہلی شرط یہ ہے کہ مترجم صاحب ذوق ہو اور دونوں زبانوں کے مزاج سے بھی آشنا ہو کیونکہ ایک زبان کے فن کار کی روح کو دوسری زبان میں اسی طرح منتقل کرنا کہ پتلا بولنے لگ جائے اور ترجمے پر تصنیف کا گمان ہو بہت مشکل ہے۔

اردو زبان میں دیگر زبانوں کے تراجم کی روایت تو اب بہت پرانی ہے لیکن گزشتہ تین چار دہائیوں سے جس تیزی اور رفتار سے تراجم ہوئے ہیں، انھوں نے اردو دنیا کو دوسری زبانوں کے ادب سے متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کیا ہے لیکن ان میں سے کتنے تراجم مکرر تخلیق کا مقام حاصل کر پائے ہیں، اس کا اندازہ تو اہل فن ہی لگا سکتے ہیں لیکن زیادہ تر تراجم ایسے ہیں کہ

انھوں نے اصل مفہوم کو بھی مسخ کر دیا ہے۔

گزشتہ برسوں میں جن لوگوں نے تراجم میں خصوصی دلچسپی لی ان میں ڈاکٹر خالد حمید شیدا کا نام اس حوالے سے اہم ہے کہ انھوں نے ترجمہ کی مبادیات کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روح کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ ان کے ذوق کا اندازہ اسی امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ دیگر بہت سے نامور شعراء کے ساتھ ساتھ ان کی خصوصی دلچسپی حافظ، امیر خسرو، غالب اور اقبال میں ہے۔ یہ چاروں اپنے اپنے عہد کے جید مفکر ہی نہیں فنی اقدار کے حوالے سے بھی اپنے اپنے عہد کے نمائندہ ہیں۔ ان چاروں کے یہاں فکر و فلسفہ کی جو سطح ہے اس تک پہنچنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان چاروں کو ترجمہ کے لیے منتخب کرنے سے جہاں خود خالد حمید شیدا کی فکری سطح کا تعین ہوتا ہے وہاں اس اعلیٰ درجہ کے ادبی ذوق کا پتہ بھی چلتا ہے جو انھیں اردو اور فارسی زبانوں کے ادب سے ہے۔ جدید ادب کے برعکس کلاسیکی ادب کا ترجمہ بہت مشکل ہے کہ اب کئی لفظ، اصطلاحیں اور تلازمات اپنے پرانے معنوں سے الگ ہو چکے ہیں اور ترجمہ نگار جب تک ان کے کلاسیکی معنوں سے آگاہ نہ ہو، ترجمے کا حق ادا نہیں ہو سکتا، حق ادا ہونا تو الگ۔ پورے معنی بھی آشکار نہیں ہوتے۔ خالد حمید کے ترجمہ کی خوبی یہ ہے کہ انھوں نے مفہوم کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ خیال کے مزاج اور آہنگ کو برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس کے لیے اردو زبان کے مروج مزاج سے ہٹ کر بھی لفظ استعمال کیے ہیں۔ خسرو کے اسی شعر کا ترجمہ دیکھیے

خالد حمید کے ترجمہ کی خوبی یہ ہے کہ انھوں نے مفہوم کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ خیال کے مزاج اور آہنگ کو برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس کے لیے اردو زبان کے مروّج مزاج سے ہٹ کر بھی لفظ استعمال کیے ہیں

حسن تو دیر پنا یہ چوں ز خسرو رفتی
گل بسے دیر نماند چوں شد از خار جدا

ترجمہ یہ ہے:

قرب سے اتنا بھی محروم نہ رکھ خسرو کو
گل نہیں رہوے ہے گل، ہووے اگر خار جدا

یہاں رہوے اور ہووے نے جو لطف پیدا کیا ہے اس نے شعر کی اصلیت کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ اس کے مزاج، ذائقہ اور آہنگ کو بھی اردو میں منتقل کر دیا ہے۔

خالد حمید نے ایک اور کوشش یہ کی ہے کہ بلا وجہ لفظوں اور تراکیب کو ترجمہ کے کرب سے نہیں گزارا، شاید اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ فارسی اردو میں کئی تراکیب اور تلازمے مشترک بھی ہیں۔ غالب کا یہ فارسی شعر دیکھیے۔

قفس و دام را گنہ نیست
ریختن در نہادِ بال و پر است

(ترجمہ)

قفس و دام کا قصور نہیں
کشمکش سے گرے ہیں بال و پر

اصل شعر سے قفس و دام اور بال و پر کو اٹھا کر ترجمہ میں لے آنے سے شعر اصل کے قریب تر ہو گیا ہے۔

لیکن جہاں ضرورت پڑی ہے انھوں نے اصل لفظوں کو نظر انداز کر کے ترجمہ میں اردو زبان کے مزاج و تہذیب اور شعری روایت کو سامنے رکھا ہے غالب کا یہ شعر:

کم خود گیر، بیش سو غالب
قطرہ از ترکِ خویشتن گہر است

(ترجمہ)

عزت اس عاجزی میں ہے غالب
قطرہ ترکِ خودی سے ہے گوہر

دوسرا مصرعہ غالب کے مزاج کے قریب تر ہے۔

مترجم کا اصل فن یہ ہے کہ وہ زیرِ ترجمہ فن پارے ہی کو نہیں اس کے خالق کے مجموعی فکری اور فنی مزاج کو بھی سامنے رکھے۔ خالد حمید کے اکثر تراجم میں یہ خوبی موجود ہے غالب کے تراجم میں یہ خوبی خالد حمید شید کی غاب کی اردو شاعری سے واقفیت کا پتہ دیتی ہے۔

ہر آنچہ در نگری جز بہ جنس مائل نیست
عیار بے کسی ما شرافت نسبی ست

(ترجمہ)

اگرچہ یکتا و بے ہمتا ہوں نسب میں میں
ہے وجہ بے کسی میرا شرافت نسبی

پہلا مصرعہ غالب کی اردو شاعری کے قریب ترین ہے اردو فارسی کی قربت سے فائدہ

اٹھاتے ہوئے خالد حمید نے ترجمہ کو اصل سے قریب تر رکھنے کے لیے بے وجہ جدید اردو بنانے کی کوشش نہیں کی بلکہ ترجمہ کی زبان کو کلاسیکی اردو زبان اور آہنگ ہی میں رہنے دیا ہے۔

تو اے کہ محو سخن گسترانِ پیشینی
مباش منکرِ غالب کہ در زمانۂ تست

(ترجمہ)

تو دیکھ ، محو سخن گسترانِ پیشینی
سجایا گفتۂ غالب نے کیا زمانہ تر،

خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ہے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ہے کہ اصل سے قریب تر رہتے ہوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جس کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ہوئے احساس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے

ترجمہ کی یہ سلاست اقبال کے تراجم میں بھی ہے حالانکہ اقبال کا فارسی کلام فکر و فلسفہ کی ایک بلند سطح کا متقاضی ہے لیکن خالد حمید شیدا اس مشکل راہ سے بھی آسانی سے گزر گئے ہیں۔ چند مثالیں دیکھیے۔

اگر نظارہ از خود رفتگی آرد حجاب اولیٰ
نگیرد با من ایں سودا ، بہا از بس گراں خواہی

(ترجمہ)

نظارہ بے خودی کا ایک بحرِ بیکراں چاہے
کہاں سے لے کے آئیں گر بہا اتنا گراں چاہے

تیشہ اگر بسنگ زد ایں چہ مقام گفتگو ست
عشق بدوش می کشد ایں ہمہ کوہسار را

(ترجمہ)

عشق حجاز کے لیے سنگ بھی ہے گراں بہت
الفت حق مگر کرے نرم ہے کوہسار کو

ہر دو فروزم ، ہر دو بوزم
ایں آشیانے ، آں آشیانے

(ترجمہ)

دونوں سجاؤں میں دونوں جلاؤں
یہ آشیاں ایک ، وہ آشیاں اک

خیال کی دوست منتقلی کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی روانی بھی اہمیت کی حامل ہے۔ خالد حمید شیدا کے تراجم کی یہ خوبی ہے کہ انھوں نے امکان بھر کوشش کی ہے کہ اصل سے قریب تر رہتے ہوئے اردو زبان کی سلاست و روانی بھی برقرار رکھیں جس کی وجہ سے ان کے تراجم پڑھتے ہوئے احساس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے۔

* * *

محسن بھوپالی

غزلیاتِ خسرو کا منظوم اردو ترجمہ

حضرت امیر خسرو کی حیثیت اور اہمیت بہ حیثیت شاعر ہی مسلم نہیں ہے بلکہ شاعری میں اردو کے الفاظ استعمال کرنے اور اس زبان کی اولین صورت میں اشعار کہنے والے شاعر کی حیثیت سے تاریخ ادب میں فوقیت حاصل کرنے کے علاوہ انھیں اردو شاعری کی مختلف اصناف مثلاً کہہ مکرنی، دو سخنے، پہیلی وغیرہ کو پہلی بار متعارف کرانے کا افتخار بھی حاصل ہے۔ شعر و ادب کے ساتھ ساتھ امیر خسرو کو فن موسیقی میں بھی کمال کی حد تک مہارت حاصل تھی۔ انھوں نے راگوں اور راگنیوں میں جو اختراعات کیں وہ ان کی جودتِ طبع کی آئینہ دار ہیں۔ انھیں فارسی اور عربی کے علاوہ ہندی اور سنسکرت پر بھی دسترس حاصل تھی لیکن فارسی شاعری میں انھیں اختصاص حاصل تھا۔ وہ کثیر التصانیف شاعر تھے۔ شاعری کی مختلف اصناف غزل، قصیدہ، مرثیہ اور مثنوی وغیرہ پر مشتمل تصانیف ان سے یادگار ہیں۔

امیر خسرو کا اصل میدان فارسی غزل گوئی تھا اس ضمن میں اردو کے سربرآوردہ نقاد پروفیسر ممتاز حسین نے اپنی تصنیف امیر خسرو دہلوی حیات اور شاعری: میں اس طرح اظہار خیال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ''یوں تو خسرو نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے لیکن جو مقبولیت انھیں غزل گوئی میں حاصل ہوئی وہ دوسری اصناف سخن میں ان کی مقبولیت سے سبقت لے گئی''۔

(ص ۳۹۷)

آگے چل کر وہ یہ بھی فرماتے ہیں ''خسرو ایک بسیار گو شاعر تھے۔ جتنی غزلیں خسرو نے کہی ہیں اتنی فارسی زبان کے کسی ایک شاعر نے نہیں کہی ہیں''۔ (ص ۳۹۸)

اردو کے ممتاز قادر الکلام شاعر جناب محسن بھوپالی مرحوم کی بلند و بالا شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ ان کی یہ مختصر تحریر کلام شیدا کے بارے میں بلا شبہ سند کا درجہ رکھتی ہے۔

مندرجہ بالا مستند حوالوں کے پیشِ نظر خالد حمید شیدا کا یہ فیصلہ کہ خسرو کی منتخب غزلوں کو منظوم اردو غزلیات میں ڈھال جائے برمحل اور مبنی برحقائق نظر آتا ہے۔ میرے نزدیک ترجمہ، اصل کی روح کے قریب تر پہنچنے کا ذریعہ ہوتا ہے، اصل روح نہیں۔

خالد حمید شید نے بعض اشعار کے ترجمے میں تقلید لفظی سے کام لیا ہے جس سے بچنا چاہیے تھا لیکن بہ حیثیت مجموعی ان کے منظوم تراجم نہ صرف سراہے جانے کے لائق ہیں بلکہ تعریف کے مستحق ہیں۔ انھوں نے ان غزلوں کو اردو میں منظوم کرتے ہوئے معانی اور مفاہیم سے قریب تر رکھنے کی کامیاب کوشش کی ہے اور بعض اشعار کا اس قدر خوبصورت ترجمہ کیا ہے کہ وہ اصل اردو کے ہی معلوم ہوتے ہیں۔

ابر می بارد و من می شوم از یار جدا
چوں کنم دل بہ چنیں روز ز دل دار جدا

ترجمہ

ابر و باراں میں جو مجھ سے ہے مرا یار جدا
کیسے موسم میں ہوا دل سے ہے دل دار جدا

دیدہ از ہجر تو خوں بار شد اے مردم چشم
مردمی کن ، مشو از دیدۂ خوں بار جدا

ترجمہ

دیدہ خوں بنا رہے تیرے لیے اے نورِ نظر
رحم کر خود سے نہ کر دیدۂ خوں بار جدا

ہے از تو کشد مرد، ستم نتواں گفت
نامِ بیداد تو جز لطف و کرم نتواں گفت

ترجمہ

تو نے جو کچھ بھی دیا اس کو ستم کہہ نہ سکے
تیری بیداد کو جز لطف و کرم کہہ نہ سکے

اسی سلسلے کے دو ایک مزید اشعار ملاحظہ کیجیے اور سلاست بیان کی داد دیجیے۔

بزرش سودم ہمہ شب دیدہ و چشم ر
عزتے بودار چہ برخاک درش خواری گذشت

ترجمہ

آستاں پر اُس نے اپنے جب تلک رہنے دیا
خاکِ در پر باعث عزت ہمیں خواری ہوئی

از غمت جاں بہ لب رسید مرا
چوں ترا ایں رضاست چتواں کرد

ترجمہ

غم سے تیرے ہے لب پہ جاں لیکن
جب یہ تیری رضا ہے کیا کیجیے

آپ نے دیکھا خالد حمید شیدا نے کس خوبصورتی سے ان فارسی اشعار کو اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ بعض بعض غزلوں میں انھوں نے ترجمہ کرتے وقت اصل الفاظ کو جوں کا توں رہنے دیا ہے اس سے قافیے کا لطف دوبالا ہوگیا ہے اور ان اشعار کا مفہوم مجروح ہونے سے بچ گیا ہے۔

بہ بدنامی و رسوائی اسیراں را مزن طعنہ
تو اے زاہد ندیدہ مستی بلائے چشم مستانہ

ترجمہ

اسیروں کو نہ رسوائی و بدنامی کا دے طعنہ
نہ دیکھی تو نے ہے زاہد بلائے چشم مستانہ

ہمہ یاراں بہ گشت باغ و میل من بہ کنج غم
کے زنداں نماید بوستاں بر مرغ ویرانہ

میں ہنگام بہاراں میں بھی رہتا کنج غم میں ہوں
قفس اک بن گیا ہے بوستاں بر مرغ ویرانہ

اثر در جانست مستی را اگر در آب و گل بودے
سبو را مست و غلطاں دیدے در صحن میخانہ
اثر جو جاں میں ہے مستی کا، وہ ہوتا اگر گل میں
تو ہوتا مست و غلطاں بھی سبو در صحن میخانہ

خسرو جیسے عظیم و باکمال شاعر کے اشعار کو اردو میں منتقل کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر خالد حمید شیدا جتنا ناز کریں بجا ہے اور ان اشعار کی تفہیم کو سہل بنانے پر قارئین کرام خالد حمید شیدا کو جس قدر بھی داد دیں کم ہے۔

عشرت رومانی

فارسی کلامِ اقبال اور شیدا کا ترجمہ

قوموں کے عروج و زوال میں زبان بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ متعدد اقوام کا معاشرتی اتحاد اور یکجائی اور جغرافیائی حدود ان سب کے زیرِ اثر مختلف زبانیں فکر و عمل پر اثر انداز ہو کر اظہار و ابلاغ کے نئے افق روشن کرتی ہیں نئے راستے دکھاتی ہیں اور علم و ادب کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔ فارسی زبان بھی صدیوں کے تاریخی عمل سے گزرتی رہی ہے۔ برصغیر پاکستان و ہند میں اٹھارویں صدی عیسوی تک یہ زبان اس طرح رائج رہی کہ اس کے اثرات نمایاں رہے بالخصوص سلطنتِ مغلیہ کے عہد میں ادبی اظہار کا ذریعہ بھی بنی۔ ایران سے جو شعراء آئے انہوں نے برصغیر میں فارسی کو عروج دیا جس کے سبب فارسی رموز و علائم کے افکار اور مضامین اردو زبان میں اس طرح رچ بس اور سمو گئے کہ اردو مالا مال ہو گئی۔ دوسری جانب ہماری قومی ثقافت پر ایرانی ثقافت اثر انداز ہوئی۔ برصغیر کے نظامِ تعلیم اور سماج میں فارسی افکار اور صوفیانہ رنگ نمایاں رہے۔

تاریخ کے اوراق الٹتے ہیں تو ہمارے سامنے انیسویں صدی عیسوی آتی ہے جب برصغیر میں فارسی زبان و ادب اور خاندانِ مغلیہ دونوں ہی زوال پذیر تھے۔ فورٹ ولیم کالج نے اگرچہ اردو کی ترویج میں حصہ لیا جس میں فارسی بھی شامل تھی مگر 1834ء میں فارسی کی سرکاری حیثیت ختم کر دی گئی اور اس طرح فارسی زبان و ادب کا زمانی پھیلاؤ اختتام کو پہنچ گیا۔ برصغیر کی آزادی کے بعد ہم نے بہت کچھ کھویا اور بہت کچھ پایا۔ افسوس اس بات پر ہے کہ ہم نے فارسی زبان کی قدر نہیں کی لیکن نامساعد حالات کے باوجود آج بھی فارسی زبان میں شاعری کی تخلیق کا سلسلہ جاری ہے کم ہی سہی مگر ہے تو سہی یہ بھی خوش آئند ہے کہ یہاں پر کراچی کے ایک شاعر جناب عصم عظیم آبادی (مرحوم) کا ذکر برسبیلِ تذکرہ کرنا ضروری ہے۔ وہ فارسی کے شاعر تھے انہوں نے حافظ، عرفی، فیضی، بیدل، خسرو، قتیل، نعمت خان، عالی، بوعلی، قلندر، غالب، شبلی نعمانی اور علامہ اقبالؒ کی زمینوں میں غزلیں تخلیق کیں جو ان کے مجموعہ ''ازحرف تاب

معتبر دانشور عشرت رومانی کی تخلیقات اردو اور انگریزی زبان میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ ان کی گرانقدر تصانیف میں صبح آنے کو ہے (شعری مجموعہ)، شعورِ عصر (مضامین) مقصدی شاعری ــــ ایک جائزہ (تحقیق)، Scattered Moments (انگریزی نظموں کا مجموعہ) شامل ہیں۔

حرف" میں شامل ہیں۔

کوئی شک نہیں کہ فارسی گویان ہند نے فارسی ادب کی جس طرح خدمت کی ہے وہ بے مثال ہے جسے اہل ایران بھی تسلیم کرتے ہیں۔ اس ضمن میں چند باکمال شعرا نے اپنی تخلیقات سے تاریخ کے صفحات روشن کر دیے ہیں۔ امیر خسرو، فیضی، عرفی، نظیری، بیدل، غالب، قتیل، بوعلی قلندر، شبلی نعمانی، گرامی، اور علامہ اقبالؒ نے فارسی شاعری کو چار چاند لگا دیے فارسی نثری ادب میں حضرت شیخ علی ہجویری کی کشف المحجوب کو اولیت حاصل ہے جسے فارسی زبان میں تصوف کی پہلی تصنیف کہتے ہیں۔

میرزا غالب کا شمار اردو اور فارسی کے ممتاز شاعروں میں ہوتا ہے اگرچہ ان کی اردو شاعری زیادہ پسند کی گئی لیکن انھیں اپنی فارسی کے شاعر ہونے پر فخر تھا، عزیز لکھنوی اور علامہ اقبالؒ فارسی کے اہم شاعر تسلیم کیے جاتے ہیں۔ پیام مشرق زبور عجم،، ارمغان حجاز اور مثنوی اسرار و رموز، مثنوی پس چہ باید کرد کے علاوہ جاوید نامہ، علامہ اقبالؒ کی فارسی شاعری کی وہ شمعیں ہے جو رہتی دنیا تک روشن رہیں گی علامہ کی فارسی شاعری کے تراجم بھی ہوئے ہیں اردو میں ترجموں کے لیے حضرت میاں عبدالرشید بہت اہم ہیں انہوں نے 1991ء اور 1992ء میں علامہ کے فارسی کلام کا اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ ترجمہ نگاری ایک مشکل فن ہے، اس کے لیے دونوں زبانوں پر دسترس حاصل ہونا لازم ہے جس سے قاری کو سمجھنے میں آسانی ہو اور ابہام نہ پیدا ہو۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ترجمہ اصل تخلیق سے زیادہ معنی خیز اور اثر انگیز ہو جاتا ہے ترجمہ کی یہ بھی ایک خاصیت ہے دوسرا اہم پہلو اسلوب، طرز بیان اور تہذیب و معاشرت کا ہے جن کے زیر اثر مترجم اپنے احساسات کو دوسری زبان سے اپنی زبان میں منتقل کرتا ہے لیکن اگر مترجم خود بھی شاعر ہو تو ترجمہ زیادہ بامعنی اور دل آویز ہو جاتا ہے جیسا ڈاکٹر خالد حمید شیدا نے تراجم کیے ہیں۔ ترجمہ کے لیے یہ بھی اہم ہے کہ مترجم زمان و مکان کے ساتھ ساتھ مختلف ادوار کو بھی پیش نظر رکھے اس طرح اس کے لیے مربوط خیالات کی تہہ تک پہنچنا آسان ہو جاتا ہے چونکہ عالمی شاعری کا ادب اتنا وسیع ہے کہ اس کا تعین کرنا دشوار کام ہے جہاں تک ترجمہ کی افادیت اور اسلوب کی بات ہے تو میرا خیال ہے کہ ترجمہ کرتے ہوئے تخلیق کے پس پردہ جو مفہوم اور تاثر پوشیدہ ہوتے ہیں انہیں کمال فن سے عیاں کیا جاتا ہے لیکن بعض مترجم اصل عبارت میں اس طرح جان ڈال دیتے ہیں کہ ان کا ترجمہ اپنی جگہ پر خود ہی تخلیق بن جاتا ہے صحیح معنوں میں فقط الفاظ کی ترتیب سے صحیح طور پر ترجمہ ممکن نہیں اکثر و بیشتر روزمرہ اور محاورے سد راہ بن جاتے ہیں صنائع بدائع، مترنم قوافی اور شاعرانہ بندشوں کے تحت ترجمہ کرتے ہوئے مترجم دشواری محسوس کرتا ہے اب فقط اس کا کمال یہی ہے کہ شعری تاثرات کی نزاکت اور لطافت کو مجروح نہ ہونے دے بلکہ اپنے جمالیاتی شعور کی مدد سے کام لے جیسا کہ فرجیرلڈ نے خیام کی رباعیات کا ترجمہ انگریزی میں کیا۔

جناب ڈاکٹر خالد حمید شید، کو فارسی زبان پر دسترس حاصل ہے وہ خود بھی شاعر ہیں ورنہیں غزلیہ شاعری کے علاوہ فارسی زبان سے عشق ہے۔ انہوں نے غزلیات امیر خسرو اور حافظ شیرازی کے علاوہ غالب اور اقبال کی غزلوں کا منظوم ترجمہ کیا ہے بالخصوص حافظ شیرازی کا منظوم ترجمہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں کیا ہے جو اپنی جگہ ایک دشوار شعری کام ہے مگر خالد حمید شیدا نے بہت ہی مہارت اور خوش اسلوبی کے ساتھ یہ مرحلہ طے کیا ہے۔ جہاں تک کلام بہ زبان فارسی کی بات ہے تو ترجمہ کرنا دشوار طلب کام ہے لیکن جناب خالد حمید شید، مشکل پسند واقع ہوئے ہیں۔ دوسروں کے مقابلے میں ان کے لیے یہ کام ان کے شعری ذوق کی تکمیل کا ایک حصہ ہے اہل علم و دانش نے قبیات کے حوالے سے فکر انگیز کام انجام دیے ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے علامہ اقبالؒ کے افکار کو سمجھنے سمیٹنے کے لیے بھی باریک بینی، دانشمندی اور وسیع النظری چاہیے جس سے ان کی مختلف جہتوں کو سمجھا جا سکے۔ مولانا سید ابوالحسن ندوی کے مطابق علامہ اقبالؒ بلند نظری محبت اور ایمان کے شاعر ہیں وہ ایک عقیدہ دعوت اور پیغام رکھتے ہیں پروفیسر آل احمد سرور نے حالی کو نئی شاعری کا پیش رو اور اقبال کو اس کا فلسفی کہا ہے جناب خالد حمید شیدا نے اپنے تراجم میں مختلف مسائل پر فکر اقبال کو مترنم انداز میں پیش کر کے قاری کے لیے سہل کر دیا ہے۔ انہوں نے ترجمہ کے لیے بہت ہی بامعنی آسان اور رواں دواں لفظوں کا انتخاب کیا جو شعری تاثر سے بھرپور ہیں مثلاً حبیب، کہکشاں، کف خاک، شیشۂ جاں، نجوم آرزو، دئے دلنشیں، کاسۂ زر اور لعل رواں۔ دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ انہوں نے ترجمہ کرتے ہوئے ترنم کا خیال رکھا ہے فارسی اور اردو زبان میں لفظوں کی یکجائی اس طرح کی ہے کہ خیالات اور جذبات کے تسلسل میں کوئی فرق نہیں محسوس ہوتا۔ فارسی اور اردو کی قربت نے ایک جہان معنی آباد کیا ہے جس کے معمار جناب ڈاکٹر خالد حمید شید ہیں وہ جانتے ہیں کہ کس طرح کسی بھی عہد میں سماجی معاشرتی فکری اور تہذیبی مسائل کو کس طرح اور کس انداز سے پیش کیا جائے تاکہ افکار و الفاظ کی وضاحت ہو سکے جس سے اظہار و اسلوب کی ترجمانی بھی ہو سکے۔ اس طرح روایت اور جدت میں ہم آہنگی رہے اور ادبی و شعری سفر جاری و ساری رہ سکے۔ یہ تو ایک ایسا عمل ہے جو عہد بہ عہد شعرا کی صلاحیتیں سامنے لا کر ان کی شناخت کراتا ہے خواہ وہ فارسی یا کسی دوسری زبان کے شاعر ہوں۔ خالد حمید شیدا، رنگارنگی کے بے شمار مرحلوں سے گزر کر اپنے تجربوں، مشاہدوں اور مطالعوں کی مدد سے اپنی ابداعی و اختراعی ذہانت کو بروئے کار لا کر نئی نسل کے لیے (جو فارسی سے نابلد ہے) ایک اہم ادبی کام انجام دیا ہے جس سے ان کے جمالیاتی شعور کی ترجمانی ہوتی ہے اپنے ان ارشادات کو جناب خالد حمید شیدا کے تراجم سے چند اقتباسات پر ختم کرتا ہوں

سوز و گداز زندگی لذت جستجوئے تو
سوز گداز زندگی لذت جستجوئے تو

رہ چو ماری گزد گر نہ روم بسوئے تو
سینہ کشادہ جبرئیل از برِ عاشقاں گذشت
تا شررے باوفتد آتشِ آرزوئے تو
ہم بہوائے جلوۂ پارہ کنم حجاب را
ہم بنگاہِ نارسا پردہ کشم بروئے تو
من بتلاشِ تو روم یا بتلاشِ خود روم
عقل و دل و نظر ہمہ گم شدگانِ کوئے تو
از چمنِ تو رستہ ام قطرۂ شبنمے بہ بخش
خاطرِ غنچہ واشود کم نشود ز جوئے تو

کاٹے ہے ناگ بن کے رہ جو نہ مڑوں بسوئے تو
سینہ کشادہ قدسیاں ہیں بشمارِ عاشقاں
دل میں لگی ہے ان کے یوں آتشِ آرزوئے تو
کرتی ہوائے دید ہے پارہ ترا حجاب اور
کرتی نگاہ شوق ہے پردہ کشی بروئے تو
تیری تلاش ہے مجھے یا میں تلاشِ خود میں ہوں
عقل و دل و نظر ہیں سب گم شدگانِ کوئے تو
غنچہ ترے چمن کا ہوں، دل دہی کے ذرا مری
دینے سے ڈالے ایک دو گھٹتی نہیں ہے جوئے تو

○

دمادم نقش ہائے تازہ ریزد
بیک صورت قرارِ زندگی نیست
اگر امروزِ تو تصویرِ دوش است
بخاکِ تو شرارِ زندگی نیست

دمادم نقش ہائے تازہ و نو
نہ یک صورت قرارِ زندگی ہے
اگر ہے آج کل جیسی تو تجھ میں
نہیں کوئی شرارِ زندگی ہے

○

چوں ذوقِ نغمہ ام در جلوت آرد
قیامت افگنم در محفلِ خویش
چوں می خواہم دمے خلوت بگیرم
جہاں را گم کنم اندر دلِ خویش

مرا ہو ذوقِ نغمہ گر بہ جلوت
کروں محشر بپا در محفلِ خویش
اگر مل جائے کچھ تھوڑی سی خلوت
جہاں کو گم کروں اندر دلِ خویش

○

چہ می پرسی میانِ سینہ دل چیست
دل از ذوقِ تپش دل بود لیکن
چوں یکدم از تپش افتاد گل شد

ہے سینے میں، نہ پوچھ، اک چیز کیا دل
بنایا دل کو دل ذوقِ تپش نے
تپش کھوئی اگر اس نے، ہو گل

○

Ham sukhan Sanj haen
Shaida kay Tarafdar Naheen

ہم سخن سنج ہیں
شیدا کے طرفدار نہیں

Hafiz & Khusro's
ghazals in English Verse

By: Dr. Khalid Hameed Shaida, MD

Dr Khalid Hameed Shaida, MD who has already published the Urdu translation in verse of most of the ghazals of Khusro, Hafiz Ghalib, and Iqbal, each in attractive book form and which has been well received, is now engaged in transferring Hafiz & Khusro's ghazals in English verse. Interested readers can view it in the following ways

1. Logging on to URL http://writing.com/authors/khalmeed
2. Searching through Google under:

English and Urdu Translation of
HAFIZ and KHUSRO

In recognition of his literary services the highly acclaimed literary periodical "SURAJ" of Lahore has published an over 700 page special issue called "Dr Khalid Hameed Shaida Number" (Rs. 400). Coming Soon . . . Volume of this issue will carry English translation of Hafiz, Khusro, Iqbal and Ghalib in addition to the Persian text and Urdu translation. It would be spread over 1000 pages and will be a precious gift for the lovers of poetry and literature. A unique feature of this publication will be the paintings based on couplets of Hafiz Shirazi. It can be purchased from

SURAJ PUBLISHING BUREAU

2/12, Mian Chambers, 3-Temple Road, Lahore-Pakistan. Tel: +92-42-7146970, 6280305 rendering are quite graceful One succeeds in reaching out the essential content' of the poetry having the resonance of the music of Khurau's thoughts.

Dr Khalid Hameed Shaida has succeeded in retaining Khusrau's 'content' as a good part of the sweetness of language I can t say whether an English man having mastery over Persian languages like Browne couldn't excel this translation Yet it is also a fact that Dr Khalid Hameed Shaida brings to his effort all that a person very close to the Persian tradition has also succeeded to make his translation a landable rendition He has done full justice to the translation of Khusrau's poetry in Urdu as well.

Following are some of Dr Shaida's translations from Persian to English

The fire of love is very , very nice

The hell is better than the Paradise

اے شوخ تا تو در دل من جاے کردہ ای

ایں است دوزخے کہ ز خلد بریں بہ است

Me, O Preacher, please don't hate

If I'm a toper it is my fate

مرا بہ مستی معذور دار اے ہشیار

کہ ایں زمام نہ در دست اختیار من است

I know my heart, you suffer with pain

May be with you she 'll come & meet

بسوختم ز دل دیدہ بہ پیش دل گفتم

کہ روز بین دل بدروز من بلاے من است

Her mouth's the source of life spring
The dead to life her kiss can bring

گرفت خط لب چو آب زندگانی او
بسان سبزه که لب ہائے آب را بگرفت

When sees the moon her shine and grace
Behind the clouds it hides its face

ز غیرت رخ او آفتاب خواست ز چرخ
فروشدن که ذنب آفتاب را بگرفت

So love from your heart you cannot erase
Especially, Khusru when you see her face

چند گوئی که فراموش کن اورا خسرو
آخر ایں روئے نگو از دل چوں خواہد رفت

I hope that readers will enjoy the translations of the above couplets and treat it is a gift from some one who has tried to enthral. the lovers of Persian poetry. Needless to say that Dr Khalid Hameed Shaida had a successful experience of rendering Ghalib's Persian poetry into Urdu with great success His translation has been hailed as a delightful effort. He has also translated a selection of ghazals of such great luminaries as Hafiz of Shirazi, Saadi and Iqbal and he is naturally equipped to do more justice to Amir Khusrau because one's competence to do justice to Haifiz Saadi and Iqbal could serve as a good enough elation to take up Khusrau, Leonardo da Vinci of India as the next challenge following is the translation of Khusrau's ghazals

Amir Khusrau has used only 11 metrical schemes with 35 distinct divisions He has written Ghazal Masnavi, Qata, Rubai. Do-Beti and Tarkibband

Quite a few Persian & Urdu Tazkirahs of poetry have discussed Amir Khusrau's art Prominent among the writers of those Tazkirahs are Maulana Abdur Rehman Jami, Daulat Shah Samarqandi, Dara Shikoh, Abdul Haq Muhaddis of Delhi, Zaman Khan Sher Khan Lodhi, Mardan Ali Khan Maulana Hussain Dost, Mir Taqi Mir, Qaim Chandpuri, Lachmi Narain Shafiq, Ghulam Ali Azad Bilgrami, Mir Hasan Dehalvi, Raza Quli Khan of Teheran and Nawab Siddiq Ali Khan

Allama Iqbal has paid great tribute to Amir Khusrau in Bab-i-Jibreel some of the couplets are

پنپ سکا نہ خیاباں میں لالہ دل سوز
کہ ساز گار نہیں یہ جہان گندم وجو
رہے نہ ایبک و غوری کے معرکے باقی
ہمیشہ تازہ و شیریں ہے نغمہ خسرو

(کلیات اقبال اردو ص336)

Another Stanza is as follows:-

تھے شاعر نامدار حضرت خسرو
سب شعرا کی ہے پکار حضرت خسرو
دنیا کا چمن ہرا بھرا تھی سینچی
اس دنیا کی تھے بہار حضرت خسرو

So Khalid Hameed Shaida's translation of the pick of Khusrau's hazels is a tribute to the "Spring of the World" in Iqbal's words and it is praise worthy that Dr Shaida's

Persians Ghazals Khaild Hameed Shaida appears to be a competent fan of Khusran's Persian Ghazals which he deemed to be no less in craft and grandeur than the ghazals of any poet of his age.

It is said that translation of poetry for one language to another is well high impossible. All that's possible is the truthful rendering of the "content" of poetry from one language to the other. Yet some translators have the capability of having access to a poet's 'essence' and succeed in good measure by translating it in the language of translation. It is really surprising that Dr. Khalid Hameed Shaida has kept in view the English reader's concern for the authentic use of the English idiom in the translated version because it is only through the help of the English idiom that the approximate equivalence of the original could be appreciated. Many a translators translate a language's idiom into another without realizing that it was not possible to translate idiomatic or colloquial languages without 'killing' the spontaneity of expression. Hence it is better to translate the idioms of a language into their nearest possible authentic equivalents so that it was not like swimming the 'roughs' of inhospitable waters.

Amir Khusrau brought about some modifications in the metrical schemes of Persian poetry. Thanks to the work of masters like him and Sultan Husain Sharqi the two streams of Perso-Arabic and Indian music mingled more closely than was possible at Baghdad. The fusion is now the national music of India. However, Khusrau stuck to the original Persian Bahurs as far as possible so that he was respected by the Persian for his mastery.

(1246-87) Khusrau was, thus, half Indian from his mother's side He spent some of his time in Qudh before being attached with Prince Bughra Khan the governor of Samana and later of Bengal and subsequently to Prince Muhammad, the heir designate of Balban who maintained a magnificent court at Multan (Pakistani Punjab)

In 1285, after Prince Muhammad lost his life in a skirmish with the Mangols, he moved to Delhi. Balban's youthful successor Kaikabad was Khasrau's first royal patron Besides Balban Khusrau saw seven different rulers on the throne of Dehli but his own loyalty was to the Muse

Apart from lyrics qasidas, five books written in reply to Nizamis Khamsa, he also wrote poems relating to contemporary event. Qiran us Sadain completed in 1289, gives an account of the historic meeting of Bughra Khan & Kaikubad an the bank of the river Sarju and contains an interesting description of Dehli of those days Miftah ul-Futuh (1291) is a versified account of the exploits of Jalal ud Din Firuz Khalji In Aashiqa (1315) Khusrau gave an account of the romance of the Gujrati Princess Dewal Rani and Prince Khizr Khan, son of Alauddin Khalji The latter's conquests are the subject matter of Khazain-ul-Futuh (1311) in ornate prose, while Nuh Sipahr, completed in 1318, celebrates the reign Quthuddin Mubarak Shah

In Nu-Sipahr Khusrau challenged the poets of Iran, and sang of his native land, its hoary past its love of learning, its flowers and its fair and intelligent people The Tughlaq Nameh describes the successful expedition of Ghiyas ud Din Tughlaq against the usurper Khusrau Khan Khusrau has the distinction of composing quite a few Diwans of

AMIR KHUSRAU:
LEONARDO DA VINCI OF INDIA

By: Dr. Muhammad Ali Sidiqui

Amir Khusrau had been hailed as the Leonardo da Vinci of Indo-Pak subcontinent. Be it formal poetry or vignettes of folklore popular among the laity specially womenfolk or music he was one of those innovators who introduced some ragas & invented musical instruments. As a poet he has left a voluminous heritage in Persian gazal and many Masnavis. Amir Khusrau wrote poetry in Rekhta a precursor of the modern day Urdu. Quite a few of his ghazals have the mixed vocabulary of Persian and Rekhta besides marriage songs, Keh Mukarnis and Dohas in a diction which is still current in the rural areas of Northern India. It is for this reason that he is accorded the honor of being the pioneer of Urdu. As a mystic he is a devotee of Shah Nizamuddin Aulia, a Chishti saint of late 13th & early 14th century.

Dr Khalid Hameed Shaida's translation of a selection of Amir Khusrau, ghazals in English should come as a gift for all those who have gone through many works on Khusrau specially Dr Waheed Mirza and Dr. Tara Chand's in Endligh and Prof Mumtaz Husain's work in Urdu.

Amir Khusrau was born in 1251 in Patiali (near Badaun, U P India). His father was a junior Turkish officer under Iltutmish and had married a daughter of Rawat Arz, the famous war minister of Balban a king of the salve dynasty

خسرو اور اقبال

کلامِ خسرو (فارسی)

منظوم اردو ترجمہ

والدہ مرحومہ

الطاف جہاں بیگم

کے نام

یاد سے تیری دلِ دردآشنا معمور ہے

بصدائے دردمندے بنوائے دلپذیرے
خم زندگی کشادم بجہانِ تشنہ میرے

1

ابر می بارد و من می شوم از یار جُدا
چوں کنم دل بہ چنیں روز ز دلدار جدا

ابر و باراں میں جو مجھ سے ہے مرا یار جُدا
کیسے موسم میں ہُوا دل سے ہے دلدار جدا

ابر و باراں و من و یار ستادہ بہ وداع
من جُدا گریہ کناں، ابر جُدا، یار جُدا

قابلِ دید ہے برسات میں ہنگامِ وداع
مَیں کروں گریہ جُدا، ابر جُدا، یار جُدا

سبزہ نوخیز و ہوا خرم و بُستاں سرسبز
بلبلِ روی سیہ ماندہ ز گُلزار جُدا

سبزہ نوخیز و ہوا خرم و سرسبز چمن
بُلبلِ زار سے کس وقت ہے گلزار جُدا

دیدہ از ہجرِ تو خُوں بار شد، اے مردمِ چشم
مردمی کن، مَشو از دیدۂ خوں بار جُدا

دیدہ خُوں بار ہے تیرے لئے اے نُورِ نظر
کر رحم، خود سے نہ کر دیدۂ خُوں بار جُدا

نعمتِ دیدہ نخواہم کہ بماند پس ازیں
ماندہ چُوں دیدہ ازاں نعمتِ دیدار جدا

نعمتِ چشم ہے بیکار خدایا ساری
چشم سے میری ہو گر نعمتِ دیدار جُدا

دیدہ صد رخنہ شد از ہجرِ تو، خاکے ز رہت
زُود برگیر و بکن رخنۂ دیوار جُدا

دیدہ ہو جائے گا صد رخنہ مرا زنداں میں
ہو گا دیوار سے گر رخنۂ دیوار جُدا

حسنِ تو دیر نپاید چوں ز خُسرو رفتی
گل بسے دیر نماند چوں شد از خار جُدا

قُرب سے اتنا بھی محرُوم نہ رکھ خُسرو کو
گل نہیں رہوے ہے گل، ہووے اگر خار جُدا

۲

صد ہزاراں آفریں، جاں آفرینِ پاک را
کافرید از آب و گِل سروے چو تو چالاک را

تلخ می گوئی و من می بینمت از دور لبس
زہر کے آید فرو گر نشکرم تریاک را

غنچۂ دل تہ بہ تہ بے گل رُخاں خون ست زانک
بوستاں زنداں نماید، مردمِ غمناک را

چوں ترا بینم، ہم از چشمِ خودم در رشک ازانک
کرد تردامن رُخت ایں چشمہائے پاک را

شہ سوارا! عیبِ فتراک است صیدِ چوں منے
گاہِ بستن عذر خواہی کن زمن فتراک را

چوں دلم زو چاک شد، اے پند گو راضی نیم
از رگِ جانِ خود ار دوزی ایں دل چاک را

نالۂ جاں سوزِ خسرو کو بہ دلہا شعلہ زد
رحمتے تا سوخت آں سنگیں دلِ ناباک را

صد ہزاراں آفریں، جاں آفرینِ پاک کو
خاک سے جس نے بنایا اس بُتِ چالاک کو

گالیاں دیتی ہے جب، مَیں دیکھتا ہوں اسکے لب
زہر پی سکتا نہیں، دیکھے بِنا تریاک کو

غنچۂ دل تہ بہ تہ بے گل رُخاں ہوتا ہے خوں
بوستاں زنداں لگے ہے مردمِ غمناک کو

رشک آتا ہے مجھے آنکھوں پہ اپنی، دیکھ کر
کیا ملی تردامنی ہے چشم ہائے پاک کو

عذر خواہی کر تُو اے صیاد جانب سے مری
باندھتے سے صید مجھ سا عار ہے فتراک کو

چاک دل پر ناز ہے، راضی نہیں اے پند گو
تو رگِ جاں سے بھی اپنی گر سیئے اس چاک کو

نالۂ جاں سوزِ خسرو گرچہ پگھلاتا ہے دل
نرم کر سکتا نہیں اس سنگ دل بے باک کو

۳

گر از مے تلخ می کن آں دو لعلِ شکر افشاں را
کہ تا ہر کس بہ گستاخی نبیند آں گلستاں را

کنم دعویِ عشقِ یار وانگہ زو وفا جویم
زہے عشق ار بہ رشوت دوست خواہم داشتن آں را

بزن، تا زود تر زاں شعلہ خاکستر شود جانم
نفس بکشایم و دم میدہم سوزاکِ پنہاں را

از او یارب نپرسی ہمرا سوزی بجائے او
چوں سیری نیست از آزارِ خلق آں ناپشیماں را

بیار آں نامۂ مجنوں کہ گیرد سبقِ رسوائی
بہ خونِ دل چوں خسرو شست لوحِ صبر ساماں را

کرے گر تلخ مے سے تو دو لعلِ شکر افشاں کو
نہ دیکھیں لوگ شوخی سے رخِ رشکِ گلستاں کو

کیا ہے عشق کا دعویٰ، ملے تا کہ وفاداری
میں کیسے دے کے رشوت مانگتا ہوں لطفِ جاناں کو

بغیرِ شعلۂ رخسار ہو گی جاں نہ خاکستر
نفس سے یوں تو میں بھڑکا رہا ہوں نارِ پنہاں کو

جلا اس کی جگہ دوزخ میں مجھ کو اے خدا، گرچہ
پسند ہے مردمِ آزادی بہت اس ناپشیماں کو

دے اس کو نامۂ مجنوں کہ سیکھے درسِ رسوائی
کہ خسرو خون سے دھوتے ہے لوحِ صبر ساماں کو

۴

بیم است کہ سودایت دیوانہ کند ما را
در شہر بہ بدنامی افسانہ کند ما را

بہر تو ز عقل و دیں بیگانہ شدہ آئے
ترسم کہ غمت از جاں بیگانہ کند ما را

زاں سلسلۂ گیسو منشورِ نجاتم دہ
زاں پیش کہ زنجیرت دیوانہ کند ما را

من مے زدۂ دوشم شاید کہ خیالِ تو
امروز بیک ساغر مستانہ کند ما را

چوں شمعِ بتاں گشتی پیش آئی کہ تا خسرو
بر آتشِ روئے تو پروانہ کند ما را

ڈر ہے نہ کہیں اُلفت دیوانہ کرے ہم کو
بدنامی سے شہروں میں افسانہ کرے ہم کو

بیگانۂ عقل و دیں ہم ہو گئے، پر ڈر ہے
غم تیرا نہ اب جاں سے بیگانہ کرے ہم کو

اے سلسلۂ گیسو منشورِ رہائی دے
قبل اس کے اسیری اور دیوانہ کرے ہم کو

ہیں مے زدۂ دیشب اِک تیرا تصوّر ہی
امروز بیک ساغر مستانہ کرے ہم کو

ہے شمعِ بتاں تیرا معشوق جو اے خسرو
صرف اس کا تصوّر ہی پروانہ کرے ہم کو

۵

صبا تو کرد باغ و بوستاں را	صبا تازہ رکھے ہے بوستاں کو
پیالہ داد نرگس ارغواں را	پیالہ دیوے نرگس ارغواں کو
سحر گاہاں چکد از قطرۂ ابر	گلو تر کر دیا، بادل نے قطرہ
گلو تر گشت مرغِ صبح خواں را	دیا جب ایک مرغِ صبح خواں کو
مگر بوسے نمی خواہد ز سوسن	نہیں ہے خواہشِ بوسہ اسے کیا
کہ غنچہ تنگ میگیرد دہاں را	کہ غنچہ تنگ رکھتا ہے دہاں کو
نگارا بلبل اینک میکند بانگ	سنی تو نے نہیں کیا بانگِ بلبل
رواں کن در چمن سروِ رواں را ″	رواں کر باغ میں سروِ رواں کو
مرا گفتی مبیں در من بہ گل بیں	نہ دے رخسار کو تشبیہ گل سے
بہ گل نسبت مکن روئے چناں را	گلوں سے کیا ہے نسبت گل رخاں کو
جوانی می رود از دست بر باد	جوانی ہے مری برباد ساقی
برو لنگر بنہ رطلِ گراں را	کہیں سے لے کے آ رطلِ گراں کو
گل اندک عمر و چنداں باد در سر	گلِ کم سن کی مغروری جو دیکھے
چگونہ خندہ ناید گلستاں را	ہنسی کیونکر نہ آئے گلستاں کو
بباغِ مجلسِ خود ہمچو بلبل	ہے بے رونق یہ تیرا باغِ مجلس
نگہ کن خسروِ شیریں زباں را	بلا پھر خسروِ شیریں زباں کو

٦

چوں بکشائی لبِ شکر شکن را
بیالب در شکر گیری سُخن را

خدا رکھے لبِ شکر شکن کو
بھرے شکر سے ہے جو ہر سُخن کو

بست گوید دلیری کن بہ بوسے
مرا زہرہ نباشد صد چو من را

دلبری مانگتی ہے بوسہ بازی
میں لاغر کس طرح چوموں دہن کو

بہ دل آتش زدی و میدہی دم
بخواہی سوخت جانِ ممتحن را

لگا کے آگ بھڑکانا دما دم
کرے اور سوختہ جاں ممتحن کو

شدی در بوستاں سوئے بہ گلگشت
نمودی روی خوبانِ چمن را

خراماں آکے تو نے بوستاں میں
دکھایا رُخ جو خوبانِ چمن کو

دو دیدہ نیست نرگس را کہ بیند
از آنگہ باز روئے یاسمن را

ق

ہوئی کچھ ایسی خیرہ چشمِ نرگس
کہ دیکھا پھر نہ اس نے یاسمن کو

دلے از سنگ بود چوں دلِ تو
بتِ سنگینِ یغما و ختن را

نہ سنگیں دل ملا ہے تیرا جیسا
بتِ سنگینِ یغما و ختن کو

دلِ خسرو شکستی آہ گر من
بکنم آگاہ شاہِ بت شکن را

شکستہ دل سے اپنے کیسے خسرو
کرے آگاہ شاہِ بت شکن کو

۷

در آمد در دل آں سلطانِ دل ہا
دلِ من زندہ شد زاں جانِ دل ہا

تو آئے دل میں گر سلطانِ دل ہا
ہو زندہ پھر سے یہ اے جانِ دل ہا

ہمی کارد بکویش تخمِ جان خلق
کہ می بارد ازاں بارانِ دل ہا

ترے کوچہ میں بو کر تخمِ جاں کو
کرے ہے خلق کیا بارانِ دل ہا

زبس دل ہا کہ در کوئے تو افتاد
شدہ زاغ و زغن مہمانِ دل ہا

گلی میں تیری بکھرے دیکھ کر دل
ہوئے زاغ و زغن مہمانِ دل ہا

بگویم دردِ خود کس را کہ نشناخت
طبیبِ کالبد درمانِ دل ہا

کہوں کیا حالِ دل ملتا نہیں جب
طبیبِ جسم سے درمانِ دل ہا

تو مے خور گرچہ مشتاقاں کباب اند
بہ روئے آتشِ سوزانِ دل ہا

ہوئے جل کے کباب عشاق تیرے
ہے کیسی آتشِ سوزانِ دل ہا

دلِ خسرو شد از نو بت پرستے
تو تا بردی ہمہ ایمانِ دل ہا

دلِ خسرو میں آئی بت پرستی
تو لے کر جب گیا ایمانِ دل ہا

۸

زہے وصفِ لبت ذکرِ زباں ہا
دہانت در سخن اکسیرِ جاں ہا

چوں می خندد لبِ شکر فشانت
ز حیرت باز می ماند دہاں ہا

فلک را آہِ مظلومے چو من سوخت
چرا آتش نبارد ز آسماں ہا

شبے کردم بہ بستاں نالۂ درد
رہا کردند مرغاں آشیاں ہا

ازیں رہ رفت خسرو، خلق گویند
چوں بینند جا بہ جا از خوں نشاں ہا

بنا ہے وصفِ لب ذکرِ زباں ہا
دہاں میں ہر سخن اکسیرِ جاں ہا

لبِ شکر فشاں پر دیکھ خندہ
کھلے حیرت سے کتنے ہیں دہاں ہا

جلائیں جب انہیں آہیں ہماری
نہ کیوں برسائیں آتش آسماں ہا

مری فریاد سُن کر گلستاں میں
رہے مرغاں نہ اندر آشیاں ہا

کہا، گزرا یہاں سے پھر ہے خسرو
جو دیکھے راہ میں خوں کے نشاں ہا

۹

بشگفت گلہا در چمن، اے گلستانِ من بیا
سرو ایستادہ منتظر، سروِ روانِ من بیا

از گریۂ من ہر طرف، پُر لالہ و گل شد زمیں
وقتے بہ گلگشت اے صنم، در گلستانِ من بیا

حیف است دیدن بے رُخت، در بوستاں آخر گہے
اے گل نہاں از باغباں، در بوستانِ من بیا

ہر طرۂ تو آفتے، ہر نرگسِ تو فتنۂ
گرچہ بلائے عالمی از بہرِ جانِ من بیا

تلخے کہ گوئی نیست آں از تلخیٔ ہجرت فزوں
با ایں ہمہ تلخیٔ خود، شکر فشانِ من بیا

دانی کہ ہستم در جہاں، من خسروِ شیریں زباں
گر نائی از بہرِ دلم، بہرِ زبانِ من بیا

گل ہیں کھلے اندر چمن، اے گلفشاں آجا ذرا
ہیں سرو تیرے منتظر، سروِ رواں آجا ذرا

اشکوں سے میرے ہر طرف تازہ و تر لالہ و گل
گلگشت کرنے اے صنم، در گلستاں آجا ذرا

تیرے بنا اے گلفشاں، ویراں ہے سارا گلستاں
اے گل نہاں از باغباں، در بوستاں آجا ذرا

زلفوں میں ہے زحمت تری، آنکھوں میں ہے آفت تری
ہے پُر بلا اُلفت تری، لینے کو جاں آجا ذرا

ہے تلخ تو اس سے مگر ہے تلخیٔ فرقت فزوں
سب لے کے اپنی تلخیاں، شکر فشاں آجا ذرا

عنقا سخن، نادر بیاں، ہیں خسروِ شیریں زباں
گر بہرِ دل آئے نہ یاں، بہرِ زباں آجا ذرا

۱۰

گنجِ عشقِ تو نہاں شد در دلِ ویرانِ ما
میزند زاں شعلہ دائم آتشے در جانِ ما

اے طبیب از ما گذر، درمانِ ہجر ما مجوی
تا کند جاناں ما، از لطفِ خود درمانِ ما

یوسفِ عہدِ خودی تو، اے صنم با ایں جمال
میرسد شاہی ترا بر دلبراں سلطانِ ما

دی خراماں در چمن، ناگہ گذشتی لالہ گفت
نیست مثلِ آں صنوبر در ہمہ بستانِ ما

از تبِ تابِ غمِ ہجراں چوں مارا دل بسوخت
خود نگفتی ایں گذر چون ست در ہجرانِ ما

چشمِ ما می گرید از سوزِ غمت شب تا بروز
ہیچ رحمے نایدت بر دیدۂ گریانِ ما

میکنم شادی کہ گفتا غمزہ ات از ناز دوش
خسروا نزدیکِ آں شو، تا شوی قربانِ ما

شعلۂ الفت نہاں اندر دلِ ویرانِ ما
کیسے چپکے سے لگاتا آگ ہے در جانِ ما

اے معالج چھوڑ دے ہم کو ہمارے حال پر
تا کریں جاناں ما از لطفِ خود درمانِ ما

یوسفِ ثانی جو ہے تو حسن کی دولت سے کر
بادشاہی بر دیارِ دلبراں، سلطانِ ما

تو جو آیا کل خراماں، لالہ و گل نے کہا
ہے نہ اس سا سرو کوئی در ہمہ بستانِ ما

از تبِ تابِ غمِ ہجراں جلے ہم تو کہا
حشر ہوتا ہے یہی سب کا درونِ ہجرانِ ما

روز و شب کرتے ہیں گریہ غم میں تیرے اور تجھے
رحم کچھ آتا نہیں بر دیدۂ گریانِ ما

دید کے قابل تھا میرا حال جب اس نے کہا
آ ذرا نزدیکِ خسرو اور ہو قربانِ ما

۱۱

درخمِ گیسوئے کافر کیش داری تارہا بہرِ گمرہ کردنِ پاکانست ایں زنارہا	درخمِ گیسوئے کافر کیش تیرے تارہا بہرِ گمراہیِ پاکاں ہیں یہ سب زنارہا
پردہ بردار از رُخے کاں مایۂ دیوانگی ست کز دماغِ عاقلاں بیروں برد پندارہا	پردہ چہرے سے اُٹھا، تا مایۂ دیوانگی یہ نکالے مغزِ ہشیاراں سے کچھ پندارہا
فتنہ و جور است و آفت کارزارِ حسنِ تو حسن را آرے بود اینگونہ دستافزارہا	فتنہ و آشوب و آفت کارزارِ حسن میں حسن کے ہیں پاس کیسے دیکھیے اوزارہا
آشتی دہ با لبم لب را کہ آزارم بہ کام کز پسِ آں آشتی خوش باشد ایں آزارہا	لعلِ لب سے دے مری تشنہ لبی کو آشتی تاکہ ہوں اس آشتی سے کم مرے آزارہا
خارخارے در دل است و غنچہ ہائے خوں بر آں چوں کنم چوں خود جز ایں گل نشکند زیں خارہا	دل مرا ہے خار خار اور خون غازہ خار کا آ کے اے گل کر تو کم کچھ میرا دردِ خارہا
ہست در کوئے تو بستاں ہائے غم تا بنگری سبزہ ہا کز گریہ رُستہ از تہِ دیوارہا	میرے اشکوں نے بنایا بوستاں کوچہ ترا اُگ رہا ہے کیسا سبزہ از تہِ دیوارہا
گفتمش جاں می کنم خوں می خورم بہرِ تو گفت خسروا مشتاق را جز ایں نباشد کارہا	خون پیتا اور مرتا دیکھ کر اس نے کہا ہیں نہ خسرو عاشقوں کو ان سوا کچھ کارہا

۱۲

خبرت ہست کہ از خویش خبر نیست مرا
گذرے کن کہ ز غم راہگذر نیست مرا

گر سرم در سرِ سودات رود نیست عجب
سرِ سودائے تو دارم، غمِ سر نیست مرا

ز آبِ دیدہ، کہ بصد خونِ دلش پروردم
ہیچ حاصل بجز از خونِ جگر نیست مرا

محنتِ زلفِ تو تا یافت ظفر بر دلِ من
بر مرادِ دلِ خود ہیچ ظفر نیست مرا

بر سرِ زلفِ تو زاں روی ظفر ممکن نیست
کہ توانائیے چوں بادِ سحر نیست مرا

دلِ پروانہ صفت گرچہ پر و بال بسوخت
ہمچناں ز آتشِ عشقِ تو اثر نیست مرا

تا کہ آمد رخِ زیبات بہ چشمِ خسرو
بر گل و لالہ کنوں میلِ نظر نیست مرا

ہے خبر تجھ کو کہ کچھ اپنی خبر ہے نہ مجھے
رہ خلاصی کی کوئی آئے نظر ہے نہ مجھے

ہے عجب کیا سرِ سودا میں کٹا سر میرا
سرِ سودا ہے ترا تو غمِ سر ہے نہ مجھے

آبِ دیدہ سے کہ رنگین کیا خوں سے جسے
کچھ بھی مقصود سوا خونِ جگر ہے نہ مجھے

کلفتِ زلف نے پائی ہے ظفر جب دل پر
بر مرادِ دلِ خود ہیچ ظفر ہے نہ مجھے

میں سرِ گیسوئے سرکش کو کروں کیسے سر
کہ توانائی تری بادِ سحر ہے نہ مجھے

دلِ پروانہ صفت کے ہیں جلے پر گرچہ
آتشِ عشق پہ کچھ زورِ اثر ہے نہ مجھے

جب سے آیا ہے نظر وہ رخِ گلگوں خسرو
گل و لالہ سے رہا میلِ نظر ہے نہ مجھے

۱۳

هر کہ زیرِ پیرهن بیند مرا
مردۂ اندر کفن بیند مرا

جو بھی زیرِ پیرہن دیکھے مجھے
مردہ وہ اندر کفن دیکھے مجھے

خویش را من خود کسے دانم ولے
یار اگر از چشمِ من بیند مرا

خوب ہے تُو، دیکھ کر مجھ کو کہے
یار گر از چشمِ من دیکھے مجھے

نازنینا زیں ہوس مُردم کہ خلق
با تو روزے در سخن بیند مرا

نازنیں ارماں ہے یہ دل میں مرے
خلق تجھ سے ہم سخن دیکھے مجھے

گر بیاید باز مرغِ نامہ بر
طعمۂ زاغ و زغن بیند مرا

آئے گر واپس پرندِ نامہ بر
طعمۂ زاغ و زغن دیکھے مجھے

جوئے خوں راند بجائے جوئے شیر
خسروم، گر کوہکن بیند مرا

جُو میں خوں لائے بجائے شیر کے
خسروا گر کوہکن دیکھے مجھے

۱۴

اے بہ بدی کردہ باز چشمِ بدآموز را
بیں بہ کمیں گاہِ چرخ ناوکِ دلدوز را

ہر چہ رسد سر بہ زانکہ میسر نشد
نیکوئی آموختن ایں چرخِ بدآموز را

چوں تو شدی از میاں از تو بروزِ دگر
جملہ فراموش کنند یاد کن آں روز را

خود چوں بدیدی کہ رفت عمر لسانِ پریر
از پئے فردا مدار حاصلِ امروز را

نقدِ تو امشب خوش است زانکہ چو فردا بروز
قدر نباشد بروز شمعِ شب افروز را

تو جو کھولے ہے بدی سے چشمِ بدآموز کو
دیکھ ترکش میں فلک کے ناوکِ دلدوز کو

لے خوشی سے جو بھی ملتا ہے کہ آتی ہے نہیں
سیکھنی نیکی ذرا بھی چرخِ بدآموز کو

تو گیا جب سب بھلا دیں گے تجھے روزِ دگر
یاد رکھے گا نہ کوئی صحبتِ دیروز کو

عمر پر کرنا بھروسہ عاقلی کوئی نہیں
چھوڑ فردا پر نہ ہرگز حاصلِ امروز کو

نقدِ شب جو بھی ملے لے کہ دن نکلے ہے جب
پوچھتا کوئی نہیں ہے شمعِ شب افروز کو

۱۵

نوشیں لبے کہ لعلش نو کرد جامِ جم را
ہست از پئے خرابی درویش و محتشم را

شیریں لب جو کرتا تازہ ہے جامِ جم کو
برباد وہ کرے ہے درویش و محتشم کو

گفتی کہ از ہمی خور من خود خورم و لیکن
اے گنجِ شادمانی اندازہ نیست غم را

ہم ہاتھوں ہاتھ لیویں دیوے تو جو بھی، لیکن
اے گنجِ شادمانی اتنا بھی غم نہ ہم کو

صوفی کہ لقمہ جوید، مشنو حدیثِ عشقش
کز دل نصیب نبود درماندۂ شکم را

صوفی جو لقمہ جو ہے، بے بہرہ عشق سے ہے
ملتا نہ دردِ دل ہے درماندۂ شکم کو

از حاجیِ بیاباں پرسید ذوقِ زمزم
چہ آگہی ز کعبہ پرندۂ حرم را

صرف حاجیِ بیاباں چکھتا ہے ذوقِ زمزم
کعبہ سے آگہی کیا پرندۂ حرم کو

ہست آرزوئے جاناں کز خلق رو بتابم
من اختیار کردم خلوت گہِ عدم را

ہے آرزوئے جاناں ایسی کہ ڈھونڈتا ہوں
ہنگامۂ جہاں میں، خلوت گہِ عدم کو

چوں گشتی است بارے ور ہست بیش و کم
تسلیم کرد خسرو، بگذار بیش و کم را

سرمایہ دل کا سارا جب دیدیا ہے اس کو
اب چھوڑ دے تو خسرو اس فکرِ بیش و کم کو

۱۶

گفتی ز دل بروں کن غمہائے بیکراں را
تو پیشِ چشم وانگہ جائے گلہ زباں را

تا دل زمن ببردی از نالہ شب نخفتم
اے دُزد بشنو آخر فریادِ پاسباں را

بگذشت از نہایت بیخوابیِ من آرے
دشوار صبح باشد شبہائے بیکراں را

اندیشۂ جہانے بر جانِ من نہادی
وانگہ بہ لاغ گوئی اندیشہ نیست جاں را

رسوائے شہر گشتم از بسکہ دیدۂ من
دمدم ہمی تراود خونابۂ نہاں را

از آہِ سوزناکم دُود از جہاں برآمد
بے تو جہاں چہ باشد آتش زنم جہاں را

آں روئے نازنیں را یکدم بسوئے من کن
تا بیشتر نہ بینم نسرین و ارغواں را

شاید اگر بخندد بر روزگارِ خسرو
ہرکس کہ دیدہ باشد رخسارۂ چناں را

کر دل سے دُور میرے غم ہائے بیکراں کو
آجا لبے نہ تا کہ جائے گلہ زباں کو

جھپکی نہ آنکھ جب سے تُو لے گیا مرا دل
سن راہزن کبھی تو فریادِ پاسباں کو

بے خواب ہوں بہت میں آتا ہو صبح ورنہ
کیا کام ہے سحر سے شب ہائے بیکراں کو

تُو جاں کو میری دے کر اندیشۂ زمانہ
پوچھے ہے فکر مندی کیوں اسقدر ہے جاں کو

رسوائے شہر ہوں میں کیسے رکھوں چھپا کر
پڑتے ہیں آنکھ سے اِک خونابۂ نہاں کو

ہر سو دھواں ہے دُنیا میں آہ سے کہ میں نے
تیرے بغیر ڈالا ہے بھاڑ میں جہاں کو

گر روئے نازنیں تُو اپنا مجھے دکھا دے
دیکھوں نہ پھر کبھی میں نسرین و ارغواں کو

کیونکر ہنسی نہ آئے لوگوں کو تجھ پہ خسرو
دیکھیں جو تیرے جیسے قربانِ بے زباں کو

۱۷

شفاعت آمدم اے دوست دیدۂ خود را
کنزو مپوشش گلِ نو دمیدۂ خود را

رسید خیلِ غمت ورنہ ایستد جانم
کجا برم بدن، غم رسیدۂ خود را

بگوشش رہ ندہی نالۂ مرا چہ کنم
چوں ناشنیدہ کند کس شنیدۂ خود را

گسست رشتۂ صبرم چگونہ بر دوزم
شگافِ دامنِ دہ جا دریدۂ خود را

بہ چاہِ شوق فرو ماندہ ام خداوندا
فرو گذاشت مکن آفریدۂ خود را

درآئی باز بہ تن، اے دلِ پُر آتش من
بسوز ایں تنِ محنت کشیدۂ خود را

زبادِ زلفِ تو شوریدہ بود ازاں خسرو
بہ باد داد دلِ آرمیدۂ خود را

رکھا ہے چشم برہ میں نے دیدۂ خود کو
چھپا نہ اس سے گلِ نو دمیدۂ خود کو

کیا ہے قتل ترے خیلِ غم نے لیکن یہ
بتاؤں کیسے تنِ غم رسیدۂ خود کو

اثر فغاں میں ہو کسطرح میری جب اے جاں
تو ناشنیدہ رکھے ہے شنیدۂ خود کو

جو رشتہ صبر کا ٹوٹا مرا سیوں کیسے
شگافِ دامنِ دہ جا دریدۂ خود کو

ہوں چاہِ شوق میں آویختہ خداوندا
نہ چھوڑ قید میں اس آفریدۂ خود کو

پھر آکے اپنے وطن میں دلِ پُر آتش کچھ
جلا تو اور تنِ کلفت کشیدۂ خود کو

بہ بادِ زلف ہوا یوں خراب خسرو نے
دیا بہ باد دلِ آرمیدۂ خود کو

۱۸

شناخت آنکہ غم و محنتِ جدائی را
بمیرد و نبرد سلکِ آشنائی را

بہ اختیار نگردد کس از عزیزاں دُور
ولے چہ چارہ کنم فرقتِ قضائی را

مکن بہ شمعِ مہ و مہر نسبتِ رخِ دوست
کہ فرق ہاست بسے نورِ آشنائی را

اگر مشاہدۂ نقد نیست نقد ایں است
خزینۂ شمر اے دوست بینوائی را

مخر بہ نیم جو آں صحبتے کہ با غرض است
کہ راحتے نبود صحبتِ ریائی را

وفائے یارِ موافق مگیر سہل کہ آں
مفرحے ست عجب بہرِ جانفزائی را

چو عاشقے بہ خرابات مست رو اے دل
بہ اہلِ زہد بماں توبۂ ریائی را

چوں خسروا ز فراق است ہر زماں دردے
ہوس نبرد خردمند دیر پائی را

جو جانتا ہے غم و کلفتِ جدائی کو
رکھے ہے دل سے پرے اپنے آشنائی کو

بہ زور و زر جسے حاصل ہو وصلِ جانانہ
وہ دُور کیسے رکھے فرقتِ قضائی کو

بہ شمعِ ماہ نہ کر نسبتِ رخِ جاناں
کہ ربط مہ سے نہیں نورِ آشنائی کو

جو پاس تیرے نہیں نقد و زر تو کیا غم ہے
خزینہ ایک سمجھ اپنی بے نوائی کو

نہ غرض صحبتِ با غرض سے رکھ، اے ہمدم
خرید جو سے نہ اک صحبتِ ریائی کو

وفائے یارِ موافق نہیں ملی تو کیا
جفا بھی کم نہیں کچھ تیری جانفزائی کو

تُو جا بسوئے خرابات مست و خوش اے دل
نہ تجھ سے کام ہے کچھ توبۂ ریائی کو

ہیں درد و کرب جو فرقت میں ہر زماں خسرو
ہوس میں مانگ نہ عاقل تو دیر پائی کو

۱۹

گذشت عمر و ہنوز از تقلبِ سودا
نشستہ ام مترصد میانِ خوف و رجا

چو خاک بر سرِ راہِ امید منتظرم
کزاں دیار رساند صبا نسیمِ وفا

برائے کس چوں نگردد فلک پئے تقدیر
عنانِ خویش گذارم بہ اقتضائے قضا

کسے کہ بر درِ میخانہ تکیہ گاہے یافت
چہ التفات نماید بہ مسندِ دارا

خوش آں کسے کہ دریں دور میدہد دستش
حریفِ جنس و مئے صاف و گوشۂ تنہا

زبسکہ قصۂ دردم رود بہ ہر طرفے
چو من ضعیف شد از بارِ غم، نسیمِ صبا

درونِ پردۂ رنداں مخالفے چوں نیست
بیار ساقیِ عشاق، ساغرِ صہبا

غریقِ بحرِ محبت اگر شوی خسرو
درِ یقیں بکف آور ز قعرِ ایں دریا

ضعیف و پیر ہوں دل میں ہے پر وہی سودا
ہے انتظار ترا اب تلک بہ خوف و رجا

مثالِ گردِ سرِ راہ انتظار میں ہوں
کہ لائے باد کبھی ساتھ کچھ نسیمِ وفا

نہیں ہے گردشِ گردوں میں کوئی دخل مجھے
قضا و قدر ہے سب مجھ کو اختیار ہے کیا

بنایا جس نے درِ میکدہ ہو تکیہ گہ
نہیں ہے اس کے لئے کچھ بھی مسندِ دارا

ہے خوش نصیب زمانے میں وہ ملے جس کو
حریفِ جنس و مئے صاف و گوشۂ تنہا

ہوا جہاں میں کچھ ایسا ہے درد کا چرچا
کہ بارِ غم سے ہے مجھ سی ضعیف بادِ صبا

چھپا کے رند نہ پیتے ہیں آجکل ساقی
تجھے خبر نہیں کیا لے کے آ خُمِ صہبا

غریقِ بحرِ محبت ہوا ہے گر خسرو
دُر و گُہر اسے دے گا ہزار یہ دریا

۲۰

اے باد برقع برفگن آں روئے آتشناک را
تے دیدہ گر صفرا کنم، آبے بزن ایں خاک را

اے دیدہ کز تیغِ ستم ریزی ہمی خوں دمبدم
یا جانِ من بستاں ز غم یا جاں دہ ایں غمناک را

ریزی تو خوں بر آستاں، شویم من از اشکِ رواں
کآلودہ دیدہ چوں تواں آں آستانِ پاک را

زاں غمزہ عزمِ کیں مکن تاراجِ عقل و دیں مکن
تاراجِ دیں تلقیں مکن، آں ہندوئے بیباک را

آں دم کہ می پوشی قبا، مخرام از بہرِ خدا
پوشیدہ دار از چشمِ ما آں قامتِ چالاک را

خسرو کہ ایں خس بود، گر سوزِ عشق ازیں بود
یک نیرہ آتش بس بود صد خرمنِ خاشاک را

برقع کے اندر مت چھپا اس روئے آتشناک کو
غمزہ دکھا، عشوہ سکھا اک دیدۂ بیباک کو

آنکھوں سے خوں، تیغِ ستم تُو نے بہایا دمبدم
یا جان لے از فرطِ غم، یا جاں دے اک غمناک کو

آلودہ خوں سے آستاں، ہے کچھ یہاں اور کچھ وہاں
کر صاف اے اشکِ رواں اس آستانِ پاک کو

اے غمزہ عزمِ کیں نہ کر، تاراج عقل و دیں نہ کر
غم دے کے اور غمگیں نہ کر اک عاشقِ غمناک کو

تنگ اک پہن کر تُو قبا، ایسے نہ چل بہرِ خدا
یوں مت دکھا اے دلربا! اپنے قدِ چالاک کو

خسرو تو ہے مانندِ خس، اور سوزِ الفت بیش و بس
اک شعلہ ہی کافی ہے بس، صد خرمنِ خاشاک کو

۲۱

اے شہسوار نرم ترک راں سمند را
بیں زیرِ پای دیدۂ ایں مستمند را

سرو بلند را نرسد دست بر سرت
ایں دست کے رسد بہ تو سروِ بلند را

پائے گریزم از شکنِ گیسوئے تو نیست
می کش چناں کہ خواہی اسیرِ کمند را

پندِ کسم بہ دل نہ نشیند کہ دل ز شوق
پُر شد چناں کہ جائے نماند ست پند را

در عاشقی ملامتِ خسرو بود چناں
بر ریش تازہ داغ نہی دردمند را

اے شہسوار کھینچ عنانِ سمند کو
یوں کر نہ پائمال دلِ مستمند کو

کوتہ دیا تھا ہاتھ مجھے اسقدر کہ میں
چھو بھی سکا نہیں ترے سروِ بلند کو

خوش بہت ہے قیدِ زلفِ پریشاں میں دل مرا
کس کر نہ باندھ اتنا اسیرِ کمند کو

واعظ بھرا ہے شوق سے دل اسقدر مرا
ملتی ذرا بھی اس میں جگہ ہے نہ پند کو

کرتے ہیں یوں ملامتِ خسرو کہ دمبدم
دیتے ہیں زخمِ تازہ دلِ دردمند کو

۲۲

آوردہ ام شفیعِ دلِ زارِ خویش را
بندے بدہ دو نرگسِ خونخوارِ خویش را

مُردم کہ نازکی و گرانبار می شوی
جانم کہ بر تو می فگند بارِ خویش را

از رشکِ چشمِ خویش نہ بینم رخِ تو من
تو ہم مبیں در آئینہ رخسارِ خویش را

آزاد بندۂ کہ بہ پایت فتاد و مُرد
وآزاد کرد جانِ گرفتارِ خویش را

بنمای قدِ خویش کہ از بہرِ دیدنت
سر برکنیم بختِ نگونسارِ خویش را

دشنامے از زبانِ تو ام میکند ہوس
تعظیم کن بہ ایں قدرے یارِ خویش را

چوں خسروؔ از دو دیدہ خورد خوں سزد اگر
سازد نمک دو چشمِ جگرخوارِ خویش را

لایا بہ شوق ہوں میں دلِ زارِ خویش کو
سکھلا رحم تو دیدۂ خونخوارِ خویش کو

مرتا ہوں دیکھ کر ترے نازک مزاج کو
ڈالے نہ تجھ پہ غم مرا تا بارِ خویش کو

دیکھوں نہ رشکِ چشم سے اپنے میں رخ ترا
تو بھی نہ دیکھ پرتوئے رخسارِ خویش کو

آزاد مرد ہے وہی آزاد جو کرے
قدموں پہ دے کے جان گرفتارِ خویش کو

آتا کروں میں جلوۂ قامت کے واسطے
پھر سرفراز بختِ نگونسارِ خویش کو

دے کر تو گالیاں مجھے شیریں زبان سے
اعزاز بخش دے کبھی اس یارِ خویش کو

آلودِ خوں ہے خسروؔ تو کر تو بھی جان من
خونخوار اور چشمِ جگرخوارِ خویش کو

۲۳

بشگافت غم ایں جانِ جگر خوارۂ ما را
یا رب چہ وبال آمدہ سیارۂ ما را

کیسی ہے بلا عشقِ جگر خوارہ ہمارا
کس بُرج میں یارب ہے یہ سیارہ ہمارا

رفتند رفیقاں، دلِ صد پارہ ببردند
کردند رہا دامنِ صد پارۂ ما را

کرنے کو دوائے دلِ صد پارہ، رفیقاں
کرتے ہیں رہا دامنِ صد پارہ ہمارا

گر ہمرہِ ایشاں روی اے باد دراں راہ
زنہار بجوئی دلِ آوارۂ ما را

اے بادِ چلے گر تُو کبھی راہِ ہوس میں
مت چھیڑیو جا کر دلِ آوارہ ہمارا

شبہا بہ دل از سوزِ جگر میکشدم آہ
آہ از خبرستی بتِ عیارۂ ما را

بے تاب ہمیں دیکھ کے فرقت میں، وہ کیسا
کرتا ہے تغافل بتِ عیارہ ہمارا

روزے نکند یاد کہ شب ہائے جدائی
چوں میگذرد عاشقِ بیچارۂ ما را

پوچھے ہے ہمیں دیکھ کے ہجراں میں تڑپتا
مرتا نہیں کیوں عاشقِ بے چارہ ہمارا

بوئے جگرِ سوختہ بگرفت ہمہ کوی
آتش بزن ایں کلبۂ خونخوارۂ ما را

بوئے جگرِ سوختہ نے کر دیا رسوا
اے برق جلا کلبۂ خونخوارہ ہمارا

جز خستہ و افگار نخواہد دلِ خسرو
خوئے ست بدیں بختِ ستمگارۂ ما را

خسرو ہمیں رکھتا ہے یہ مجروح دمادم
ظالم ہے بہت بختِ ستمگارہ ہمارا

۲۴

برو اے باد و پیشِ دیگراں دہ جلوہ بُستاں را
مرا بگذار تا می بینم آں سروِ خراماں را

برایں مقدار ہم رنجے براں خاطر نمی خواہم
کہ از خونم پشیمانی بود آں ناپشیماں را

ورت بدنامی است از من بیک غمزہ بکش زارم
چرا بر خویش مشکل می کنی ایں کارِ آساں را

مپرس اے دل کہ چوں می باشد آخر جانِ غمناکت
کہ من دیریست کز یادش فراموش کردہ ام جاں را

ہنوز ایمان و دیں بسیار غارت کردنی دارد
مسلمانی میاموز آں دو چشمِ نامسلماں را

پریشانی کہ من دارم ز زلفت، ہم مرا بادا
چگونہ گوید ایں خسرو کہ آں زلفِ پریشاں را

نہ چھیڑ اے باد مجھ کو تو سجا جا کر گلستں کو
میں آیا دیکھنے ہوں یاں بس اک سروِ خراماں کو

رفو کرتا ہوں زخموں کو میں آنے کی خبر سن کر
کہ کرتا خوں پشیماں ہے مرا اُس ناپشیماں کو

ہے اک غمزہ ہی کافی قتل کرنے کے لئے مجھ کو
کرے مشکل ہے کیوں اتنا وہ ایسے کارِ آساں کو

نہ پوچھو دوستوں کچھ حال جانِ زارِ غمگیں کا
کہ اُس کی یاد میں رہتی خبر اپنی نہیں جاں کو

ہیں باقی اس کو کرنے اور بہت ایمان و دیں غارت
مسلمانی ابھی سکھلا نہ چشمِ نامسلماں کو

پریشاں زلف سے ہوتی ہے کم خسرو پریشانی
پریشاں اور کرے کیا بادے زلفِ پریشاں کو

۲۵

برقع برافگن اے پری حسنِ بلا انگیز را
تا کلک صورت بشکند ایں عقلِ رنگ آمیز را

شب خوش نخفتم ہیچگہ زاں دم کہ بہرِ خونِ من
شد آشنائی با صبا آں زلفِ عنبر بیز را

بگذشت کار از زیستن خیز اے طبیبِ خیرہ کش
بیمارِ مسکیں را بگو تا بشکند پرہیز را

شد عشق جانم را بلائے غمزۂ چشمِ صنم
قصدِ ما نامہرباں چہ جرم تیغِ تیز را

بوکہ زکوٰۃِ حسن خود بینی بہ خسرو یک نظر
اینک شفیع آوردہ ام ایں دیدۂ خونریز را

پھینک دے برقع، دکھا حسنِ بلا انگیز کو
تا کرے معذور یہ ادراکِ رنگ آمیز کو

مرغِ بے پر دل کا ہے برباد، جب سے باد نے
آشنا اپنا بنایا زلفِ عنبر بیز کو

اے معالج جان سے جانے کو ہے بیمارِ دل
کر دوا دارو نہ اب، کہہ چھوڑ دے پرہیز کو

نیم بسمل دل ہوا ہے غمزۂ چشمِ صنم
تیز اے قصاب کر کچھ اور تیغِ تیز کو

ہو زکوٰۃِ حسن میں خسرو پہ بھی نظرِ کرم
کر کے لایا ہے شفیع وہ دیدۂ خونریز کو

۲۶

بہرِ تو خلقے می کُشد آخر منِ بدنام را
بس می نیایم چوں کنم وہ ایں دلِ خودکام را

یک شب ببامے دیدمت آنگہ بیادِ پائے تو
رنگیں بساطے میکنم از خونِ دل آں بام را

خواہم کہ خونِ دل چو مے در گردنِ جامت کنم
دانی چہ دولت میدہی ہر ساعت از لب جام را

تا چند ہر دم از صبا در جنبش آید زلفِ تو
آخر دمے آرام دہ دلہائے بے آرام را

نگرفت در تو سوزِ من اکنوں کہ خواہم چارۂ
دوزخ مگر پختہ کند ایں شعلہ ہائے خام را

من عاشقم اے پند گو نبود گوارانم کہ تو
از عافیت شربت دہی جانِ بلا آشام را

گر کُشتہ شد خسرو ز غم تہمت چہ بر خوباں نہم
چوں چرخ خنجر می دہد در کُشتنم بہرام را

اور یہ رسوا کرے ہے عاشقِ بدنام کو
کس طرح سمجھاؤں اپنے میں دلِ خودکام کو

جب سے دیکھا ہے نکلتا چاند تیرا بام سے
خون سے کرتا ہوں رنگارنگ میں ہر بام کو

ہووے ثابت گردنِ ساغر پہ ہے خوں قلب کا
ہاتھ میں لے کے تو دیوے جب سے بوسہ جام کو

کر پریشاں زلف کو اتنا نہ اے دستِ صبا
لیجئے کچھ آرام دے دلہائے بے آرام کو

اور دے سوزِ دروں اے شمعِ دل افروز کچھ
تا کرے پختہ یہ دوزخ شعلہ ہائے خام کو

کر نہیں سکتی مداوا چارہ گر شیریں سخن
چاہیئے شربت نہیں جانِ بلا آشام کو

قتل کی تہمت مرے خسرو نہ خوباں پر لگا
دیوے خنجر چرخ ہے میرے لئے بہرام کو

۲۷

چوں در چمن روی از خندہ لب مبند آنجا
کہ تا دگر نکند غنچہ زہر خند آنجا

ہنس آ کے باغ میں رکھ اپنے لب نہ بند وہاں
کرے نہ تا کہ کوئی غنچہ زہر خند وہاں

کساں بکوئے تو پند دہند و در جائے
کہ دیدہ رخ تو بیند چہ جائے پند آنجا

ہزار دیتے نصیحت ہیں واعظاں مجھ کو
جو دل میں تو ہو تو کیسے ہو جائے پند وہاں

بہ خانۂ تو ہمہ روز بامداد بود
کہ آفتاب نیارد شدن بلند آنجا

مدام بام پہ رہتی ہے بامداد ترے
کہ ہو سکے ہے نہ سورج کبھی بلند وہاں

بہ شانہ شست تو می بافت زلف چوں زنجیر
مگیر سخت کہ دیوانہ ایست چند آنجا

بنا کے زلف سے لے جا دراز زنجیریں
کہ مجھ سے اور ہیں دیوانہ ہائے چند وہاں

کجا رَوم کہ ز کوئے تو ہر کجا کہ رَوم
رسد ز جعدِ کمندت خمِ کمند آنجا

ہو قید سے کیسے کوئے بتاں میں آزادی
کہ پیچ زلف کی ہے جا بجا کمند وہاں

ز زلفش آمدی اے باد، حالِ دلہا چیست
چگونہ اند اسیرانِ مستمند آنجا

تو آئی زلف سے ہو کر ہے اے صبا، بتلا
کہ کس طرح ہیں اسیرانِ مستمند وہاں

بر آستانِ تو ہر کس، بہ حصّے مخصوص
مگر کہ خسروِ بیچارہ دردمند آنجا

کرم ہے تیرا فقیرانِ آستاں پہ، وے
نہ کوئی صورتِ خسرو ہے دردمند وہاں

۲۸

چوں خواہی بُرد روزے عاقبت ایں جانِ مفتوں را
کراز گاہے بہ من بنمای بالائے صنعِ بیچوں را

نخواہم داد دربان ترا بہرِ دروں زحمت
پسند است آنکہ بوسم گہ گہے دیوارِ بیروں را

دلِ من نامۂ درد است و خونِ دیدہ عنوانش
بس از غمازئ عنواں بروں بر حالِ مضموں را

شب آمد روزِ عیشم را و من با سوختہ جانی
ہمی جویم چراغ افروختہ آں روزِ میموں را

نہ شبہائے منِ بدروز از انساں ست بے پایاں
و لے یارب مبادا روزِ نیک آں لفِ شبگوں را

تو آں مرغے کہ آزادی و در دامے نیفتادی
سزد گر شکر گوئی روز و شب بختِ ہمایوں را

چوں لیلیٰ بیند آں مجنوں شراب از خونِ خود نوشد
بہ از سنگِ ستمگاراں نباشد نقل مجنوں را

ہمہ کس فتنہ شد بر گفتۂ خسرو مگر چشمت
اثر در جادواں ہرگز نباشد سحر و افسوں را

اگر محشر میں چاہے بخشا جاں مجھ سے مفتوں کو
لحد پر آ مری لے کر تُو اپنی صنعِ بے چوں کو

نہ دوں گا میں ترے دربان کو بہرِ دروں زحمت
مجھے کافی ہے بوسہ دینا اک دیوارِ بیروں کو

مرا دل نامۂ درد اور عنواں خون کے آنسو
کرے غمازئ عنواں ہے بیروں حالِ مضموں کو

گیا اک روزِ عشرت شب ہوئی تو ڈھونڈتا ہوں میں
چراغِ سوختہ جاں لے کے اپنی روزِ میموں کو

شبِ فرقت میں دن آتا نہیں جبکہ نظر مجھ کو
دکھا مت دن نکلتا بھی تُو یارب لفِ شبگوں کو

بچایا دام سے آوردی ہے تجھ کو آزادی
ہے تم جتنا بھی دے تُو شکر میں بختِ ہمایوں کو

نہیں ہے خون ہی پینے کی شرابِ خون اے لیلیٰ!
نہ کم ہے نقل سے سنگِ ستمگاراں بھی مجنوں کو

کرے جادو ہے سب پر گفتۂ خسرو مگر ہے کچھ
اثر چشمِ پُر افسوں پر نہ تیری اس کے افسوں کو

۲۹

دلم در عاشقی آوارہ شد آوارہ تر بادا
تنم از بیدلی بیچارہ شد بیچارہ تر بادا

بتاراجِ عزیزاں زلفِ تو عیاریے دارد
بہ خونریزِ غریباں چشمِ تو عیارہ تر بادا

رُخت تازہ ست و بہرِ مردنِ خود تازہ تر خواہم
دلت خارہ ست و بہرِ کشتنِ من خارہ تر بادا

گر اے زاہد دعائے خیر می گوئی مرا ایں گو
کہ آں آوارۂ کوئے بتاں آوارہ تر بادا

ہمہ گویند کز خونخواریش خلقے بجاں آمد
من ایں گویم کہ بہرِ جانِ من خونخوارہ تر بادا

دلِ من پارہ گشت از غم نہ زاں گونہ کہ بہ گردد
وگر جاناں بدیں شاد است یارب پارہ تر بادا

چوں با تر دامنی خو کرد خسرو با دو چشمِ تر
بہ آبِ چشمِ پاکاں دامنش ہموارہ تر بادا

ہے دل در عاشقی آوارہ اور آوارہ ہو جائے
ہوا تن رنج سے بیچارہ اور بیچارہ ہو جائے

بتاراجِ عزیزاں زلف ہے عیار گر اس کی
بہ خونریزِ غریباں چشم بھی عیارہ ہو جائے

ہے رخ تازہ تو بہرِ مرگِ من ہو اور بھی تازہ
ہے دل خارہ تو بہرِ قتلِ من اور خارہ ہو جائے

دعا کرنا اگر کرنی دعائے خیر ہے زاہد
کہ اور آوارۂ کوئے بتاں آوارہ ہو جائے

ہے خونخواری سے اس کی خلق عاجز سب یہ کہتے ہیں
میں کہتا ہوں کہ یہ کچھ اور بھی خونخوارہ ہو جائے

ہوا دل پارہ پارہ میرا غم کی چوٹ کھا کھا کر
ہے خوش گر یار اس سے اور بھی یہ پارہ ہو جائے

ہوئی اشکوں سے گر تر دامنی کی خوب ہے خسرو کو
تو دامن اس کا یارب اور تر صد بارہ ہو جائے

۳۰

گرچہ بربود عقل و دین مرا
بد مگوئید نازنینِ مرا
گوشش از بارِ دُر گراں گشتہ ست
نشنود نالۂ حزینِ مرا
آخر اے باغباں یکے بنمای
بہ من آں سروِ راستینِ مرا
کرمے میکند رقیبِ خنک
کہ بسوزد دلِ غمینِ مرا
عشق در کارِ خوبرویاں کن
زہد و تقویٰ و کفر و دینِ مرا
خسروا بگذر از سرم کہ ز اشک
تر ہم غرق است ہمنشینِ مرا

ناز سے کیسے نازنیں میرا
جائے لے کر ہے قلب و دیں میرا
بار دُر گوش پر ہے تو کیوں ہو
نہ گراں نالۂ حزیں میرا
کس روش پر ہے باغ میں، بتلا
باغباں، سروِ راستیں میرا
اور ہووے خنک، رقیبِ خنک
گر جلائے دلِ غمیں میرا
سب ہے بیکار الفتِ بت میں
تقویٰ و زہد و کفر و دیں میرا
چشمِ باراں نے کر دیا خسرو
خوفِ غرقہ ہے ہمنشیں میرا

۳۱

دیوانہ کرد زلفِ تو دریک نظر مرا
فریاد ازاں دو سلسلۂ مشکِ تر مرا

مجنوں زلف نے کیا دریک نظر مجھے
باندھے وہ تا بسلسلۂ مشکِ تر مجھے

سنگیں دلِ تو سخت تر از سنگِ مرمر است
کوہِ غم است بر دل ازاں سنگ مرمر مرا

سنگین دل ترا جو ہے خارہ سے سخت تر
کرتا ہے کوہِ غم سے شکستہ کمر مجھے

دی غمزۂ تو کرد اشارت بسوئے لب
تا بوسۂ دہد ز شکر خوبتر مرا

غمزے سے کر لبوں کو اشارہ کبھی کہ دیں
بوسہ جو نوش سے بھی ہو نوشین تر مجھے

رُویت گل و لبت شکر و ایں عجب کہ نیست
جز دردِ سر بہ حاصل ازاں گل شکر مرا

گل رخ ترا ہے اور شکر لب تو ہے عجب
دیوے سوا نہ درد ہے کچھ گل شکر مجھے

چوں من ترا درونِ دلِ خویش داشتم
آخر چہ دشنہ داشتہ ای در جگر مرا

ہے دل نشین چین سے رہتا نہیں مگر
دیوے ہے دل میں بیٹھ کر زخم جگر مجھے

با خسرُوت شمارِ وصال است ہر شبے
یک شب ہم از طفیلیٔ خسرو شمر مرا

مانا کہ ہے وصال کا خسرو ہی مستحق
یاد ایک شب بخاطرِ خسرو ہی کر مجھے

۳۲

ساقیا پیش آر جام با صفائے خویش را
رشئے ما بین و بہ مادہ رونمائے خویش را

کف چو گنبد ہا کند ہر دم صلائے نوش کو
تا ز ہر گنبد صدا یابی صلائے خویش را

کبک رفتارا یکے بخرام و پا بر لالہ سای
بے حنا کن لعلِ پائے لالہ سائے خویش را

دی شدی در باغ و گل از بہر گرد افشاندنت
کرد صد پرکالہ دامانِ قبائے خویش را

ہر طرف بہرِ مبارکبادِ نوروزِ بہار
می فرستد گل بکف کردہ صبائے خویش را

یکدم امروز از چمن ما را بہ مجلس راہ دہ
تا ستانیم از تو جامِ با صفائے خویش را

لا کبھی ساقی تو جامِ با صفائے خویش کو
عکسِ رخ سے پھر ہمیں دے رونمائے خویش کو

گنبدِ کف دے صلائے نوش ہے ہر دم کرو
گردشِ آواز میں پائے صلائے خویش کو

آخراماں اور کر کے لالہ سائی پاؤں سے
بے حنا کر لعلِ پائے لالہ سائے خویش کو

دیکھ کر تجھ کو چمن میں لالہ و نسرین نے
کر دیا پرکالہ دامانِ قبائے خویش کو

ہر چمن بہرِ مبارک بادِ نوروزِ بہار
بھیجتا ہے گل بکف کر کے صبائے خویش کو

لب پہ سب کے ہے گزارش یہ مکرر بزم میں
لا کبھی ساقی تو جامِ با صفائے خویش کو

۳۳

بسکہ اندر دل فرو بُردم ہوائے نیش را
شعلہ افزوں تر برآمد سوزِ داغِ خویش را

دل میں رکھتا ہوں میں زندہ اک ہوائے نیش کو
تا کروں ہر دم زیادہ سوزِ داغِ خویش کو

عشق گنجد در دلِ تنگ و نگنجد در جہاں
ویں سخن در دل نگنجد عقلِ دُور اندیش را

عشق کی عالم میں گنجائش نہیں گو دل میں ہے
بات یہ بتلا نہ ہرگز عقلِ دُور اندیش کو

چاشنیٔ دردِ دل آنکس کہ نشناسد حقش
بر دلِ مجروحِ خود مرہم شناسد نیش را

چاشنیٔ دردِ دل جسکو نہ دے لذت، وہ پھر
کیوں دلِ مجروح پہ مرہم بنائے نیش کو

گر بیک غمزہ نمُردم من، مکن خستہ دلم
ناوکے گر رفت کج، نتواں شکستن کیش را

ایک غمزے سے مَرا گر میں نہ، دل خستہ نہ کر
گر ہوا ناوک خطا اک، توڑ مت تو کیش کو

پند گو کاید بریں دل سوختہ گوئی خس است
کو بہ اصلاحِ چراغ آید بسوزد خویش را

شعلۂ الفت سے ناصح بچ مرے، چھُو مت اسے
جو کرے اصلاحِ شمع ہے، وہ جلائے خویش کو

خسروا دیدہ فرو بند و مبیں روئے رقیب
زانکہ مرہم خوش نباشد دیدہ ہائے ریش را

بند کر لے آنکھ خسروؔ، دیکھ مت روئے عدو
کر نہ زخمی اور اپنے دیدہ ہائے ریش کو

۳۴

بہار آمد و سبزہ نوشد بہ جوہا
عروسان بُستان کشادند رُوہا

گُلِ کوزہ بر شاخ می گوید اینک
کہ کوزہ زما و زمستان سبوہا

نگوید ز آزادگی ہیچ سوسن
چو بلبل ز مستی کند گفت و گوہا

ازیں پس پیالہ بکف خوبرُویاں
خرامندہ بینی بہ لب ہائے جوہا

بہ ہر شاخ غنچہ دہن باز کردہ
ز خوباں فرو می خورد آرزوہا

معطر ازاں می کند گل چمن را
کش از نظمِ خسرو ذخیرہ ست بوہا

بہار آئی ہے سبزہ تر بہ جوہا
عروسانِ چمن کے دیکھ رُوہا

کہے یہ شاخ پر ہے کوزۂ گُل
کہ دے مستوں کو ہے اندر سبوہا

حیا سے ہے خموش آزاد سوسن
کرے مستی سے بلبل گفتگوہا

لئے ساغر بکف ہیں خوبرُویاں
خراماں ناز سے یکے بہ جوہا

کرے ہیں دیکھ کر اندازِ خوباں
چمن میں عندلیباں آرزوہا

معطر ہے گل و لالہ سے گلشن
کہ ان میں نظمِ خسرو کی ہیں بوہا

۳۵

باشد آں روزے کہ بینم غمگسارِ خویش را
شادماں یابم دلِ امیدوارِ خویش را

شد دو چشم ز انتظارش چار، در راہِ امید
چار جانب وقف کردم ہر چہارِ خویش را

شاید ار بر خاک خسپم ہمچو گل پُر خوں کنار
کز چناں سروے تہی کردم کنارِ خویش را

خاک می بیزم بہ داماں چوں کنم گم کردہ ام
درمیانِ خاک دُرِ آبدارِ خویش را

مست گشتی چوں ترا پیمانہ پُر دادہ ست دوست
خیز و بستاں ساغر و بشکن خمارِ خویش را

دل کہ از جعدِ تو بد خو شد نمی گیرد قرار
ساعتے بفرست جعدِ ہمچو مارِ خویش را

دیکھ پاؤں گر کسی دن غمگسارِ خویش کو
شادماں پاؤں دلِ امیدوارِ خویش کو

چار، دو آنکھیں مری ہیں جب رہِ امید میں
چار سُو میں وقف کر دوں اِن چہارِ خویش کو

بعدِ مدت ہاتھ آیا ہے کنارِ جُو پہ جب
سرو سے کیسے تہی کر دوں کنارِ خویش کو

چھانتا پھرتا ہوں خاک، رہ کیا جب سے ہے گم
درمیانِ خاک، دُرِ آبدارِ خویش کو

کر دیا ساقی نے ہے پُر تیرا پیمانہ اگر
مست ہو اور دُور کر مے سے خمارِ خویش کو

گر لیا ہے گنجِ دل میرا حفاظت کے لئے
دے اسے زلفِ سیاہِ شکلِ مارِ خویش کو

۳۶

اے بے تو گلہائے چمن شستہ بخوں رخسار ہا
خار است بے رخسارِ تو در دیدۂ گلزار ہا

شد پوستم بر استخواں چو چنگ خشک و از فغاں
رگہا نگر اینک بر آں افتادہ ہمچو تار ہا

ہر گہ کہ چوگاں باز داو، بازم بہ راہش سر چو گو
آرے، مرا در عشقِ او باشد ازیں سر کار ہا

تا چند چشمِ پُر زنم، در عشق خوں بارم زغم
آرے کہ از غم شستہ ام من دست ازیں خوں بار ہا

پیکاں کہ بودے در دروں با تیرِ خود کردی بروں
خورسندیے دارم کنوں، دل را بداں زنگار ہا

از دیدہ اشکِ من رواں، آں سرو در جوئے کساں
خسرو چو بلبل در فغاں، او ہمنشیں با خار ہا

بن تیرے ہے گلہائے چمن دھوئیں بخوں رخسار ہا
بے رخ ترے ہیں خار ہا، در دیدۂ گلزار ہا

غم سے ہوا ہوں ناتواں، نکلی ہیں میری ہڈیاں
درد و الم سے سب یہاں. بنتی رگیں ہیں تار ہا

کھیلے ہے چوگاں وہ جہاں ہے گیند میرا سر وہاں
دیکھو ہوئے کیا کیا یہاں ہیں سر سے مجھ کو کار ہا

رکھتے ہیں میری آنکھ نم الفت کے تیری رنج و غم
رنگیں کروں ہیں دمبدم رخسار خوں سے بار ہا

پیکان نے ظالم ترے آئینۂ دل کو مرے
جتنے دئے میرے لئے محبوب ہیں زنگار ہا

ڈھونڈے سے اندر گلستاں پایا نہیں سرو رواں
خسرو گلوں کے درمیاں ہے ہمنشینِ خار ہا

۲۷

شبے دیدم چو مہ بر بام او را
صراحی پیش و بر کف جام او را

بہ شب دیکھا جوں مہ بر بام اس کو
سبو بر دوش ، بر کف جام اس کو

دعا می کردم و می نامدش یاد
ز مستی بہرِ من دشنام او را

دعا کی میں نے ، مستی میں خدایا
دلا دے یاد کچھ دشنام اس کو

نخواہد دل بجز دشنام ازاں لب
ز لعلِ او ہمیں بس کام او را

نہ دینے کے سوا دشنام مجھ کو
لب لعلیں سے ہو کچھ کام اس کو

بہ دل او را کہ عشقش خانہ سازد
کجا ماند دگر آرام او را

وہ دل ، جو عشق نے مسکن بنایا
نہیں ملتا ذرا آرام اس کو

کسے کز عارض و زلفِ تو گوید
ہمیں بس وردِ صبح و شام او را

سنے جو قصۂ گیسو و عارض
رہے یہ وردِ صبح و شام اس کو

دلم دارد ہوائے پای بوست
ببیں در سر خیالِ خام او را

قدم بوسی تری دل چاہتا ہے
ہے یہ کیسا خیالِ خام اس کو

چوں برگشتی ز خسرو کرد پامال
جفائے گردشِ ایام او را

ملے خسرو کو تو ، تو روندتی ہے
جفائے گردشِ ایام اس کو

۳۸

روزِ عید است بہ من دہ مئے نابے چو گلاب
کہ ازاں جام شود تازہ ام ایں جانِ خراب

مگر اندر سرِ آں زلفِ دوتا میگذرد

تو چہ مرغے کاثرت نیست کہ از سوزِ دلم
سوخت ہر مرغ کہ بر روئے ہوا میگذرد

خسروا بگذر از اندیشۂ خوباں کامروز
موسمِ فتنہ و ایامِ بلا میگذرد

دمبدم قلب سے جب تیرِ بلا گزرے ہے
کیا کہوں مجھ پہ ترے ہجر میں کیا گزرے ہے

دل نہیں سنگ کہ ہو طاقتِ آتش اس میں
وہ جلے جب ہے تو غم حد سے مرا گزرے ہے

عمر بھر دید کی امید میں مشتاقوں کی
شب بہ زاری و سحر گہ بہ دعا گزرے ہے

عاطر و مشک فشاں بادِ صبا ہووے ہے
جب بھی جا کر وہ درونِ زلفِ دوتا گزرے ہے

آتش ایسی ہے مرے دل میں کہ ہر مرغ یہاں
پر جلائے ہے جو بر روئے ہوا گزرے ہے

کر نہ اندیشۂ خوباں کہ ترا اب خسرو
موسمِ فتنہ و ہنگامِ بلا گزرے ہے

۲۰۷

شب ز سوزے کہ بریں جانِ حزیں میگذرد
شعلۂ آہِ من از چرخِ بریں میگذرد

زاہد از صومعہ زنہار کہ بیروں نروی
کہ ازاں سوئے بلائے دل و دیں میگذرد

میگذشتی شب و از ماہ برآمد فریاد
کایں چہ فتنہ است کہ بر روئے زمیں میگذرد

باد از بوئے تو مست است دلیرش نگر
کہ دواں پیشِ شہِ تخت نشیں میگذرد

گر کنی جور و گر تیغ زنی بر خسرو
ہمچناں داں کہ ہماں نیز و ہمیں میگذرد

شب میں جو سوز سے بر جانِ حزیں گزرے ہے
شعلۂ آہِ دل از چرخِ بریں گزرے ہے

امن سے کُنج میں صوفی ہو، ولے واں سے بھی
گاہے گاہے وہ بلائے دل و دیں گزرے ہے

دیکھ کر شب میں تجھے ماہِ فلک کہوے ہے
ایک فتنہ ہے جو بر روئے زمیں گزرے ہے

مست ہووے ہے تری بُو سے ہوا تو کیسے
وہ دواں پیشِ شہِ تخت نشیں گزرے ہے

دیکھ آ کر تو ستمگر کہ ترے خسرو کے
دل پہ کیا کچھ تری فرقت میں نہیں گزرے ہے

۲۰۸

آنکہ ہر شب بر دلم آید و جائے بکند
چہ شود روزے اگر یادِ گدائے بکند
مست و شمشیر کشاں بر سرم آید ہر روز
یارب اندر دلش افگن کہ خطائے بکند

بختِ ما گرنہ چو ما سوختہ باشد آخر
کارِ پیچیدۂ ما را سر و پائے بکند
با چنیں جور و جفائے کہ تو داری پس ازیں
نہ ہمانا کہ مرا عمر وفائے بکند

پُرغبار آید از کوئے تو خسرو ہر روز
دردو دگریہ و در حال صفائے بکند

دل میں ہر وقت جو آ کر مرے جا کرتا ہے
بھول کر بھی وہ نہیں یادِ گدا کرتا ہے
مست و شمشیر کشاں آئے مرے پاس ہے جب
کہہ سکے کون ہے یارب، وہ خطا کرتا ہے

سوختہ مجھ سا مرا بخت ہے ایسا کہ مرا
کارِ پیچیدہ وہ اور بے سر و پا کرتا ہے
جور سے تیرے مجھے ہے نہ گلہ مرنے کا
کیوں کرے عمر نہیں تو جو وفا کرتا ہے

گرد آلود ہے خسرو ترے کو میں اب
رات بھر رخ کو وہ اشکوں سے صفا کرتا ہے

۲۰۹

گر دلِ عاشقم از عشقِ تو رنجور شود
کلبۂ جاں ز بلاہائے تو معمور شود

ہست روشن بہ رُخت دیدہ اگر خاکِ رہت
باز در دیدہ کشم، نورِ علیٰ نور شود

حالیہ چشمِ تو مست است چہا میکند او
آہ! اگر غمزہ زناں آید و مخمور شود

گفت لعلت بہ تبسم کہ دل از ما برگیر
از عسل امرِ محال است مگس دُور شود

میرود جاں بہ سرِ کوئے تو دیدار طلب
موسیٰ آرے طلبد وصل کہ بر طُور شود

جانِ من روئے تو شد اے خوشی جانم گر
خسروِ سوختہ از وصلِ تو مسرور شود

قلبِ شیدا مرا جب عشق سے رنجور ہوا
کلبۂ جان بھی آفات سے معمور ہوا

رخِ پُر نور سے روشن جو کیا تھا دیدہ
خاکِ رہ سے وہ تری نورِ علیٰ نور ہوا

دیدۂ مست سے تھا تیرے ہر اک مست ڈلے
دیکھ کے غمزہ وہ کچھ اور بھی مخمور ہوا

دُور جس طرح نہ رہتی ہے مگس شکر سے
وہ شکر لب نہ مرے دل سے کبھی دُور ہوا

طلبِ دید میں میرے لئے کُو ہے تیرا
مظہرِ دوست جو موسیٰ کے لئے طُور ہوا

کیا گیا تیرا ہوا کون سا نقصان اس سے
خواب میں خسرو اگر وصل سے مسرور ہو

۲۱۰

مست من بے خبر از بزم چو در خانہ شود
جاں بہ ہمراہی آں نرگس مستانہ شود

دشمن جان خودم پیش تو اے تیر انداز
دوست نبود کہ بلا بیند و بیگانہ شود

می کنم شکر جفایت کہ چو شہ ریزد خوں
بندگاں را ہمہ گفتار ندیمانہ شود

با چناں سلسلۂ زلف کہ لیلیٰ دارد
حق بدست دل مجنوں ست کہ دیوانہ شود

ساقیا لو کہ نظر بر شودم بر نظرت
بادہ می ریز کہ تا بر سر پیمانہ شود

بسکہ پروانہ شود سوختۂ شمع ز عشق
عارف از سوختگی عاشق پروانہ شود

ہمہ شب خسرو افسانۂ یار و ہر بار
قدرے گوید و سر بر سر افسانہ شود

جام و بادہ و سبو و خم و میخانہ ہو
ہمرہ جان بھی اک نرگس مستانہ ہو

ہیں تمہیں دشمن جاں بنا پڑا اے تیر فگن
یار وہ کیا جو بلا دیکھ کے بیگانہ ہو

مانگتا دل مرا اک یار ہے ایسا ظالم
قتل کرنا جسے اک کار ندیمانہ ہو

دیکھ کر سلسلۂ زلف دراز لیلیٰ
ہو عجب بیشں اگر قیس نہ دیوانہ ہو

نگہ مست کا کر اپنی لحاظ اے ساقی
اس قدر ڈال کہ مے بر سر پیمانہ ہو

عاشق شمع بہت ہوتے ہیں پروانے سب
ہے وہ عاشق جو بنا عاشق پروانہ ہو

کیا ہوا گر نہ ہوا ختم فسانہ خسرو
ہے نہ افسانہ وہ اک ختم جو افسانہ ہو

۲۱۱

گر سرِ زلفِ تو از باد پریشاں نشود
خلق بیچارہ چنیں بیدل و حیراں نشود

باد سے گیسوئے مشکیں جو پریشان نہ ہو
عاشقِ زار ترا بیدل و حیران نہ ہو

وہ ازاں روئے مراجاں بلب آمد یارب
کہ گرفتار بہ دل ہیچ مسلماں نشود

عشقِ کافر نے کیا ہے مجھے عاجز ایسا
مجھ سا کوئی بھی گرفتار مسلمان نہ ہو

من گناہِ دلِ دیوانۂ خود میدانم
عشق باز ست و ہمہ عمر بہ ساماں نشود

دل سے کہتا ہوں کہ ممکن نہیں اے دیوانے
تو کرے عاشقی اور بے سروساماں نہ ہو

یارب از رنجِ دلِ ماش نگیری ہرچند
کہ جفاہا کند و ہیچ پشیماں نشود

جرم ہے حسن کا یارب وہ خطاوار نہیں
گر کرے جوروجفا اور پشیمان نہ ہو

مردماں در من و بیہوشیِ من حیرانند
من در آں کس کہ ترا بیند و حیراں نشود

لوگ حیراں ہیں مجھے دیکھ کے حیراں اور میں
اُس پہ حیراں جو تجھے دیکھ کے حیران نہ ہو

خسروآ ہوئے رمیدہ ست ز خوباں کہ برو
گر دلِ شیر نہی بیش پریشاں نشود

دل غزالوں نے رمیدہ جو کیا خسرو کا
دے دل ایسا اسے یارب کہ پریشان نہ ہو

۲۱۲

عاشقے را کہ غمِ دوست بہ از جاں نبوَد
عاشقِ جاں بوَد او عاشقِ جاناں نبوَد

مُردن از دوستی اے دوست، زہندو آموز
زندہ در آتشِ سوزاں شدن، آساں نبوَد
زہر کش از کفِ ساقی تو، اگر میخواری
کیست کش تشنگیِ چشمۂ حیواں نبوَد
اے کہ عاشق نہ ای اردم زدت غمزۂ ترکے
دل نہ بندی کہ نکوروی مسلماں نبوَد

چند پرسی کہ چرا خلق بہ رُویم حیرانست
ایں حکایت ز کسے پرس کہ حیراں نبوَد
خسروا بلبلی آخر، بہ قفس ہم خوش باش
دَورِ گردوں ست، ہمہ باغ و گلستاں نبوَد

جو بھی دیوے غمِ جاناں کے عوض جان نہیں
عاشقِ جان ہے وہ، عاشقِ جانان نہیں

دیکھ ہندو کو، اگر سوز کا شکوہ ہے تجھے
شوق سے آگ میں جلنا بھی کچھ آسان نہیں
آبِ حیواں تری آنکھوں سے ملے ہے ساقی
کیا ہوا گر ترا خُم چشمۂ حیوان نہیں

ایک عیار ہے، طرار ہے، ہشیار ہے وہ
دے نہ دل اس کو، وہ کافر ہے، مسلمان نہیں
دیکھ کر رخ ترا حیران ہوئے لوگ ہیں کیوں
پوچھنا گر ہے تو پوچھ اس سے جو حیران نہیں
گردش پائیں تری بلبلِ شیدا خسرو
دَورِ دوراں ہے کوئی سیرِ گلستان نہیں

۲۱۳

مردِ صاحب نظر از کوئے تو آساں نرود
ہر کہ را جاں بود از خدمتِ جاناں نرود
آنکہ در عشقِ رخت لافِ ہواداری زد
بہ جفا از درت، اے خسروِ خوباں نرود

از خیالِ منِ سودا زدہ اندر رہِ عمر
یک نفس صورتِ آں سروِ خراماں نرود
با خضر ذکرِ لبِ لعلِ تو می باید گفت
تا دگر در طلبِ چشمۂ حیواں نرود

باغباں از رخِ زیبائے تو بیند، دیگر
از پئے چیدنِ گل سوئے گلستاں نرود

خسروِ خستہ کہ ماندست بہ دہلی در بند
تا ازو خبرے سوئے خراساں نرود

کام عاشق کوئی کر کے یہاں آساں نہ گیا
جب تلک جاں تھی از خدمتِ جاناں نہ گیا
تیرے کوچے میں گیا کرنے ہوا خوری جو
چھوڑ پھر در وہ ترا خسروِ خوباں نہ گیا
یک نفس چھوڑ کے میرے دلِ سودائی کو
عمر بھر نقش ترا سروِ خراماں نہ گیا

سن کے ذکرِ لبِ شیریں شکر خا تیرا
پھر خضر در طلبِ چشمۂ حیواں نہ گیا
باغباں دیکھ کے تیرا رخِ زیبا، ہرگز
پھول چننے کے لئے سوئے گلستاں نہ گیا

دلِ خسرو لیا دلی نے کچھ اس طور سے تھا
پھر وہ ہرگز سوئے شیراز و خراساں نہ گیا

۲۱۴

تو کہ روزت بہ نشاطِ دل و جاں میگذرد
شب چہ دانی کہ مرا بے تو چساں میگذرد

آبِ خوش میخورد ایں خلق ز سیلِ چشمم
بسکہ دل سوختہ زاں آبِ رواں میگذرد

قامتت راست چو تیر است و عجائب تیرے
کہ ز من دُور و مرا در دل و جاں میگذرد

ناوکِ چشمِ تو ام میکُشد و غیرت ہم
کہ چرا در دل و جانِ دگراں میگذرد

دلِ گم کردہ ہمی جوید خلقے در خاک
اندر آں راہ کہ آں سروِ رواں میگذرد

سوزِ جانہاست مبادا کہ رسد در گوشت
نالہ ہا کز دلِ خسرو بہ دہاں میگذرد

تو جو رہ سے بہ نشاطِ دل و جاں گزرے ہے
آ کبھی پاس، مری عمرِ جواں گزرے ہے

سیل سے اس کے ہے سیرابی دشت و صحرا
دیکھ جا کر یہ کہاں اشکِ رواں گزرے ہے

کیا ضرورت ہے چلانے کی اسے اے جاناں
بن چلے تیر یہ جب از دل و جاں گزرے ہے

قتل کرنا اب مجھے مقصود ہے گر تیر ترا
پھر یہ کیوں از دل و جانِ دگراں گزرے ہے

ڈھونڈنا دل ہے اگر خاک میں ڈھونڈو اس کی
جس روش سے وہ مرا سروِ رواں گزرے ہے

کان میں اس کے نہ پڑ جائے فغاں وہ خسرو
جو ترے دل سے نکل کر بہ دہاں گزرے ہے

۲۱۵

یارب، ایں شہرۂ لشکر زکجا می آید
کہ ز عشقش دلِ خلقے بہ بلا می آید

فتنۂ جانِ منِ خستہ دل آمد چشمش
باز بر جانِ من ایں فتنہ کجا می آید

بادِ مشک از سرِ زلفش بوزید، اے بلبل
بوستاں را خبرے دہ کہ صبا می آید

از وفا بوئے ندارد، تو چنیں صوت کن
گرچہ از صورتِ او بوئے وفا می آید

ما بہ نظارۂ آں ماہ چناں مستغرق
کہ ہمہ خلق بہ نظارۂ ما می آید

خسروا ہرچہ ترا بر سرت آید، نہ از اوست
عقل داند کہ سراسر ز قضا می آید

لے کے لشکر وہ اگر تُرک مرا آئے ہے
ہمرہِ غارت و آشوب و بلا آئے ہے

چشم آئے ہے بلا بن کے اگر جاں لینے
زلف بھی کم نہ لئے جور و جفا آئے ہے

مژدہ اک اہلِ گلستاں کو دے، اے بلبل
بوئے گیسو لئے پھر بادِ صبا آئے ہے

ایسی ہو وے ہے مرے دل کو کبھی خوش فہمی
بے وفاؤں سے بھی کچھ بوئے وفا آئے ہے

غرق ہوتا ہوں کبھی اس طرح نظارے میں
خلق سب دیکھنے نظارہ مرا آئے ہے

عیب اس پر نہ لگا، تجھ پہ بلا، اے خسرو
جو بھی آئے ہے وہ از قدر و قضا آئے ہے

۲۱۶

سبزہ ہا می دمد و آبِ رواں می آید
ابر چوں دیدۂ من گریہ کناں می آید

از پسِ گشتنِ صحرا و لبِ جوی و چمن
ہوسے در دلِ ہر پیر و جواں می آید

سروِ بالائے من از من شدہ زانم ناخوش
کہ بہ گلزار بسے سروِ رواں می آید

جاں کشم پیش و جہاں ہم اگرت دست دہد
اندر آں راہ کہ آں جانِ جہاں می آید

نہ ہمانا کہ من امشب بکشم تا بہ سحر
کاے صبا از تو مرا بوئے فلاں می آید

اینک آں شوخ ہمی آید و خلقے بیہوش
مردہ را مژدہ رسانید کہ جاں می آید

خسروا دست بہ فتراکِ امیدے کہ زدی
توسنے داں کہ نہ در ضبطِ عناں می آید

جا بجا شوخ و دواں آبِ رواں آئے ہے
ابر با شور و شر، گریہ کناں آئے ہے

دیکھ کر سبزہ و گل، برگ و گیا تازہ و تر
اک ہوا در دلِ ہر پیر و جواں آئے ہے

سرو و شمشاد و صنوبر ہیں خوش و خرم سب
یا خدا پھر نہ وہ کیوں سروِ رواں آئے ہے

جان دیتا ہے جہاں راہ و روش پر اس کی
جب وہ بر راہ و روش جانِ جہاں آئے ہے،

کلفتِ ہجر میں ہوتی ہے کمی وقتِ سحر
لے کے جب بادِ صبا بوئے فلاں آئے ہے

ہے عجب دیکھ کے جاندار جسے مرتے ہیں
اس کے دیدار سے بے جان میں جاں آئے ہے

اسپِ چوگاں نہ سمجھ قلب ترا اے خسرو
ہے وہ توسن جو نہ در ضبطِ عناں آئے ہے

٢١٧

این چنیں تند کہ آں قلب شکن می آید
سہمے از غمزۂ او در دلِ من می آید

چہ خطا رفت ندانم کہ برابرو زدہ چیں
بہرِ آزارِ من آں تُرکِ ختن می آید

مستی و رندی و عاشق کُشی و شیوہ و ناز
ہر چہ گویند ازاں تنگ دہن می آید

بہ وفاداریِ او گشت تنم خاک و ہنوز
نکہتِ دوستیِ او ز کفن می آید

خسروا شعرِ تو اسرارِ خدا نیست مگر
کز سخن ہائے توام بوئے حسن می آید

کرنے پرسش بھی وہ گر قلب شکن آئے ہے
تیر ترکش میں لئے شیر فگن آئے ہے

جرم عادت ہے خطا اس میں کوئی اس کی نہیں
بہرِ آزار وہ گر تُرکِ ختن آئے ہے

غمزہ و شیوۂ عاشق کُشی و ناز و ادا
ساتھ سب کچھ یہ لئے تنگ دہن آئے ہے

تن ہوا خاکِ لحد ہے مرا لیکن اب تک
نکہتِ دوستی از گردِ کفن آئے ہے

ہے سخن میں نہ ترے رمزِ خدا اے خسرو
پھر بھی اشعار سے کچھ بوئے حسن آئے ہے

۲۱۸

گرچہ در کشتنِ عشاق زبوں می آید
بارے آں شکل ببینید کہ چوں می آید
گر کنم گریۂ دل ماندگی از تست اے دوست
کیں شکایت ہمہ از بختِ نگوں می آید

دل بہ صیاد کجا سوزد اگر نالہ کند
مرغِ بیچارہ کہ در دام زبوں می آید
خوشم از گریۂ خود گرچہ ہمہ خونِ دل است
زانکہ بوئے تو ز ہر قطرۂ خوں می آید
تا شم چوں گذرد آہ کہ بازم در دل
یادِ آں سلسلۂ غالیہ گوں می آید
حذر از گوشۂ چشمش کہ ز شوخی خود را
مست می سازد و با سحر و فسوں می آید
خسروا چوں سخن اول نشنیدی ناچار
بکش از دوست بلائے کہ کنوں می آید

چاہے جتنا بھی وہ سر کرکے نگوں آئے ہے
بن کئے قتل نہ قاتل کو سکوں آئے ہے
شکوۂ جور و جفا ہے نہ مجھے تجھ سے کوئی
آئے غصہ ہے تو بر بختِ نگوں آئے ہے

بے اثر زاری و فریاد و فغاں ہے اس کی
مرغِ بیچارہ کہ در دام زبوں آئے ہے

گریہ اچھا ہے اگرچہ ہے مرا خوں اس میں
کہ بوئے دوست ز ہر قطرۂ خوں آئے ہے

دلِ سودائی تڑپتا ہے بہت جب بھی اسے
یاد وہ سلسلۂ غالیہ گوں آئے ہے

دیدۂ یار کرے مست ہے اور مستوں کو
مست ہو کر وہ جو با سحر و فسوں آئے ہے

ہے بلاؤں سے گھرا خسرو تو ایسا کہ ترا
کام کچھ بھی نہ فسانہ و فسوں آئے ہے

۲۱۹

خشمگیں یارِ مرا دل بہ رضا باز آمد
گُلِ بد عہد بہ بُستانِ وفا باز آمد

آنکہ ہموارہ جفا بود و ستم عادتِ او
کرد آہنگِ وفا و ز جفا باز آمد

آں ہمہ مستی و شوخی و بلا انگیزی
باز جانِ منِ دل سوختہ را باز آمد

بہ دعا پیشِ خود آوردمش اما عجب است
در جہاں عمرِ کسے کے بدعا باز آمد

دلِ گم گشتہ خود جستم و دربانش گفت
کہ دلِ رفتہ دریں کوی کرا باز آمد

خسروا تن بہ قضا دہ کہ ہوا ہائے کہن
تازہ شد از سرو ایامِ بلا باز آمد

خشمگیں یار مرا دل بہ رضا پھر آئے
گُلِ بد عہد بہ بُستانِ وفا پھر آئے

ڈال دے دل میں خدایا کہ وہ ظالم اک دن
کر کے آہنگِ وفا ترکِ جفا پھر آئے

باہمہ مستی و شوخی و بلا انگیزی
کاش کرنے ہی کو وہ جور و جفا پھر آئے

ہے دعا تو مجھے لگتا نہیں لیکن اے جاں
جان بے جان میں کرنے سے دعا پھر آئے

ڈھونڈتا ہوں دلِ گم گشتہ تو سب کہتے ہیں
ہو یہ سکتا نہیں دل جا کے ترا پھر آئے

پھر سے کرتا ہے اگر عہدِ وفا تو خسرو
ہے نہ ممکن کہ نہ یہ لے کے بلا پھر آئے

۲۲۰

ہر کسے گاہِ جوانی تگ و پوئے دارد
گشتِ باغے و نشاطِ لبِ جوئے دارد

دوست دارم خمِ گیسوئے نکورویاں را
واں کسے را کہ دلے در خمِ موئے دارد

کاشکے خاک شوم من بہ زمینے کانجا
تُرکِ من گاہِ سواری تگ و پوئے دارد

ہاں وہاں تا نکند عمر بہ بستاں ضائع
ہر کہ در خانہ تماشائے نکوئے دارد

خسروا رجاں بہ غمت دُور بادا عیش
چو توئے را چہ غم ار جانِ چو اوئے دارد

دل جوانی میں ہر اک کا تگ و پو رکھے ہے
شوقِ گلزار و نشاطِ لبِ جو رکھے ہے

مجھ کو رغبت ہے خمِ زلفِ نکورویاں سے
اور اُس سے کہ جو دل در خمِ مُو رکھے ہے

خاک و خاشاک بنوں کاش میں میداں کی جہاں
تُرک وہ گاہِ سواری تگ و پو رکھے ہے

زندگی ضائع نہ کرتا ہے گلستانوں میں
ہر کہ در خانہ تماشائے نکو رکھے ہے

غم سے مرنے کا ترے غم نہیں کرتا خسرو
وہ جو سنگین دل و روئے نکو رکھے ہے

۲۲۱

اے کہ از خاکِ درت دیدہ منور گردد
وصفِ روحت چوں کنم روح معطر گردد

خاک سے در کی مرا دیدہ منور کر دے
روح کو گیسوئے مشکیں سے معطر کر دے

دیدہ در زیرِ قدمہات نمی گرید ازاں
کہ مبادا کفِ پائے تو بہ خوں تر گردد

رو نہ سکتا ہوں میں قدموں پہ ترے سر رکھ کر
کہ ترا پاؤں کہیں خوں سے نہ یہ تر کر دے

ناوکے بر دلِ ریشم فگن اے دیدۂ من
تا بُوَد ریشِ درونم بہ بروں سر گردد

ناوکِ چشم فسوں ساز سے کر خونریزی
یا قلم دشنۂ مژگاں سے مرا سر کر دے

اے بسا جاں بہ سرِ کوئے تو شد خون و ہنوز
میرد تا بہ سرِ کوئے تو محشر گردد

یوں کر عشاق کو شمشیر سے تتر بتر
شورشِ کُو سے خجل فتنۂ محشر کر دے

سازمش خون و بہ پیشِ سگت اندازم اگر
بے جراحت ز سرِ کوئے تو دل بر گردد

دلِ صد ریش کی مژگاں سے جراحت کر کے
ریش کچھ اور اسے اے مرے دلبر کر دے

اشکِ خسرو ہمہ از خونِ جگر ساختہ است
از قدمہات چوں ریزم ہمہ گوہر گردد

اشک جس میں ہے ترا خونِ جگر اے خسرو
اس کے پاؤں پہ گرا کر اسے گوہر کر دے

۲۲۲

وقتے آں کافرِ بے رحم از آنِ من بود
دلِ آوارہ شدہ نیز از آنِ تن بود
شمعِ شب گریہ ہمی کرد ہمہ شب، ناناک
شعلہ ہائے دلِ پُرسوزِ منش روشن بود

نشدند آنِ خودم در غمِ جاناں، چہ کنم
عقل دیوانہ و عشق آفت و دل دشمن بود

بیں کہ چوں موی شد از ساعدِ سیمیں نگار
آہنیں بازوئے فرہاد کہ خارا کن بود

مبتلم شکرلبت، گرچہ لبے نقدِ بلا
بر من از غمزۂ آں دولتِ مرد افگن بود

دی کہ رسوا شدہ ای بیدی و گفتی کایں کیست
دامن آلودہ بہ خوں خسروِ تر دامن بود

عشق کچھ ایسا دل و جاں کا ہوا دشمن ہے
قلبِ آوارہ مرا زار ہے، لاغر تن ہے
دیکھ کے گریۂ شمع رات کو لگتا ہے مجھے
شعلۂ دل نے مرے اس کو کیا روشن ہے

کیسا آزار لگا ہے یہ غمِ جاناں سے
عقل دیوانی و عشق آفت و دل دشمن ہے

رنج الفت سے وہ اب ساعدِ سیمیں کی طرح
آہنیں بازوئے فرہاد نہ خارا کن ہے

عشقِ لب میں مری سب نقدِ بلا کا باعث
غمزۂ دولتِ معشوقۂ مرد افگن ہے

عشق و رندی نے کیا اس کو ہے رسوا ایسا
دامن آلودہ بہ خوں خسروِ تر دامن ہے

۲۲۳

جاں فدائے پسرانے کہ نکورُو باشند
راحتِ جان ست جفاشاں کہ جفاجُو باشند

خود ز خوبانِ پری چہرہ ہمیں کار آید
کہ ستمگارہ و مردم کُش و بدخو باشند

چہ کند آہوئے مسکیں کہ بسگ جاں ندہد
شہسواراں کہ بہ دنبالۂ آہو باشند

عاشقاں در روشِ عشق مسلماں نشوند
کہ نہ در سوختنِ خویش چو ہندو باشند

صفتِ نرگسِ جادوئے تو کردن نازند
شاعراں گرچہ چو خسرو ہمہ جادو باشند

قلب شیدائے غزالاں کہ نکورُو ہیں وہ
جاں فدائے رخِ خوباں کہ جفاجُو ہیں وہ

ہے فدا دل مرا خوبانِ پری چہرہ پہ
کہ ستمگارہ و مردم کُش و بدخو ہیں وہ

ایک غمزے سے گراتے ہیں غزال دل کو
شہسواراں کہ بہ دنبالۂ آہو ہیں وہ

عاشقی بت کی نہ بس کی ہے مسلمانوں کی
جل سکے جب نہ کبھی صورتِ ہندو ہیں وہ

سامنے نرگسِ جادو کے نہیں کچھ خسرو
تیرے اشعار کہ گنجینۂ عجب جادو ہیں وہ

۲۲۴

یارِ زیبائے مرا باز بہ من بنمائید
تُرکِ رعنائے مرا باز بہ من بنمائید

لالہ می رویدم از خونِ جگر بر رخسار
سروِ بالائے مرا باز بہ من بنمائید

نیست آراستہ بے آں مہِ زیبا مجلس
مجلس آرائے مرا باز بہ من بنمائید

پیشتر زانکہ بہ یغما رود خانۂ عمر
شیرِ یغمائے مرا باز بہ من بنمائید

از فراقم ہمہ ناسازی و نابینائی ست
یارِ زیبائے مرا باز بہ من بنمائید

عشرتم یاد ہمی آید از افزائشِ غم
عشرت افزائے مرا باز بہ من بنمائید

یارِ زیبا مرا پھر مجھ کو دکھلے یارب
تُرکِ رعنا مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

رخ مرا خونِ جگر سے ہے بنا لالہ گوں
سروِ بالا مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

ہووے مجلس نہیں آراستہ بے ماہ مری
مجلس آرا مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

پیشتر اس سے کہ غارت ہو بھرا عمر کا گھر
شیرِ یغما مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

ہے یہ سب ہجر سے ناسازی و نابینائی
یارِ زیبا مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

عیش آتا ہے مجھے یاد بہ افزائشِ غم
عشرت افزا مرا پھر مجھ کو دکھا دے یارب

۲۲۵

یار باز آمد و بوئے گل و ریحاں آورد
خندۂ باغ مرا گریۂ ہجراں آورد

باز گلہائے نو از دردِ کہن یادم داد
غنچہ ہا بر جگرم زخم چو پیکاں آورد

فصلِ نوروز کہ آورد طرب بر ہمہ خلق
چشمِ بد روز مرا موسمِ باراں آورد

ہر سحر باد کہ بر سینۂ من میگذرد
در چمن بوئے کباب از پئے مستاں آورد

بہ چہ کار آیدے سروِ خودم گرچہ بہار
سوئے ہر باغ بسے سروِ خراماں آورد

بادیاں چو رقیبِ تو پریشاں ہمہ وقت
کہ ترا بر سرِ دلہائے پریشاں آورد

باجہاں رو زنی از بر دلِ خسرو صد تیر
بتواں خوردن و بر روئے تو نتواں آورد

یار گرچہ مرا بوئے گل و ریحاں لایا
خندۂ باغ و لیے گریۂ ہجراں لایا

برگِ گل دیکھ کے یاد آیا مجھے دردِ کہن
غنچہ اک زخمِ جگر صورتِ پیکاں لایا

وقتِ گل سب کے لئے لایا طرب ہے لیکن
میری آنکھوں کے لئے موسمِ باراں لایا

چل کے سینے سے اگر آیا ہوا کا جھونکا
در چمن بوئے کباب از پئے مستاں لایا

بن مرے سرو کے ہے کیا موسمِ گل وہ گرچہ
سوئے گلزار بہت سروِ خراماں لایا

سارباں ہو نہ پریشان کبھی وہ یا رب
جو اُسے بر سرِ دلہائے پریشاں لایا

رشک آیا دلِ خسرو پہ ہے سب کو جب وہ
قلب فتراک میں رکھ کرشمۂ خوباں لایا

۲۲۶

ہر کہ را یارے چو تو سرکش بود	یار جس کا تجھ سا اک سرکش بنا
کے ز بیمِ تیغ سر در کش بود	جو بھی کچھ اس سے ملا دلکش بنا
مجلسے کانجا بود شمعے چو تو	شمعِ محفل تھا جہاں بھی تُو وہاں
مرغِ جاں پروانۂ آتش بود	مرغِ جاں پروانۂ آتش بنا
چند گہ بگذار تاہی بینمت	رہگزر میں تیری جو تھا راہرو
تا کہ جانم وامِ تو مہوش بود	خاک سے کم تر وہ اے مہ وش بنا
گر بہ یک بوسہ لبت بتواں گزید	کاٹ تیرا لب لیا بوسے نے جس
آں یکے بوسہ بجائے شش بود	ایک وہ بوسہ بجائے شش بنا
خسروا گر عاشقی از غم منال	کیوں کرے نالہ ہے خسرو اس طرح
عشق بازاں را دلِ غم کش بود	کیا نہ دل اس کا بھی غم کش بنا

۲۲۷

لعلِ شیرینے چوں خنداں می شود
در جہاں شیرینی ارزاں می شود

لعلِ شیریں لب جو خنداں ہو گیا
انگبیں دنیا میں ارزاں ہو گیا

قدِ او ہر گہ کہ جولاں میکند
گوئیا سروِ خراماں می شود

سرو گلزاروں میں پادر گِل ہوئے
سرو قد جب وہ خراماں ہو گیا

پرتوِ رُویش چوں می تابد ز دُور
آفتاب از شرم پنہاں می شود

پر توئے رخسارِ تاباں دیکھ کر
شرم سے خورشید پنہاں ہو گیا

قصۂ زلفش نمی گویم بہ کس
زانکہ خاطر ہا پریشاں می شود

قصۂ گیسو بیاں جب بھی کیا
سن کے دل ہر اک پریشاں ہو گیا

من نہ تنہا میشوم حیرانِ او
ہر کہ او را دیدۂ حیراں می شود

تھا نہ اک میں ہی ہوا حیران جو
جس نے رخ دیکھا وہ حیراں ہو گیا

خسروے کز کلکِ گوہر بارِ او
کارِ بے ساماں بہ ساماں می شود

کلکِ گوہر بار سے خسرو ترے
کارِ بے ساماں بہ ساماں ہو گیا

۲۲۸

دلم از بخت گہے شاد نبود
جانم از بندِ غم آزاد نبود

قلب الفت میں مرا شاد نہ تھا
بندشِ غم سے یہ آزاد نہ تھا

یک دم از عمرِ گرامی نگذشت
کاں ہمہ ضایع و برباد نبود

تھا نہ اک لمحہ میری عمر کا جو
عشق میں ضایع و برباد نہ تھا

گر بہ بینی دلِ ویرانِ مرا
گوئیا ہیچ گہ آباد نبود

دیکھ کر قلبِ حزیں لگتا ہے
گھر یہ جیسے کبھی آباد نہ تھا

شب ہمی دانم کاو آمد و بس
بیش ازیں خویشتنم یاد نبود

اس کی آمد کے علاوہ شب میں
جو ہوا مجھ کو ذرا یاد نہ تھا

خانہ گلشن شد بے منتِ باغ
سرو بود ار گل و شمشاد نبود

سرو سے گھر تھا بنا اک گلشن
کیا ہوا اگر گل و شمشاد نہ تھا

ناگہ آہوئے من از دام بجست
زانکہ اندازۂ صیاد نبود

دام میں خود ہی گیا دل میرا
اس کو اندیشۂ صیاد نہ تھا

خسرو از تلخیِ شیریں دہناں
آنچناں ست کہ فرہاد نبود

تھی بجا تلخیِ شیریں دہناں
پر یہ خسرو کوئی فرہاد نہ تھا

۲۲۹

گر سخن زاں لبِ چو نوش شود
پستہ را خندہ فراموش شود

ہم سخن جس سے لبِ نوش ہوا
وہ ہوا مست، وہ مدہوش ہوا

در حدیثِ دُرِ دندانت کنم
صدف آنجا ہمہ تن گوش شود

دُرِ دنداں کی حکایت سن کر
صدفِ لب ہمہ تن گوش ہوا

ز آسماں روئے تو گر مہ بیند
بر زمیں افتد و بیہوش شود

ماہ نے جب رخِ جاناں دیکھا
گر زمیں پر گیا، بے ہوش ہوا

بادہ بر یادِ لبِ شیرینت
ہمہ گر زہر بود، نوش شود

جب دیا آنکھ ملا کر تُو نے
زہر بھی میرے لئے نوش ہوا

دل کہ پوشیدہ بہ زلفت پیوست
ترسم از غم کہ سیہ پوش شود

قید ہو کر شکنِ گیسو میں
غم سے دل میرا سیہ پوش ہوا

گر کنی میل بہ سوئے خسرو
شاہ کے ہمدمِ جادوش شود

دیکھ اے خسروِ خوباں کیسا
زار یہ خسروِ غم کوش ہوا

۲۳۰

گر جامِ غم فرستی، توشم کہ غم نباشد
کانجا کہ عشق باشد، ایں مایہ کم نباشد

سودائے تست در جاں، نقشت درونِ سینہ
حرفے بروں نیفتد تا سر قلم نباشد

من خود فتوح دانم مردن بہ تیغت، اما
بر تیغِ تو چہ گوئی، یعنی ستم نباشد

اے دوست تا نخندی بر پائے لغزِ عاشق
دانی کہ مستِ مسکیں ثابت قدم نباشد

اے بادِ صبحگاہی کآفاق می نوردی
گر دیدہ ای نشاں دہ جائے کہ غم نباشد

خسرو تو خود نشینی با عاشقان و لیکن
در صید گاہِ شیراں سگ محترم نباشد

رعشے سے کچھ ہم کو پی کر ساقی الم نہیں ہے
الفت میں گرچہ غم کا سرمایہ کم نہیں ہے

دل سے خیال تیرا آئے نہیں ہے باہر
سرِ جیب تلک ہمارا ہووے قلم نہیں ہے

ہم چاہتے ہیں جورِ تیغِ مژہ سے مرنا
تیرِ نظر میں گرچہ کچھ کم ستم نہیں ہے

عاشق کی لغزشِ پا پر یوں ہنسو نہ لوگوں
مانا یہ مستِ مسکیں ثابت قدم نہیں ہے

جائے تو جا بجا ہے اے بادِ صبحگاہی
جا اک بتا وہ ہم کو لکھے جو غم نہیں ہے

خسرو نہ بیٹھ جا کر محفل میں عاشقوں کی
شیروں کی صید گہ میں سگ محترم نہیں ہے

۲۳۱

سروے چو قامتِ تو در بوستاں نباشد
زیرا کہ بوستاں را سروِ رواں نباشد

ہر جا کہ بگذری تو، باشد زیانِ دلہا
در شہر کس نباشد کش زیں زیاں نباشد

چشمت بہ نیم غمزہ صد جاں فروشد، اے
رختِ مقامراں را نرخِ گراں نباشد

گویند، خسروا از عشق خود را چہ فاش کردی
خود رنگِ عشقبازاں از رخ نہاں نباشد

کوئی بھی سرو تجھ سا در بوستاں نہیں ہے
ہیں سرو تو بہت سے سروِ رواں نہیں ہے

کرتا زیاں دلوں کا ہے تو جو اک ادا سے
ہے شہر میں نہ کوئی جس کو زیاں نہیں ہے

بیچے ہے نیم غمزہ صد جاں کے عوض گر
غمزے کا نرخ جاناں، تیرا گراں نہیں ہے

ہے کچھ عجب نہ خسرو افشائے راز تیرا
اسرارِ عشقبازاں رہتا نہاں نہیں ہے

۲۳۲

مارا ز کوئے جاناں عزمِ سفر نباشد
بے عمر زندگانی کس را بسر نباشد

وصفِ دہانِ شیریں میگویم و ندانم
در وصفِ او چہ گویم کاں مختصر نباشد

وصلِ تو بے رقیباں ہرگز نہ شد میسر
بے خار و خس کسے را گل در نظر نباشد

بر آہِ دردمنداں خود را اسیر نسازی
کایں تیرِ پُر بلا را ہم از سپر نباشد

بر آستانِ شاہے درویشِ بے نوا را
غیر از درِ گدائی راہِ دگر نباشد

با تو کجا رساند قاصد سلامِ خسرو
جائے کہ محرم آنجا بادِ سحر نباشد

مجھ کو ز کوئے جاناں عزمِ سفر نہیں ہے
بے یار زندگانی ہووے بسر نہیں ہے

وصفِ دہانِ شیریں کرتا ہیں جب بیاں ہوں
ہوتا کسی طرح سے یہ مختصر نہیں ہے

ہوتا نہیں میسر بے غیر وصلِ جاناں
بے خار پھول کوئی آتا نظر نہیں ہے

آساں نہیں ہے بچنا آہوں سے عاشقوں کی
تیرِ بلا کو ہووے خوفِ سپر نہیں ہے

بر آستانِ شاہی درویشِ بے نوا کو
غیر از درِ گدائی راہِ دگر نہیں ہے

دے کس طرح سے قاصد تجھ کو سلامِ خسرو
محرم بھی جب وہاں پر بادِ سحر نہیں ہے

۲۳۳

دی مست بودہ ام کہ ز خویشتم خبر نبود
من بودم و دو محرم و پیالے دگر نبود

سوزِ دلم بدید و ز چشمش نمے نریخت
ایں یارِ خانہ سوختہ را ایں قدر نبود

دیوانہ کرد عاشقی و بیدلی مرا
یارب دلم کہ برد، کجا شد، مگر نبود

دوش آمدی و معذرتے گر نکردمت
معذور دار ازانکہ ز خویشتم خبر نبود

بر من ز روزگار بسے فتنہ میگذشت
چشمت بلا شد، ار نہ بہ جانم خطر نبود

خسرو ز بہر عشق گذشتہ چہ غم خوری
چوں رفت، گو مباش! اگر بود دگر نبود

ہوں مست اسقدر کہ مجھے کچھ خبر نہیں
یار و عدو میں فرق بھی آتا نظر نہیں

دیکھے ہے جب جلا، وہ جلاتا ہے اور بھی
کچھ خانہ سوختہ کی وہ کرتا قدر نہیں

دیوانگی کرے ہے فزوں بے دلی مری
ہووے کم آبِ اشک سے سوزِ جگر نہیں

معذور ہوں کہ عذر کے قابل نہیں رہا
بے خود ہوں، خود کی مجھ کو ہی کچھ خبر نہیں

خوگر ہوا ہوں، فتنۂ دوراں کا اس قدر
کچھ آفت و بلا کا رہا اب خطر نہیں

خسرو نہیں ہے تجھے غمِ الفت تو غم نہ کر
پروا نہ کر رہی تجھے پروا اگر نہیں

۲۳۴

یارے کہ بر جدائیٔ اُو ہم گماں نبود
ماہے نہ بود آں کہ شبے درمیاں نبود

بیگانہ وار از سرِ ما سایہ واگرفت
ما راز آشنائیٔ او ایں گماں نبود

دامانش چوں گذاشت حقِ صحبتِ قدیم
گیرم کہ دستِ ہیچ کسش درمیاں نبود

گل آمد و بباغ رسیدند بلبلاں
واں مرغِ رفتہ راہوسِ آشیاں نبود

زامیدِ وصل زیستم بود آرزو
ورنہ فراقِ یار بہ جانے گراں نبود

خسروؔ اگر گلِ تو ز گلزار شد منال
دانی کہ ہیچ گہ چمنِ بے خزاں نبود

ہو جائے گا وہ ہم سے جدا، یہ گماں نہ تھا
ایسا تھا یار، کوئی عدو درمیاں نہ تھا

بیگانگی سے دُور رہے گا وہ آشنا
خواب و خیال میں بھی، ہمیں یہ گماں نہ تھا

دامن ہمارے ہاتھ سے کیوں چھٹ گیا ترا
دستِ جفا کسی کا اگر درمیاں نہ تھا

سبزہ تھا، گل تھے، باغ میں بلبل ہزار تھے
لیکن یہ مرغِ رفتہ سرِ آشیاں نہ تھا

امیدِ وصل دل میں رہی وقتِ مرگ بھی
جاں پر غمِ فراق اگرچہ گراں نہ تھا

خسروؔ نہ رو کہ گل ترا آ کر چلا گیا
اس خاکداں میں کوئی چمن بے خزاں نہ تھا

۲۳۵

دی زخمِ ناخنش بہ رخِ چوں سمن چہ بود
واں درہمی بہ سلسلۂ پُرشکن چہ بود

آلودۂ خمار چرا بود نرگسش
پژمردگیش در گل و در نسترن چہ بود

آں لحظہ کامد ار نہ فرشتہ ست یا پری
گاہِ نظارہ مُردنِ ہر مرد و زن چہ بود

خونِ من و مئے دگراں گر نخوردہ بود
آں رنگِ خون و بوئے میش در دہن چہ بود

کُشتن صلاح بود چو رسوا شدیم زانک
تدبیرِ پردہ پوشیِ ما جز کفن چہ بود

دوش آں زماں کہ رفت زپیشِ تو خسروا
چوں ماند جان و دل چہ شد و حالِ تن چہ بود

دنداں کا زخم بر رخِ رشکِ سمن ہے کیوں
آشفتگی بہ سلسلۂ پُرشکن ہے کیوں

آلودۂ خمار ہے نرگس کیوں باغ میں
پژمردگی بہ برگِ گل و نسترن ہے کیوں

ہے جبکہ وہ دل آرا و دلدار و دل فزا
گاہِ نظارہ مقتلِ ہر مرد و زن ہے کیوں

مے دوسروں کی خون مرا گر پیا نہیں
یہ رنگ و بوئے بادہ و خوں در دہن ہے کیوں

خواری کے خوف سے جو کیا قتل ہے مجھے
اے عیب پوش لاش مری بے کفن ہے کیوں

آزار گر نہ عشق ہے خسرو تو اس قدر
تو نیم جان و خستہ دل و زار تن ہے کیوں

۲۳۶

دل در ہوایت، اے بتِ عیار جاں دہد
چو بلبلے کہ دُور ز گلزار جاں دہد

از رشکِ زلفِ غالیہ سائے تو ہر شبے
گر جاں بوَد، بہ نافۂ تاتار جاں دہد

ابرو دوتا شدہ ست بر آں چشمِ پُر خمار
چو مشفقے کہ بر سرِ بیمار جاں دہد

اے ناخدا ترس، بر آں خستہ رحم کن
کز شوقِ آں دو لعلِ شکر بار جاں دہد

یا رب تو جاں بہ سروِ سہی دہ کہ در چمن
ہر لحظہ پیشِ آں قد و رفتار جاں دہد

خسرو بہ غمزۂ تو دہد جاں چنانکہ کس
بر دستِ شحنگانِ ستمگار جاں دہد

فرقت میں میں نے اے بتِ عیار جان دی
بلبل کی طرح بے گل و گلزار جان دی

گیسوئے مشک بیز پہ رشک آیا اس قدر
میں نے برائے نافۂ تاتار جان دی

ابرو نے دیکھ کر تری مخمور چشم کو
مشفق کی طرح بر سرِ بیمار جان دی

کر رحم قلب پر مرے، اے ناخدا ترس
اس نے بہ شوقِ لعلِ شکر بار جان دی

اے سروِ نازنیں ترے عشاقِ زار نے
ہر لحظہ پیشِ قامت و رفتار جان دی

کس طرح دیکھ، غمزۂ غماز پر ترے
خسرو نے اے نگارِ ستمگار جان دی

۲۳۷

باز آں سوارِ مست بہ نخچیر میرود
دستم ز کار و کار ز تدبیر میرود

میں اس سوارِ مست کا نخچیر ہو گیا
یہ کام بھی مطابقِ تدبیر ہو گیا

اے کاشکے کہ بر دلِ خونینِ من رسد
آں تیرِ او کہ بر دلِ نخچیر میرود

آیا شکار کے لئے ابرو کماں وہ جب
آباد و شادماں دلِ نخچیر ہو گیا

نقاشِ چیں بہ قبلۂ محرابِ ابرویش
از بہرِ تو بہ کردنِ تصویر میرود

تصویرِ یار دیکھ کے نقاشِ چین بھی
حیران بہیئتِ صورتِ تصویر ہو گیا

ہر ساعتے کہ می گذرد قامتش بہ دل
گویا کہ در درونۂ من تیر میرود

مخمور چشم نے تری ڈالی اگر نظر
ہر دل کے پار ایک ترا تیر ہو گیا

دیوانہ شد دلم رہِ زلفِ تو بر گرفت
مسکیں بہ پائے خویش بہ زنجیر میرود

دیوانگی تو دیکھ کہ خود قلب زلف میں
جا کر اسیرِ حلقۂ زنجیر ہو گیا

نزدیک شد ہلاکتِ خسرو ز دوریت
در کارِ او ہنوز چہ تقصیر میرود

لاچار ہجر میں ہوا خسرو کچھ اس طرح
مشہور اس کا قصۂ دل گیر ہو گیا

۲۲۸

کارے ست در سرم کہ بہ ساماں نمی شود
دردے ست در دلم کہ بہ درماں نمی شود

می کن بناز خندہ کہ دیوانہ تر شوم
دیوانگی من چوں بہ پایاں نمی شود

رخسار می نمائی کہ خوش لذتے ست آنکہ
جاں کندنت ز دیدنت آساں نمی شود

جانم فدائے نرگس او باد ہر زماں
خوں می کند ہزار و پشیماں نمی شود

دل را ز عشق چند ملامت کنم کہ ہیچ
ایں کافرِ قدیم مسلماں نمی شود

خسرو کہ ہست سوختہ و خام سوزِ عشق
آتش زنش کہ پختہ و بریاں نمی شود

الفت میں درد کا کوئی درماں نہیں ہوا
کوئی مرا سا بے سر و ساماں نہیں ہوا

دارو نہ کارگر ہوئی نے پند نے دعا
دیوانگیِ عشق کا پایاں نہیں ہوا

دل کو تھی آرزو ترے دیدار کی دلے
آنکھوں کو دیکھنا تجھے آساں نہیں ہوا

صد جاں فدائے دیدۂ جاناں کہ وہ کبھی
کر خونِ دل ہزار پشیماں نہیں ہوا

کی ہے ملامتِ دلِ شیدا بہت دلے
یہ کافرِ قدیم مسلماں نہیں ہوا

خسرو ہے خام سوز کچھ ایسا کہ عشق کی
آتش سے بھی وہ پختہ و بریاں نہیں ہوا

۲۳۹

بر من کنوں کہ بے تو جہاں تیرہ فام شد اے شمعِ جاں درآ کہ روزم بہ شام شد	تیرے بدوں جہان مرا تیرہ فام ہے اے شمعِ جاں آ کہ ہوئی دن میں شام ہے
تو خوش بہ ناز خفتہ کہ عیشت حلال باد مسکیں کسے کہ خواب بہ چشمش حرام شد	تجھ کو حلال عیش ہے، سوتا ہے ناز سے رہتا میں جاگتا ہوں کہ سونا حرام ہے
ہر مرغ شاد با گل و ہر سرو در چمن بیچارہ بلبلے کہ گرفتارِ دام شد	ہر مرغ شاد با گل و ہر سرو در چمن بیچارہ مرغِ دل کہ گرفتارِ دام ہے
ناز و کرشمۂ کہ کنی ہر دم اے صبا می زیبدت کہ پیشِ تو سلطاں غلام شد	کس سے یہ ناز سیکھ لیا تُو نے اے صبا بندہ بنا ہے شہ ترا سلطاں غلام ہے
بدنامی است عشقِ بتاں دُور بہ زما آں عاشقے کہ دُور زما نیک نام شد	بدنام ہم ہیں عشق میں، زاہد پرہیز کر رہ کر تو ہم سے دُور بنا نیک نام ہے
خسرو کہ زیست با ہمہ خوباں بہ توسنی اینک بہ نیم چابکِ عشقِ تو رام شد	خسرو بنا ہے توسنِ خوباں جب سے اک کیسا ہوا وہ چابکِ الفت سے رام ہے

۲۴۰

یارے کش از کرشمۂ خوبی نشاں بود
از وے وفا مجوی کہ نامہرباں بود
زانجا کہ ہست خندۂ گل، بلبلِ خراب
برحق بود کہ عاشقِ روئے چناں بود
نزدیکِ دل بوند بتاں زاں کہ ہمچو تست
نزدیکِ دل مگوی کہ نزدیکِ جاں بود
خاموشیش حکایتِ حال است گوش دار
عاشق کہ در حضورِ رخت بے زباں بود
گفتی کہ نالہ ہائے فلاں گوشِ من ببرد
آخر چنیں چرا ہمہ شب در فغاں بود
عمداً جدا مباش کہ در جانِ خسروی
گر خود ہزار سالہ رہ اندر میاں بود

جس یار کا کرشمۂ خوبی نشان ہے
اس سے وفا نہ مانگ، وہ نامہربان ہے
جائز ہے گل کو دیکھ کے فریاد گر کرے
بلبل جسے کہ الفتِ روئے جوان ہے
رہتا ہے جان بوجھ کے جو دُور ایک بت
نزدیک جسم گر نہیں، نزدیکِ جان ہے
اس کی کرے بیان حکایت ہے خامشی
تیرے حضور میں جو ہے بے زبان ہے
اس کا بیانِ حالِ دلِ زار سن کبھی
کرتا جو رات بھر ترے کوُ میں فغان ہے
خسرو سے توڑ مت کبھی، اے جانِ خسروی
جو ربط اس کے اور ترے درمیان ہے

٢٤١

تُرکے و خوبروئے کسے کیں چنیں بوَد
نبوَد عجب اگر دلِ او آہنیں بوَد

مائیم و خواب ہائے پریشاں تمام شب
خوش وقت آنکہ با چو توئے ہمنشیں بوَد

پیرایۂ گلو بوَد از دستِ دوست تیغ
واں خوں کز و چکد، علمِ آستیں بوَد

اے مستِ ناز، جرعۂ خود را بروئے خاک
مفگن کہ پای لغزِ بزرگانِ دیں بوَد

شد جانِ صد ہزار چو من در سرِ لبت
آرے، بلائے مور و مگس انگبیں بوَد

یارب چگونہ خوب کند آنکہ خسروا
ہر شب ہزار بار لبش اندر کمیں بوَد

وہ تُرک اک جو سیم تن قمر جبین ہے
کیا ہے عجب کہ قلب رکھے آہنین ہے

ہم کو ہیں خواب ہائے پریشاں تمام شب
ہر وقت خواب اس کا مگر شکرین ہے

ہے تیغ دستِ یار میں پیرایۂ گلو
ٹپکے ہے خون جو، علمِ آستین ہے

پھینکے ہے ایک جرعہ جو ساقی زمین پر
لغزاں کرے وہ پائے بزرگانِ دین ہے

ہیں جانِ صد ہزار فدائے لب و دہن
ایسی بلائے مور و مگس، انگبین ہے

خسرو کو نیند کس طرح آئے، بتائیے
آفت تمام شب جو رہے درکمین ہے

۲۴۲

شوخی نگر کہ آں بتِ عیار می کند
دل را بہ بندِ زلف گرفتار می کند

ہر دم بہ شیوۂ ز کسے می بَرد دلے
در حلقہ ہائے زلف نگوں سار می کند

دشمن دریغ بود کہ رہ یافت پیشِ دوست
حیف است گل کہ ہمدمِ خار می کند

انکارِ عشقبازیِ ما می کنند خلق
ما خاکِ آں کسیم کہ ایں کار می کند

تا دید شیخ رونقِ بازارِ عاشقاں
ہر بامداد خرقہ بہ بازار می کند

جز عقلِ عاقلاں نکند صید چشمِ تو
مست است و قصدِ مردمِ ہشیار می کند

درخوردِ دوست نیست نثارِ سرِ ترا
خسرو سرے کہ دارد ایثار می کند

شوخی بہت وہ اک بتِ عیار کر گیا
دل کو بہ بندِ زلف گرفتار کر گیا

لے کر مرے وہ دل کو بصد نازش و ادا
در حلقہ ہائے زلف نگوں سار کر گیا

ایسی عدو نے راہ دلِ دلربا میں کی
گل سے وہ بیش ہمدمِ خار کر گیا

انکارِ عاشقی نہ کوئی کر سکا کبھی
ایسا یہ کارِ عاشقِ بیکار کر گیا

صوفی بہ رشکِ رونقِ بازارِ عاشقاں
نیلام دلقِ صوف بہ بازار کر گیا

دیدہ کرے نہ صید جو جز عقلِ عاقلاں
وہ سب ہلاک مردمِ ہشیار کر گیا

تھا لائقِ نثار نہ خسرو کا سر دلے
در پر وہ یار کے اُسے ایثار کر گیا

۲۴۳

چوں آں بت از سرِ کو با ہزار ناز برآید
ز خلق ہر طرفے آہِ جاں گداز برآید

ز تند بادِ جگر ہا مرا درونہ بلرزد
گلے کہ بر سرِ آں سرو سرفراز برآید

بہ یادِ آں قد و قامت سرشک لعلِ دو چشم
بہ ہر زمیں کہ بریزد درختِ ناز برآید

عجب مدار ز یارانِ عشق و تخمِ محبت
چو سبزہ از گلِ محمود اگر ایاز برآید

نماز نیست مرا جز بسوئے بت نہ ہمانا
کہ کارِ خسرو گمرہ ازاں نماز برآید

اگر وہ بت سرِ کو با ہزار ناز آئے
نکل کے دل سے ہر اک آہِ جاں گداز آئے

یہ تند بادِ جگر ہا مجھے ہے ڈر کہ کہیں
نہ بادیہ بسرِ سروِ سرفراز آئے

کہیں گرے جو مری آنکھ سے سرشکِ خوں
زمیں سے ایک نکل کر نہالِ ناز آئے

نکل کے خاک سے محمود صورتِ نرگس
عجب نہیں کہ بہ نظارۂ ایاز آئے

پڑھے نماز نہ جز سوئے بت ہے گر خسرو
ہو خوب کام محبت میں یہ نماز آئے

۲۴۴

چوں تُرکِ مستِ من آلودۂ شراب درآید
ز شورِ او نمکے در دلِ کباب درآید

بکش اگر کُشدم در سوالِ بوسۂ شرمم
ولیک غمزہ مبادا کہ در عتاب درآید

کج است تیرِ مژۂ راست می زنی بہ دلِ من
کہ تیرِ کج چوں بہ آتش رسد بہ تاب درآید

ز بہرِ دیدنِ ہندوستانِ زلفِ تو ہر شب
بیا ببیں کہ ز سیلابِ چشم آب درآید

ز گریہ در غمِ رویت بہ چشمِ خسروِ بیدل
نماند آب اگر بو کہ خونِ ناب درآید

جو تُرکِ مست وہ آلودۂ شراب آیا
طفیلِ شورِ نمک در دلِ کباب آیا

سوالِ بوسۂ لب اس سے گر کیا میں نے
ہزار ناز سے کرنے کو وہ عتاب آیا

مژہ کا تیر ہے کج مت لیے چلا دل پہ
کہ تیرِ کج جو بہ آتش گیا بہ تاب آیا

بہ یادِ کاکلِ ہندوئے یار فرقت میں
بجوشِ چشم کی گنگا میں سیلِ آب آیا

شبِ فراق میں رونے سے چشمِ خسرو میں
رہا نہ آب تو بہنے کو خونِ ناب آیا

۲۴۵

شبے گذشت کہ چشمم خبر ز خواب ندارد
مرا شبے ست سیہ رُو کہ ماہتاب ندارد

بہ جانِ دوست کہ مردہ ہزار بار بہ از من
کہ بارے از دلِ بدخوئے من عذاب ندارد

تو اے کہ با ہمہِ من خفتہ ای بہ ناز شبت خوش
منم کہ روزِ مرادِ من آفتاب ندارد

چہ گوییمت کہ بخوابم بس است دیدنِ رویت
مخند بیہدہ بر بیدلے کہ خواب ندارد

نہ عقل ماند نہ دانش، نہ صبر ماند و نہ طاقت
کسے چنیں دلِ بے چارۂ خراب ندارد

ز حالِ خسرو پرسی، چہ پرسیش کہ ز حیرت
بہ پیشِ روئے تو جز خامشی جواب ندارد

بہت دنوں سے مری آنکھ میں جو خواب نہیں
شبِ سیاہ میں نکلے ہے ماہتاب نہیں

بجانِ یار کہ بہتر ہے مجھ سے اک مردہ
کہ اس پہ وہ کرے نازل کوئی عذاب نہیں

عدو ہے ایک کہ سوتا ہے مرے ساتھ بہ شب
ہوں ایک میں کہ مرے دن میں آفتاب نہیں

نہ کہہ کہ دیکھنا کافی ہے خواب میں مجھ کو
نہ اُس پہ ہنس کہ جسے کچھ مجالِ خواب نہیں

رہی نہ عقل، نہ دانش، نہ صبر کی طاقت
کسی کے پاس مرا سا دلِ خراب نہیں

نہ پوچھ حالتِ خسرو کہ دے سکے ہے وہ
ترے حضور میں جز خامشی جواب نہیں

۲۳۶

زگشت مست رسید و بہ ہوشِ خویش نبود
دلم ز صبر بسے لاف زد و لیش نبود

زدند راہِ دلم آہوانِ بے انصاف
کہ از ہزار خدنگش یکے بہ کیش نبود

بصد ہزار دلش عاشقاں خریدارند
بہائے یوسف اگر ہفدہ قلب بیش نبود

نمک بہ ریشِ من اے پرسا مزن از پند
بہ شکرِ آنکہ دلت ہیچگاہ ریش نبود

چوں وصل می طلبی خسرو از بلا مگریز
کہ در جہاں عسلے بے گزندِ نیش نبود

رہا میں دیکھ کے تجھ کو بہ ہوشِ خویش نہ تھا
قرار کم تھا بہت دل میں صبر بیش نہ تھا

کمان دار غزالاں تھے جا بجا رہزن
ہزار تیر تھے لیکن کوئی بہ کیش نہ تھا

ہزار دل سے خریدار ہر زلیخا تھی
بہائے یوسفِ کنعاں اُسے یہ بیش نہ تھا

بہت وہ پند سے واعظ نمک چھڑکتا تھا
کہ اس کا قلب ہوا عاشقی سے ریش نہ تھا

گلہ گزند کا تھا عشق میں کیوں جب خسرو
عسل کسی کو ملا بے گزندِ نیش نہ تھا

۲۴۷

شبے برآمد و از ماہِ من خبر نرسید
نسیمے از سرِ آں زلفِ تازہ تر نرسید

کدام دیدۂ خونبار شد عنا گیرش
کہ دُور ماندۂ من ہیچ ازاں سفر نرسید

بسوختم بہ شبِ ہجر و کنجِ تنہائی
کہ کس ز حالِ منِ مستمند بر نرسید

گذشت بر دلم اندوہِ صد ہزار قیاس
ہنوز ایں شبِ ہجرِ مرا سحر نرسید

بصد دعا نظرے خواست در رخش خسرو
در انتظار بمرد و بداں نظر نرسید

شبِ فراق میں مہ کی مرے خبر نہ ملی
نسیم عاطرِ گیسوئے تازہ تر نہ ملی

ضرور کوئی عنا گیر تھا رقیب وہاں
اسے جو فرصتِ پرسش دروں سفر نہ ملی

جلا کیا میں شب و روز سوزِ فرقت سے
بیانِ غم کی اجازت مجھے مگر نہ ملی

پھرا میں ڈھونڈتا فرقت کی شب ستاروں میں
افق کے دشت میں لیکن مجھے سحر نہ ملی

رہا میں دیکھتا ہر بزم میں ولے خسرو
مری نظر سے کہیں یار کی نظر نہ ملی

۲۲۸

گل رسید و ہر کسے سوئے گلستاں میرود
در چمن ہا ہر طرف سروِ خراماں میرود

عاشقاں گریان و مستِ ما کہ نوشش بادمے
مے بکف سوئے چمن در عینِ باراں میرود

کوریِ آں دیدۂ محروم باز آں نازنیں
بر بساطِ نرگسِ تر مست و غلطاں میرود

گر چمن خواہی و فردوس اینک اینک سوئے دوست
خلقِ آوارہ کجا در باغ و بستاں میرود

اے کہ ساماں جوئی از من کے بود ثابت قدم
مستِ بیچارہ کہ پائے او پریشاں میرود

خسروا در خاک آسانی تپیدن در زیست
ہست دشوار آنکہ او از دل آساں میرود

فصلِ گل میں جو ہر اک سوئے گلستاں جائے ہے
دیکھنے کو وہ مرا سروِ خراماں جائے ہے

عاشقاں گریاں و یارِ مستِ من غمزہ کناں
مے بکف سوئے چمن در عینِ باراں جائے ہے

دیکھ تو اے دیدۂ محروم کیسے گل ادا
بر بساطِ نرگسِ تر مست و غلطاں جائے ہے

روضۂ فردوس جب ہے کوچۂ دلدار میں
خلقِ آوارہ یہ کیوں در باغ و بستاں جائے ہے

کس طرح ثابت قدم ہو راہِ الفت میں تری
مستِ بیچارہ کہ جو غلطان و لغزاں جائے ہے

مشکلیں گرچہ بہت خسرو ہیں راہِ عشق میں
آخراً عاشق کی ہر مشکل ہو آساں جائے ہے

۲۴۹

دلِ مرا چوں ز روئے تو یاد می آید
ہزار شادی در دلے یاد می آید

تو پائے خویش فراموش کردہ ای از حسن
کجات از منِ سرگشتہ یاد می آید

غمِ تو در دلم آتش نہاد و از لعلت
صد آتشِ دگر اندر نہاد می آید

سوادِ چیں شدہ زلفینِ تو کہ ہر سحرم
نسیمِ مشک فشاں زاں سواد می آید

مرادِ سینۂ خسرو توئی و روئے ترا
ہر آں صفت کہ کنم بر مراد می آید

کچھ اس طرح سے کبھی دل میں یاد آئے ہے
کہ رنج کم کم و شادی زیاد آئے ہے

کیا ہے حسن نے مغرور اس قدر کب تجھے
ذرا یہ عاشقِ خستہ نہ یاد آئے ہے

تھی کم نہاد میں کیا آگ لب سے جو تیرے
صد آتشِ دگر اندر نہاد آئے ہے

سوادِ زلف میں ہے مشک اسقدر کہ صبا
لئے ہزار وہ مشکیں سواد آئے تھے

مرادِ سینۂ خسرو ہے تُو و روئے تُو
اگرچہ بر نہ کبھی یہ مراد آئے ہے

۲۵۰

بیا نظارہ کن، اے دل کہ یار می آید
زبہرِ بردنِ جانِ فگار می آید

فراز مرکبِ ناز و سوار در عقبش
ہزار شیفتۂ بے قرار می آید

زمستی ارچہ بہ ہر سوی می فتد، لیکن
زبہرِ بردنِ دل ہوشیار می آید

چہ گردہا کہ برآورد باشد از دلہا
کہ فرق تابالقدم پُرغبار می آید

مکن بہ سروِ سہی نسبتِ درختِ قدش
ز سرو کے گل و غنچہ بہ بار می آید

کنوں بناں بہ زاری چو بلبلاں خسرو
کہ بہرِ نالۂ بلبل بہار می آید

ہو شادماں تو، اے دل کہ یار آتا ہے
نکالنے کو وہ جانِ فگار آتا ہے

فراز مرکبِ ناز و سوار پے در پے
ہزار شیفتہ و بے قرار آتا ہے

اگرچہ مست ہے وہ بیش، لوٹنے کے لئے
دلِ حزیں کو، بہت ہوشیار آتا ہے

نہ بچ سکا جو کسی طور گردِ دلہا سے
تو سر سے پاؤں تلک پُرغبار آتا ہے

کبھی نہ سرو سے کر نسبتِ قدِ جاناں
بہ سرو کب گل و غنچہ بہ بار آتا ہے

تو کر سکے بھی فغاں جس قدر کہ اے خسرو
کہ بہرِ زاری ہی دورِ بہار آتا ہے

۲۵۱

سپیدہ دم کہ جہانے زخواب برخیزد
نقابِ شب ز رخِ آفتاب برخیزد

زبادِ صبح کہ بر اوجِ آسماں گذرد
ز روئے شاہدِ مشرق نقاب برخیزد

رَوَد بہ راہِ رہاوی ربابِ مطربِ صبح
حریفِ خفتہ ز بانگِ رباب برخیزد

خوش آں کسے کہ نشیند بہ بادہ وقتِ سحر
نمازِ خفتن مست و خراب برخیزد

کجاست ساقیِ بیدار بخت و خواب آلود
کہ بہرِ دادنِ جامِ شراب برخیزد

بہ آفتاب بگوئید، برنیاید تا
زخوابِ خوش ملکِ کامیاب برخیزد

کجاست خسروِ شب زندہ داشتہ کہ بہ صبح
بدست کردہ دلے چوں کباب برخیزد

صبح صبح کہ زمانہ زخواب اٹھے ہے
نقابِ شب زرخِ آفتاب اٹھے ہے

بہ بادِ صبح جو بر اوجِ چرخ جائے ہے
زروئے شاہدِ مشرق نقاب اٹھے ہے

نوائے مطربِ رقاصۂ فلک سن کر
حریفِ خفتہ بہ بانگِ رباب اٹھے ہے

جو چاہتا ہے کرے نوش صبح دم بادہ
اٹھے اگر ہے تو مست و خراب اٹھے ہے

کدھر ہے ساقیِ بیدار بخت و خواب آلود
جو بہرِ گردشِ جامِ شراب اٹھے ہے

کہو مہر سے نہ نکلے کہ صبح دم جلدی
نہ خواب سے ملکِ کامیاب اٹھے ہے

کبھی جو بزم میں جاتا ہے یار کی خسرو
دلِ حزیں کو بنا کر کباب اٹھے ہے

۲۵۲

دلے کہ نرگسِ مستش بہ ناز بستاند
کراست زہرہ کزاں حیلہ ساز بستاند

خوشا جوانی و مستیِ من دراں ساعت
کہ من پیالہ دہم، او بہ ناز بستاند

بر آستانش برم آبِ دیدہ را بہ نیاز
مگر کہ تحفۂ اہلِ نیاز بستاند

کسے کہ دل ز خمِ زلفِ او بروں آرد
کبوترے ست کہ از چنگِ باز بستاند

بسوخت خسرو و در آتشِ غمت بگداخت
مراد از تو بہ سوز و گداز بستاند

دل اک جسے تری نرگس بہ ناز لیوے ہے
ملے نہ پھر کہ وہ اک حیلہ ساز لیوے ہے

خوشا جوانی و مستی مری کہ دیتا ہوں
میں جب بھی جام اسے، وہ بہ ناز لیوے ہے

نہ ہے نصیب، مرے آبِ چشم کو وہ اک
سمجھ کے تحفۂ اہلِ نیاز لیوے ہے

کوئی جو دل کو خمِ زلف سے نکالے ہے
کبوتر ایک وہ از چنگِ باز لیوے ہے

ملے ہے عشق میں سوزش، گلہ نہ کر خسرو
جو دل ترا وہ بسوز و گداز لیوے ہے

۲۵۳

کدام شب کہ ترا در کنار خواہم کرد
بنائے خانۂ عمر استوار خواہم کرد

کدام روزِ منِ بے قرارِ بے ساماں
بہ زیرِ پائے تو آخر قرار خواہم کرد

بہ آبِ دیدہ، نگارا کفت نخواہم شست
بہ خونِ دل کفِ پایت نگار خواہم کرد

دلم کہ تختہ شد از دستِ غم چو آئینہ
نگاہ دار کہ ناگہ فگار خواہم کرد

حدیثِ عشقِ تو بسیار داشتم پنہاں
ز حد گذشت، کنوں آشکار خواہم کرد

اگر تو شب میں کبھی ہم کنار ہو جائے
بنائے خانۂ عمر استوار ہو جائے

ہو زیرِ پا جو دلِ بے قرارِ بے ساماں
اسے سکون ملے، باقرار ہو جائے

بچھائی آنکھ ہے رہ پر ولے ہے ڈر کہ یہ خوں
نہ پاؤں پر ترے نقش و نگار ہو جائے

نہ اس قدر دے اسے غم کہ فکر ہے مجھ کو
فگار دل نہ کہیں اور فگار ہو جائے

تو دیکھ غمزۂ غماز سے ترے، اے جاں
نہ رازِ عشق کہیں آشکار ہو جائے

۲۵۴

بہ بختِ آنکہ بہ موئے تو راہ خواہم کرد
ز خواب یا بہ خیالت نگاہ خواہم کرد

چوں ہیچ قصۂ شبہائے مات باور نیست
کنوں ستارہ و مہ را گواہ خواہم کرد

بپوشش چشمِ من و آبِ دیدگاں امروز
کہ من نظارۂ آں کج کلاہ خواہم کرد

گذر چہ میکنی آخر بہ سویم، اے ساقی
مکن کہ توبۂ عمرم تباہ خواہم کرد

ز بہرِ آنکہ ببینم برابرت سایہ
ز دُودِ سینہ جہانے سیاہ خواہم کرد

جفا کہ میروَد امشب ز ہجر بر خسرو
حکایت از بزم صبحگاہ خواہم کرد

بصد فغاں میں اُس دل میں راہ کرتا ہوں
ہزار جان فدائے نگاہ کرتا ہوں

کرے یقیں ہے نہ جب وہ حدیثِ ہجراں کا
مہ و ثریا و پرویں گواہ کرتا ہوں

اے دوستو، مری آنکھوں سے پونچھ دو آنسو
کہ میں نظارۂ یک کج کلاہ کرتا ہوں

نہ جا پرہیز یہ اور دیکھ ساقیا کیسے
امیدِ مے پہ میں توبہ تباہ کرتا ہوں

سیاہیِ شبِ ہجراں کو دیکھ کر اپنی
بہ دُودِ سینہ جہاں کو سیاہ کرتا ہوں

شبِ فراق میں کوئی سنے اگر خسرو
بیانِ جور سے میں صبحگاہ کرتا ہوں

۲۵۵

اگرچہ با تو حدیثِ جفا بخواہم کرد
ولیک تا بتوانم وفا بخواہم کرد

من ایں بلا ہمہ از دیدہ دیدہ ام او را
بہ نا نمودنِ رویت سزا بخواہم کرد

بہ راہِ وصل، بہ یک بوسہ جاں بخواہم یافت
ولیک وقتِ شمردن ادا بخواہم کرد

خطاست بوسہ زدن بر لب و دہانِ تو لیک
تو خواہ تیغ بزن، من خطا بخواہم کرد

ہر آں نماز کہ نا کردہ ماند پیشِ بتاں
اگر خدای بخواہد، قضا بخواہم کرد

وَاِن یکاد بہ روئے نکو بخواہم خواند
کہ بہرِ دیدۂ بد، ہم دعا بخواہم کرد

چوں دل برفت ز خسرو چہ سود بند و صبر
چوں دل بیآمد، وقفِ شما بخواہم کرد

بیان گرچہ حدیثِ جفا ہے کی میں نے
نہ کم کسی سے جہاں میں وفا ہے کی میں نے
بلائیں شوق سے لی ہیں، ملی ہیں جو کچھ بھی
قبول عشق میں ساری سزا ہے کی میں نے

براہِ وصل، بہ یک بوسہ جاں پڑی دل میں
پر اس کی ہجر میں قیمت ادا ہے کی میں نے

لب و دہن کو ترے چومنا خطا ہے اگر
تو قتل کر مجھے بیشک خطا ہے کی میں نے

نمازِ عشقِ بتاں میں، جو فرض تھی مجھ پہ
کبھی نماز نہ ایسی قضا ہے کی میں نے

وَاِن یکاد میں پڑھتا ہوں دیکھ کر تجھ کو
کہ بہرِ دیدۂ بد، ہر دعا ہے کی میں نے

بہ یک کرشمہ فدا جان و دل ہیں سب، خسرو
متاع ہے پاس جو وقفِ ادا ہے کی میں نے

۲۵۶

شب اوفتاد و غمم باز کار خواہد کرد
دو چشمِ تیرہ ستارہ شمار خواہد کرد

چوں یار دید کہ قصدِ رقیب دارم گفت
گدا نگر کہ بہ سگ کارزار خواہد کرد

خیالِ یار گذر کرد ایں طرف، اے صبر
بیا کہ باز مرا بیقرار خواہد کرد

گزیر نیست ز تو، ہر جفا کہ ہست، بکن
کہ بندہ ہر چہ بود، اختیار خواہد کرد

مگو حکایتِ او اے رقیبِ بد چندیں
کہ در دلم ہمہ شب خار خار خواہد کرد

بہ عشق مرد شود کشتہ، ویں ہنر خسرو
اگر حیات بود، مردوار خواہد کرد

خراب دل کو بہت غم کا بار کرتا ہے
دو چشمِ تیرہ ستارہ شمار کرتا ہے

وہ دیکھ کر مجھے لڑتا رقیب سے بولا
فقیر سگ سے یہ کیوں کارزار کرتا ہے

اے صبر آ کے مدد کر کہ آج شب مجھ کو
خیالِ یار بہت بیقرار کرتا ہے

رہا نہ عشق میں تھا اختیار جس دل کو
غم اس کو اور بھی بے اختیار کرتا ہے

کرے ہے خار سے جب گل مرا شناسائی
بہت وہ دل کو مرے خار خار کرتا ہے

اگرچہ لاغر و کمزور ہے بہت خسرو
کرے وہ کچھ بھی ہے جو مردوار کرتا ہے

۲۵۷

منم کہ تا زیم از عشق مست خواہم بود
براہِ خوباں چو خاک پست خواہم بود

ہوا ہے جب سے مجھے عشق مست رہتا ہوں
روش میں گرد کی مانند پست رہتا ہوں

چوں عقل از سرِ تقویٰ ز دست رفت کنوں
شراب در سر و ساغر بدست خواہم بود

پرہیز و عقل سے کرتا پرہیز ہوں واعظ
شراب در سر و ساغر بدست رہتا ہوں

بہ بردِ حسنِ بتاں دینم اے مسلماناں
چو ہندواں پس ازیں بت پرست خواہم بود

لیا بتوں نے ہے دیں جب سے اے مسلمانوں
میں بن کے دیر میں اک بت پرست رہتا ہوں

صلاحِ کاہشِ جاں است عشق خواہم باخت
فسادِ لذتِ عیش است مست خواہم بود

صلاح صدمۂ جاں ہے میں عشق کرتا ہوں
فسادِ لذتِ عشرت ہے مست رہتا ہوں

چوں خوردہ ام بہ ازل جامِ عاشقی خسروؔ
ہمیشہ مستِ شرابِ الست خواہم بود

ازل میں پی ہے مئے عاشقی جو اے خسروؔ
مدام مستِ شرابِ الست رہتا ہوں

۲۵۸

صبا ز زلفِ تو بوئے بہ عاشقاں آورد
نسیم آں بہ تنِ رفتہ باز جاں آورد

ہزار جاں سزد از مژدہ گر بہ باد دہند
کہ نزدِ دل شدگاں بوئے دلستاں آورد

خبر ز چینِ سرِ زلفِ مشکبوئے تو داد
صبا چوں از دلِ گم گشتہ ام نشاں آورد

ہزار بوسہ لبم زد ز شوق بر دہنم
از انکہ نامِ دہانِ تو بر دہاں آورد

بہ شستِ ہجرِ تو بر جانِ بے قرارم زد
ہر آں خدنگ کہ ایام در کماں آورد

کسے بہ قربتِ تو دست یافت چو خسرو
کہ رُو بسوئے تو و لے پشت بر جہاں آورد

نسیمِ زلف کی بو جب بہ عاشقاں لائی
تنِ نحیف میں پھر ڈالنے کو جاں لائی

ہزار جانِ گرامی فدائے باد کہ وہ
برائے دل شدگاں بوئے دلستاں لائی

وہ لے کے آئی خبر پیچِ زلفِ مشکیں کی
صبا جو گم شدہ دل کا مرے نشاں لائی

دیئے لبوں نے دہن کو ہزار بوسے خود
زباں جب بھی ترا نام بر دہاں لائی

چلائے ہجر نے میرے دلِ حزیں پر سب
بلا کے تیر جو تقدیر در کماں لائی

کرے ہے ناز بہت اس نماز پہ خسرو
جو رُو بسوئے تو و لے پشت بر جہاں لائی

۲۵۹

چوں خطِ سبزِ تو بر آفتاب بنویسند
بہ دُودِ دل سبقِ مشکناب بنویسند

حدیثِ لعلِ رواں پرورِ تو میخواراں
بہ دیدہ بر لبِ جامِ شراب بنویسند

معیّن است کہ طوفاں دگر پدید آید
چوں نامِ دیدۂ ما بر سحاب بنویسند

محرّرانِ فلک شرحِ آہِ دلسوزم
بہ یک رسالہ کہ بر ہفت باب بنویسند

سزد کہ بر رخِ خسرو قلم زنانِ سرشک
دعائے خسروِ عالی جناب بنویسند

جو سبز خط ترا بر آفتاب لکھتے ہیں
بہ دُودِ دل سبقِ مشکناب لکھتے ہیں

حدیثِ لعلِ رواں پرورِ تو مے خواراں
بہ دیدہ بر لبِ جامِ شراب لکھتے ہیں

بپا کرے ہیں وہ طوفان دشت و صحرا میں
جو نامِ چشمِ مرا بر سحاب لکھتے ہیں

محرّرانِ فلک شرحِ آہِ دلسوزی
ہے اک رسالہ کہ بر ہفت باب لکھتے ہیں

ہے خوب گر رخِ خسرو پہ خون کے آنسو
دعائے خسروِ عالی جناب لکھتے ہیں

٢٦٠

در تو کسانے کہ نظر می کنند
ہستیِ خود زیر و زبر می کنند

صندلِ دردِ سرِ عشق است آنک
خاکِ درت تکیۂ سر می کنند

از پئے بوئے تو نفس ہائے من
خاصیتِ بادِ سحر می کنند

خندہ کہ بر من دو لبت می زنند
نرخِ گل و شکلِ گہر می کنند

پند کہ گویند بہ دلسوزیم
سوختہ را سوختہ تر می کنند

خسرو اگر سیر ز جاں نیستند
خلق در آں رو نظر می کنند

جب اسے تیری نذر کرتے ہیں
دل بہت زیر و زبر کرتے ہیں

صندلِ دردِ سری بنتی ہے
خاک جو تکیۂ سر کرتے ہیں

زلف سے سانس معطر، عاشق
صورتِ بادِ سحر کرتے ہیں

ہووے خنداں ہیں اگر معشوقاں
کم بہت نرخِ گہر کرتے ہیں

پند سے اور دلِ عاشق کو
واعظاں سوختہ تر کرتے ہیں

دیکھ معشوق ترا سب خسرو
لوگ دل اس کی نذر کرتے ہیں

۲۶۱

مگر فتنۂ عشق بیدار شد	ہوا فتنۂ عشق بیدار ہے
کہ خلوت نشیں سوئے خمّار شد	کہ زاہد کا رخ سوئے خمّار ہے
بگوئید با پیرِ دیرِ مغاں	صلاح ایک پیرِ مغاں کی ہے یہ
کہ دیں کفر و تسبیح زنار شد	کہ دیں کفر و تسبیح زنار ہے
عجب نیست سرِ انا الحق ازاں	انا الحق کے اسرار جس پر کھلے
کہ مانندِ منصور بردار شد	وہ مانندِ منصور بردار ہے
ایا دوستاں موسمِ یاری است	نہیں کیا رہا موسمِ دوستی
کہ کارم بدینگونہ دشوار شد	کہ یاری بنی کارِ دشوار ہے
ایا عاشقاں موسمِ زاری است	ہوئی آہ و زاری ہے مقبول کیا
کہ احوالِ یاراں چنیں زار شد	کہ عاشق کی حالت ہوئی زار ہے
مگر بخت سودائے زلفش دلم	بنا دل ہے سودائی زلف کیا
کہ در چنگِ محنت گرفتار شد	کہ در چنگِ کلفت گرفتار ہے
بہ عیاری آموخت خسرو کنوں	ہے سادہ دلِ خسرو ایسا کہ وہ
کہ جویائے آں شوخِ عیار شد	ہوا طالبِ شوخِ عیار ہے

۲۶۲

سبزہ ہا تو دمید و یار نیامد
تازہ شد باغ و آں نگار نیامد

نوبہار آمد و حریفِ شرابم
بہ تماشائے نوبہار نیامد

چشمِ من جوئبار گشت ز گریہ
سروِ من سوئے جوئبار نیامد

آمد آں گل کہ باز رفت ز بستاں
وہ کہ آں آشنائے یار نیامد

خونِ دل خوردم و بسوختم آکے
بر کس آں بادہ خوشگوار نیامد

آنچہ از غم گذشت بر دلِ خسرو
ہر کرا گفتم استوار نیامد

سبزہ و گل ہیں اور یار نہیں
باغ تازہ ہے اور نگار نہیں

نوبہاراں ہے اور آیا وہ
یہ تماشائے نوبہار نہیں

چشم ہے جوئبار، آتا پر
سرو وہ سوئے جوئبار نہیں

پہلوئے باغ میں رہا لیکن
گل بنا آشنائے یار نہیں

خونِ دل پینا اور جگر کھانا
عاشقی کارِ خوشگوار نہیں

بار خسرو پہ ہے ترے جتنا
غم کا اتنا کسی پہ بار نہیں

۲۶۳

تا ترا جسم و جاں شکار بوَد
ہر کرا دل بوَد، فگار بوَد

کشتۂ خالِ لبِ تو ام آرے
مگسِ شہد زہردار بوَد

ہر کسے کز لبِ تو مے نوشد
تا زید ہم در آں خمار بوَد

پارسائے کہ چو جوانان ست
در نمازش کجا قرار بوَد

گریہ ام خوش نیایدت آرے
شربتِ درد خوشگوار بوَد

پائے تو زیں پس و سرِ خسرو
عمر باید کہ پائیدار بوَد

جسم میرا اگر شکار ہوا
کم نہ کچھ قلب بھی فگار ہوا

مر گئے لب کو دیکھ کر تیرے
نوش یوں نیشِ زہردار ہوا

بادۂ لب ترا پیا جس نے
دائماً رندِ پُرخمار ہوا

یادِ ابروئے یار سے زاہد
پیشِ محراب بے قرار ہوا

شربتِ درد بن گیا گریہ
غم بھی الفت میں خوشگوار ہوا

جب رکھا پاؤں سر پہ خسرو کے
پا سے تیرے وہ پائیدار ہوا

۲۶۴

پیشِ روئے تو یاسمیں کہ بود
پیشِ لعلِ تو انگبیں کہ بود

ہر کجا نامِ طرۂ تو برند
نافۂ خامِ پوستیں کہ بود

گل کہ بو می برد ز بادِ صبا
با چناں روئے نازنیں کہ بود

چوں ببینم کہ پا نہی بہ زمیں
سر نہم من بہ ہر زمیں کہ بود

خسروت شد غلام و بندہ ولیک
بجز از بندِ ایں چنیں کہ بود

پیشِ روئے تو یاسمیں ہے کیا
پیشِ لعلِ تو انگبیں ہے کیا

پیشِ گیسوئے عنبریں اے جاں
نافۂ خامِ پوستیں ہے کیا

تازگی و تری و رنگِ گل
پیشِ رخسارِ نازنیں ہے کیا

ماہؔ مہ دیکھ کر مراؔ بولا
آسماںؔ بن گئی زمیں ہے کیا

بندگی و غلامیِ خسرو
جز خمِ زلفِ عنبریں ہے کیا

۲۶۵

ہر کرا یار یار می افتد
مقبل و بختیار می افتد

یار جس کا وہ یار ہوتا ہے
بیشک وہ بختیار ہوتا ہے

اے بسا دُر کہ در محیطِ سرشک
ہر دمم در کنار می افتد

واہ وہ دُر کہ گر کے آنکھوں سے
زیورِ عشقِ یار ہوتا ہے

گر نہ مست است جادوئش ز چہ رُوی
بر یمین و یسار می افتد

جادوئے چشم کس طرح دیکھو
بر یمین و یسار ہوتا ہے

گلِ صد برگ را دگر در دام
ہمچو بلبل ہزار می افتد

گلِ صد برگ پر فدا ہر دم
عندلیبِ ہزار ہوتا ہے

دلم از شوقِ چشمِ سرمستش
دمبدم در کنار می افتد

ناوکِ چشمِ مستِ جاناں سے
قلبِ مستاں فگار ہوتا ہے

رحم بر آں پیادہ کو ہر دم
در کمندِ سوار می افتد

خوش وہ پیدل ہے صید دل جس کا
در کمندِ سوار ہوتا ہے

ہر کہ او خوار می فتد خسرو
ہمچو ما بادہ خوار می افتد

عشق میں خوار ہو کے اور عالی
خسروِ بادہ خوار ہوتا ہے

۲۶۶

دل ز روئے تو دُور نتواں کرد
با رُخت یادِ حور نتواں کرد

جورِ تو در رخِ تو نتواں گفت
گلہ اندر حضور نتواں کرد

چشمِ بد دُور از چناں روئے
کہ از او چشم دُور نتواں کرد

گہ بگریم گہے غزل خوانم
دل بدینہا صبور نتواں کرد

سوخت چوں شمع جانم و زیں شمع
کارِ خسرو بہ نور نتواں کرد

دل ترے رخ سے دُور کیسے ہو
عاشقی میں صبور کیسے ہو

داد خواہی ہو کس طرح تجھ سے
گلہ اندر حضور کیسے ہو

چشمِ بد دُور تو کہوں لیکن
چشم اُس رخ سے دُور کیسے ہو

شورِ نالہ ہو یا غزل خوانی
ہو نہ جب تُو صبور کیسے ہو

شمعِ محفل ہے غیر کی جب تُو
کارِ خسرو بہ نور کیسے ہو

۲۶۷

دلبرم بے وفاست چتواں کرد
میلِ او با جفاست چتواں کرد

شوخ وہ بے وفا ہے کیا کیجے
اس کو خوئے جفا ہے کیا کیجے

چوں دلِ پادشاہِ کشورِ حسن
فارغ از ہر گداست چتواں کرد

جب دلِ شاہِ کشورِ خوبی
فارغ از ہر گدا ہے کیا کیجے

ماجرا ہا میانِ حسن و وفاست
حسن دُور از وفاست چتواں کرد

ماجرا ہے میانِ حسن و وفا
حسن پر بے وفا ہے کیا کیجے

دلبرِ بے وفائے عہد شکن
چوں نہ بر عہدِ ماست چتواں کرد

دلبرِ بے وفائے عہد شکن
جب نہ بر عہدِ ما ہے کیا کیجے

از غمت جاں بہ لب رسید مرا
چوں ترا ایں رضاست چتواں کرد

غم سے تیرے ہے لب پہ جاں لیکن
جب یہ تیری رضا ہے کیا کیجے

آں بتِ سست عہد سخت کماں
ظلم پیشش رواست چتواں کرد

وہ بتِ سست عہد و سخت کماں
ظلم رکھتا روا ہے، کیا کیجے

دل بہ شوخی ربود از دستم
دلبرِ دلرباست چتواں کرد

قلب شوخی سے لے گیا میرا
دلبرِ دلربا ہے کیا کیجے

کلّی اختیارِ تو خسرو
چوں بہ دست قضاست چتواں کرد

کلّی اختیارِ تو خسرو
جب بہ دست قضا ہے کیا کیجے

۳۶۸

دلِ با درد را کجا یابند	دلِ با درد کو کہاں ڈھونڈیں
گونۂ زرد را کجا یابند	چہرۂ زرد کو کہاں ڈھونڈیں
بارِ اندوہِ بیدلاں چہ خوش است	آتشیں غم رکھے ہے سینہ جب
And is there a pain that's not in her dart?

I tried and tried but didn't succeed
My pleas and prayers she'll never heed

In love I've nothing but pain and shame
And no one is there that I can blame

I tried to hide but it was a bust
My tearful eyes I cannot trust

I pray to God that when I die
She'll come to me and just say – hi

And when I'm dying she'll say – gee whiz
What a hapless lover my KHUSRO is


خسرو اور اقبال

کلام اقبال (فارسی)

منظوم اردو ترجمہ

مارجری کے نام

کرو نہ شکوۂ بدشکلیِ زباں شیدا
لب و رخ و ذقنِ یار مہ جبیں دیکھو

همه ناز است و شوخی و کرشمه، خسروا دل نِه
که بهرِ کُشتنت با این همه اسباب می آید

زبورِ عجم

غزلیات

حصۂ اول

ز برون در گذشتم ز درونِ خانہ گفتم
سخنے نگفتہ را چہ قلندرانہ گفتم

دیئے کھول جا کے دَر ہیں جو درونِ خانہ میں نے
کئے فاش راز کیسے ہیں قلندرانہ میں نے

دعا

یا رب درونِ سینہ دلِ باخبر بدہ
در بادہ نشہ را نگرم، آں نظر بدہ

یا رب درونِ سینہ دلِ باخبر ملے
دیکھے نشہ جو مے میں، مجھے وہ نظر ملے

ایں بندہ را کہ با نفسِ دیگراں نزیست
یک آہِ خانہ زاد مثالِ سحر بدہ

جیتا نہیں جو بانفسِ دیگراں، اُسے
یک آہِ خانہ زاد مثالِ سحر ملے

سیلم، مرا بجوئے تنک مایۂ مپیچ
جولاں گہے بوادی و کوہ و کمر بدہ

سیلاب ہوں، نہ جوئے تنک مایہ، تو نہ کیوں
جولان گہ بہ وادی و کوہ و کمر ملے

سازی اگر حریفِ یمِ بیکراں مرا
با اضطرابِ موج، سکونِ گہر بدہ

لازم ہے جب حریفِ یمِ بیکراں ہوں میں
با اضطرابِ موج، سکونِ گہر ملے

شاہینِ من بصیدِ پلنگاں گذاشتی
ہمت بلند و چنگل ازیں تیز تر بدہ

شاہیں ہوں، نہ صیدِ پلنگاں، تو اے خدا
ہمت بلند، چنگ بھی اک تیز تر ملے

رفتم کہ طائرانِ حرم را کنم شکار
تیرے کہ نافگندہ فتد کارگر بدہ

کرنا ہے طائرانِ حرم کا شکار گر
اک تیر، بے چلائے جو ہو کارگر، ملے

خاکم بہ نورِ نغمۂ داؤد بر فروز
ہر ذرۂ مرا پر و بالِ شرر بدہ

ہوں خاک، نورِ نغمۂ داؤد دے مجھے
ذرے کو تا مرے پر و بالِ شرر ملے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱

عشقِ شور انگیز را ہر جادہ در کوئے تو برد
بر تلاشِ خود چہ می نازد کہ رہ سوئے تو برد

عشقِ شور انگیز کی ہر رہ بسوئے یار ہے
ناز پر تجھ کو کہ ڈھونڈی رہ بکوئے یار ہے

۲

درونِ سینۂ ما سوزِ آرزو ز کجاست	درونِ سینہ ہے یہ سوزِ آرزو کس کا
سبو ماست ولے بادہ در سبو کجاست	سبو مرا، ہے ولے بادہ در سبو کس کا
گرفتم ایں کہ جہاں خاک و ما کفِ خاکیم	جہان خاک، کفِ خاک ہیں، بجا لیکن
بہ ذرہ ذرۂ ما دردِ جستجو ز کجاست	بہ ذرہ ذرہ ہے یہ دردِ جستجو کس کا
نگاہِ ما بگریبانِ کہکشاں افتد	نگاہ ڈھونڈتی ہے جیبِ کہکشاں میں کسے
جنونِ ما ز کجا، شورِ ہائے و ہو ز کجاست	جنوں کہاں کا، ہے یہ شورِ ہا و ہو کس کا

۳

غزل سرائے و نواہائے رفتہ باز آور	غزل سرا و نواہائے رفتہ باز لے آ
بایں فسردہ دلاں حرفِ دل نواز آور	فسردہ دل کے لئے حرفِ دلنواز لے آ
کنشت و کعبہ و بتخانہ و کلیسا را	کنشت و کعبہ و بتخانہ و کلیسا میں
ہزار فتنہ ازاں چشمِ نیم باز آور	ہزار فتنہ ز چشمانِ نیم باز لے آ
زبادۂ کہ بخاکِ من آتشے آمیخت	لگائی خاک میں میری ہے آگ جس مے نے
پیالۂ بجوانانِ نو نیاز آور	سبو میں وہ، بہ جوانانِ نو نیاز لے آ
نے کہ دل زنوایش بہ سینہ می رقصد	وہ لا کے نَے دے نوا سے ہو جس کی دل رقصاں
مئے کہ شیشۂ جاں را دہد گداز آور	وہ مے، کہ شیشۂ جاں جس سے ہو گداز، لے آ
بہ نیستانِ عجم بادِ صبحدم تیز است	ہوائے تیز سے کہہ دے، بہ نیستانِ عجم
شرارۂ کہ فرو می چکد ز ساز آور	شرار جس کے ہر اک سُر میں ہو، وہ ساز لے آ

۴

اے فدائے مہر و مہ خاکِ پریشانے نگر	اے فدائے مہر و مہ خاکِ پریشاں دیکھئے
ذرۂ در خود فرو پیچد بیابانے نگر	ذرہ کیوں بے تاب ہے اندر بیاباں دیکھئے
حسنِ بے پایاں درونِ سینۂ خلوت گرفت	حسنِ بے پایاں درونِ سینہ ہے خلوت گزیں
آفتابِ خویش را زیرِ گریبانے نگر	آفتابِ خویش کو زیرِ گریباں دیکھئے
بر دلِ آدم زدی عشقِ بلا انگیز را	قلبِ آدم کو دیا عشقِ بلا انگیز گر
آتشِ خود را بآغوشِ نیستانے نگر	آتشِ خود بھی بہ آغوشِ نیستاں دیکھئے
شوید از دامانِ ہستی داغہائے کہنہ را	داغ ہائے کہنہ دھووے دامنِ ہستی سے یہ
سخت کوشی ہائے ایں آلودہ دامانے نگر	سخت کوشی ہائے یک آلودہ داماں دیکھئے
خاکِ ما خیزد کہ سازد آسمانے دیگرے	آسماں اک دوسرا بنتا ہے کیسے خاک سے
ذرۂ ناچیز و تعمیرِ بیابانے نگر	ذرۂ ناچیز و تعمیرِ بیاباں دیکھئے

۵

بصدائے دردمندے، بنوائے دلپذیرے
خمِ زندگی کشادم بجہانِ تشنہ میرے

تو بروئے بے نوائے درِ آں جہاں کشادی
کہ ہنوز آرزویش نہ دمیدہ در ضمیرے

ز نگاہِ سرمہ سائے بدل و جگر رسیدی
چہ نگاہِ سرمہ سائے، دو نشانہ زد بہ تیرے

بہ نگاہِ نارسایم چہ بہارِ جلوہ دادی
کہ بہ باغ و راغ نالم چو تدروِ نو صفیرے

چہ عجب اگر دو سلطاں بہ ولایتے نہ گنجد
عجب ایں کہ می نگنجد بہ دو عالمے فقیرے

بصدائے دردمندے، بنوائے دلپذیرے
خمِ زندگی کھلا ہے بہ جہانِ تشنہ میرے

دئے کھول بے نوا پر درِ دو جہان جس کے
نہیں آرزو ابھی تک ہے ذرا بھی در ضمیرے

ز نگاہِ سرمہ سائے، لیا دل بھی اور جگر بھی
کرے دو نشانہ کیسا یہ نگہ تری بہ تیرے

ہے نگاہِ نارسا میں یہ بہارِ جلوہ کیسی
کہ میں باغ میں ہوں گریاں جوں تدروِ نو صفیرے

نہ سمائے ملک میں اک ہیں دو بادشاہ لیکن
ہے عجب نہیں سمایا بہ دو عالمے فقیرے

۴

بر سرِ کفر و دیں فشاں رحمتِ عامِ خویش را	بر سرِ کفر و دیں چھڑک رحمتِ عامِ خویش کو
بندِ نقاب برکشا ماہِ تمامِ خویش را	بندِ نقاب سے چھڑا ماہِ تمامِ خویش کو
زمزمۂ کہن سرائے، گردشِ بادہ تیز کن	زمزمۂ کہن سرا، گردشِ بادہ تیز کر
باز بہ بزمِ ما نگر، آتشِ جامِ خویش را	دیکھ پھر اپنی بزم میں آتشِ جامِ خویش کو
دام ز گیسواں بدوش، زحمتِ گلستاں بری	زلف کا دام دوش پر، زحمتِ گلستاں بہت
صید چرا نمی کنی طائرِ بامِ خویش را	صید کرے نہ تو ہے کیوں طائرِ بامِ خویش کو
ریگِ عراق منتظر، کشتِ حجاز تشنہ کام	ریگِ عراق منتظر، کشتِ حجاز تشنہ لب
خونِ حسینؑ باز دہ کوفہ و شامِ خویش را	خونِ حسینؑ پھر سے دے کوفہ و شامِ خویش کو
دوش بہ راہبر زند راہ یگانہ طے کند	طے وہ کرے ہے پُرخطر راہ بغیرِ راہبر
می ندہد ز دستِ کس عشق زمامِ خویش را	دیوے نہیں بہ دستِ کس عشق زمامِ خویش کو
نالہ بہ آستانِ دیر بے خبرانہ می زدم	بے خبرانہ دیر میں میں نے فغاں ہے کی بہت
تا بہ حرم شناختم راہ و مقامِ خویش را	تاکہ حرم میں جان لوں رہ و مقامِ خویش کو
قافلۂ بہار را طائرِ پیش رس نگر	قافلۂ بہار کے آگے اُڑے پرندہ ہیں
آنکہ بخلوتِ قفس گفت پیامِ خویش را	تا وہ بخلوتِ قفس دیویں پیامِ خویش کو

ے

نوائے من ازاں پُرسوز و بیباک و غم انگیز است
بخاشا کم شرار افتاد و بادِ صبحدم تیز است

نوا میں ہے مری بیباکی و سوز و غم انگیزی
جلا خاشاک سب میرا، ہے کیسی باد میں تیزی

ندارد عشق سامانے ولیکن تیشۂ دارد
خراشد سینۂ کہسار و پاک از خونِ پرویز است

ہے گرچہ بے نوا رکھتا مگر ہے عشق اک تیشہ
جو کاٹے کوہ لیکن پاک ہے از خونِ پرویزی

مرا در دل خلید ایں نکتہ از مردِ ادا دانے
ز معشوقاں نگہ کاری تر از حرفِ دلاویز است

چُبھا اک اہلِ دل کا نکتہ دل میں، جب کہا اس نے
نگاہِ یار میں حرفوں سے بڑھ کر ہے دل آویزی

بہ بالینم بیا یکدم نشیں کز دردِ مہجوری
تہی پیمانۂ بزمم ترا پیمانہ لبریز است

خدارا برسرِ بالین آ کر کچھ تسلی دے
کہ کرتا ساغرِ دل کی ہے دردِ ہجر لبریزی

بہ بستاں جلوہ دادم آتشِ داغِ جدائی را
نسیمش تیز تر می سازد و شبنم غلط ریز است

چمن نے جب سے دیکھا میرا سوزِ داغِ فرقت ہے
صبا میں ہے بہت تیزی، ہے شبنم میں غلط ریزی

اشارت ہائے پنہاں خانماں برہم زند لیکن
مرا آں غمزہ می باید کہ بیباک است و خونریز است

اشارت ہائے پنہاں میں نہیں کیا کم ہے بربادی
کہ مانگے قلب ہے غمزے میں بیباکی و خونریزی

نشیمن ہر دو را در آب و گِل لیکن چہ راز است ایں
خرد را صحبتِ گُل خوشتر آید، دل کم امیز است

ہے دونوں کا نشیمن آب و گِل پر فرق ہے کتنا
خرد کو صحبتِ گُل چاہیے، دل کو کم آمیزی

مرا بنگر کہ در ہندوستاں دیگر نمی بینی
برہمن زادۂ رمز آشنائے روم و تبریز است

بہت مشکل ہے ملنا میرا جیسا ہند میں کوئی
برہمن زادۂ رمز آشنائے شمسِ تبریزی

۸

دل و دیدۂ کہ دارم ہمہ لذتِ نظارہ
چہ گنہ اگر تراشم صنمے ز سنگِ خارہ

دیئے چشم و دل جو تُو نے ہمہ لذتِ نظارہ
ہوا کیا اگر بنایا صنم اک ز سنگِ خارہ

تو بجلوہ در نقابی کہ نگاہ بر نتابی
مہِ من! اگر ننالم تو بگو دگر چہ چارہ

ترا رخ درونِ پردہ کرے عاشقاں فسردہ
مہِ من! اگر نہ روؤں تو ہو کس طرح گزارہ

چہ شود اگر خرامی بسرائے کاروانے
کہ متاعِ ناروائش دلکے است پارہ پارہ

ترا کیا ہو گر تو آئے بہ سرائے کاروانے
کہ متاعِ نارواں ہے دلِ ریش پارہ پارہ

غزلے زدم کہ شاید بنوا قرار آید
تپِ شعلہ کم نگردد ز گسستنِ شرارہ

ہوں غزل سرا کہ شاید بہ نوا قرار آئے
تپِ شعلہ کم نہ کرتی ہے جدائی شرارہ

دلِ زندۂ کہ دادی بہ حجاب در نہ سازد
نگہے بدہ کہ بیند شررے ز سنگِ خارہ

دلِ زندہ جو دیا ہے تو حجاب کیوں کیا ہے
دے نگہ کہ دیکھ پائے شررے ز سنگِ خارہ

ہمہ پارۂ دلم را ز سرورِ او نصیبے
غمِ خود چساں نہادی بہ دلِ ہزار پارہ

جو سرور سے بھرا تھا مرے دل کا گوشہ گوشہ
غمِ خود دیا ہے پھر کیوں بہ دلِ ہزار پارہ

نکشد سفینۂ کس بہ یمے بلند موجے
خطرے کہ عشق بیند بہ سلامتِ کنارہ

نہیں سیلِ پُر غضب میں، نہ ہی موجِ مضطرب میں
وہ خطر جو عشق کو ہے بہ سلامتِ کنارہ

بشکوہِ بے نیازی ز خدایگاں گذشتم
صفتِ مہِ تمامے کہ گذشت بر ستارہ

بہ شکوہِ بے نیازی نہیں فکرِ بادشاہی
صفتِ مہِ تمامے جسے فوق بر ستارہ

٩

گرچہ شاہینِ خرد بر سرِ پروازے ہست
اندریں بادیہ پنہاں قدر اندازے ہست

گرچہ شاہینِ خرد بر سرِ پرواز ہے اک
اس بیاباں میں نہاں بھی قدر انداز ہے اک

آنچہ از کارِ فروبستہ گرہ بکشاید
ہست و در حوصلۂ زمزمہ پردازے ہست

رازِ سربستۂ پنہاں کی جو کھولے ہے گرہ
ہنرِ حوصلۂ زمزمہ پرداز ہے اک

تابِ گفتار اگر ہست شناسائے نیست
وائے آں بندہ کہ در سینۂ او رازے ہست

تابِ گفتار ہے لیکن نہ شناسا کوئی
وائے وہ بندہ جو سینے میں رکھے راز ہے اک

گرچہ صد گونہ بصد سوز مرا سوختہ اند
اے خوشا لذتِ آں سوز کہ ہم سازے ہست

گرچہ صد گونہ بصد سوز جلایا مجھ کو
اے خوشا سوز کہ لذت سے بنا ساز ہے اک

مردہ خاکیم و سزاوارِ دلِ زندہ شدیم
ایں دلِ زندۂ ما کارِ خدا سازے ہست

خاکِ مردہ کو ملا اک دلِ زندہ میری
معجزہ ایک ہے یہ کارِ خدا ساز ہے اک

شعلۂ سینۂ من خانہ فروز است ولے
شعلۂ ہست کہ ہم خانہ بر اندازے ہست

شعلۂ سینہ کہ ہے خانہ فروزاں جس سے
یہ ہی بن جائے کبھی خانہ بر انداز ہے اک

تکیہ بر عقلِ جہاں بینِ فلاطوں نکنم
در کنارم دلکے شوخ و نظر بازے ہست

تکیہ بر عقلِ جہاں بینِ فلاطون نہیں
میرے سینے میں دلِ شوخ و نظر باز ہے اک

۱۰

این جہاں چیست؟ صنم خانۂ پندارِ من است
جلوۂ او گروِ دیدۂ بیدارِ من است

یہ جہاں کیا ہے، صنم خانۂ پندار ہے سب
جلوہ اسکا گروِ دیدۂ بیدار ہے سب

ہمہ آفاق کہ گیرم بنگاہے او را
حلقۂ ہست کہ از گردشِ پرکارِ من است

سارا عالم، کہ جو ہے ایک نگہ میں میری
ایک حلقہ ہے کہ در گردشِ پرکار ہے سب

ہستی و نیستی از دیدن و نادیدنِ من
چہ زمان و چہ مکاں، شوخیِ افکارِ من است

ہستی و نیستی از دیدن و نادیدنِ من
یہ زماں اور یہ مکاں شوخیِ افکار ہے سب

از فسوں کاریِ دل، سیر و سکوں، غیب و حضور
ایں کہ غماز و کشایندۂ اسرارِ من است

از فسوں کاریِ دل، سیر و سکوں، غیب و حضور
غمزہ غماز و کشایندۂ اسرار ہے سب

آں جہانے کہ درو کاشتہ را می دروند
نور و نارش ہمہ از سبحہ و زنارِ من است

اس جہاں میں، کہ جو بوتے ہیں، وہی کاٹتے ہیں
نور بھی نار بھی، از تسبیح و زنار ہے سب

سازِ تقدیرم و صد نغمۂ پنہاں دارم
ہر کجا زخمۂ اندیشہ رسد تارِ من است

سازِ تقدیر ہوں، صد نغمۂ پنہاں مجھ میں
زخمۂ فکر نکالے جو، وہ دُھن تار ہے سب

۱۱

فصلِ بہار ایں چنیں، بانگِ ہزار ایں چنیں
چہرہ کشا، غزل سرا، بادہ بیار ایں چنیں

اشکِ چکیدہ ام ببیں، ہم بہ نگاہِ خود نگر
ریز بہ نیستانِ من برق و شرار ایں چنیں

بادِ بہار را بگوئے پے بخیالِ من برد
وادی و دشت را دہد نقش و نگار ایں چنیں

زدۂ باغ و راغ را از نفسم طراوتے
در چمنِ تو زیستم با گل و خار ایں چنیں

عالمِ آب و خاک را بر محکِ دلم بسائے
روشن و تارِ خویش را گیر عیار ایں چنیں

دل بہ کسے نباختہ، با دو جہاں نساختہ
من بہ حضورِ تو رسم، روزِ شمار ایں چنیں

فاختہ کہن صفیر نالۂ من شنید و گفت
کس نہ سرود در چمن نغمہ پار ایں چنیں

فصلِ بہار اسطرح، بانگِ ہزار اسطرح
چہرہ دکھا، غزل سرا، تا ہو قرار اسطرح

بارشِ اشک کو مری کہتے ہیں لوگ دیکھ کر
گرتے ہیں نیستان میں برق و شرار اسطرح

باغِ خیال کو دکھا کر مرے کہہ بہار سے
وادی و دشت میں بنا نقش و نگار اسطرح

رکھتا ہے باغ و راغ کو تازہ و تر مرا نفس
رہتا ہوں باغ میں ترے با گل و خار اسطرح

دل کی محک پہ گھس مری، عالمِ آب و خاک کو
تیرہ و نور کو ملے تا کہ عیار اسطرح

دل بہ کسے نباختہ، با دو جہاں نساختہ
ہوں میں ترے حضور میں، روزِ شمار اسطرح

سمجھے مجھے ہے نغمہ زن، فاختۂ کہن صفیر
باغ میں روتا دیکھ کر زار و قطار اسطرح

۱۲

خیز و بخاکِ تشنہ ، بادۂ زندگی فشاں
آتشِ خود بلند کن ، آتشِ ما فرونشاں

ساقی بہ خاکِ تشنگاں بادۂ زندگی فشاں
آتشِ سینہ سوز کا بہرِ خدا مٹا نشاں

میکدۂ تہی سبو ، حلقۂ خود فرامشاں
مدرسۂ بلند بانگ ، بزمِ فسردہ آتشاں

میکدۂ تہی سبو ، حلقۂ مستِ بیخوداں
مدرسۂ بلند بانگ ، بزمِ فسردہ آتشاں

فکرِ گرہ کشا غلام ، دیں بروائے تمام
زانکہ درونِ سینہ ہا دل ہدفے ست بے نشاں

فکر گرہ کشا نہیں ، دل میں یقیں ذرا نہیں
اندرِ سینہ بن گیا دل کا ہدف ہے بے نشاں

ہر دو بہ منزلے رواں ، ہر دو امیرِ کارواں
عقل بحیلہ می برد ، عشق برد کشاں کشاں

ہر دو بہ منزلے رواں ، ہر دو امیرِ کارواں
عقل بہ حیلہ یک طرف ، عشق بہ یک طرف کشاں

عشق ز پا در آورد خیمۂ شش جہات را
دست دراز می کند تا بہ طنابِ کہکشاں

دیوے اکھاڑ عشق ہے خیمۂ شش جہات کو
کھینچے ہے دستِ شوق سے جب وہ طنابِ کہکشاں

۱۳

ما کہ افتادہ تر از پرتوِ مہ آمدہ ایم کس چہ داند کہ چساں ایں ہمہ رہ آمدہ ایم	ہم کہ افتادہ تر از پرتوِ مہ آئے ہیں کیا کہیں کس طرح طے کر کے یہ رہ آئے ہیں
با رقیباں سخن از دردِ دل ما گفتی شرمسار از اثرِ نالہ و آہ آمدہ ایم	راز بتلایا رقیبوں کو ہمارا تُو نے شرمسار از اثرِ نالہ و آہ آئے ہیں
پردہ از چہرہ برافگن کہ چو خورشیدِ سحر بہرِ دیدارِ تو لبریزِ نگہ آمدہ ایم	پردہ چہرے سے اُٹھا صورتِ خورشیدِ سحر ہم تجھے دیکھنے لبریزِ نگہ آئے ہیں
عزم ما را بہ یقیں پختہ ترک ساز کہ ما ندریں معرکہ بے خیل و سپہ آمدہ ایم	دے یقیں عزم ہو تا پختہ ہمارا یا رب کرنے ہم جنگ یہ بے خیل و سپہ آئے ہیں
تو ندانی کہ نگاہے سرِ راہے چہ کند در حضورِ تو دعا گفتہ برہ آمدہ ایم	دیکھ تو ایک نگہ کیا سرِ رہ کرتی ہے پاس ہم تیرے دعا گفتہ برہ آئے ہیں

۱۴

نظر بہ راہ نشیناں سوارہ می گذرد
مرا بگیر کہ کارم ز چارہ می گذرد

نظر بہ راہ نشیناں سوارہ گزرے ہے
ہو دستگیر، مرا دکھ ز چارہ گزرے ہے

بہ دیگراں چہ سخن گسترم ز جلوۂ دوست
بیک نگاہ مثالِ شرارہ می گذرد

کہوں میں کیسے کسی سے کہ کیا ہے جلوۂ دوست
بہ یک نگاہ مثالِ شرارہ گزرے ہے

رہے بمنزلِ آں ماہ سخت و دشوار است
چناں کہ عشق بدوش ستارہ می گذرد

نہ طالبوں کو ملے اپنے ماہ کی منزل
اگر نہ عشق بدوشِ ستارہ گزرے ہے

ز پردہ بندیٔ گردوں چہ جائے نومیدی
کہ ناوکِ نظرِ ما ز خارہ می گذرد

ہو پردہ بندیِ گردوں سے ناامیدی کیوں
کہ ناوکِ نظر اپنا ز خارہ گزرے ہے

یمے ست شبنمِ ما کہکشاں کنارۂ اوست
بیک شکستنِ موج از کنارہ می گذرد

ہمارا ژالہ ہے یم، کہکشاں کنارا ہے
ہے موج ایسی کہ از ہر کنارہ گزرے ہے

بخلوتش چو رسیدی نظر بہ او مکشا
کہ آں دمے ست کہ کار از نظارہ می گذرد

نہ آنکھ کھول، ملے گر تجھے حضور اس کا
کہ ایسے وقت میں کار از نظارہ گزرے ہے

من از فراق چہ نالم کہ از ہجومِ سرشک
ز راہِ دیدہ دلم پارہ پارہ می گذرد

ہجومِ اشک کچھ ایسا ہے اسکی فرقت میں
کہ راہِ چشم سے دل پارہ پارہ گزرے ہے

۱۵

برعقلِ فلک پیما ترکانہ شبیخوں بہ یک ذرۂ دردِ دل از علمِ فلاطوں بہ	برعقلِ فلک پیما ترکانہ شبیخوں بہ یک ذرۂ دردِ دل از علمِ فلاطوں بہ
دی مغ بچۂ با من اسرار محبت گفت اشکے کہ فرو خوردی از بادۂ گلگوں بہ	اک مغ بچہ نے کھولا یوں رازِ محبت کو پینا ہے سرشکِ خوں از بادۂ گلگوں بہ
آں فقر کہ بے تیغے صد کشورِ دل گیرد از شوکتِ دارا بہ از فرِ فریدوں بہ	بے تیغ جو سر کرتا ہے فقر، دیارِ دل از شوکتِ دارا بہ، از فرِ فریدوں بہ
در دیرِ مغاں آئی، مضمونِ بلند آور در خانقۂ صوفی افسانہ و افسوں بہ	در دیرِ مغاں کمتر ہیں اعلیٰ مضامین بھی در خانقۂ صوفی افسانہ و افسوں بہ
در جوئے روانِ ما، بے منتِ طوفانے یک موج اگر خیزد آں موج ز جیحوں بہ	در جوئے روانِ ما، بے منتِ طوفانے اک موج جو خود اُٹھے، وہ موج ز جیحوں بہ
سیلے کہ تو آوردی در شہر نمی گنجد ایں خانہ براندازے در خلوتِ ہاموں بہ	کرتا ہے بھرے شہروں کو سیل ترا غرقہ یہ خانہ بر انداز اک، در خلوتِ ہاموں بہ
اقبالِ غزل خواں را کافر نتواں گفتن سودا بدماغش زد، از مدرسہ بیروں بہ	اقبالِ غزل خواں کو کافر نہ کہو لوگوں سودائی ہے اس جیسا از مدرسہ بیروں بہ

۱۶

سوز و گدازِ زندگی لذتِ جستجوئے تو
راہ چو مار می گزد گر نہ روم بسوئے تو

سینہ کشادہ جبرئیل از برِ عاشقاں گذشت
تا شررے باوفتد آتشِ آرزوئے تو

ہم بہوائے جلوۂ پارہ کنم حجاب را
ہم بنگاہِ نارسا پردہ کشم بروئے تو

من بتلاشِ تو روم یا بتلاشِ خود روم
عقل و دل و نظر ہمہ گم شدگانِ کوئے تو

از چمنِ تو رستہ ام قطرۂ شبنمے بہ بخش
خاطرِ غنچہ وا شود کم نشود ز جوئے تو

سوز و گدازِ زندگی لذتِ جستجوئے تو
کاٹے ہے ناگ بن کے رہ جاؤں نہ گر بسوئے تو

سینہ کشادہ قدسیاں ہیں بشمارِ عاشقاں
دل میں لگی ہے ان کے یوں آتشِ آرزوئے تو

کرتی ہوائے دید ہے پارہ ترا حجاب اور
کرتی نگاہ شوق ہے پردہ کشی بروئے تو

تیری تلاش ہے مجھے یا میں تلاشِ خود میں ہوں
عقل و دل و نظر ہیں سب گم شدگانِ کوئے تو

غنچہ ترے چمن کا ہوں، دل دہی کر ذرا مری
دینے سے ژالے ایک دو گھٹتی نہیں ہے جوئے تو

۱۷

درین محفل کہ کارِ او گذشت از بادہ و ساقی
ندیمے کو کہ در جامش فرو ریزم مئے باقی

یہ محفل، جب رہا اس میں نہ کارِ بادہ و ساقی
ہے کوئی رند جس کے جام میں ڈالوں مئے باقی

کسے کو زہرِ شیریں می خورد از جامِ زرینے
مئے تلخ از سفالِ من کجا گیرد بہ تریاقی

جو ہیں پینے کے شائق زہرِ شیریں جامِ زریں سے
پئیں کیوں وہ سفالی جام سے مے تلخ و تریاقی

شرار از خاکِ من خیزد، کجا ریزم، کرا سوزم
غلط کردی کہ در جانم فگندی سوزِ مشتاقی

سو، میرے کسی کو جب جلا سکتا نہیں ہے یہ
خدایا کیوں دیا ہے دل کو تُو نے سوزِ مشتاقی

مکدر کرد مغرب چشمہ ہائے علم و عرفاں را
جہاں را تیرہ تر سازد چہ مشائی چہ اشراقی

مکدر کر دئے مغرب نے چشمہ ہائے عرفاں سب
کرے عالم ہے تیرہ تر یہ مشائی، یہ اشراقی

چہ ملائی، چہ درویشی، چہ سلطانی، چہ دربانی
فروغِ کار می جوید بسالوسی و زراقی

یہ مُلائی، یہ درویشی، یہ سلطانی، یہ دربانی
نشاطِ کار ہے سب کو بہ سالوسی، بہ زراقی

ببازارے کہ چشمِ صیرفی شور است و کم نور است
نگینم خوار تر گردد چو افزاید بہ براقی

ہو جس بازار میں کم نور و بد بیں چشمِ صرافی
نگینہ خوار ہوتا ہے، ہو چاہے جتنی براقی

۱۸

ساقیا بر جگرم شعلۂ نمناک انداز ساقیا دل میں مرے شعلۂ نمناک بھی ہو
دگر آشوبِ قیامت بکفِ خاک انداز ایک آشوبِ قیامت بکفِ خاک بھی ہو

او بیک دانۂ گندم بزمینم انداخت گر ملی دانۂ گندم سے یہ دنیا مجھ کو
تو بیک جرعۂ آب آنسوئے افلاک انداز اک ملے جرعہ تو ورثہ مرا افلاک بھی ہو

عشق را بادۂ مرد افگن و پر زور بدہ عشق کو بادۂ مرد افگن و پر زور ملے
لائے ایں بادہ بہ پیمانۂ ادراک انداز جذبۂ دل سے بھرا ساغرِ ادراک بھی ہو

حکمت و فلسفہ کرد است گراں خیز مرا حکمت و فلسفہ گر سر میں بھرے ہیں میرے
خضرِ من، از سرم ایں بارِ گراں پاک انداز اے خضر، دل میں ذرا ہمتِ بے باک بھی ہو

خرد از گرمیِ صہبا بگدازے نرسید گرمیِ صہبا سے ہو وے نہ گداز عقل مری
چارۂ کار بہ آں غمزۂ چالاک انداز ساقیا کچھ تو ذرا غمزۂ چالاک بھی ہو

بزم در کشمکشِ بیم و امید است ہنوز خوف و امید سے ہے بزم ہماری برہم
ہمہ را بے خبر از گردشِ افلاک انداز کرنا بے خود ہے تو کچھ گردشِ افلاک بھی ہو

می تواں ریخت در آغوشِ خزاں لالہ و گل نہیں آغوشِ خزاں میں گل و لالہ کافی
خیز و بر شاخِ کہن خونِ رگِ تاک انداز شاخِ دیرینہ پہ کچھ خونِ رگِ تاک بھی ہو

۱۹

ازاں آبے کہ در من لالہ کارد ساتگینے دہ
کفِ خاکِ مرا ساقی ببادِ فرودینے دہ

زمینائے کہ خوردم در فرنگ اندیشہ تاریک است
سفر ورزیدۂ خود را نگاہِ راہ بینے دہ

چو خس از موجِ ہر بادے کہ می آید ز جا رفتم
دلِ من از گمانہا در خروشش آمد یقینے دہ

بجانم آرزو ہا بود و نابودِ شرر دارد
شبم را کوکبے از آرزوئے دل نشینے دہ

بدستم خامۂ دادی کہ نقشِ خسروی بندد
رقم کش ایں چنینم کردۂ لوحِ جبینے دہ

اُگیں جس آب سے گل اُس سے بھر کے ساتگیں دیدے
کفِ خاکِ من اے ساقی بہ بادِ فرودیں دیدے

فرنگی مے نے ساقی کر دیا اندیشہ تیرہ ہے
پلا دہ مے جو رہرو کو نگاہِ راہ بیں دیدے

ہر اک موجِ ہوا مانندِ خس مجھ کو اُڑاتی ہے
ہوس مارا ہیں گماں کا، مجھ کو تھوڑا سا یقیں دیدے

تمنا بود و نابودِ شرر میں مبتلا ہر دم
میری شب کو نجومِ آرزوئے دلنشیں دیدے

ہے نقشِ خسروی سے ربط کیا کلک کو میرے
رقم کش گر بنایا ہے مجھے لوحِ جبیں دیدے

۲۰

ز ہر نقشے کہ دل از دیدہ گیرد پاک می آیم
گدائے معنیِ پاکم تہی ادراک می آیم

جو نقش آئے تجھے دل میں آنکھ سے کر خاک آیا ہوں
گدائے معنوی ہوں میں تہی ادراک آیا ہوں

گہے رسم و رہِ فرزانگی ذوقِ جنوں بخشد
من از درسِ خردمنداں گریباں چاک می آیم

دیا ذوقِ جنوں فرزانگی نے ہے مجھے ایسا
کہ از درسِ خردمنداں گریباں چاک آیا ہوں

گہے پیچد جہاں بر من، گہے من بر جہاں پیچم
بگرداں بادہ تا بیروں ازیں پیچاک می آیم

میں دنیا کو ہوں پیچیدہ، مجھے دنیا ہے پیچیدہ
دے بادہ ساقیا، میں چھوڑ یہ پیچاک آیا ہوں

نہ ایں جا چشمکِ ساقی، نہ آنجا حرفِ مشتاقی
ز بزمِ صوفی و مُلا بسے غمناک می آیم

نہ یاں پہ چشمکِ ساقی نہ واں پہ حرفِ مشتاقی
ز بزمِ صوفی و مُلا بہت غمناک آیا ہوں

رسد وقتے کہ خاصانِ ترا با من فتد کارے
کہ من صحرائیم، پیشِ ملکِ بیباک می آیم

عجب ہے کام مجھ سے ہے امیروں کو وزیروں کو
ہوں صحرائی میں گو پیشِ ملکِ بیباک آیا ہوں

۲۱

دلِ بے قیدِ من با نورِ ایماں کافری کردہ
حرم را سجدہ آوردہ، بتاں را چاکری کردہ

متاعِ طاعتِ خود را ترازوئے برافرازد
ببازارِ قیامت با خدا سوداگری کردہ

زمین و آسماں را بر مرادِ خویش می خواہد
غبارِ راہ و با تقدیرِ یزداں داوری کردہ

گہے با حق درآمیزد، گہے با حق درآویزد
زمانے حیدری کردہ، زمانے خیبری کردہ

بایں بے رنگیٔ جوہر ازو نیرنگ می ریزد
کلیمے بیں کہ ہم پیغمبری، ہم ساحری کردہ

نگاہش عقلِ دور اندیش رہ ذوقِ جنوں دادہ
ولیکن با جنونِ فتنہ ساماں نشتری کردہ

بخود کے می رسد ایں راہ پیمائے تن آسانے
ہزاراں سال منزل در مقامِ آذری کردہ

دلِ آزاد میں ہے نورِ ایماں، کافری بھی ہے
حرم کی جبہ سائی بھی، بتوں کی چاکری بھی ہے

نہ دنیا ہی میں ہم بیچیں متاعِ طاعتِ خود کو
ببازارِ قیامت با خدا سوداگری بھی ہے

زمین و آسماں سارے ہمارے حسبِ خواہش ہیں
زہے قسمت کہ با تقدیرِ یزداں داوری بھی ہے

نصیری حق کے ہم ہیں اور حق ناصر ہمارا ہے
جوازِ حیدری بھی ہے جوازِ خیبری بھی ہے

ہے گر بے رنگیٔ جوہر تو ہے نیرنگ بھی قدرے
کلیم اللہ کو پیغمبری بھی، ساحری بھی ہے

نگہ جو عقلِ دور اندیش کو ذوقِ جنوں دیدے
جنونِ فتنہ ساماں بھی رکھے ہے، نشتری بھی ہے

رسائی سالکِ رہرو کو ہے مانا، مگر اسکی
ہزاروں سال منزل در مقامِ آذری بھی ہے

۲۲

ز شاعر نالۂ مستانہ در محشر چہ می خواہی	ز شاعر نالۂ مستانہ در محشر طلب کیوں ہے
تو خود ہنگامۂ ہنگامۂ دیگر چہ می خواہی	تو ہنگامہ ہے خود ہنگامۂ دیگر طلب کیوں ہے
بہ بحرِ نغمہ کردی آشنا طبعِ روانم را	کیا ہے آشنا طبعِ رواں کو بحرِ نغمہ سے
ز چاکِ سینہ ام دریا طلب، گوہر چہ می خواہی	ز چاکِ سینہ کر دریا طلب، گوہر طلب کیوں ہے
نمازِ بے حضور از من نمی آید، نمی آید	نمازِ بے حضور ہم کو نہیں آتی، نہیں آتی
دلے آوردہ ام دیگر ازیں کافر چہ می خواہی	ہے دل جب اتنا شیدائی، ارے کافر طلب کیوں ہے

۲۳

نہ در اندیشۂ من کارزارِ کفر و ایمانے	نہ اندیشے میں میرے کارزارِ کفر و ایماں ہے
نہ در جانِ غم اندوزم ہوائے باغِ رضوانے	نہ جانِ غم زدہ میں کچھ ہوائے باغِ رضواں ہے
اگر کاوی درونم را خیالِ خویش را یابی	خیال اک تیرا دل میں ہے، لگے ہے دیکھ کر جسکو
پریشاں جلوۂ چوں ماہتاب اندر بیابانے	پریشاں ایک جلوہ شکلِ مہ اندر بیاباں ہے

۲۴

مرغِ خوش لہجہ و شاہینِ شکاری از تست
زندگی را روشِ نور و ناری از تست

مرغِ خوش لہجہ و شاہینِ شکاری تجھ سے
زندگی کو روشِ نوری و ناری تجھ سے

دلِ بیدار و کفِ خاک و تماشائے جہاں
سیرِ ایں ماہ بشب گونہ عماری از تست

دلِ بیدار و کفِ خاک و تماشائے جہاں
سیرِ مہتاب بہ شب گونہ عماری تجھ سے

ہمہ افکارِ من از تست چہ در دل چہ بلب
گہر از بحر برآری، نہ برآری از تست

بحرِ افکار میں میرے ہیں گہر سب تیرے
فکر دل میں ہو کہ لب پر، ہے یہ ساری تجھ سے

من ہماں مشتِ غبارم کہ بجائے نرسد
لالہ از تست و نمِ ابرِ بہاری از تست

میں ہی اک مشتِ غبارِ بے نشاں ہوں ورنہ
لالہ تجھ سے ہے، نمِ ابرِ بہاری تجھ سے

نقش پرداز توئی، ما قلمِ افشانیم
حاضر آرائی و آئندہ نگاری از تست

نقش پرداز ہے تُو، نقش بر انداز ہے تُو
حاضر آرائی و آئندہ نگاری تجھ سے

گلہ ہا داشتم، از دل بزبانم نرسید
مہر و بے مہری و عیاری و یاری از تست

ہم گلہ کرتے ہیں گردوں کا، اگرچہ ہیں سب
مہر و بے مہری و عیاری و یاری تجھ سے

۲۵

مرا براہِ طلب بار در گِل است ہنوز
کہ دل بقافلہ و رخت و منزل است ہنوز

طلب ثمر کی بہت مجھ کو از گِل ابتک ہے
کہ دل بہ قافلہ و رخت و منزل ابتک ہے

کجاست برقِ نگاہے کہ خانماں سوزد
مرا معاملہ با کِشت و حاصل است ہنوز

کہاں ہے برقِ نگہ خانماں جلائے جو
مجھے معاملہ با کِشت و حاصل ابتک ہے

یکے سفینۂ ایں خام را بہ طوفاں دہ
ز ترسِ موج، نگاہم بساحل است ہنوز

سفینہ دل کا تلاطم میں ڈال کہ اس کی
نگہیں، موج کی دہشت سے، ساحل ابتک ہے

تپیدن و نرسیدن چہ عالمے دارد
خوشا کسے کہ بہ دنبالِ محمل است ہنوز

تڑپنا اور نہ پہنچنا ہے دید کے قابل
خوشا کسے کہ بہ دنبالِ محمل ابتک ہے

کسے کہ از دو جہاں خویش را بروں نشناخت
فریب خوردۂ ایں نقشِ باطل است ہنوز

وہ ایک چھُٹ نہ سکا قیدِ دو جہاں سے جو
فریب خوردۂ یک نقشِ باطل ابتک ہے

نگاہِ شوق تسلی بجلوۂ نشود
کجا برم خلشے را کہ در دل است ہنوز

نگاہِ شوق کو تسکیں ہوئی نہ جلوے سے
میں اس خلش کا کروں کیا جو در دل ابتک ہے

حضورِ یار حکایت دراز تر گردید
چنانکہ ایں ہمہ ناگفتہ در دل است ہنوز

حضورِ یار ہوئی داستاں دراز ایسی
کہ سارا قصۂ ناگفتہ در دل ابتک ہے

۲۶

زمستاں را سر آمد روزگاراں	زمستاں چل بسا آئی بہاراں
نواہا زندہ شد در شاخساراں	نوا زندہ ہوئی در شاخساراں
گلاں را رنگ و نم بخشد ہواہا	گلوں کو رنگ و بو بخشے ہوا نے
کہ می آید ز طرفِ جوئباراں	کہ آتی ہے ز طرفِ کوہساراں
چراغِ لالہ اندر دشت و صحرا	چراغِ لالہ اندر دشت و صحرا
شود روشن تر از بادِ بہاراں	کرے روشن بہت بادِ بہاراں
دلم افسردہ تر در صحبتِ گل	ہے یوں افسردہ دل در صحبتِ گل
گریزد ایں غزال از مرغزاراں	کرے رم یہ غزال از مرغزاراں
دمے آسودہ با درد و غمِ خویش	کبھی آسودہ با درد و غمِ خود
دمے نالاں چوں جوئے کہساراں	کبھی نالاں بہ شکلِ جوئباراں
زبیمِ ایں کہ ذوقش کم نگردد	میں اس ڈر سے کہ ذوقِ دل نہ کم ہو
نگویم حالِ دل با رازداراں	نہ حال اپنا کہوں با رازداراں

۴۷

شبِ من سحر نمودی کہ بہ طلعت آفتابی
تو بہ طلعت آفتابی، سزد ایں کہ بے حجابی

تو بدردِ من رسیدی، بضمیرم آرمیدی
ز نگاہِ من رمیدی، بچنیں گراں رکابی

تو عیارِ کم عیاراں، تو قرارِ بے قراراں
تو دوائے دلِ فگاراں، مگر ایں کہ دیریابی

غمِ عشق و لذتِ او اثرِ دو گونہ دارد
گہے سوز و دردمندی، گہے مستی و خرابی

ز حکایتِ دلِ من تو بگو کہ خوب دانی
دلِ من کجا کہ او را بکنارِ من نیابی

بجلالِ تو کہ در دل دگر آرزو ندارم
بجز ایں دعا کہ بخشی بہ کبوتراں عقابی

مری رات کی سحر ہے ترا روئے آفتابی
ہے جو آشنا آفتابی تو نہ کیوں ہے بے حجابی

مرا غم تو جانتا ہے، مرا دل تو مانگتا ہے
تو یہ رم ہے اسقدر کیوں؟ ہے یہ کیوں گراں رکابی

تو عیارِ کم عیاراں، تو قرارِ بے قراراں
تو دوائے دل فگاراں، تجھے کیوں ہے دیریابی

غمِ عشق و لذتِ غم اثرِ دوگونہ رکھیں
کبھے سوز و دردمندی، کبھے مستی و خرابی

تو ہی اس کا آشنا ہے، تو بتا اگر پتا ہے
جو کنار میں نہیں دل، ہے کہاں یہ ناصوابی

نہ کچھ اور مدعا ہے، اگر ہے تو اک دعا ہے
کہ تو بخش دے کبوتر کو بھی اک دلِ عقابی

۲۸

دریں میخانہ اے ساقی ندارم محرمے دیگر
کہ من شاید نخستیں آدمم از عالمے دیگر

دمے ایں پیکرِ فرسودہ را سازی کفِ خاکے
فشانی آب و از خاک آتش انگیزی دمے دیگر

بیار آں دولتِ بیدار و آں جامِ جہاں بیں را
عجم را دادۂ ہنگامۂ بزمِ جمے دیگر

سوا ساقی نہ میخانے میں کوئی محرم دیگر
لگے ہے یہ میں ہوں شاید آدمی از عالمِ دیگر

دمے پیکر بناتا ہے کفِ خاک اور کرتا ہے
چھڑک کر آب گل پر آتش انگیزی، دمِ دیگر

خدایا دولتِ بیدار اور جامِ جہاں بیں دے
عجم کو تا ملے ہنگامۂ بزمِ جمِ دیگر

۲۹

بجہانِ دردمنداں تو بگو چہ کار داری
تب و تابِ ما شناسی، دل بے قرار داری

چہ خبر ترا ز اشکے کہ فرو چکد ز چشمے
تو بہ برگِ گل ز شبنم دُرِ شاہوار داری

چہ بگویمت ز جانے کہ نفس نفس شمارد
دم مستعار داری، غم روزگار داری

بجہانِ دردمنداں نہیں کوئی کار تجھ کو
کہ ملا نہ تپ شناسا دل بے قرار تجھ کو

تجھے کیوں ہو قدر گوہر جو ہیں گرتے چشم تر سے
کہ بہ برگِ گل بہ شبنم دُرِ شاہوار تجھ کو

نہیں علمِ جاں کنی کچھ کہ ملا نہیں ذرا بھی
دمِ مستعار تجھ کو، غمِ روزگار تجھ کو

۳۰

اگر نظارہ از خود رفتگی آرد حجاب اولیٰ
نگیرد با من ایں سودا، بہا از بس گراں خواہی

نظارہ بے خودی کا ایک بحرِ بیکراں چاہے
کہاں سے لے کے آئیں گر بہا اتنا گراں چاہے

سخن بے پردہ گو با ما، نشد آں روزِ کم آمیزی
کہ می گفتند تو ما را چنیں خواہی چناں خواہی

بتا تُو ہی کہاں جائیں ترے عشاق جب ہرگز
نہ تُو اِن کو یہاں چاہے نہ تُو اُن کو وہاں چاہے

نگاہِ بے ادب زد رخنہ ہا در چرخِ مینائی
دگر عالم بنا کن گر حجابے درمیاں خواہی

نگاہِ بے ادب جاتی پرے ہے چرخ سے میری
دگر عالم بنا تُو گر حجابے درمیاں چاہے

چناں خود را نگہداری کہ با ایں بے نیازی ہا
شہادت بر وجودِ خود، ز خونِ دوستاں خواہی

ہے ایسی خود نگہداری، ہے ایسی بے نیازی بھی
شہادت بر وجودِ خود، ز خونِ دوستاں چاہے

مقامِ بندگی دیگر، مقامِ عاشقی دیگر
ز نوری سجدہ می خواہی ز خاکی بیش ازاں خواہی

مقامِ بندگی دیگر، مقامِ عاشقی دیگر
ز نوری سجدہ تُو چاہے، ز خاکی نذرِ جاں چاہے

مسِ خامے کہ دارم، از محبت کیمیا سازم
کہ فردا چوں رسم پیشِ تو از من ارمغاں خواہی

بناتا دل کو اپنے کیمیا ہوں میں محبت سے
کہ شاید روزِ محشر مجھ سے تُو کچھ ارمغاں چاہے

۳۱

نورِ تو وا نمود سپید و سیاہ را
دریا و کوہ و دشت و در و مہر و ماہ را

تیری ضیا دکھائے سفید و سیاہ کو
دریا و کوہ و دشت میں خورشید و ماہ کو

تو در ہوائے آں کہ نگہ آشنائے اوست
من در تلاشِ آں کہ نتابد نگاہ را

تجھ کو تلاش ایک نگہ آشنا کی ہے
میں ڈھونڈتا ہوں وہ جو نہ پھیرے نگاہ کو

۳۲

بہ فغاں نہ لب کشودم کہ فغاں اثر ندارد
غمِ دل نگفتہ بہتر ہمہ کس جگر ندارد

کروں کیوں فغاں، فغاں جب مری پُر اثر نہیں ہے
غمِ دل کی تاب لانے کیلئے جگر نہیں ہے

تو ز راہِ دیدۂ ما بضمیرِ ما گذشتی
مگر آنچناں گذشتی کہ نگہ خبر ندارد

تو گیا ہے دل میں میرے گو براہِ چشمِ روشن
گیا یوں مگر نگہ کو بھی ہوئی خبر نہیں ہے

کس ازیں نگیں شناساں نگذشت بر نگینم
بتو می سپارم او را کہ جہاں نظر ندرد

میں نگیں کو اپنے لایا ہوں سپرد تیرے کرنے
کہ قدر شناس کوئی بھی یہاں نظر نہیں ہے

قدحِ خرد فروزے کہ فرنگ داد ما را
ہمہ آفتاب لیکن اثرِ سحر ندارد

یہ خرد فروز ساغر جو فرنگ نے دیا ہے
ہے یہ مہر لیکن اس میں اثرِ سحر نہیں ہے

۳۴

رمزِ عشقِ تو بہ اربابِ ہوس نتواں گفت
سخن از تاب وتبِ شعلہ بہ خس نتواں گفت

رمزِ عشقِ تو بہ اربابِ ہوس کہہ نہ سکے
سخن از تاب وتبِ شعلہ بہ خس کہہ نہ سکے

تو مرا ذوقِ بیاں دادی و گفتی کہ بگوے
ہست در سینۂ من آنچہ بکس نتواں گفت

تھا بہت ذوقِ بیاں اور تھی گویائی بھی
بات کہنے کی بھی خواہش تھی مگر کہہ نہ سکے

از نہاں خانۂ دل خوش غزلے می خیزد
سرِ شاخے ہمہ گویم، بہ قفس نتواں گفت

لب پہ آئی تھیں نہاں خانۂ دل سے غزلیں
دیکھ کر ایک گلستاں میں قفس، کہہ نہ سکے

شوق اگر زندۂ جاوید نباشد، عجب است
کہ حدیثِ تو دریں یک دو نفس نتواں گفت

دل دیا تھا تو بقا بھی ہمیں دیدی ہوتی
داستاں عشق کی دریک دو نفس کہہ نہ سکے

۳۴

یاد ایامے کہ خوردم بادہ ہا با چنگ و نے
جامِ مے در دستِ من، مینائے مے در دستِ وے

در کنار آئی، خزانِ ما زند رنگِ بہار
ور نیائی، فرودیں افسردہ تر گردد ز دے

بے تو جانِ من چو آں سازے کہ تارش در گسست
در حضور از سینۂ من نغمہ خیزد پے بہ پے

آنچہ من در بزمِ شوق آوردہ ام دانی کہ چیست
یک چمن گل، یک نیستاں نالہ، یک خمخانہ مے

زندہ کن باز آں محبت را کہ از نیروے او
بوریائے رہ نشینے در فتد با تختِ کے

دوستاں خرم کہ بر منزل رسید آوارۂ
من پریشاں جادہ ہائے علم و دانش کردہ طے

وہ بھی دن تھے میکشی کرتے تھے ہم با چنگ دے
جامِ مے در دستِ من، مینائے مے در دستِ وے

ہو جو پہلو میں تو ہو رنگِ بہار اندر خزاں
گر نہ آئے تُو تو بن جائے بہاراں ماہِ دے

تُو نہ ہو تو بیش خاموش و شکستہ سازِ دل
اور جب ہو تُو تو نکلے دل سے نغمہ پے بہ پے

دیکھیے لے کے آیا ہوں میں بزمِ شوق میں
یک چمن گل، یک نیستاں نالہ، یک خم خانہ مے

دل میں پیدا کر محبت وہ کہ جس کے فیض سے
بوریائے بے نوائے رہ نشیں ہو تختِ کے

دوستاں خرم کہ آوارہ کو اک منزل ملی
میں پریشاں، راہِ علم و عقل کی میں نے ہے طے

۳۵

انجم بگریباں ریخت ایں دیدۂ تر مارا
بیروں ز سپہر انداخت ایں ذوقِ نظر مارا

دے نجم گریباں میں جب دیدۂ تر ہم کو
لے جائے پرے گردوں سے ذوقِ نظر ہم کو

ہر چند زمیں سائیم‘ برتر ز ثریا ئیم
دانی کہ نمی زیبد عمرے چو شرر ما را

ہم رہ کے زمیں پر بھی برتر ہیں ثریا سے
جینا نہیں زیبا ہے مانندِ شرر ہم کو

شام و سحرِ عالم از گردشِ ما خیزد
دانی کہ نمی سازد ایں شام و سحر مارا

شام و سحرِ عالم گردش سے ہماری ہیں
بھاتے نہیں لیکن ہیں یہ شام و سحر ہم کو

ایں شیشۂ گردوں را از بادہ تہی کردیم
کم کاسہ مشو ساقی‘ مینائے دگر مارا

ہم شیشۂ گردوں کو کرتے ہیں تہی مے سے
کم کاسہ نہ ہو ساقی‘ مینائے دگر ہم کو

شایانِ جنونِ ما پہنائے دو گیتی نیست
ایں راہگذر مارا آں راہگذر مارا

شایاں نہ جنوں کا ہے پہنائے دو عالم بھی
یہ راہگزر ہم کو‘ وہ راہگزر ہم کو

٣٦

خاور کہ آسماں بکمندِ خیالِ اوست
از خویشتن گسستہ و بے سوزِ آرزوست

در تیرہ خاکِ او تب و تابِ حیات نیست
جولانِ موج را نگراں از کنارِ جوست

بت خانہ و حرم ہمہ افسردہ آتشے
پیرِ مغاں شرابِ ہوا خوردہ در سبوست

فکرِ فرنگ پیشِ مجاز آورد سجود
بینائے کور و مستِ تماشائے رنگ و بوست

گردندہ تر ز چرخ و ربایندہ تر ز مرگ
از دستِ او بدامنِ ما چاکِ بے رفوست

خاکی نہاد و خو ز سپہرِ کہن گرفت
عیار و بے مدار و کلاں کار و تو بتوست

مشرق خراب و مغرب ازاں بیشتر خراب
عالم تمام مردہ و بے ذوقِ جستجوست

ساقی بیار بادہ و بزمِ شبانہ ساز
ما را خرابِ یک نگہِ محرمانہ ساز

خاور کہ آسماں بہ کمندِ خیال اُو
بے فکر و لاابالی و بے سوزِ آرزُو

ہے تیرہ خاک اس کی تب و تاب سے تہی
محفوظ خوفِ موج سے وہ بر کنارِ جُو

بت خانہ و حرم ہمہ افسردہ آتشے
پیرِ مغاں شرابِ ہَوا خوردہ در سبُو

فکرِ فرنگ پیشِ مجاز ایک مقتدی
با چشمِ کور محوِ تماشائے رنگ و بُو

گردندہ تر ز چرخ و ربایندہ تر ز مرگ
دامن ہمارا جس نے کیا چاکِ بے رفُو

خاکی نہاد و گردوں صفت دون و کینہ ور
عیار و بے مدار و زیاں کار و تند خُو

مشرق خراب اور ہے مغرب خراب تر
عالم تمام مردہ و بے ذوقِ جستجُو

ساقی بہ خُم رونقِ بزمِ شبانہ کر
ہم کو خرابِ یک نگہِ محرمانہ کر

۳۷

فرصتِ کشمکش مدہ ایں دلِ بیقرار را
یک دو شکن زیادہ کن گیسوئے تابدار را

فرصتِ کشمکش نہ دے اس دلِ بیقرار کو
پُرخم و پیچ اور کر گیسوئے تابدار کو

از تو درونِ سینہ ام برقِ تجلیٔ کہ من
با مہ و مہر دادہ ام تلخیٔ انتظار را

برقِ تجلی مل گئی دل کو تری تو کر دیا
میں نے سپردِ مہر و مہ تلخیٔ انتظار کو

ذوقِ حضور در جہاں رسمِ صنم گری نہاد
عشق فریب می دہد جانِ امیدوار را

رسمِ صنم گری ہے یاں ذوقِ حضور کے سبب
دیوے فریب عشق ہے جانِ امیدوار کو

تا بفراغِ خاطرے نغمۂ تازہ می زنم
باز بہ مرغزار دہ طائرِ مرغزار را

نغمۂ تازہ تا ملے کوہ و دمن میں ہر طرف
پھر کوئی مرغزار دے طائرِ مرغزار کو

طبعِ بلند دادۂ بند ز پائے من کشا
تا بہ پلاسِ تو دہم خلعتِ شہریار را

فکر بلند ہو اگر گیا ہے پلاس دلویا
دل سے نکال خواہشِ خلعتِ شہریار کو

تیشہ اگر بسنگ زد ایں چہ مقامِ گفتگوست
عشق بدوش می کشد ایں ہمہ کوہسار را

عشقِ مجاز کے لئے سنگ بھی ہے گراں بہت
الفتِ حق مگر کرے نرم ہے کوہسار کو

۳۸

جانم در آویخت با روزگاراں
جوئے ست نالاں در کوہساراں

جاں کو لگا روگ با روزگاراں
روتی ہیں نہریں در کوہساراں

پیدا ستیزد، پنہاں ستیزد
ناپائدارے با پائداراں

لڑتے ہیں کھل کر، لڑتے ہیں چھپ کر
ناپائداراں با پائداراں

ایں کوہ و صحرا ایں دشت و دریا
نے رازداراں، نے غمگساراں

یہ کوہ و صحرا، یہ دشت و دریا
نے راز داراں، نے غمگساراں

بیگانۂ شوق، بیگانۂ شوق
ایں جوئباراں، ایں آبشاراں

بیگانۂ شوق، بیگانۂ شوق
یہ جوئباراں، یہ آبشاراں

فریادِ بے سوز، فریادِ بے سوز
بانگِ ہزاراں در شاخساراں

فریادِ بے سوز، فریادِ بے سوز
بانگِ ہزاراں در شاخساراں

داغے کہ سوزد در سینۂ من
آں داغ کم سوخت در لالہ زاراں

جو داغ سینے کے اندر ہے میرے
ایسا نہ کوئی در لالہ زاراں

محفل ندارد، ساقی ندارد
تلخے کہ سازد با بیقراراں

محفل کے بس کی نہ ساقی کے بس کی
جھیلیں جو تلخی ہیں یہ بیقراراں

۳۹

بہ تسلی کہ دادی نگذاشت کارِ خود را
بتو باز می سپارم دلِ بیقرارِ خود را

یہ تسلی تیری کیسی جو نہ جانے کارِ خود کو
کیا کیوں سپرد تیرے، دلِ بیقرارِ خود کو

چہ دلے کہ محنتِ او بہ نفس شمارئ او
کہ بدستِ خود ندارد رگِ روزگارِ خود را

کرے ہے نفس شماری دلِ ناتوان ہر دم
کہ یہ جو تھامتا نہیں ہے رگِ روزگارِ خود کو

بضمیرت آرمیدم تو بجوشِ خود نمائی
بکنارہ برفگندی دُرِ آبدارِ خود را

میں ہوں در دروں لیکن تو بجوشِ خود نمائی
رکھے بر کنارہ سارے دُرِ آبدارِ خود کو

مہ و انجسم از تو دارد گلہ ہا شنیدہ باشی
کہ بخاکِ تیرۂ ما زدۂ شرارِ خود را

مہ و آفتاب و انجم کو ہے تجھ سے یہ شکایت
کہ رکھا ہے خاکِ تیرہ میں مری شرارِ خود کو

خلشے بسینۂ ماز خدنگِ او غنیمت
کہ اگر بپایش افتد بزد شکارِ خود را

تجھے تیرے طلب بس دلِ صید کی خلش ہے
گرے پاوں پر بھی اکڑے ہے نہ تو شکارِ خود کو

۴۰

بحرفے می تواں گفتن تمنائے جہانے را من از ذوقِ حضوری طول دادم داستانے را	ہوں کہہ سکتا بحرفِ یک، تمنائے جہاں کو بھی کہ دیوے ہے حضوری طول، کوتہ داستاں کو بھی
ز مشتاقاں اگر تابِ سخن بردی، نمی دانی محبت می کند گویا، نگاہِ بے زبانے را	اگر تابِ سخن لی تُو نے مشتاقوں سے تو کیا غم کرے گویا محبت ہے نگاہِ بے زباں کو بھی
کجا نورے کہ غیر از قاصدی چیزے نمی داند کجا خاکے کہ در آغوش دارد آسمانے را	ہے اک نوری، نہیں آتا جسے جز قاصدی کچھ بھی ہے اک خاکی، سما پہلو میں لے جو آسماں کو بھی
اگر یک ذرہ کم گردد ز انگیزِ وجودِ من بایں قیمت نمی گیرم حیاتِ جاودانے را	ہو یک ذرہ اگر کم اس سے، انگیزِ وجودِ من نہ لوں میں اتنی قیمت میں حیاتِ جاوداں کو بھی
من اے دریائے بے پایاں، بموجِ تو در افتادم نہ گوہر آرزو دارم، نمی جویم کرانے را	ہوں گرچہ مبتلائے موج، اے دریائے بے پایاں نہ چاہوں میں گہر کوئی، نہ ڈھونڈوں میں کراں کو بھی
ازاں معنی کہ چوں شبنم بجانے من فرو ریزی جہانے تازہ پیدا کردہ ام عرضِ فغانے را	کیا گر غنچۂ دل شبنمِ معنی سے تر تُو نے بنانے کو جہانِ نَو، اثر دے کچھ فغاں کو بھی

۴۱

چند بروئے خود کشی پردۂ صبح و شام را
چہرہ کشا، تمام کن جلوۂ نا تمام را

ڈال نہ رخ پہ، جانِ من پردۂ صبح و شام کو
چہرہ دکھا، تمام کر جلوۂ نا تمام کو

سوز و گداز حالتے ست، بادہ ز من طلب کنی
پیشِ تو گر بیاں کنم مستیِ ایں مقام را

سوز و گداز کو کوئی مستی میں اس مقام کی
دیکھے اگر طلب کرے بادۂ لعل فام کو

من بسرودِ زندگی آتشِ و فسردہ ام
تو نمِ شبنمے بدہ لالۂ تشنہ کام را

میں نے بڑھائی آگ ہے اسکی بسازِ زندگی
تو نمِ ژالہ بخش دے لالۂ تشنہ کام کو

عقل ورق ورق بگشت، عشق بہ نکتۂ رسید
طائرِ زیرکے برد دانۂ زیرِ دام را

عقل ورق ورق ہوئی، عشق نے نکتہ پا لیا
طائرِ دانا لے گیا دانۂ زیرِ دام کو

نغمہ کجا و من کجا، سازِ سخن بہانہ ایست
سوئے قطار می کشم ناقۂ بے زمام را

نغمہ کہاں ہے میں کہاں، سازِ سخن بہانہ اک
ہوں بہ قطار کھینچتا ناقۂ بے زمام کو

وقتِ برہنہ گفتن است، من بہ کنایہ گفتہ ام
خود تو بگو کجا برم ہم نفسانِ خام را

سنتے نہیں، کنایۃً کرتا ہوں بات میں، اگر
جاؤں کہاں میں لے کے ان ہم نفسانِ خام کو



زبورِ عجم

غزلیات

حصۂ دوم

شاخ و نہالِ سدرہ، خار و خسِ چمن مشو
منکرِ او اگر شدی، منکرِ خویشتن مشو

شاخ و نہالِ سدرہ تُو، خار و خسِ چمن نہ ہو
منکر اگر ہے اسکا ہو، منکرِ خویشتن نہ ہو

۱

دو عالم را تواں دیدن بمینائے کہ من دارم
کجا چشمے کہ بیند آں تماشائے کہ من دارم

رکھے عکسِ دو عالم جامِ مینا، وہ جو ہے میرا
کہاں ہے آنکھ جو دیکھے تماشا، وہ جو ہے میرا

دگر دیوانۂ آید کہ در شہر افگند ہوئے
دو صد ہنگامہ برخیزد ز سودائے کہ من دارم

ہے اک دیوانہ اور شہروں میں ہاؤ ہو ہزاروں ہیں
بپا کرتا ہے کیا ہنگامہ سودا، وہ جو ہے میرا

مخور ناداں غم از تاریکیٔ شبہا کہ می آید
کہ چوں انجم درخشد داغِ سیمائے کہ من دارم

نہ کر تیرہ شبی کا غم تو اے دل دیکھ تو کیسے
ہے انجم سا درخشاں داغِ سیما، وہ جو ہے میرا

ندیم خویشتن می سازی مرا لیکن ازاں ترسم
نداری تابِ آں آشوب و غوغائے کہ من دارم

تو یاری کر تو لے مجھ سے مگر لگتا مجھے ڈر ہے
نہیں کا ہے ترے آشوب و غوغا، وہ جو ہے میرا

۲

برخیز کہ آدم را ہنگامِ نمود آمد
ایں مشتِ غبارے را انجم بسجود آمد

کیسا گِلِ آدم کا ہنگامِ نمود آیا
کس شوق و تمنا سے انجم بسجود آیا

آں راز کہ پوشیدہ در سینۂ ہستی بود
از شوخیٔ آب و گِل در گفت و شنید آمد

وہ راز جو پوشیدہ در سینۂ ہستی تھا
از شوخیٔ آب و گِل در گفت و شنید آیا

۳

درونِ لالہ گذر چو صبا توانی کرد	گزر گلوں میں مثالِ صبا کیا جائے
بیک نفس گرۂ غنچہ وا توانی کرد	بیک نفس رخِ صد غنچہ وا کیا جائے
حیات چیست؟ جہاں را اسیرِ جاں کردن	حیات کیا ہے، جہاں کو اسیرِ جاں کرنا
تو خود اسیرِ جہانی، کجا توانی کرد	تُو خود اسیرِ جہاں، کیا ترا کیا جائے
مقدر است کہ مسجودِ مہر و مہ باشی	ہے مرتبہ ترا مسجودِ مہر و مہ ہونا
ولے ہنوز ندانی، چہب توانی کرد	تُو پوجے سنگ، مگر اس کا کیا کیا جائے
اگر ز میکدۂ من پیالۂ گیری	ملے پیالہ اگر میرے میکدے سے تجھے
ز مشتِ خاک جہانے بپا توانی کرد	ز مشتِ خاک جہاں اک بپا کیا جائے
چساں بسینہ چراغے فروختی اقبال	کر ایسی شعلہ نوائی تُو آکے اقبال اک
بخویشن آنچہ توانی، بما توانی کرد	کہ روشن اس سے دلوں کا دیا کیا جائے

۴

اگر بہ بحرِ محبت کرانہ می خواہی	اگر بہ بحرِ محبت کرانہ چاہے تُو
ہزار شعلہ دہی یک زبانہ می خواہی	نہ پھر کیوں شعلہ فشاں یک زبانہ چاہے تُو
مرا ز لذتِ پرواز آشنا کردند	ہوں میں کہ لذتِ پرواز دی گئی مجھ کو
تو در فضائے چمن آشیانہ می خواہی	ہے تُو کہ باغ میں اک آشیانہ چاہے تُو
بیکے بدامنِ مردانِ آشنا آویز	نہ چھوڑ دامنِ مردانِ آشنا ہرگز
ز یار اگر نگۂ محرمانہ می خواہی	جو یار سے نگۂ محرمانہ چاہے تُو
جنوں نداری و ہوئے فگندۂ در شہر	نہ ہو سکے ہے یہاں ہاؤ ہو بغیرِ جنوں
سبو شکستی و بزمِ شبانہ می خواہی	سبو نہ توڑ جو بزمِ شبانہ چاہے تُو
تو ہم بعشوہ گری کوشش و دلبری آموز	تُو سیکھ عشوہ گری، دلبری و دلداری
اگر ز ما غزلِ عاشقانہ می خواہی	جو سننا اک غزلِ عاشقانہ چاہے تُو

۵

دگر ز سادہ دلیہائے یار نتواں گفت
نشستہ بر سرِ بالینِ من ز درماں گفت

کرے یہ سادہ دلی اُس کی مجھ کو حیراں ہے
کہ آیا بر بسرِ بالین لے کے درماں ہے

زباں اگرچہ دلیر است و مدعا شیریں
سخن ز عشق چہ گویم جز آں کہ نتواں گفت

زباں دلیر ہے گرچہ، ہے مدعا شیریں
میں حالِ دل نہیں کہہ سکتا، ایسا حرماں ہے

خوشا کسے کہ فرو رفت در ضمیرِ وجود
سخن مثالِ گہر برکشید و آساں گفت

خوشا وہ شخص، ضمیرِ وجود میں جو گیا
ہوئی اسے یہ سخن گہرباری آساں ہے

خرابِ لذتِ آنم کہ چوں شناخت مرا
عتابِ زیرِ لبی کرد و خانہ ویراں گفت

خرابِ لذتِ ویرانی دیکھ کر مجھ کو
بصد خرابی کیا میرا خانہ ویراں ہے

غمیں مشو کہ جہاں رازِ خود بروں ندہد
کہ آنچہ گل نتوانست مرغِ نالاں گفت

بتائے رازِ گلستاں نہیں تو کیا غم ہے
کہے جو گل نہیں، کہتا وہ مرغِ نالاں ہے

پیامِ شوق کہ من بے حجاب می گویم
بہ لالہ قطرۂ شبنم رسید و پنہاں گفت

بیانِ شوق کا کرتا ہوں بے حجاب جو میں
کہے وہ قطرۂ شبنم بہ لالہ پنہاں ہے

اگر سخن ہمہ شوریدہ گفتہ ام، چہ عجب
کہ ہر کہ گفت بہ گیسوئے او پریشاں گفت

عجب نہیں کہ میں کہتا سخن ہوں شوریدہ
کہ مجھ کو زلفِ پریشاں کرے پریشاں ہے

۶

لالۂ ایں چمن آلودۂ رنگ است ہنوز	لالہ اِس باغ کا آلودۂ رنگ ہے اب بھی
سپر از دست میند از کہ جنگ است ہنوز	گو خزاں گھات میں آمادۂ جنگ ہے اب بھی
فتنۂ را کہ دو صد فتنہ بآغوشش بود	ایک فتنہ جو رکھے ساتھ ہے فتنے لاکھوں
دخترے ہست کہ در مہدِ فرنگ است ہنوز	دختر اُنکی ہے کہ در مہدِ فرنگ ہے اب بھی
اے کہ آسودہ نشینی لبِ ساحل، برخیز	نہ ہو آسودہ نشیں برلبِ ساحل اتنا
کہ ترا کار بگرداب و نہنگ است ہنوز	تجھ کو کچھ کار بگرداب و نہنگ ہے اب بھی
از سرِ تیشہ گذشتن ز خردمندی نیست	چھوڑنا سر بسرِ تیشہ نہیں دانائی
اے بسا لعل کہ اندر دلِ سنگ است ہنوز	کھود وہ لعل جو اندر دلِ سنگ ہے اب بھی
باش، تا پردہ کشایم ز مقامِ دگرے	میں سناتا ہوں بسازِ دگر آہنگِ دگر
چہ دہم شرحِ نواہا کہ بچنگ است ہنوز	نغمے یوں تو بہت اندر رگِ چنگ ہے اب بھی
نقش پردازِ جہاں چوں بجنونم نگریست	نقش پردازِ جہاں، ایک بنا اور جہاں
گفت ویرانہ بسودائے تو تنگ است ہنوز	اس جنوں کیلئے ویرانہ یہ تنگ ہے اب بھی

ے

تکیہ بر حجّت و اعجازِ بیاں نیز کنند	تکیہ بر حجّت و اعجازِ بیاں کرتے ہیں
کارِ حق گاہ بشمشیر و سناں نیز کنند	کارِ حق گاہ بشمشیر و سناں کرتے ہیں
گاہ باشد کہ تہِ خرقہ زرہ می پوشند	بندۂ حال بھی عشاق ہیں، دیوانے بھی
عاشقاں بندۂ حال اند و چناں نیز کنند	کچھ عیاں کرتے ہیں اور کچھ یہ نہاں کرتے ہیں
چوں جہاں کہنہ شود پاک بسوزند او را	عالمِ کہنہ جلا دیتے ہیں اور پھر اس کے
وز ہماں آب و گِل ایجادِ جہاں نیز کنند	آب و گِل سے نیا ایجادِ جہاں کرتے ہیں
ہمہ سرمایۂ خود را بہ نگاہے بدہند	اک نگہ پر یہ فدا کرتے متاع ہیں سارا
ایں چہ قومے ست کہ سودا بہ زیاں نیز کنند	کیسے سودائی ہیں، سودا بہ زیاں کرتے ہیں
آنچہ از موجِ ہوا با پرِ کاہے کردند	خس و خاشاک سے جو موجِ ہوا کرتی ہے
عجبے نیست کہ با کوہِ گراں نیز کنند	جوش میں آ کے یہ با کوہِ گراں کرتے ہیں
عشق مانندِ متاعے ست، ببازارِ حیات	ہے بہ بازارِ حیات عشق متاع تاجر کا
گاہ ارزاں بفروشند و گراں نیز کنند	گاہ ارزاں اسے اور گاہ گراں کرتے ہیں
تا تو بیدار شوی نالہ کشیدم، ورنہ	نالہ کرتے ہیں کہ بیدار ہو تُو ورنہ ہم
عشق کارے ست کہ بے آہ و فغاں نیز کنند	عشق کا کام تو بے آہ و فغاں کرتے ہیں

۸

چو موج مستِ خودی باش و سر بطوفاں کش ترا کہ گفت کہ بنشیں و پا بداماں کش ؟	ہو مستِ خمرِ خودی، ایک موجِ طوفاں ہو نہ کر کنارہ نشینی، نہ پا بداماں ہو
بقصدِ صیدِ پلنگ از چمن سرا برخیز بکوہ رخت کشا خیمہ در بیاباں کش	بقصدِ صیدِ پلنگ اس چمن سرا سے نکل ہو رخت کوہ میں، اک خیمہ در بیاباں ہو
بہ مہر و ماہ کمندِ گلو فشار انداز ستارہ راز فلک گیر و در گریباں کش	بہ مہر و ماہ کمندِ گلو فشار ہو اک بہ کہکشاں تری زیبائشِ گریباں ہو
گرفتم ایں کہ شرابِ خودی بسے تلخ است بدردِ خویش نگر زہرِ ما بدرماں کش	تو پی کے دیکھ شرابِ خودی، ہے تلخ یہ گو کہ تیرے درد کا شاید یہ زہر درماں ہو

۹

خضرِ وقت از خلوتِ دشتِ حجاز آید بروں
کارواں زیں وادیٔ دور و دراز آید بروں

من بسیمائے غلاماں فرِ سلطاں دیدہ ام
شعلۂ محمود از خاکِ ایاز آید بروں

عمرہا در کعبہ و بتخانہ می نالد حیات
تا ز بزمِ عشق یک دانائے راز آید بروں

طرحِ نو می افگند اندر ضمیرِ کائنات
نالہ ہا کز سینۂ اہلِ نیاز آید بروں

چنگ را گیرید از دستم کہ کار از دست رفت
نغمہ ام خوں گشت و از رگہائے ساز آید بروں

خضرِ وقت از خلوتِ دشتِ حجاز آیا بروں
کارواں از وادیِ دور و دراز آیا بروں

شوکتِ شاہی ہے سیمائے غلاماں پر عیاں
شعلۂ محمود از خاکِ ایاز آیا بروں

زندگی دیر و حرم میں روئی ساری عمر تب
ایک بزمِ عشق سے دانائے راز آیا بروں

طرحِ نو پیدا ہوئی جب در ضمیرِ کائنات
ایک شور از سینۂ اہلِ نیاز آیا بروں

لی غمِ الفت نے جب مضراب اپنے ہاتھ میں
نغمہ بن کر خون از رگہائے ساز آیا بروں

١٠

ز سلطاں کنم آرزوئے نگاہے
مسلمانم از گِل نہ سازم الٰہے

دلِ بے نیازے کہ در سینہ دارم
گدارا دہد شیوۂ پادشاہے

ز گردوں فتد آنچہ بر لالۂ من
فرو ریزم او را بہ برگِ گیاہے

چو پرویں فرو ناید اندیشۂ من
بدریوزۂ پرتوِ مہر و ماہے

اگر آفتابے سوئے من خرامد
بشوخی بگردانم او را ز راہے

بآں آب و تابے کہ فطرت ببخشد
درخشم چو برقے بہ ابرِ سیاہے

رہ و رسمِ فرمارَوایاں شناسم
خراں بر سرِ بام و یوسف بہ چاہے

رکھوں شہ سے کیوں آرزوئے نگاہے
ہوں مسلم، بناؤں نہ گِل سے الٰہے

دلِ بے نیاز ایک سینے میں ہے جو
فقیروں کو دے شیوۂ پادشاہے

گرے میرے لالہ پہ گردوں سے ہے جو
اُسے میں گراؤں بہ برگِ گیاہے

جھکے فکرِ پرویں صفت ہے نہ میرا
بدریوزۂ پرتوِ مہر و ماہے

جو خاور سے خورشید آئے خراماں
سوئے غرب دکھلاؤں اُس کو میں راہے

چمک سے جو فطرت نے بخشی ہے مجھ کو
بنوں برق اک میں بہ ابرِ سیاہے

رہ و رسمِ فرماروایان دیکھو
خراں برسرِ بام و یوسف بہ چاہے

11

بانشّۂ درویشی درساز و دمادم زن
چوں پختہ شوی خود را بر سلطنتِ جم زن

با مستیِ درویشی تو شربِ دما دم کر
ہو پختہ، شہنشاہی بر سلطنتِ جم کر

گفتند جہانِ ما آیا بتو می سازد؟
گفتم کہ نمی سازد، گفتند کہ برہم زن

عالم یہ بنایا ہے تیرے ہی لئے سارا
ہم ساز نہیں ہووے گر، اُسکو تو برہم کر

در میکدہ ہا دیدم شائستہ حریفے نیست
با رستمِ دستاں زن با مغ بچہ ہا کم زن

میخانے میں خواہش ہے گر دوستی کرنے کی
رستم سے زیادہ کر، مغ بچہ سے کچھ کم کر

اے لالۂ صحرائی تنہا نتوانی سوخت
ایں داغِ جگرتابے بر سینۂ آدم زن

اے لالۂ صحرائی جلتا ہے اکیلا کیوں
با داغِ جگرتابے دل سوزیِ آدم کر

تو سوزِ درونِ او، تو گرمیِ خونِ او
باور نہ کنی؟ چاکے در پیکرِ عالم زن

تو سوزِ دروں اسکا، تو گرمیِ خوں اس کا
ہے گر نہ یقیں اسکا، در پیکرِ عالم کر

عقل است چراغِ تو؟ در راہگذارے نہ
عشق است ایاغِ تو؟ با بندۂ محرم زن

ہے عقل شمعِ ہستی، رکھ راہگزر پہ یہ
ہے عشق میں بدمستی، با بندۂ محرم کر

لختِ دلِ پرخونے از دیدہ فرو ریزم
لعلے ز بدخشانم بردار و بخاتم زن

لختِ دلِ پرخوں اک گرتا ہے جو آنکھوں سے
ہے لعلِ بدخشاں یہ، زیبندۂ خاتم کر

۱۴

ہوس ہنوز تماشاگرِ جہانداری ست
وگرچہ فتنہ پسِ پردہ ہائے زنگاری ست ؟

ہوس ابھی ہے تماشاگرِ جہانداری
ہے گرچہ فتنہ پسِ پردہ ہائے زنگاری

زماں زماں شکند آنچہ می تراشد عقل
بیا کہ عشق مسلمان و عقل زنّاری ست

زماں زماں اُسے توڑا، بنایا عقل نے جو
کہ عشق اصلِ مسلمانی، عقل زناری

امیرِ قافلۂ سخت کوش و پیہم کوش
کہ در قبیلۂ ما حیدری ز کرّاری ست

امیرِ قافلہ تو، سخت کوش و پیہم کوش
کہ در قبیلۂ ما حیدری ز کراری

تو چشم بستی و گفتی کہ ایں جہاں خواب است
کشائے چشم کہ ایں خواب خوابِ بیداری ست

ہو آنکھ بند تو لگتا ہے خواب یہ عالم
کھلے جو آنکھ، ہے یہ خواب تو بِ بیداری

بخلوت انجمنے آفریں کہ فطرتِ عشق
یکی شناس و تماشا پسندِ بسیاری ست

بخلوت ایک بنا انجمن کہ الفت ہے
یکی شناس و تماشا پسندِ بسیاری

تپید یکدم و کردند زیبِ فتراکش
خوشا نصیبِ غزالے کہ زخمِ او کاری ست

بنا تڑپ کے ہے یکدم یہ زیبِ فترا کی
خوشا نصیب کہ آہو کا زخم ہے کاری

بباغ و راغ گہرہائے نغمہ می پاشم
گراں متاع و چہ ارزاں ز کند بازاری ست

بباغ و راغ گہرہائے نغمہ ہیں جو مرے
کرے بہت انہیں ارزاں ہے کند بازاری

۱۳

عرب کہ باز دہد محفلِ شبانہ کجاست
عجم کہ زندہ کند رودِ عاشقانہ کجاست

عرب کہ باز کرے محفلِ شبانہ، دکھا
عجم کہ زندہ کرے جذبِ عاشقانہ، دکھا

بزیرِ خرقۂ پیراں سبوچہ ہا خالی ست
فغاں کہ کس تشنہ سد مئے جوانہ کجاست

ہیں زیرِ خرقۂ پیراں سبوچے سب خالی
جواں، پیاس ہو جس کے مئے جوانہ، دکھا

دریں چمن کدہ ہر کس نشیمنے سازد
کسے کہ سازد و واسوزد آشیانہ کجاست

بنائے سب نے نشیمن ہیں اس گلستاں میں
کوئی بنا کے جلائے جو آشیانہ، دکھا

ہزار قافلہ بیگانہ وار دید و گذشت
دلے کہ دید بہ اندازِ محرمانہ کجاست

ہزار دیکھ کے بیگانہ وار جاتے ہیں
وہ اک جو دیکھے بہ اندازِ محرمانہ، دکھا

چو موج خیزد بہ یم جاودانہ می آویز
کرانہ می طلبی، بے خبر کرانہ کجاست

تو ایک موجِ یمِ بے کراں ہے اے غافل
ہے کوئی دیکھتا جو ہے یہاں کرانہ، دکھا

بیا کہ در رگِ تاکِ تو خونِ تازہ دوید
دگر مگو کہ آں بادۂ مغانہ کجاست

جو خونِ تازہ رگِ تاک میں تری دوڑا
اگر ہے ایسا کوئی بادۂ مغانہ، دکھا

۱۴/۳

ناموسِ ازل را تو امینی، تو امینی	ناموسِ ازل کا تُو امینی، تُو امینی
دارائے جہاں را تو یساری، تو یمینی	دارائے جہاں کا تُو یساری، تُو یمینی
اے بندۂ خاکی تو زمانی، تو زمینی	اے بندۂ خاکی تُو زمانی، تُو زمینی
صہبائے یقیں درکش و از دیرِ گماں خیز	صہبائے یقیں پی کے تُو از دیرِ گماں اٹھ

از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں خیز
از خوابِ گراں خیز

از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں اٹھ
از خوابِ گراں اٹھ

فریاد ز افرنگ و دلآویزیٔ افرنگ	فریاد ز افرنگ و دلآویزیٔ افرنگ
فریاد ز شیرینی و پرویزیٔ افرنگ	فریاد ز شیرینی و پرویزیٔ افرنگ
عالم ہمہ ویرانہ ز چنگیزیٔ افرنگ	عالم ہمہ ویرانہ ز چنگیزیٔ افرنگ
معمارِ حرم! باز بہ تعمیرِ جہاں خیز	معمارِ حرم کرنے کو تعمیرِ جہاں اٹھ

از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں خیز
از خوابِ گراں خیز

از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں اٹھ
از خوابِ گراں اٹھ

۱۵

باز بر رفته و آئنده نظر باید کرد
هله برخیز! که اندیشه دگر باید کرد

پھر سے بر رفتہ و آئندہ نظر کرتے ہیں
دور اندیش ہیں اندیشہ دگر کرتے ہیں

عشق بر ناقهٔ ایام کشد محملِ خویش
عاشقی ؟ راحله از شام و سحر باید کرد

عشق کی ناقۂ ایام پہ محمل ہو جب
عاشقاں راحلہ از شام و سحر کرتے ہیں

پیرِ ما گفت جہاں بر روشے محکم نیست
از خوش و ناخوشِ او قطع نظر باید کرد

اس قدر شیوۂ دنیا ہوا نا محکم ہے
شادی و رنج سے ہم قطع نظر کرتے ہیں

تو اگر ترکِ جہاں کردہ سرِ او داری
پس نخستیں ز سرِ خویش گذر باید کرد

چاہتے ترک جو کرنا ہیں سرِ دنیا کو
سب سے پہلے ز سرِ خویش گزر کرتے ہیں

گفتمش در دلِ من لات و منات است بسے
گفت ایں بتکدہ را زیر و زبر باید کرد

دل کہ رکھتا ہے بہت لات و منات اور ابھی
ایسے بتخانوں کو ہم زیر و زبر کرتے ہیں

۱۶

خیالِ من بہ تماشائے آسماں بود است	خیالِ من بہ تماشائے آسماں ہے اک
بدوشِ ماہ و بآغوشِ کہکشاں بود است	بدوشِ ماہ و بآغوشِ کہکشاں ہے اک
۱۷

بشاخِ زندگیٔ ما نمے ز تشنہ لبی ست
تلاشِ چشمۂ حیواں دلیلِ کم طلبی ست

بشاخِ زندگیٔ ما نمے ز تشنہ لبی
تلاشِ چشمۂ حیواں دلیلِ کم طلبی

حدیثِ دل بہ کہ گویم، چہ راہ برگیرم
کہ آہ بے اثر است و نگاہ بے ادبی ست

حدیثِ دل میں کہوں کس سے اور کہاں جاؤں
کہ آہ بے اثری ہے، نگاہ بے ادبی

غزل بزمزمہ خواں، پردہ پست تر گرداں
ہنوز نالۂ مرغاں نوائے زیرِ لبی ست

غزل سنا کوئی دھیمے سروں میں آہستہ
ابھی ہے نالۂ مرغاں نوائے زیرِ لبی

متاعِ قافلۂ ما حجازیاں بردند
ولے زباں نکشائی کہ یارِ ما عربی ست

متاعِ قافلہ سارا حجازیوں نے لیا
شکایت ہم کو ہو کیسے کہ یار ہے عربی

نہالِ ترک ز برقِ فرنگ بار آورد
ظہورِ مصطفوی را بہانہ بولہبی ست

نہالِ ترک ز برقِ فرنگ بار آور
ظہورِ مصطفوی کو بہانہ بولہبی

مسنج معنیِ من در عیارِ ہند و عجم
کہ اصلِ ایں گہر از گریہ ہائے نیم شبی ست

عیارِ ہند و عجم میں نہ تول میرا سخن
یہ دُر ہے قیمتی از گریہ ہائے نیم شبی

بیا کہ من ز خُمِ پیرِ روم آوردم
مئے سخن کہ جواں تر ز بادۂ عنبی ست

یہ چونکہ لی ہے خُمِ پیرِ روم سے میں نے
مئے سخن ہے جواں تر ز بادۂ عنبی

۱۸

ایں گنبدِ مینائی، ایں پستی و بالائی
در شد بہ دلِ عاشق، بایں ہمہ پہنائی

یہ گنبدِ مینائی، یہ پستی و بالائی
سب ہیں دلِ عاشق میں، کیا اسکی ہے پہنائی

اسرارِ ازل جوئی بر خود نظرے وا کن
یکتائی و بسیاری، پنہانی و پیدائی

اسرارِ ازل تجھ کو آئیں ہیں نظر دل میں
یکتائی و بسیاری، پنہانی و پیدائی

اے جانِ گرفتارم دیدی کہ محبت چیست ؟
در سینہ نیاسائی، از دیدہ بروں آئی

خونریزی تری جیسی کرتی ہے محبت بھی
سینے میں یہ بن کر خوں آنکھوں سے نکل آئی

برخیز کہ فروردیں افروخت چراغِ گل
برخیز و دمے بنشیں با لالۂ صحرائی

روشن ہے بہاراں سے کس طرح چراغِ گل
کر تو بھی نظر روشن با لالۂ صحرائی

عشق است و ہزار افسوں، حسن است و ہزار آئیں
نے من بشمار آیم، نے تو بشمار آئی

ہے عشق ہزار افسوں، ہے حسن ہزار آئیں
اندوہ سے ہوتی ہے عاشق کی دل افزائی

صد رہ بفلک بر شد، صد رہ بہ زمیں در شد
خاقانی و فغفوری، جمشیدی و دارائی

رہتی جو فلک پر تھی، مدفون زمیں میں ہے
خاقانی و فغفوری، جمشیدی و دارائی

ہم با خود و ہم با او، ہجراں کہ وصال است ایں
اے عقل چہ می گوئی، اے عشق چہ فرمائی

اے عقل تو بتلا دے، اے عشق تو فرما دے
کیوں ہجر میں وصلت ہے، کیوں وصل میں تنہائی

۱۹

هوسِ منزلِ لیلیٰ نہ تو داری و نہ من
جگرِ گرمیٔ صحرا نہ تو داری و نہ من

ہوسِ منزلِ لیلیٰ نہ تجھے ہے نہ مجھے
جگرِ گرمیٔ صحرا نہ تجھے ہے نہ مجھے

من جواں ساقی و تو پیرِ کہن میکدہ
بزمِ ما تشنہ و صہبا نہ تو داری و نہ من

میں جواں ساقی و تُو پیرِ کہن میخانہ
یاں پہ لیکن ملے صہبا نہ تجھے ہے نہ مجھے

دل و دیں در گروِ زہرہ وشانِ عجمی
آتشِ شوقِ سلیمیٰ نہ تو داری و نہ من

کر دیئے دل نذرِ زہرہ وشانِ عجمی
شوقِ دیدارِ سلیمیٰ نہ تجھے ہے نہ مجھے

خزفے بود کہ از ساحلِ دریا چیدیم
دانۂ گوہرِ یکتا نہ تو داری و نہ من

سنگ ریزوں میں بہت ڈھونڈتے ساحل پہ رہے
پر ملا گوہرِ یکتا نہ تجھے ہے نہ مجھے

دگر از یوسفِ گم گشتہ سخن نتواں گفت
تپشِ خونِ زلیخا نہ تو داری و نہ من

دَر کیا پردۂ عصمت کو ہوس نے اُس کا
علم جذباتِ زلیخا نہ تجھے ہے نہ مجھے

بہ کہ با نورِ چراغِ تہِ داماں سازیم
طاقتِ جلوۂ سینا نہ تو داری و نہ من

ہم کریں برقِ تجلی کا تقاضا کیسے
طاقتِ جلوۂ سینا نہ تجھے ہے نہ مجھے

۲۰

دلیلِ منزلِ شوقم بدامنم آویز
شرر ز آتشِ نابم بخاکِ خویش آمیز

کرے ہے شوق مرا اشتیاقِ رہبر تیز
ہے اس کی خاک مری آگ سے شرر آمیز

عروسِ لالہ بروں آمد از سراچۂ ناز
بیا کہ جانِ تو سوزم ز حرفِ شوق انگیز

ہزار ناز سے آئی عروسِ لالہ بروں
ہے تاب تجھ میں تو سن میرا حرفِ شوق انگیز

بہر زمانہ بہ اسلوبِ تازہ می گویند
حکایتِ غمِ فرہاد و عشرتِ پرویز

طرح طرح سے سناتے ہیں ہر زمانے میں
حکایتِ غمِ فرہاد و عشرتِ پرویز

اگرچہ زادۂ ہندم، فروغِ چشمِ من است
ز خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز

ہوں اہلِ ہند ولے روشنیٔ چشم مری
ہے خاکِ پاکِ بخارا و کابل و تبریز

۲۱

در جہانِ دلِ ما دورِ قمر پیدا نیست
انقلابیست ولے شام و سحر پیدا نیست

عالمِ دل میں مرے دورِ قمر ہے نہ کہیں
انقلابات میں بھی شام و سحر ہے نہ کہیں

وائے آں قافلہ کز دونیٔ ہمت می خواست
رہگذارے کہ درو ہیچ خطر پیدا نیست

وائے دوں ہمتیٔ قافلہ ڈھونڈے جو ہے
رہگزر جس میں ذرا سا بھی خطر ہے نہ کہیں

بگذر از عقل و در آویز بموجِ یمِ عشق
کہ در آں جوئے تنک مایہ گہر پیدا نیست

چھوڑ آسودگیٔ عقل، یمِ عشق میں جا
جوئے کم مایۂ دانش میں گہر ہے نہ کہیں

آنچہ مقصودِ تگ و تازِ خیالِ من و تست
ہست در دیدہ و مانندِ نظر پیدا نیست

ہے جو مقصودِ تگ و تازِ خیالِ من و تو
وہ بروں دیدہ مری پائے نظر ہے نہ کہیں

۲۲

سوزِ سخن ز نالۂ مستانۂ دل است این شمع را فروغ ز پروانۂ دل است	سوزِ سخن ز نالۂ مستانۂ دلے ہے شمع کو فروغ ز پروانۂ دلے
مشتِ گلیم و ذوقِ فغانے نداشتیم غوغائے ما ز گردشِ پیمانۂ دل است	ضبطِ غمے و ذوقِ فغانے نہیں مجھے غوغا مرا بہ گردشِ پیمانۂ دلے
ایں تیرہ خاکداں کہ جہاں نام کردۂ فرسودہ پیکرے ز صنم خانۂ دل است	یہ تیرہ خاکداں کہ جہاں جس کا نام ہے فرسودہ پیکرے ز صنم خانۂ دلے
اندر رصد نشستہ حکیم ستارہ بیں در جستجوئے سرحدِ ویرانۂ دل است	کرتا مشاہدہ ہے حکیم ستارہ بیں در جستجوئے سرحدِ ویرانۂ دلے
لاہوتیاں اسیرِ کمندِ نگاہِ او صوفی ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دل است	لاہوتیاں اسیرِ کمندِ نگاہِ او صوفی ہلاکِ شیوۂ ترکانۂ دلے
محمود غزنوی کہ صنم خانہ ہا شکست زناریٔ بتانِ صنم خانۂ دل است	محمودِ بت شکن کو بنایا ہے شوق نے زناریٔ بتانِ صنم خانۂ دلے
غافل ترے ز مردِ مسلماں ندیدہ ام دل در میانِ سینہ و بیگانۂ دل است	غافل نہیں ہے مردِ مسلماں سا کوئی دل در میانِ سینہ و بیگانۂ دلے

۲۳

سطوت از کوہ ستانند و بہ کاہے بخشند	سطوت و شوکتِ کوہسار بہ کاہے بخشیں
کلہِ جم بگدائے سرِ راہے بخشند	کلہ جم بگدائے سرِ راہے بخشیں
در رہِ عشق فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست	عشق کی رہ میں فلاں ابنِ فلاں چیز نہ کچھ
یدِ بیضائے کلیمے بہ سیاہے بخشند	یدِ بیضائے کلیمے بہ سیاہے بخشیں
گاہ شاہی بہ جگر گوشۂ سلطان ندہند	گاہ شاہی بہ جگر گوشۂ سلطان نہ دیں
گاہ باشد کہ بزندانئ چاہے بخشند	گہے سلطانی بزندانئ چاہے بخشیں
فقر را نیز جہاں بان و جہاں گیر کنند	گر فقیروں کو جہاں بان و جہاں گیر کریں
کہ بہ ایں راہ نشیں تیغِ نگاہے بخشند	رہ نشینوں کو گہے تیغِ نگاہے بخشیں
عشق پامالِ خرد گشت و جہاں دیگر شد	عشق پامالِ خرد اور جہاں دیگر گوں
بود آیا کہ مرا رخصتِ آہے بخشند	کاش وہ مجھ کو ذرا رخصتِ آہے بخشیں

۲۴

نہ تو اندر حرم گنجی نہ در بتخانہ می آئی
ولیکن سوئے مشتاقاں چہ مشتاقانہ می آئی

قدم بے باک تر نہ در حریمِ جانِ مشتاقاں
تو صاحب خانۂ آخر چرا دزدانہ می آئی

بغارت می بری سرمایۂ تسبیح خواناں را
بشبخونِ دلِ زناریاں ترکانہ می آئی

گہے صد لشکر انگیزی کہ خونِ دوستاں ریزی
گہے در انجمن با شیشہ و پیمانہ می آئی

تو بر نخلِ کلیمے بے محابا شعلہ می ریزی
تو بر شمعِ یتیمے صورتِ پروانہ می آئی

بیا اقبالؔ جامے از خمستانِ خودی درکش
تو از میخانۂ مغرب ز خود بیگانہ می آئی

سماتا ہے حرم میں اور نہ در بتخانہ آتا ہے
ولیکن سوئے مشتاقاں تو مشتاقانہ آتا ہے

حریمِ جانِ مشتاقاں کے بیباکانہ اندر آ
تو صاحب خانۂ اپنے گھر میں کیوں دزدانہ آتا ہے

کرے غارت گری سرمایۂ تسبیح خواناں کی
بہ شبخونِ دلِ زناریاں ترکانہ آتا ہے

گہے صد لشکر انگیزی سے تو کرتا ہے خونریزی
گہے محفل میں لے کر شیشہ و پیمانہ آتا ہے

جلاتا بے محابا ہے نہالِ طور کو لیکن
تو بر شمعِ یتیمے صورتِ پروانہ آتا ہے

خمستانِ خودی میں کر کبھی اقبالؔ میخواری
تو از میخانۂ مغرب ز خود بیگانہ آتا ہے

۲۵

مثلِ آئینہ مشو محوِ جمالِ دگراں
از دل و دیدہ فرو شوے خیالِ دگراں

آتش از نالۂ مرغانِ حرم گیر و بسوز
آشیانے کہ نہادی بہ نہالِ دگراں

در جہاں بال و پرِ خویش کشودن آموز
کہ پریدن نتواں با پر و بالِ دگراں

مردِ آزادم و آں گونہ غیورم کہ مرا
می تواں کشت بیک جامِ زلالِ دگراں

اے کہ نزدیک تر از جانی و پنہاں ز نگہ
ہجرِ تو خوشترم آید ز وصالِ دگراں

مثلِ آئینہ نہ ہو محوِ جمالِ دگراں
دھو دل و دیدہ سے اپنے تو خیالِ دگراں

آتشِ نالۂ مرغاں سے جلا دے اسکو
آشیانہ جو ترا ہے بہ نہالِ دگراں

سیکھ افشانئ بال و پرِ خود کرنی پھر
کہ نہ اڑتا ہے کوئی با پر و بالِ دگراں

مردِ آزاد ہوں، غیور بھی ایسا ہوں میں
قتل کرتا ہے مجھے آبِ زلالِ دگراں

اے کہ نزدیک تر از جان و نہاں از دیدہ
خوب تر ہجر ہے تیرا ز وصالِ دگراں

۲۶

جہانِ عشق نہ میری، نہ سروری داند	جہانِ عشق نہ میری، نہ سروری جانے
ہمیں بس است کہ آئینِ چاکری داند	وہ جانے کچھ ہے تو آئینِ چاکری جانے
نہ ہر کہ طوفِ بتے کرد و بست زنارے	نہ ہر کوئی جو کرے ہے طوافِ بتخانہ
صنم پرستی و آدابِ کافری داند	صنم پرستی و آدابِ کافری جانے
ہزار خیبر و صد گونہ اژدر است ایں جا	ہزار خیبر و صد گونہ اژدہے ہر سو
نہ ہر کہ نانِ جویں خورد حیدری داند	نہ ہر کہ نانِ جویں کھائے حیدری جانے
بچشمِ اہلِ نظر از سکندر افزون است	بچشمِ اہلِ نظر ہے فزوں سکندر سے
گداگرے کہ مآلِ سکندری داند	گداگرے کہ مآلِ سکندری جانے
بعشوہ ہائے جوانانِ ماہ سیما چیست	نہ جستجوئے جوانانِ ماہ سیما کر
در آ بحلقۂ پیرے کہ دلبری داند	تو آ بہ حلقۂ پیرے کہ دلبری جانے
چہ گویمت ز مسلمانِ نا مسلمانے	یہ کیسا طورِ مسلمانِ نا مسلمان ہے
جز ایں کہ پورِ خلیل است و آذری داند	کہ ہو کے آلِ براہیم آذری جانے
یکے بہ غمکدۂ من گذر کن و بنگر	تو آ کے دیکھ ذرا میرے غمکدے میں کبھی
ستارہ سوختۂ کیمیا گری داند	ستارہ سوختہ کیا کیمیا گری جانے
بیا بمجلسِ اقبالؔ و یک دو ساغر کش	درونِ محفلِ اقبالؔ آ کے دیکھ کہ وہ
اگرچہ سر نہ تراشد قلندری داند	منڈائے سر نہیں لیکن قلندری جانے

۴۷

خواجۂ نیست کہ چو بندہ پرستارش نیست
بندۂ نیست کہ چو خواجہ خریدارش نیست

ہے نہ خواجہ کہ جو بندہ سا پرستار نہیں
ہے نہ بندہ بھی جو خواجہ سا خریدار نہیں

گرچہ از طورِ کلیم است بیانِ واعظ
تابِ آں جلوہ بآئینۂ گفتارش نیست

ذکرِ سینا کرے واعظ تو ہے لیکن اسکے
تابِ یک جلوہ بہ آئینۂ گفتار نہیں

پیرِ ما مصلحتاً رُو بمجاز آوردہ است
ورنہ با زہرہ وشاں ہیچ سروکارش نیست

پیرِ ما مصلحتاً رُو بہ مجاز ہووے ہے
مہ وشوں سے اسے کچھ ورنہ سروکار نہیں

دل با دو بندُ و ازیں خرقہ فروشاں بگریز
نشوی صیدِ غزالے کہ زتاتارش نیست

صرف دل اُس سے لگا خرقہ فروشوں کی نہ سن
ہو نہ تُو صیدِ غزالے کہ ز تاتار نہیں

نغمۂ عافیت از بربطِ من می طلبی ؟
از کجا برکشم آں نغمہ کہ در تارش نیست

نغمۂ عافیت اک تجھ کو طلب بربط سے
زمزمہ ایسا ولے رکھتا کوئی تار نہیں

دلِ ما قشقہ زد و برہمنی کرد ولے
آں چناں کرد کہ شائستۂ زنارش نیست

کھینچ کر قشقہ کرے برہمنی دل میرا
پر کسی طور یہ شائستۂ زنار نہیں

عشق در صحبتِ میخانہ بگفتار آید
زانکہ در دَیر و حرم محرمِ اسرارش نیست

عشق کی بات سمجھتا ہے مری پیرِ مغاں
کوئی در دَیر و حرم محرمِ اسرار نہیں

۲۸

اگرچہ زیبِ سرش افسر و کلاہے نیست
گدائے کوئے تو کمتر ز پادشاہے نیست

ہے سر پہ اسکے اگر افسر و کلاہ نہیں
گدائے کو ترا کمتر ز پادشاہ نہیں

بخواب رفتہ جوانان و مردہ دل پیراں
نصیبِ سینۂ کس آہِ صبحگاہے نیست

بخواب رفتہ جوانان و مردہ دل پیراں
درونِ سینہ کوئی آہِ صبحگاہ نہیں

بایں بہانہ بدشتِ طلب ز پا منشیں
کہ در زمانۂ ما آشنائے راہے نیست

نہ بیٹھ دشتِ طلب میں تو اس بہانے سے
کہ تیرے ساتھ کوئی آشنائے راہ نہیں

ز وقتِ خویش چہ غافل نشستۂ دریاب
زمانۂ کہ حسابش بہ سال و ماہے نیست

تو وقتِ خویش سے غافل ہوا ہے، حاصل کر
زمانہ جس میں شمارش بہ سال و ماہ نہیں

دریں رباطِ کہن چشمِ عافیت داری؟
ترا بہ کشمکشِ زندگی نگاہے نیست

نہ اس رباطِ کہن میں کر عافیت جوئی
تجھے بہ کشمکشِ زندگی نگاہ نہیں

گنہ و ما چہ نویسند کاتبانِ عمل
نصیبِ ما ز جہانِ تو جز نگاہے نیست

گناہ لکھتے مرے ہیں کیوں کاتبانِ عمل
ملا جہاں میں ترے کچھ سوا نگاہ نہیں

بیا کہ دامنِ اقبالؔ را بدست آریم
کہ او ز خرقہ فروشانِ خانقاہے نیست

نہ چھوڑ دامنِ اقبالؔ ہاتھ سے اپنے
کہ اس میں خرقہ فروشیِ خانقاہ نہیں

۲۹

نظرِ تو ہمہ تقصیرِ خرد کوتاہی	نگہ تیری ہمہ تقصیرِ خرد کوتاہی
نرسی جز بہ تقاضائے کلیم اللّٰہی	نہ ملے جز بہ تقاضا ہے کلیم اللّٰہی
راہ کو راست بجو غوطہ زن اے سالکِ راہ	ڈھونڈ مت جادہ، لگا غوطہ تو اے سالکِ رہ
جادہ را گم نکند در تہِ دریا ماہی	راہ گم کرتی نہیں در تہِ دریا ماہی
حاجتے پیشِ سلاطیں نبرد مردِ غیور	مانگتا ہے نہ سلاطین سے کچھ مردِ غیور
چہ تواں کرد کہ از کوہ نیاید کاہی	چاہتا فقر نہیں منصب و صاحب جاہی
مگذر از نغمۂ شوقم کہ بیابی در وے	نغمۂ شوق مرا سن کہ ملیں گے اس میں
رمزِ درویشی و سرمایۂ شاہنشاہی	رمزِ درویشی و سرمایۂ شاہنشاہی
نفسم با تو کند آنچہ بہ گُل کرد نسیم	تجھ کو ہو میرا نفس گُل کو جو ہے بادِ صبا
اگر از لذتِ آہِ سحری آگاہی	حظِ آہِ سحری سے ہو تجھے آگاہی
اے فلک چشمِ تو بیباک و بلا جوست ہنوز	اے فلک چشم ہے بیباک و بلا جُو تیری
می شناسم کہ تماشائے دگر می خواہی	دیکھے عالم تو نیا گر ہو تماشا خواہی

پیامِ مشرق

لالۂ طور

قطعات و رُباعیات

۱

گریز آخر ز عقلِ ذو فنون کرد
دلِ خود کام را از عشق خوں کرد

گریز ہم کو ز عقلِ ذوفنوں ہے
دلِ خود کام کرتا عشق خوں ہے

ز اقبالِ فلک پیما چہ پرسی
حکیمِ نکتہ دانِ ما جنوں کرد

نہ اقبالِ فلک پیما کی پوچھو
حکیمِ نکتہ داں میں بھی جنوں ہے

۲

دلِ من روشن از سوزِ درون است
جہاں بیں چشمِ من از اشکِ خون است

کرے روشن جو دل سوزِ دروں ہے
جہاں بیں چشم کرتا اشکِ خوں ہے

ز رمزِ زندگی بیگانہ تر باد
کسے کو عشق را گوید جنون است

وہ بیگانہ ہے رمزِ زندگی سے
جو کہتا عشق کو میرے جنوں ہے

۳

بباغاں بادِ فروردیں دہد عشق
براغاں غنچہ چوں پرویں دہد عشق

بباغاں بادِ فروردیں ترا عشق
براغاں زہرہ و پرویں ترا عشق

شعاعِ مہرِ د قلزم شگاف است
بماہی دیدۂ رہ بیں دہد عشق

شعاعِ عشق ہے قلزم شگاف اک
بماہی دیدۂ رہ بیں ترا عشق

۴

ببرگِ لالہ رنگ آمیزیٔ عشق
بجانِ ما بلا نگیزیٔ عشق

اگر ایں خاکداں را داشگافی
درونش بنگری خونریزیِ عشق

بہ برگِ لالہ رنگ آمیزیٔ عشق
بہ جانِ ما بلا انگیزیٔ عشق

اگر اس خاکداں کا سینہ چیریں
نظر آئے وہاں خونریزیٔ عشق

۵

نہ ہر کس از محبت مایہ دار است
نہ با ہر کس محبت سازگار است

بروید لالہ با داغِ جگر تاب
دلِ لعلِ بدخشاں بے شرار است

نہ ہر کس کو محبت مایہ داری
نہ ہر کس کی کرے یہ سازگاری

اُگے ہے لالہ با داغِ جگر تاب
دلِ لعل و گہر ہے بے شراری

۶

دریں گلشن پریشاں مثلِ بویم
نمی دانم چہ می خواہم چہ جویم

بر آید آرزو یا بر نیاید
شہیدِ سوز و سازِ آرزویم

چمن میں ہم پریشاں مثلِ بو ہیں
نہ جانے کس کی کرتے جستجو ہیں

بر آئے آرزو یا بر نہ آئے
شہیدِ سوز و سازِ آرزو ہیں

۷

جہاں مشتِ گِل و دل حاصلِ اوست	جہاں مشتِ گِل اور دل اسکا حاصل
ہمیں یک قطرۂ خوں مشکلِ اوست	ہے اک قطرہ مگر کتنا ہے مشکل
نگاہِ ما دو بیں افتاد ورنہ	نگہ دو بیں ہماری ہے وگرنہ
جہانِ ہر کسے اندر دلِ اوست	جہاں سارا ہے خود اک حاصلِ دل

۸

سحر می گفت بلبل باغباں را	کہا بلبل نے اکدن باغباں سے
دریں گِل جز نہالِ غم نگیرد	کہ گلشن جز نہالِ غم نہیں کچھ
بہ پیری می رسد خارِ بیاباں	مَرے ہے پیر ہو کر خار لیکن
ولے گُل چوں جواں گردد بمیرد	شبابِ گل اجل سے کم نہیں کچھ

۹

نوائے عشق را ساز است آدم	نوائے عشق کا ہے ساز آدم
کشاید راز و خود راز است آدم	گو ہے کشّاف، خود ہے راز آدم
جہاں او آفرید ایں خوب تر ساخت	بنایا خوب عالم، خوب تر ہے
مگر با ایزد انباز است آدم	خدا کا ہے یہ کیا انباز آدم

۱۰

نہ من انجام، نے آغاز جویم
ہمہ رازم، جہانِ راز جویم
گر از روئے حقیقت پردہ گیرند
ہماں یوک د مگر را باز جویم

نہ ہم انجام، نے آغاز ڈھونڈیں
خفی ہیں خود، جہانِ راز ڈھونڈیں
کبھی کھل جائے گر روئے حقیقت
وہی کاش و مگر ہم باز ڈھونڈیں

۱۱

دلا، نارائیِ پروانہ تا کے
نگیری شیوۂ مردانہ تا کے
یکے خود را بسوزِ خویشتن سوز
طوافِ آتشِ بیگانہ تا کے

تجھے بے فکرئی پروانہ کب تک
یہ عارِ شیوۂ مردانہ کب تک
خودی کے سوز میں خود کو جلا دے
طوافِ آتشِ بیگانہ کب تک

۱۲

تنے پیدا کن از مشتِ غبارے
تنے محکم تر از سنگیں حصارے
درونِ او دلِ درد آشنائے
چو جوئے در کنارِ کہسارے

تن اک پیدا کر از مشتِ غبارے
جو ہو محکم تر از سنگیں حصارے
دلِ درد آشنا ہو اس میں، جیسے
کہ جوئے در کنارِ کہسارے

۱۳

ز آب و گِل خدا خوش پیکرے ساخت
جہانے از ارم زیبا ترے ساخت
ولے ساقی بہ آں آتش کہ دارد
ز خاکِ من جہانِ دیگرے ساخت

بہ آب و گِل بنا خوش پیکرے تُو
جہانے از ارم زیبا ترے تُو
بنا آتش سے، جو ہے پاس تیرے
ز خاکِ من جہانِ دیگرے تُو

۱۴

بہ یزداں روزِ محشر برہمن گفت
فروغِ زندگی "تابِ شرر بود
ولیکن گر نرنجی با تو گویم
صنم از آدمی پائندہ تر بود

کہا محشر میں رب سے برہمن نے
فروغِ زندگی تابِ شرر ہے
برا گر تُو نہ مانے تو کہوں میں
صنم از آدمی پائندہ تر ہے

۱۵

گذشتی تیز گام اے اخترِ صبح
مگر از خوابِ ما بیزار رفتی
من از ناآگہی گم کردہ راہم
تو بیدار آمدی، بیدار رفتی

ہے گر تیزی سے جائے اخترِ صبح
تو میرے خواب سے بیزار جائے
کرے غافل مجھے ناآگہی ہے
رہے بیدار وہ، بیدار جائے

۱۶

تہی از ہاے و ہو میخانہ بودے
گلِ ما از شرر بیگانہ بودے

نبودے عشق و ایں ہنگامۂ عشق
اگر دل چو خرد فرزانہ بودے

تہی از ہا و ہو میخانہ ہووے
شرر سے گِل مری بیگانہ ہووے

نہ ہووے عشق اور ہنگامۂ عشق
اگر دل عقل سا فرزانہ ہووے

۱۷

ترا اے تازہ پرواز آفریدند
سراپا لذتِ بال آزمائی

ہوس ما را گراں پرواز دارد
تو از ذوقِ پریدن پرگشائی

بلند اقبال و شہباز و ہما تو
سراپا لذتِ بال آزما تو

چمن میں اس گراں پرواز ہوں میں
سبک پرواز تو ہے، پرگشا تو

۱۸

شنیدم در عدم پروانہ می گفت
دمے از زندگی تاب و تبم بخش

پریشاں کن سحر خاکسترم را
ولیکن سوز و سازِ یک شبم بخش

کہا رب سے پتنگے نے عدم میں
مجھے دم بھر کی عمرِ تاب و تب دے

پریشاں صبحدم کر خاک میری
لیے پہلے تو سوز و سازِ شب دے

۱۹

رہے در سینۂ انجم کشائی
دلے از خویشتن نا آشنائی

دلِ انجم میں رہ تو نے بنائی
مگر خود سے رہی نا آشنائی

یکے بر خود کشا چوں دانہ چشمے
کہ از زیرِ زمیں نخلے بر آئی

تو مثلِ دانہ ابھرے نخل بن کر
اگر خود پر کرے دیدہ کشائی

۲۰

مرا ذوقِ سخن خوں در جگر کرد
غبارِ راہ را مشتِ شرر کرد

کرے ذوقِ سخن خونِ جگر ہے
غبارِ رہ بنے مشتِ شرر ہے

بگفتارِ محبت لب کشودم
بیاں ایں راز را پوشیدہ تر کرد

بیانِ عشق میرا پر ہے ایسا
کرے یہ راز اور پوشیدہ تر ہے

۲۱

ترا یک نکتۂ سربستہ گویم
اگر درسِ حیات از من بگیری

بتاؤں نکتۂ سربستہ تجھ کو
سنے گر غور سے اک بات میری

بمیری گر بہ تن جانے نداری
وگر جانے بہ تن داری، نمیری

نکلتی جاں ہے گر بے جان ہو دل
ہو دل میں جاں تو نکلے جاں نہ تیری

۲۲

بہل افسانۂ آں پا چراغے
حدیثِ سوزِ او بآزارِ گوشش است

نہ سن افسانہ ہائے پا چراغے
حکایت اس کی ہے آزارِ گوشی

من آں پروانہ را پروانہ دانم
کہ جانش سخت کوش و شعلہ نوش است

اگر پروانہ کوئی ہے تو وہ ہے
ہو جس کو سخت کوشی، شعلہ نوشی

۲۳

ترا از خویشتن بیگانہ سازد
من آں آبِ طربناکے ندارم

کرے بیگانہ خود سے، پاس میرے
وہ اک آبِ طربناکے نہیں ہے

بیازارم مجو دیگر متاعے
چو گل جز سینۂ چاکے ندارم

متاع بازار میں مت ڈھونڈ میرے
کہ واں جز سینۂ چاکے نہیں ہے

۲۴

زیاں بینی ز سیرِ بوستانم
اگر جانت شہیدِ جستجو نیست

نہ جز نقصاں ملے گا کچھ چمن میں
نہیں گر تُو شہیدِ جستجو ہے

نمایم آنچہ ہست اندر رگِ گل
بہارِ من طلسمِ رنگ و بو نیست

تُو دیکھے گا رگِ گل ایک، جس میں
نہیں کوئی طلسمِ رنگ و بو ہے

۲۵

برون از ورطۂ بود و عدم شو
فزوں تر زیں جہانِ کیف و کم شو
خودی تعمیر کن در پیکرِ خویش
چو ابراہیم معمارِ حرم شو

بروں از ورطۂ بود و عدم ہو
فزوں تر از جہانِ کیف و کم ہو
خودی تعمیر کر پیکر میں اپنے
بن ابراہیم معمارِ حرم ہو

۲۶

ز مرغانِ چمن نا آشنایم
بشاخِ آشیاں تنہا سرایم
اگر نازک دلی از من کراں گیر
کہ خونم می تراود از نوایم

ز مرغانِ چمن نا آشنا میں
بشاخِ آشیاں نغمہ سرا ہیں
ہے نازک دل اگر رہ دُور مجھ سے
کہ خوں ٹپکائے جو ہوں وہ نوا ہیں

۲۷

جہاں یارب چہ خوش ہنگامہ دارد
ہمہ را مستِ یک پیمانہ کر دی
نگہ را با نگہ آمیز دادی
دل از دل، جاں ز جاں بیگانہ کردی

یہ کیا ہنگامہ یارب ہے کہ سب کو
کیا ہے مستِ یک پیمانہ تُو نے
ملا دی ہیں نگاہیں، پر کئے ہیں
دل از دل، جاں ز جاں بیگانہ تُو نے

۲۸

سکندر با خضر خوش نکتہ گفت
شریکِ سوز و سازِ بحر و بر شو

تو ایں جنگ از کنارِ عرصہ بینی
بمیر اندر نبرد و زندہ تر شو

سکندر نے کہا اک دن خضر سے
شریکِ سوز و سازِ بحر و بر ہو

نہ بیٹھا دور سے یوں دیکھ جنگیں
تو مر کے کشمکش میں زندہ تر ہو

۲۹

سریرِ کیقباد، اکلیلِ جم خاک
کلیسا و بتستان و حرم خاک

ولیکن من ندانم گوہرم چیست
نگاہم برتر از گردوں، تنم خاک

کلاہِ کیقباد و تختِ جم خاک
کنشت و بتکدہ، دیر و حرم خاک

مگر دیکھو، ہے کیا جوہر ہمارا!
نگہ عرشِ بریں پر اور ہم خاک

۳۰

اگر در مشتِ خاکِ تو نہادند
دلِ صد پارۂ خونابہ بارے

ز ابرِ نو بہاراں گریہ آموز
کہ از اشکِ تو روید لالہ زارے

ہو مشتِ خاک میں تیری کبھی گر
دلِ صد پارۂ خونابہ بارے

مثالِ ابرِ گریاں چشم تیری
کرے سرسبز و تازہ لالہ زارے

۳۱

دمادم نقش ہائے تازہ ریزد بیک صورت قرارِ زندگی نیست	دمادم نقش ہائے تازہ و نو نہ یک صورت قرارِ زندگی ہے
اگر امروزِ تو تصویرِ دوش است بخاکِ تو شرارِ زندگی نیست	اگر ہے آج کل جیسی تو تجھ میں نہیں کوئی شرارِ زندگی ہے

۳۲

چوں ذوقِ نغمہ ام در جلوت آرد قیامت افگنم در محفلِ خویش	مرا ہو ذوقِ نغمہ گر بہ جلوت کروں محشر بپا در محفلِ خویش
چوں می خواہم دمے خلوت بگیرم جہاں را گم کنم اندر دلِ خویش	اگر مل جائے کچھ تھوڑی سی خلوت جہاں کو گم کروں اندر دلِ خویش

۳۳

چہ می پرسی میانِ سینہ دل چیست خرد چوں سوز پیدا کرد، دل شد	ہے سینے میں، نہ پوچھ، اک چیز کیا دل ہوا جب سوز دانش میں، بنا دل
دل از ذوقِ تپش دل بود لیکن چوں یکدم از تپش افتاد، گِل شد	بنایا دل کو دل ذوقِ تپش نے تپش کھوئی اگر اس نے، ہوا گِل

۳۴

نہ پیوستم دریں بستان سرا دل
ز بندِ این و آں آزادہ رفتم

چوں بادِ صبح گردیدم دمے چند
گلاں را آب و رنگے دادہ رفتم

نہ پیوستہ ہوں اک گلشن سرا سے
ز بندِ یں و آں آزاد ہوں میں

گلوں میں آب و تاب و رنگ بھرتی
چلے جو صبح دم وہ باد ہوں میں

۳۵

سفالم را مۓ او جامِ جم کرد
درونِ قطرہ ام پوشیدہ یم کرد

خرد اندر سرم بتخانۂ ریخت
خلیلِ عشق دیرم را حرم کرد

سفال کو مے سے اسکی جامِ جم ہے
مرے قطرے میں اک پوشیدہ یم ہے

خرد پیدا کرے بتخانہ سر میں
بنائے دل میں پر الفت حرم ہے

۳۶

ہنوز از بندِ آب و گِل نہ رستی
تو گوئی رومی و افغانیم من

من اول آدمِ بے رنگ و بویم
ازاں پس ہندی و تورانیم من

نہیں آزادِ بندِ آب و گل وہ
جو کہوے رومی و افغان ہوں میں

میں کہتا لیکن اس سے برملا ہوں
کہ پہلے سب سے اک انسان ہوں میں

۳۷

گدائے جلوہ رفتی بر سرِ طور
کہ جانِ تو ز خود نامحرمے ہست

قدم در جستجوئے آدمے زن
خدا ہم در تلاشِ آدمے ہست

گدائے جلوہ تُو ہے بر سرِ طور
پر اپنے سے تجھے نامحرمی ہے

نہ تُو کیوں ڈھونڈتا ہے آدمی جب
خدا تک کو تلاشِ آدمی ہے

۳۸

بگو جبریل را از من پیامے
مرا آں پیکرِ نوری ندادند

ولے تاب و تبِ ما خاکیاں بیں
بنوری ذوقِ مہجوری ندادند

کہو جا کر کبھی روح الامیں سے
گو تجھ کو پیکرِ نوری ملا ہے

ولے نے خاکیوں کا دل، نہ تجھ کو
متاعِ ذوقِ مہجوری ملا ہے

۳۹

ہمائے علم تا افتد بدامت
یقیں کم کن، گرفتارِ شکے باش

عمل خواہی؟ یقیں را پختہ تر کن
یکے جوے و یکے بین و یکے باش

ہمائے علم آئے دام میں تا
یقیں کم کر، گرفتارِ شکے بن

وگر چاہے عمل، پیدا یقیں کر
یکے جوئے، یکے بینے، یکے بن

۴۰

ز پیوندِ تن و جانم چہ پرسی
بدامِ چند و چوں در می نیایم

دمِ آشفتہ ام در پیچ و تابم
چوں از آغوشِ نے خیزم نوایم

یہ پیوندِ تن و جاں ہے کچھ ایسا
میں دامِ چند و چوں میں آ گرا ہوں

دمِ آشفتہ ہے تاب و تب ہے ایسی
کہ سازوں میں میں اک مضطر نوا ہوں

۴۱

من از بود و نبودِ خود خموشم
اگر گویم کہ ہستم خود پرستم

ولیکن ایں نوائے سادۂ کیست
کسے در سینہ می گوید کہ ہستم

مجھے ہستی سے بہتر نیستی ہے
کہ ہستی میں نہیں جز خود پرستی

نوائے سادہ لیکن ہے یہ کس کی
جو دیتی ہے مجھے احساسِ ہستی

۴۲

ز خوب و زشتِ تو نا آشنایم
عیارش کردۂ سود و زیاں را

دریں محفل ز من تنہا ترے نیست
بچشمِ دیگرے بینم جہاں را

نہ خوب و زشت سے میں آشنا ہوں
نہ کچھ میرے لئے سود و زیاں ہے

نہ تنہا کوئی مجھ جیسا کہ میں نے
بچشمِ دیگراں دیکھا جہاں ہے

۴۳

تو اے شیخِ حرم شاید ندانی
جہانِ عشق را ہم محشرے ہست

نہیں یہ جانتا شیخِ حرم تُو
جہانِ عشق میں بھی محشرے ہے

گناہ و نامہ و میزاں ندارد
نہ او را مسلمے نے کافرے ہست

گناہ و نامہ و میزاں نہ واں پر
نہ کوئی مسلمے نے کافرے ہے

۴۴

چوں تاب از خود بگیرد قطرۂ آب
میانِ صد گہر یک دانہ گردد

جو خود سے تاب لیوے قطرۂ آب
میانِ صد گہر یک دانہ ہووے

بہ بزمِ ہمنوایاں آنچناں زی
کہ گلشن بر تو خلوت خانہ گردد

بہ بزمِ ہمنوایاں رہ تُو ایسے
کہ گلشن تیر خلوت خانہ ہووے

۴۵

میارا بزم بر ساحل کہ آنجا
نوائے زندگانی نرم خیز است

نہ رہ ساحل پہ اے ہمدم کہ واں پر
نوائے زندگی ہے نرم خیزے

بدریا غلط و با موجش در آویز
حیاتِ جاوداں اندر ستیز است

ہو غوطہ زن تُو دریا میں ملے تا
حیاتِ جاوداں اندر ستیزے

۴۶

سراپا معنیٔ سربستہ ام من
نگاہِ حرف بافاں برنتابم

سراپا معنیٔ سربستہ ہیں، اور
نگاہِ حرف بافاں نیم خوابی

نہ مختارم تواں گفتن نہ مجبور
کہ خاکِ زندہ ام در انقلابم

نہ ہیں مختار نے مجبور و مسکیں
ہے خاکِ زندہ میری انقلابی

۴۷

مگو از مدعائے زندگانی
ترا بر شیوہ ہائے او نگہ نیست

نہ کہہ کچھ مدعائے زندگانی
نہ پہچانے اسے تیری نگہ کچھ

من از ذوقِ سفر آنگونہ مستم
کہ منزل پیشِ من جز سنگِ رہ نیست

ہوا ہیں مست یوں ذوقِ سفر سے
نہ منزل ہے مری جز سنگِ رہ کچھ

۴۸

اگر کردی نگہ بر پارۂ سنگ
ز فیضِ آرزوئے تو گہر شد

نگہ ڈالے تو پتھر پر تو اسکو
بنائے آرزو تیری گہر ہے

بزر خود را مسنج اے بندۂ زر
کہ زر از گوشۂ چشمِ تو زر شد

بذاتِ خود نہیں کچھ زر کے اندر
بناتی آنکھ تیری اسکو زر ہے

۴۹

مشو اے غنچۂ نورستہ دل گیر
ازیں بستاں سرا دیگر چہ خواہی
لبِ جو، بزمِ گل، مرغِ چمن، سیر
صبا، شبنم، نوائے صبحگاہی

نہ ہو اے غنچۂ نوخیز دل گیر
کرے ہیں تیری سب یاں خیر خواہی
لبِ جو، بزمِ گل، مرغِ چمن سیر
صبا، شبنم، نوائے صبحگاہی

۵۰

مرا روزے گلِ افسردہ گفت
نمودِ ما چو پروازِ شرار است
دلم بر محنتِ نقش آفریں سوخت
کہ نقشِ کلکِ او ناپائیدار است

کہا بلبل نے یہ افسردگی سے
نمودِ گل ہے پروازِ شراری
رحم آیا مجھے نقش آفریں پر
ہے کیسی نقش میں ناپائیداری

۵۱

جہانِ ما کہ پایانے ندارد
چو ماہی در یمِ ایام غرق است
یکے بر دل نظر وا کن کہ بینی
یمِ ایام در یک جام غرق است

یہ عالم ہے جو بے پایاں ہمارا
جوں ماہی، در یمِ ایام غرقہ
کر اپنی چشمِ دل وا تا کہ دیکھے
یمِ ایام در یک جام غرقہ

۵۲

بمرغانِ چمن ہمداستانم   بمرغانِ چمن ہمداستاں ہوں
زبانِ غنچہ ہائے بے زبانم   زبانِ غنچہ ہائے بے زباں ہوں

چو میرم با صبا خاکم بیامیز   اُڑا دے خاک کو میری صبا میں
کہ جز طوفِ گلاں کارے ندانم   شہیدِ لذتِ طوفِ گلاں ہوں

۵۳

نمایہ آنچہ ہست ایں وادیٔ گل ؟   کوئی بتلائے اس وادیٔ گل میں
درونِ لالۂ آتش بجاں چیست ؟   درونِ لالہ ہے آتش بجاں کیا

بچشمِ ما چمن یک موجِ رنگ است   بچشمِ ما چمن ہے رنگِ موج اک
کہ می داند بچشمِ بلبلاں چیست ؟   مگر یہ ہے بچشمِ بلبلاں کیا

۵۴

تو خورشیدی و من سیارۂ تو   تو خورشید اور میں سیارہ تیرا
سراپا نورم از نظارۂ تو   کرے پُر نور اک نظارہ تیرا

ز آغوشِ تو دورم نا تمامم   میں ناکامل ہوں رہ کر دُور تجھ سے
تو قرآنی و من سیپارۂ تو   تو قرآں اور میں سیپارہ تیرا

۵۵

خیالِ او درونِ دیدہ خوشتر	خیال اسکا درونِ دیدہ خوشتر
غمش افزودہ جاں کاہیدہ خوشتر	غمِ افزودہ و جاں کاہیدہ خوشتر
مرا صاحبدلے ایں نکتہ آموخت	بتایا صاحبِ دل نے یہ نکتہ
ز منزل جادۂ پیچیدہ خوشتر	ز منزل جادۂ پیچیدہ خوشتر

۵۶

بساطم خالی از مرغِ کباب است	نہیں ہے خوان پر مرغِ کبابی
نہ در جامم مئے آئینہ تاب است	نہ در ساغر مئے آئینہ تابی
غزالِ من خورد برگِ گیا ہے	گو کھائے برگ و خس ہے میرا آہو
ولے خونِ دلِ او مشکِ ناب است	ہے اسکے خونِ دل میں مشکِ نابی

۵۷

صنوبر بندۂ آزادۂ او	صنوبر بندۂ آزدۂ او
فروغِ روئے گل از بادۂ او	فروغِ روئے گل از بادۂ او
حریمش آفتاب و ماہ و انجم	حریم اسکا ہے مہر و ماہ و انجم
دلِ آدم درِ نکشادۂ او	دلِ آدم در نکشادۂ د

۵۸

زانجم تا بہ انجم صد جہاں بود   زانجم تا بہ انجم صد جہاں تھے
خرد ہر جا کہ پر زد آسماں بود   بتائے عقل نے سو آسماں تھے

ولیکن چوں بخود نگریستم من   دلے دیکھا جو میں نے دل میں اپنے
کرانِ بیکراں در من نہاں بود   کرانِ بیکراں مجھ میں نہاں تھے

۵۹

بپائے خود مزن زنجیرِ تقدیر   نہ ڈالو پاؤں میں زنجیرِ تقدیر
تہِ ایں گنبدِ گرداں رہے ہست   کہ اندر گنبدِ گرداں ہے راہے

اگر باور نداری خیز و دریاب   یقیں اسکا نہ ہو تو آکے دیکھو
کہ چوں پا وا کنی جولاں گہے ہست   تہِ آزاد پا جولان گاہے

۶۰

نفس آشفتہ موجے از یمِ اوست   نفس آشفتہ موجے از یمِ او
نئے ما نغمۂ ما از دمِ اوست   نے و نغمہ ہمارا از دمِ او

لبِ جوئے ابد چو سبزہ رُستم   لبِ جوئے ابد سیراب و تر ہے
رگِ ما ریشۂ ما از نمِ اوست   رگ و ریشہ ہمارا از نمِ او

۶۱

ترا دردِ یکی در سینہ پیچید
جہانِ رنگ و بو را آفریدی

تجھے دردِ یکی تھا گر، تو کیوں یہ
جہانِ رنگ و بو پید کیا ہے

دگر از عشقِ بیباکم چہ رنجی
کہ خود ایں ہائے و ہو را آفریدی

میری الفت سے نالاں تھا تو پھر کیوں
یہ شورِ ہا و ہو پیدا کیا ہے

۶۲

تو اے کودک منش خود را ادب کن
مسلماں زادهٔ، ترکِ نسب کن

یہ بچپن چھوڑ دے، تھوڑا ادب کر
مسلماں زاد تو ترکِ نسب کر

برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازد اگر ترکِ عرب کن

برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازاں ہو گر، ترکِ عرب کر

۶۳

نہ افغانیم و نے ترک و تتاریم
چمن زادیم و از یک شاخساریم

نہ افغانی، نہ ترکی، نے تتاری
گل و برگ و بر یک شاخساری

تمیزِ رنگ و بو بر ما حرام است
کہ ما پروردہ یک نو بہاریم

تمیزِ رنگ و بو کرتے نہیں کچھ
کہ ہیں پروردگانِ نو بہاری

٦٤

نہاں در سینۂ ما عالمے ہست
بخاکِ ما دلے، در دل غمے ہست

نہاں اندر ہمارے ایک عالم
ہے دل سینے میں، دل میں ہے غم و غم

از آں صہبا کہ جانِ ما برا فروخت
ہنوز اندر سبوئے ما نمے ہست

وہ صہبا جس نے جاں کی ہے فروزاں
ہمارے خُم میں ہے اسکا ابھی نم

٦٥

دلِ من! اے دلِ من! اے دل من!!!
یمِ من، کشتیٔ من، ساحلِ من!

دلِ من، اے دلِ من، اے دلِ من
یمِ من، کشتیٔ من، ساحلِ من

چو شبنم بر سرِ خاکم چکیدی
دیا چو غنچہ رُستی از گِلِ من

کرے نم خاک، گہہ تو بن کے شبنم
گہے گُل بن کے نکلے از گِلِ من

٦٦

جہانِ رنگ و بو فہمیدنی ہست
دریں وادی بسے گُل چیدنی ہست

جہانِ رنگ و بو فہمیدنی ہے
بہت وادی میں اس گُل چیدنی ہے

دلے چشم از درونِ خود نہ بندی
کہ در جانِ تو چیزے دیدنی ہست

نہ کر بند آنکھ اپنے اندروں سے
کہ جاں اک تیری چیزِ دیدنی ہے

۶۷

کسے کو دردِ پنہانے ندارد
تنے دارد ولے جانے ندارد
اگر جانے ہوس داری‘ طلب کن
تب و تابے کہ پایانے ندارد

وہ انساں دردِ پنہاں ہے نہ جس میں
رکھے تن ایک وہ جاں ہے نہ جس میں
تری جاں میں ہوس ہے تو طلب کر
تب و تابے کہ پایاں ہے نہ جس میں

۶۸

بچندیں جلوہ در زیرِ نقابی
نگاہِ شوقِ ما را بر نتابی
دَمی در خونِ ما پیچو مستئ مے
ولے بیگانہ خوئی‘ دیریابی

بڑھائے جلوۂ زیرِ نقابی
نگاہِ شوق کی اور اضطرابی
دے خوں کو مستئ مے گو رکھے ہے
یہ اک بیگانہ خوئی‘ دیریابی

۶۹

دل از منزل تہی کن پا بہ رہ دار
نگہ را پاک مثلِ مہر و مہ دار
متاعِ عقل و دیں با دیگراں بخش
غمِ عشق ار بدست افتد نگہ دار

نہ کر منزل کی پروا‘ پا بہ رہ رکھ
نگہ کو پاک مثلِ مہر و مہ رکھ
متاعِ عقل و دیں دے دوسروں کو
غمِ دل گر ملے‘ اس پر نگہ رکھ

۷۰

بیا اے عشق، اے رمزِ دلِ ما
بیا اے کشتِ ما، اے حاصلِ ما

تو آ اے عشق، اے رمزِ دلِ ما
تو آ اے کشتِ ما، اے ساحلِ ما

کہن گشتند ایں خاکی نہاداں
دگر آدم بنا کن از گلِ ما

پرانے ہو گئے خاکی نہاداں
دگر آدم بنا تو از گلِ ما

۷۱

سخن درد و غم آرد، درد و غم بہ
مرا ایں نالہ ہائے دمبدم بہ

سخن میں درد و غم تو درد و غم بہ
مجھے یہ نالہ ہائے دمبدم بہ

سکندر راز عیشِ من خبر نیست
نوائے دلکشے از ملکِ جم بہ

سکندر بے خبر عشرت سے میری
نوائے دلکشے از ملکِ جم بہ

۷۲

نہ من بر مرکبِ ختلی سوارم
نہ از وابستگانِ شہریارم

نہیں مقصود کچھ شاہی سواری
طلب ہم کو نہ کارِ شہریاری

مرا اے ہمنشیں دولت ہمیں بس
چوں کاوم سینہ را، لعلے بر آرم

نہاں سینے میں الماس و گہر ہیں
کسی سے کم نہیں دولت ہماری

۷۳

نہ دانم بادہ ام یا ساغرم من گہر در دامنم یا گوہرم من	نہ جانے مے ہوں میں یا ہوں میں ساغر گہر دامن کا ہوں یا خود ہوں گوہر
چناں بینم چوں بر دل دیدہ بندم کہ جانم دیگر است و دیگرم من	لگے ہے، دل سے جب ہوتا ہوں غافل کہ جاں میری ہے دیگر، میں ہوں دیگر

۷۴

چساں زاید تمنا در دلِ ما؟ چساں سوزد چراغِ منزلِ ما؟	یہ کیسی ہے تمنا در دلِ ما جلے کیسے چراغِ منزلِ ما
بچشمِ ما کہ می بیند؟ چہ بیند؟ چساں گنجید دل اندر گلِ ما؟	ہوئے ہیں دیکھ کر حیراں بہت ہم سمایا دل ہے کیسے در گلِ ما

۷۵

چو در جنت خرامیدم پس از مرگ بچشمم ایں زمین و آسماں بود	خراماں خلد میں تھا بعدِ مردن نظر آتی زمیں تھی، آسماں تھا
شکے با جانِ حیرانم در آویخت جہاں بود آں کہ تصویرِ جہاں بود	زمیں کو دیکھ کر پوچھا کہ یا رب جہاں یہ تھا کہ اک وہمِ جہاں تھا

۷۶

بمنزل رہرو دل در نسازد	دلِ رہرو کو منزل کچھ نہیں ہے
بآب و آتش و گِل در نسازد	یہ آب و آتش و گِل کچھ نہیں ہے
ز بیداری کہ در تن از امید است	ہے ذوقِ سیل کچھ ایسا کہ اسکو
کہ این دریا بساحل در نسازد	رکھے دریا جو ساحل کچھ نہیں ہے

۷۷

بیا با شاہدِ فطرت نظر باز	کر آ کر شاہدِ فطرت کا جلوہ
چرا در گوشۂ خلوت گزینی	نہ اتنا کُنج میں خلوت گزیں ہو
ترا حق داد چشمِ پاک بینے	تجھے دی حق نے چشمِ پاک بیں ہے
کہ از نورش نگاہے آفرینی	کہ تُو اس سے بصارت آفریں ہو

۷۸

ز آغازِ خودی کس را خبر نیست	ز آغازِ خودی کس کو خبر ہے
خودی در حلقۂ شام و سحر نیست	خودی آزادۂ شام و سحر ہے
ز خضر این نکتۂ نادر شنیدم	یہ نکتہ ہم کو بتلایا خضر نے
کہ بحر از موجِ خود دیرینہ تر نیست	نہ بحر از موجِ خود دیرینہ تر ہے

۷۹

دلا رمزِ حیات از غنچہ دریاب
حقیقت در مجازش بے حجاب است

ز خاکِ تیرہ می روید و لیکن
نگاہش بر شعاعِ آفتاب است

مجازِ گُل میں رمزِ زندگی ہے
حقیقت کو وہاں ہے بے حجابی

ہے گرچہ خاکِ تیرہ گُل کا مسکن
نگہ میں ہے شعاعِ آفتابی

۸۰

مشو نومید از مشتِ غبارے
پریشاں جلوۂ ناپائیدارے

چو فطرت می تراشد پیکرے را
تمامش می کند در روزگارے

نہ ہو نومید از مشتِ غبارے
پریشاں جلوۂ ناپائیدارے

بنائے جب کوئی پیکر ہے فطرت
تمام اسکو کرے در روزگارے

۸۱

جہاں کز خود ندارد دستگاہے
بکوے آرزو می جُست راہے

ز آغوشِ عدم دزدیدہ بگریخت
گرفت اندر دلِ آدم پناہے

جہاں کو تھی نہ جب کچھ دستگاہے
بکوئے آرزو لی اس نے راہے

بآغوشِ عدم گریاں ہوا جب
لی اندر دلِ آدم پناہے

۸۲

دلِ من رازدانِ جسم و جان است
نہ پنداری، اجل بر من گران است

دلِ من رازدانِ جسم و جاں ہے
اجل ہرگز نہیں مجھ پہ گراں ہے

چہ غم گر یک جہاں گم شد ز چشمم
ہنوز اندر ضمیرم صد جہان است

ہوا گم اک جہاں تو کیا کہ ہر دم
نیا پیدا کرے دل اک جہاں ہے

۸۳

مزاجِ لالۂ خود رو شناسم
بشاخ اندر گلاں را بو شناسم

مزاجِ لالۂ خود رو نہ پنہاں
گلستاں میں گلوں کی بو نہ پنہاں

ازاں دارد مرا مرغِ چمن دوست
مقامِ نغمہ ہائے او شناسم

بنا ہوں رازداں مرغِ چمن کا
ہے مجھ سے اسکی ہاؤ ہو نہ پنہاں

۸۴

جہاں یک نغمہ زارِ آرزوئے
بم و زیرش ز تارِ آرزوئے

جہاں یک نغمہ زارِ آرزو ہے
نوا مضطر بہ تارِ آرزو ہے

بچشمم ہر چہ ہست و بود و باشد
دمے از روزگارِ آرزوئے

مری آنکھوں میں ہست و بود اسکا
دمے از روزگارِ آرزو ہے

۸۵

دلِ من بے قرارِ آرزوئے
درونِ سینۂ من ہائے و ہوئے

دل من بے قرارِ آرزو ہے
درونِ سینۂ من ہاؤ ہو ہے

سخن اے ہمنشیں از من چہ خواہی
کہ من با خویش دارم گفتگوئے

کہوں کیا ہمنشیں تجھ سے کہ مجھ کو
ابھی کچھ کرنی خود سے گفتگو ہے

۸۶

مرنج از برہمن اے واعظِ شہر
کہ از ما سجدۂ پیشِ بتاں خواست

برہم تُو ہو نہ واعظ برہمن سے
کہے گر وہ کہ سجدہ کر بتوں کو

خدائے ما کہ خود صورتگری کرد
بتے را سجدۂ از قدسیاں خواست

خدا نے بھی بنا کر ایک پیکر
دیا تھا حکمِ سجدہ قدسیوں کو

۸۷

جہاں ہا روید از مشتِ گِلِ من
بیا سرمایہ گیر از حاصلِ من

بنے عالم ہیں از مشتِ گِلِ من
ہے سرمایہ بہت در حاصلِ من

غلط کردی رہِ سرمنزلِ دوست
دمے گم شو بصحرائے دلِ من

جو کھوئی تُو نے راہِ منزلِ دوست
کبھی گم ہو بصحرائے دلِ من

۸۸

درونم جلوۂ افکار، ایں چیست!
برونِ من ہمہ اسرار، ایں چیست!

یہ مجھ میں جلوۂ افکار کیوں ہے
بروں یہ مجمعِ اسرار کیوں ہے

بفرما اے حکیمِ نکتہ پرداز
بدن آسودہ، جاں سیار، ایں چیست!

بتا تُو ہی حکیمِ نکتہ پرداز
بدن آسودہ، جاں سیّار کیوں ہے

۸۹

بجودِ نازم، گدائے بے نیازم
تپیم، سوزم، گدازم، نے نوازم

ہے مجھ میں ناز و فقر و بے نیازی
تپش، سوزش، گدازی، نَے نوازی

تُرا از نغمہ در آتش نشاندم
سکندر فطرتم، آئینہ سازم

پُر آتش نغمگی، شعلہ نوائی
سکندر فطرتی، آئینہ سازی

۹۰

اگر آگاہی از کیف و کمِ خویش
یمے تعمیر کن از شبنمِ خویش

ہے گر تُو جانتا کیف و کمِ خویش
سمندر اک بنا از شبنمِ خویش

دلا دریوزۂ مہتاب تا کے
شبِ خود را برافروز از دمِ خویش

اے دل دریوزۂ مہتاب کب تک
چراغاں کر شبِ خود از دمِ خویش

۹۱

چہ غم داری، حیاتِ دل ز دم نیست
کہ دل بر حلقۂ بود و عدم نیست
مخور اے کم نظر اندیشۂ مرگ
اگر دم رفت، دل باقی ست، غم نیست

حیاتِ دل نہیں محتاجِ دم ہے
نہ دل در حلقۂ بود و عدم ہے
نہ کر اے کم نظر اندیشۂ مرگ
نہیں مرتا وہ جس کے دل میں دم ہے

۹۲

زمن گو صوفیانِ با صفا را
خدا جویانِ معنی آشنا را
غلامِ ہمتِ آں خود پرستم
کہ با نورِ خودی بیند خدا را

بتاؤ صوفیانِ با صفا کو
خدا جویانِ معنی آشنا کو
کہ اس خوددار کا ہوں معتقد میں
جو با نورِ خودی دیکھے خدا کو

۹۳

چو نرگس ایں چمن نادیدہ مگذر
چو بو در غنچۂ پیچیدہ مگذر
ترا حق دیدۂ روشن ترے داد
خرد بیدار و دل خوابیدہ مگذر

چوں نرگس تُو چمن نادیدہ مت جا
مثالِ بوئے گل پیچیدہ مت جا
تجھے دی حق نے ہے اک چشمِ روشن
خرد بیدار و دل خوابیدہ مت جا

۹۴

زمیں را راز دانِ آسماں گیر
مکاں را شرحِ رمزِ لامکاں گیر

زمیں کو راز دانِ آسماں کر
مکاں کو شرحِ رمزِ لامکاں کر

پَرَد ہر ذرہ سوئے منزلِ دوست
نشانِ راہ از ریگِ رواں گیر

اُڑے ہر ذرہ سوئے منزلِ دوست
نشانِ راہ در ریگِ رواں کر

۹۵

ضمیرِ کن فکاں غیر از تو کس نیست
نشانِ بے نشاں غیر از تو کس نیست

ضمیرِ کن فکاں اک تُو ہی تُو ہے
نشانِ بے نشاں اک تُو ہی تُو ہے

قدم بیباک تر نہ در رہِ زیست
بہ پہنائے جہاں غیر از تو کس نیست

قدم بے باک رکھ اندر رہِ زیست
درونِ صد جہاں اک تُو ہی تُو ہے

۹۶

زمیں خاکِ درِ میخانۂ ما
فلک یک گردشِ پیمانۂ ما

زمیں خاکِ درِ میخانۂ ما
فلک یک گردشِ پیمانۂ ما

حدیثِ سوز و سازِ ما دراز است
جہاں دیباچۂ افسانۂ ما

دراز ایسی حکایت سوز کی ہے
جہاں دیباچۂ افسانۂ ما

۹۷

سکندر رفت و شمشیر و علم رفت
خراجِ شہر و گنجِ کان و یم رفت

امم را از شہاں پایندہ تر داں
نمی بینی کہ ایراں ماند و جم رفت

سکندر ہے نہ شمشیر و علم ہے
خراجِ شہر ہے نے گنجِ یم ہے

امم پائندہ تر ہیں خسرواں سے
رہا ایراں گیا پر کاخِ جسم ہے

۹۸

ربودی دل ز چاکِ سینۂ من
بغارت بردہ گنجینۂ من

متاعِ آرزویم با کہ دادی ؟
چہ کردی با غمِ دیرینۂ من ؟

چُرایا دل ز چاکِ سینۂ من
دیا برباد کر گنجینۂ من

متاعِ آرزو میری دی کس کو
کیا کیا با غمِ دیرینۂ من

۹۹

نوا مستانہ در محفل زدم من
شرارِ زندگی بر گِل زدم من

دل از نورِ خرد کردم ضیا گیر
خرد را بر عیارِ دل زدم من

غلِ مستانہ در محفل کروں میں
شرار اک پیدا اندر گِل کروں میں

کو روشن قلب ہے نورِ خرد سے
خرد سنج اک عیارِ دل کروں میں

۱۰۰

عجم از نغمہ ہائے من جواں شد
ز سودایم متاعِ او گراں شد

ہجومے بود رہ گم کردہ در دشت
ز آوازِ درایم کارواں شد

عجم از نغمہ ہائے من جواں ہے
کیا میں نے متاع اسکا گراں ہے

بنا صحرا میں گمراہوں کا مجمع
مری بانگِ درا سے کارواں ہے

۱۰۱

عجم از نغمہ ام آتش بجان است
صدائے من درائے کاروان است

حدی را تیز تر خوانم چو عرفی
کہ رہ خوابیدہ و محمل گران است

عجم از بانگِ من آتش بجاں ہے
صدا میری درائے کارواں ہے

حدی کو تیز کر، کہتا ہے عرفی
کہ رہ خوابیدہ و محمل گراں ہے

۱۰۲

مرا مثلِ نسیم آوارہ کردند
دلم مانندِ گُل صد پارہ کردند

نگاہم را کہ پیدا ہم نہ بیند
شہیدِ لذتِ نظارہ کردند

مجھے مثلِ نسیم آوارہ کر دو
مرا دل شکلِ گُل صد پارہ کر دو

نہیں ہے تابِ جلوہ گو، نگہ کو
شہیدِ لذتِ نظارہ کر دو

۱۰۳

خرد کو پلاس را زرّینہ سازد
کالش سنگ را آئینہ سازد

خرد سے بوریا زرّینہ ہووے
ہنر سے اسکے سنگ آئینہ ہووے

نوائے شاعرِ جادو نگارے
زنیشِ زندگی نوشینہ سازد

ولے دیکھو تو جادو شاعری کا
کہ نیشِ زندگی نوشینہ ہووے

۱۰۴

عجم بحریست ناپیدا کنارے
کہ در وے گوہرِ الماس رنگ است

عجم گو ایک بحرِ بیکراں ہے
جو رکھے گوہرِ الماس رنگے

ولیکن من نہ رانم کشتئ خویش
بدریائے کہ موجش بے نہنگ است

نہیں میرے لیئے اس میں کشش کچھ
کہ دریا ہے یہ بے خطرِ نہنگے

۱۰۵

رمیدی از خداوندانِ افرنگ
ولے بر گور و گنبد سجدہ پاشی

تو نالاں از خداوندانِ افرنگ
کرے بر گور و گنبد سجدہ پاشی

بہ لالائی چناں عادت گرفتی
ز سنگِ راہ مولائے تراشی

غلامی کی تجھے عادت ہے ایسی
کرے از سنگِ رہ مولا تراشی

۱۰۶

قبائے زندگانی چاک تا کے   قبائے زندگانی چاک کب تک
چو موراں آشیاں در خاک تا کے   یہ تیرا آشیاں بر خاک کب تک

بہ پرواز آ و شاہینی بیاموز   تو بن شہباز، کر پرواز بالا
تلاشِ دانہ در خاشاک تا کے   تلاشِ دانہ در خاشاک کب تک

۱۰۷

میانِ لالہ و گل آشیاں گیر   میانِ لالہ و گل آشیاں کر
ز مرغِ نغمہ خواں درسِ فغاں گیر   کبھی نغمہ، کبھی آہ و فغاں کر

اگر از ناتوانی گشتۂ پیر   ہوا ہے ناتوان و پیر تو کیا
نصیبے از شبابِ ایں جہاں گیر   محبت سے جواں اپنا جہاں کر

۱۰۸

بجانِ من کہ جاں نقشِ تن انگیخت   دیا ہے جب سے جاں کو نقشِ تن اک
ہوائے جلوہ ایں گل را دو رُو کرد   ہوائے جلوہ سے ہر گل دو رُو ہے

ہزاراں شیوہ دارد جانِ بیتاب   ہزاروں شیوے جانِ مضطرب میں
بدن گردد چوں با یک شیوہ خو کرد   بدن میں آئے گر یک شیوہ خو ہے

خسرو اور اقبال

شام غریب

اس جگر کاوی کا اندازہ عام لوگ نہیں لگا سکتے۔ ان کے سامنے شعر بنا بنایا آ جاتا ہے۔ وہ اس روحانی اور لطیف کرب سے آشنا نہیں ہو سکتے۔ جس نے الفاظ کی ترتیب پیدا کی ہے۔ جہاں اچھا شعر دیکھو سمجھ لو کہ کوئی نہ کوئی مسیح مصلوب ہوا ہے۔ اچھے خیال کا پیدا کرنا اوروں کے لیے کفارہ ہوتا ہے۔

اقتباس از مکتوب علامہ اقبال بنام گرامی۔ ۳ دسمبر ۱۹۱۸ء

ڈاکٹر ناہید قاسمی

خالد حمید شیدا کی غزل

تسلیم احمد تصور صاحب نے جب مجھے ڈاکٹر خالد حمید شیدا کی شاعری پر مضمون لکھنے کو کہا اور اُن کا کلام بھجوایا تو مجھے معلوم ہوا کہ دیگر ادبی خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ وہ شعر بھی کہتے ہیں۔ انھوں نے اپنے آپ کو ایک ہی فیلڈ میں محدود نہیں رکھا بلکہ تخلیق فن سے بھی ناتا برقرار رکھا ہے۔ اس سے پہلے مجھے اُن کا کلام پڑھنے کا موقع نہیں ملا تھا۔ اب اُن کی غزلیں پڑھیں تو پہلا تاثر یہ اُبھرا کہ امریکہ کے شہر ہوسٹن میں مقیم ہونے کے باوجود شیدا صاحب نے قدیم ایشیائی روایات اردو غزل کا لحاظ رکھنے کی سعی کی ہے۔ مومن و حسرت سے مخصوص، طرزِ معاملہ بندی کے معیار تک پہنچنا تو ہر ایک کے لیے ممکن نہیں لیکن شیدا صاحب نے اس طرز کو اپنایا ضرور ہے۔ اس طرح جدید زمانے کے اثرات قبول کرنے کے باوجود قدیم طرز کے روایتی غزلیہ اشعار کہتے ہیں۔ مثلاً:

قاصد کو دے کر زہر ہلاہل مرے لیے
کہتا ہے تیرے دُکھ کی دوا بھیجتا ہوں میں

بہت طغیانیاں کرتا ہے برپا
اگر ہوتا ہے دیدہ نم ہمارا

فکر و ہوش و خرد کو ٹھکرا کر
ہم نے بھی دِل کی بات مانی ہے

اُمید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی
مجھ کو تو فقط پرسش بیمار ہے کافی

عظیم غزل گو غالب کی بلند فکری و بلند آہنگی تو مثالی ہے۔ اس کا اعتراف ہر آنے والا

ڈاکٹر ناہید قاسمی گورنمنٹ کالج برائے خواتین سمن آباد لاہور میں صدر اردو شعبہ ہیں۔ ''ناصر کاظمی۔ فن شخصیت'' اور شعری مجموعے ''منجمد دل سیراب کرو'' کے علاوہ اپنے والد محترم جناب احمد ندیم قاسمی مرحوم کے حوالے سے ڈاکٹر صاحبہ کی تصنیف ''ندیم کی غزل کا تجزیاتی مطالعہ'' منظر عام پر آ چکی ہے۔ جبکہ ان کا ڈاکٹریٹ کا مقالہ جدید اردو شاعری میں فطرت نگاری، انجمن ترقی اردو کراچی نے شائع کیا ہے۔

شاعر کرتا ہے جبکہ شیدا صاحب نے بھی غالب کے اشعار سے اثر لیا ہے۔ مثلاً درج ذیل اشعار ملاحظہ کیجیے جن کی پشت پر موجود اشعار غالب کی جگمگاہٹ بہت نمایاں ہے:

ساقی سمجھ حقیر نہ جام سفال کو   اک جام بھی نہ بن سکا، جب خاک جم ہوا
جو گزرتے ہیں فرقت میں تری   عمر میں ان کو نہ گننا چاہیے
گرچہ غموں نے ہوش نہ لینے دیا مجھے   میں کچھ خیال سے نہ ترے بے خبر ہوا

اب ایسا بھی نہیں ہے کہ جب بھی اردو زبان میں شعر کہے تو قدیم طرز ہی میں محدود رہے۔ بلکہ شیدا صاحب نے جدت سے بھی کام لیا ہے۔ ایک تو یہ کیا کہ محبوب کا ذکر کرتے وقت زیادہ تر صیغۂ مؤنث استعمال کر کے اپنی غزل کو الگ سا انداز دیا ہے دوسرے ایک نیا جدید رنگ یوں اُبھارا کہ مغربی ماحول میں قیام پذیر ہونے کی وجہ سے اظہار محبت کے معنی خیز ڈھکے چھپے ایمائی مشرقی انداز کی بجائے ہر طرح کے تکلفات سے آزاد مغربی طرز کی لو میکنگ کا تصور نمایاں کیا۔ یوں جس ماحول میں وہ رہ رہے ہیں اس کی عکاسی کی ہے:

> پوری فضا میں یہ رنگینی پھیلی ہوئی تو ہے لیکن باطن بھی بنجر نہیں ہے

ہے دور باغ میں پھولوں کے مسکرانے کا   چلی بھی آؤ کہ موسم ہے دل لگانے کا
تندی و تلخی و ترشی نہ رہیں یاد مجھے   نوش جاں لے کے وہ جب برب شیریں آیا
دیکھنے ہم جو گئے حرمتِ قلب شیدا   تھا وہ معمورِ بتاں، اُسکو حرم کہہ نہ سکے

اسی ماحول نے انھیں اپنے خارج کے مشاہدے پر بھی مائل کیا۔ اس طرح وہ محفل میں اپنی موجودگی کا مکمل احساس بھی دلاتے ہیں:

جام میں ڈال کے رنگ رخ جانانہ دیا   دیکھو کیسا یہ مجھے بادۂ مستانہ دیا
داغ سے ایک، رخ لالہ کی آرائش کی   خال سے ایک سجا عارض جانانہ دیا
ہوتی دیوانوں کی آشفتہ سری ہے اور فزوں   جب بھی کرتی ہے صبا کاکل پریشاں آپ کا

پوری فضا میں یہ رنگینی پھیلی ہوئی تو ہے لیکن باطن بھی بنجر نہیں ہے۔ رنگ بھری محفلوں سے الگ ہو کر گزارے لمحے بے کیف نہیں ہوتے کیونکہ یہ شاعر کو کچھ باطنی تجربات سے آشنا کرتے ہیں:

چھپا ہے نظر سے تو کیا، چشم دل سے   اُسے دم بدم، جابجا دیکھتے ہیں
وہ کرے جلوہ گری لیکن تجلی کے لیے   شوق دیدار کلیم و طورِ سینہ چاہیے

تب تصوف کے ایک رخ کی ہلکی سی روایتی جھلک بھی دکھائی دے جاتی ہے:

شہرت ہے ترے حسن کی دنیا میں کچھ ایسی   کچھ رہ کے بھی مستور تو مستور نہیں ہے

جبکہ اردگرد کی چکا چوند کا بھی ٹھیک ٹھاک مشاہدہ اظہار پاتا ہے۔ مثلاً:

عکسِ رخِ روشن سے ہوتی ہے درخشاں مے
جب لب سے لگاتی ہے تو ساغرِ مینائی

ڈاکٹر خالد حمید شیدا نے محاسن شعری کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ انھوں نے تشبیہ، استعارہ، رعایت لفظی اور صنعت تضاد وغیرہ سے بخوبی کام لینے کی کوشش کی ہے۔ مثلاً

تصوف کے ایک رخ کی ہلکی سی روایتی جھلک بھی دکھائی دے جاتی ہے

نرگس بھی دیکھ کر ہوئی شبنم کی منتظر
کچھ اسطرح یہ دیدۂ غم ناک نم ہوا
کیسے کرنے کو معطر تجھے اے بادِ صبا!
عنبر افشاں وہ میرا آ ہوئے مشکیں آیا
دل جسے اپنا وہ گھر کرتے ہیں
زیر کرتے ہیں، زبر کرتے ہیں

اس عاشق کو چونکہ غم روزگار کا کوئی مسئلہ درپیش نہیں اس لیے اُس کے پاس اتنی بہت سی فرصت ضرور ہے کہ وہ ایک خاص سمت میں متوجہ رہ سکے:

حلقہ در حلقہ ہیں کتنے زلف پیچا پیچ میں
بحث اک یہ حلقۂ عشاق میں جاری رہی

شیدا صاحب کے کلام میں مے نوشی اور کیفیات دل کا ذکر بہت ہے۔ اس بیان کے وقت وہ کچھ اچھے نکتے بھی نکال لیتے ہیں:

شیدا اچھا کیا ساقی نے، بہت ٹھیک کیا
ناپ کے، جانچ کے، گر اک تجھے پیمانہ دیا
ہو ایک، دل سے نکل کر جو دل نشین رہے
وگرنہ یوں تو بہت تیر دل کے پار ہوئے

کلام شیدا میں دھیما دھیما طنز بھی نظر آتا ہے:

آئے تھے کرنے شیخ جو تحریم مے کشی
خالی، وہ پی پلا کے، خم و جام کر چلے
نے اوج کی امنگ، نہ پرواز کی تڑپ
شاہیں ملے اگر بھی تو بے بال و پر ملے
جد و جہد کسی میں نہ کوشش ملی کہیں
عشاق جس قدر بھی ملے، منتظر ملے

شیدا صاحب کے کلام میں مے نوشی اور کیفیات دل کا ذکر بہت ہے

ڈاکٹر خالد حمید شیدا سے اپنے اشعار کی نوک پلک سنوارنے میں کہیں کہیں کوتاہی بھی ہوئی ہے۔ اس طرح کچھ کمیاں رہ گئی ہیں۔ مثلاً ویسے تو انتخاب الفاظ کے سلسلے میں جدید اردو غزل کی طرف سے کوئی خاص پابندی نہیں ہے لیکن ان کے استعمال میں کشش ضرور ہونا چاہیے جبکہ درج ذیل مثالوں میں الفاظ کی ترتیب میں روانی تسلی بخش نہیں ہے:

ـــ کریں خود ہی گہرا ہیں ناخنوں سے ہم
ـــ پہلے تو دل دکھاتا مرا تھا کبھی کبھی

یا پھر یہ شعر:

خود ہی جا کے کرتے نشانہ ہیں سیدھا　　جو تیر اُس کا ہوتا خطا دیکھتے ہیں

پھر غزلوں میں کہیں کہیں مزاحیہ انداز اور سنجیدگی کا ملغوبہ عجیب سی صورتِ حال سامنے لاتا ہے جس سے تغزل مجروح ہوتا محسوس ہوتا ہے.

گر کہا میں نے دوا کر دِل ناشاد کی　　بولی، تجھ کو تو یہ ہے مرض پہ اٹا دل کا
سخت ہوتی جا رہی تھیں دم بہ دم دِل کی رگیں　　روغنی روٹی سے لیکن پیٹ کی یاری ہوئی
اُمید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی　　مجھ کو تو فقط پرسش بیمار ہے کافی

اب آزادیوں کے باوجود جدید تر غزل میں بھی ایسے اشعار کی بھلا کہاں گنجائش ہوگی:

نوش تمباکو کیا اور عشق بھی کرتے رہے　　کیا عجب ہے پھر کہ دل کی ہم کو بیماری ہوئی

یہ درست ہے کہ سنبھلی ہوئی مہذب شوخی غزل کی کشش میں اضافہ کرتی ہے لیکن صنف غزل کا تعلق بہرحال ذوق سلیم کی تسکین و تربیت سے ہے۔ یوں بھی اردو شاعری کے پاس دیگر اصناف بھی تو ہیں جو مختلف خیالات کے لیے برتی جا سکتی ہیں (یہاں اس کا ذکر بھی ہو جائے کہ شیدا صاحب نے چند ہی نظمیں کہی ہیں لیکن صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب کی پوری توجہ اور محنت حاصل کرنے سے محروم رہی ہیں) جبکہ شیدا صاحب کی غزلوں کے اچھے اشعار میں کچھ گہرائی ضرور ملتی ہے۔ تمام بلے گلے کے باوجود ایک باشعور اور حساس شاعر سوچنے سے بھی کیسے رہ سکتا ہے۔ ڈاکٹر شیدا کے کچھ فکر انگیز اشعار ملاحظہ کیجیے۔ اُن کے افکار نے ان اشعار کو خوبصورتی عطا کی ہے:

اُن کے افکار نے ان اشعار کو خوبصورتی عطا کی ہے

خوں بہا مانگنا قبیلوں کا　　خوں بہانے کا اور بہانہ ہوا
آخری وقت میں کہیں جا کر　　فکر سود و زیاں نہ ہو جائے
ناز تیرا ٹھیک ہے اے گل مگر　　کچھ خزاں سے بھی تو ڈرنا چاہیے
داغ لالہ کو دیا، خار دیئے پھولوں کو　　شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا
دی تو قدرت بھی ہے، طاقت بھی ہے، تدبیر بھی ہے　　ہم کو لیکن ملی مجبوریٔ تقدیر بھی ہے
کارواں لوٹتے جب خود ہیں محافظ اس کے　　کیسی نگرانی ہے یہ، کیسی نگہبانی ہے

بہرحال ثابت ہوا کہ شیدا صاحب خوب سے خوب تر کی جستجو میں ضرور ہیں۔ اسی لیے یہ

قوی امکان ہے کہ وہ منظوم تراجم کو وقت دینے کے ساتھ ساتھ اپنی شاعری کو بھی بھرپور توجہ دے کر بالآخر اپنا ایک منفرد اسلوب ضرور متعین کرلیں گے۔ مجھے یہ امید درج ذیل اچھے اشعار نے دلائی ہے۔ آپ بھی پڑھیے:

غمِ ایام سے ملی فرصت　　تو نے جب مسکرا کے دیکھ لیا
دل جوئیِ حبیب کا دیکھو اثر ہے کیا　　دل کو عزیز اور بھی کچھ اس کا غم ہوا
داعیِ اجل کو میں واپس نہیں لوٹاتا　　آنے کا اگر وعدہ تم نے نہ کیا ہوتا
کیسی یہ سادگی ہے ، دل لخت لخت کو　　قاتل کے پاس بہرِ شفا بھیجتا ہوں میں
بیٹھے ہیں اِدھر ہم ، وہ اُدھر دیکھ رہے ہیں　　پوچھے کوئی ان سے کہ کدھر دیکھ رہے ہیں
ہنگاموں میں رہ کر بھی رہتا ہوں اکیلا میں　　یارب دے کسی کو بھی ، میری سی نہ تنہائی
بجلیاں اس پہ جب نہیں گرتیں　　خود ہی خرمن تباہ کرتے ہیں
آنے کی تھی اُمید ، نہ تیری اگر تو کیوں　　دل اس قدر یہ مضطرب و منتظر ہوا

❊❊❊

بے نظیر کے عہد میں

شیخ ہوتے ہیں ، پیر ہوتے ہیں
زلف کے سب اسیر ہوتے ہیں

درگہِ عشق میں تری یکساں
سب کبیر و صغیر ہوتے ہیں

لوٹتی تُو ہے دولتِ دل یوں
دارا و جم فقیر ہوتے ہیں

پار ہوتے ہیں بے چلے دل کے
کوئی ایسے بھی تیر ہوتے ہیں

کرتے مجنوں کو اور مجنوں ہیں
کیسے بچے شریر ہوتے ہیں

رازِ الفت چھپے رہیں کیسے
عطر و مشک و عبیر ہوتے ہیں

تلخ الفاظ بھی ترے لب پر
شہد و شکر و شیر ہوتے ہیں

دم جو بھرتے ہیں مہر و الفت کا
قاتلِ بے نظیر ہوتے ہیں

جل رہے ہیں رقیب کیوں شیدا
آپ کیا دل پذیر ہوتے ہیں

◆

دل جسے اپنا وہ گھر کرتے ہیں   زیر کرتے ہیں ، زبر کرتے ہیں
چرخ کرتے ہیں وہ دشمن اُس کا   جس کو منظورِ نظر کرتے ہیں
حشر کرتے ہیں فزوں محشر میں   پیش دفتر وہ اگر کرتے ہیں
مچتا کہرام ہے ، جب شہروں سے   شہر آشوب سفر کرتے ہیں
جان پڑ جائے ہے بے جانوں میں   بے مہر جب بھی مہر کرتے ہیں
چشم بے نور سے پیدا کیسے   عاشقاں نجم و گہر کرتے ہیں
آبِ حیواں جو لبِ یار میں ہے   آرزو اُس کی خضر کرتے ہیں

داغ طرفِ جگرِ شیدا پہ
رشک بھی داغ و جگر کرتے ہیں

◆

پھر وہی طورِ زندگانی ہے   درد ہے، دل ہے، نوحہ خوانی ہے

ہم بھی تھے آشنائے قربتِ دوست   لذتِ وصل ہم نے جانی ہے

فکر و ہوش و خرد کو ٹھکرا کر   ہم نے بھی دل کی بات مانی ہے

یہ بھی دن ہیں کہ دورِ لطف و کرم   ایک قصہ ہے، اک کہانی ہے

اب کے بگڑی ہے بات کچھ ایسی   نہ ستم ہے، نہ سرگرانی ہے

یاد اُس کی پہ اب تلک شیدؔا
زیورِ حسنِ زندگانی ہے

◆

آؤ کبھی اور حالِ دلِ زار تو دیکھو   افسردگیِ دیدۂ بیدار تو دیکھو

اے ماہ جو ہر شب ہے شبِ ماہ تمھاری   تاریکیِ بے ماہِ شبِ تار تو دیکھو

دکھلائیں امنگیں تمھیں اِس قلبِ حزیں کی   مڑ کے کبھی، ہنس کے کبھی اک بار تو دیکھو

آئی ہیں وہ پرسش کو، لیے ساتھ عدو کو   دل سوزیِ دل جوئیِ دلدار تو دیکھو

واعظ نہ کرو شکوۂ مشتاقیِ عاشق   طرفِ کلۂ ترکِ طرح دار تو دیکھو

ہو کیوں نہ گرفتارِ دلِ عاشقِ شیدا   پیچ و شکنِ طرۂ طرار تو دیکھو

بے ہوش ہو، بے خویش ہو شیدا جو تم اتنے
ہشمندی و ہشیاریِ اغیار تو دیکھو

◆

گل بہ کف، بن کے بہاراں آئی   مست و سرخوش مری جاناں آئی

شور محشر کا مچا محفل میں   جب بھی ہو کر وہ خراماں آئی

ڈالنے جان یا لینے آئی   جب بھی آئی، خوش و خنداں آئی

روٹھ کر دل پہ قیامت ڈھائی   گر ہنسی، بن کے رگِ جاں آئی

جان کچھ پڑ گئی بے جانوں میں   جان لینے کو جو جاناں آئی

کرنے آئی بھی اگر دل جوئی   لے کے صد جور کا ساماں آئی

غیر کے گھر گئی مجموع خاطر   آئی واپس تو پریشاں آئی

آنکھ ہم سے نہ ملائی ہرگز   ہو کے ایسی وہ پشیماں آئی

اس کے تیور سے لگے ہے شیدا
اب کے شاید وہ مہرباں آئی

◆

ہوس سے پھر نہ کہیں اور ساز باز کرے
نہ دل یہ پھر طلبِ یارِ دلنواز کرے

مچائے شور و غل اتنا ہے دل کہ ڈر ہے مجھے
یہ بے دماغ کہیں پھر نہ فاش راز کرے

مجھے ہے ناز بہت نازِ نازنیں پر
ہے بے نیاز، خدا اور بے نیاز کرے

رہے طبیعتِ عشاق میں نہ ناسازی
اگر وہ سوز ذرا سا بھی کینہ سازؔ کرے

نہ ذکرِ زلف کرو آج شب کہ یہ نہ کہیں
درازیِ شبِ یلدا کو اور دراز کرے

مشامِ جان معطر کرے زمانے کا
اگر کوئی گرہِ زلفِ یار باز کرے

ہے بزمِ عیش میں عالی مقام، اے ساقی
وہ جس کو مست تری چشمِ نیم باز کرے

گنوائی شوق و تمنا میں عمر سب شیدؔا
ہے وقت رُو تُو سوئے مکۂ حجاز کرے

◆

کبھی ہوتی اگر وہ مہرباں ہے   محبت کا ہمیں ہوتا گماں ہے
نزاکت سے وہ کیسے اللہ اللہ   کرے دل کو ضعیف و ناتواں ہے
ہے بے چارہ یہ کیسا دل ہمارا   زباں رکھتا ہے لیکن بے زباں ہے
گیا زلفوں میں ہے وہ جب سے اسکی   نہیں دل کا رہا نام و نشاں ہے
خدایا ہم سے آتی ہے وہ ملنے   کوئی اس میں بھی کیا اک امتحاں ہے
کیے بسمل کہیں ، بے جاں کہیں کچھ   جہاں بھی وہ گئی جانِ جہاں ہے
وہ دل لے کر مرا ، محفل سے یارب   اندھیری رات میں جاتی کہاں ہے
سگِ کوئے عدو خاموش کیوں ہے   اسے بھی مجھ سا کیا اک مرضِ جاں ہے

نکل کے میکدے سے سوئے کعبہ
کہاں سے تُو گیا شیدا کہاں ہے

* * *

آہ بھرتے ہیں ، واہ کرتے ہیں   اک پری وش سے چاہ کرتے ہیں

پوجتے بت ہیں ، مغ پہ مرتے ہیں   کیسے کیسے گناہ کرتے ہیں

زلفِ شب رنگ کی ہوس میں اور   شبِ ہجراں سیاہ کرتے ہیں

بجلیاں اس پہ جب نہیں گرتیں   خود ہی خرمن تباہ کرتے ہیں

مہرِ ساقیانِ مہ وش سے   جامِ مے مہرو ماہ کرتے ہیں

ٹوٹکے کر کے ، پھونک کے منتر   ان کے ہم دل میں راہ کرتے ہیں

اک جھلک ان کی دیکھنے کے لیے   دشمنوں سے نباہ کرتے ہیں

جو بھی کرتے ہیں آپ اے شیدا
بے سبب ، خواہ مخواہ کرتے ہیں

◆

دل جمعیت گنواں نہ ہو جائے
طورِ دل پھر فغاں نہ ہو جائے

ابرو و چشم کا تری قصہ
ذکرِ تیر و کماں نہ ہو جائے

مڑ کے، ہنس ہنس کے دیکھنا تیرا
ضبط کا امتحاں نہ ہو جائے

وقتِ پیری نہ کھیل یوں دل سے
یہ کہیں پھر جواں نہ ہو جائے

دل لگی سے تری کہیں دل کو
دل لگی کا گماں نہ ہو جائے

چھوڑ اب حسن و عشق کا جھگڑا
یہ کہیں مرضِ جاں نہ ہو جائے

آخری وقت میں کہیں جا کر
فکرِ سود و زیاں نہ ہو جائے

حرصِ کون و مکاں میں شیدا
غافلِ لامکاں نہ ہو جائے

ضمیر جعفری کی یاد میں

گو ہیں مارے دیدۂ بے باک کے
ہم ولے عاشق ہیں نازک ناک کے

انواع و اقسام کی ناکیں ملیں
رب نے جب پتلے بنائے خاک کے

جب ملاتی ناک سے وہ ناک ہیں
جُرعے دیتی لب سے ہیں تریاک کے

سونگھتی ہیں پھول جب کالر کا وہ
کرتی چیتھڑے ہیں دلِ غمناک کے

پارۂ الماس جو ہے ناک پر
مارتا ہے تیر دل پر تاک کے

جاں ہے لب پر، ناک میں آیا ہے دم
دیکھ کر نخرے بتِ چالاک کے

سن کے بولیں ناک چڑھا کر بہت
شعر شیدا نے کہیں ہیں خاک کے

◆

واعظ ہوا ، خطیب ہوا ، پارسا ہوا
جو بھی ہوا سیرِ کمندِ ہوا ہوا

مفتی کا ، مولوی کا ، مبلغ کا ، میر کا
سنتے ہیں سب کا پیرِ مغاں آشنا ہوا

تو آکے دیکھ تو سہی ، اے دل شکن کبھی
تیری ہوا میں حالِ ہوا دار کیا ہوا

بچ کے رہا نہ کوئی بلاؤں سے عشق میں
کامِ نہنگ گر نہ ہوا ، اژدہا ہوا

یارب وہ دُور ہو گیا جس طرح قرب میں
ایسا کبھی نہ کوئی کسی سے جدا ہوا

آیا ہے مژدہ غیب سے ، اے دل تو غم نہ کر
کشتیِ غم کا تیری خدا ناخدا ہوا

شیدا پیار آ ہی گیا دیکھ کر اُسے
جب تُو ہزار جان سے اس پر فدا ہوا

* * *

اگر جاتے ہو جاؤ ، پر خدارا دیکھتے جاؤ
کیا ہے حال کیا تم نے ہمارا ، دیکھتے جاؤ

رہی ہے رات ہی تم بن اندھیری کچھ نہیں میری
ہوا ہے دن میں بھی کیسا اندھیرا ، دیکھتے جاؤ

ذرا ٹھہرو ، مریضِ عشق کو تسکین دو کچھ تو
سنبھلنے دو اسے ، اس کا سنبھالا دیکھتے جاؤ

تڑپ کر ، تڑپڑا کر ، توڑنا بسمل کا دم دیکھو
ہے گر شوقِ تماشا ، یہ تماشا دیکھتے جاؤ

نہیں دیکھے ہیں کچھ بھی تم نے اے جاں، ولولے اسکے
ابھی کرتا ہے یہ دل اور کیا کیا دیکھتے جاؤ

ہے تنہائی میں تنہا آج دل ، پر ایک دن تنہا
یہ ہنگاموں میں بھی رہ کر رہے گا ، دیکھتے جاؤ

جدائی میں سویرا دیر سے ہوتا ہے ، پر ایک دن
صبح دم بھی نہ ہو گا کچھ سویرا ، دیکھتے جاؤ

ہوا تم کو جو شیدا شاہدِ بازار کا سودا
کرے گا یہ سرِ بازار رسوا ، دیکھتے جاؤ

* * *

سو جان سے اے جاناں یہ تم پہ فدا ہوتا
اس دل کو مگر تم نے موقع تو دیا ہوتا
درگاہوں میں، دیروں میں آتیں وہ خراماں گر
جو دل بھی وہاں ہوتا، قدموں پہ گرا ہوتا
ہوتی نہ کبھی مجھ کو آشفتہ سری اتنی
زلفوں میں نہ تو ان کی گر دستِ صبا ہوتا
یوں چل کے ہوا آئی ہے کوچۂ جاناں سے
واعظ بھی اگر ہوتا، بربادِ ہوا ہوتا
داعیِ اجل کو میں واپس نہیں لوٹاتا
آنے کا اگر وعدہ تم نے نہ کیا ہوتا
جلدی سے کہا ایسی کیوں تم نے خدا حافظ
کیا پاس جو تم ہوتیں حافظ نہ خدا ہوتا
تھی بارِ طبعِ نازک پہ آہ اگر ایسی
انبارِ الم اتنا دل کو نہ دیا ہوتا
پیمانۂ دل میں جب تھی جا نہ جفاؤں کی
پیمانِ وفا شیداؔ تم نے نہ کیا ہوتا

◆

لے کون لڑائی مول میاں ، اغیار سے جھگڑا کون کرے
ہے کام یہ جب دنگوں سے بھرا تو عشق کا دھندا کون کرے

وہ آہ و فغاں ، وہ رنجِ نہاں ، رکھتے ہیں جنھیں عاشق پنہاں
جو درد ہو اتنا بے درماں تو اُس کا مداوا کون کرے

وہ روگ جو ہے اشکوں سے بھرا ، رکھتا ہے جو ہر دم زخم ہرا
فرصت جو نہیں دیتا ہے ذرا ، اُس دکھ کو گوارا کون کرے

ہو عشقِ جواں ، اک بحرِ جہاں ، گرداب یہاں ، طوفان وہاں
ہو بحر وہ جب ناپیدا کراں ، امیدِ کنارا کون کرے

شیدا یہ مرا جب عشقِ بتاں ، رکھتا ہے مجھے پیری میں جواں
معشوق ہو جب پہلو میں نہاں ، پروائے نظارا کون کرے

* * *

بر سرِ خیلِ ہوس لینے دل و دیں آیا
دیکھ کس شان سے وہ خسروِ شیریں آیا
گرچہ ہے خانہ بر اندازِ چمن وہ لیکن
لے کے صد سنبل و گل، سوسن و نسریں آیا
کیسے کرنے کو معطر تجھے اے بادِ صبا
عنبر افشاں وہ مرا آہوئے مشکیں آیا
ساتھ لے کر وہ گیا صبر و سکوں سب میرے
جب بھی دینے کو دلِ زار کو تسکیں آیا
تندی و تلخی و ترشی نہ رہیں یاد مجھے
نوشِ جاں لے کے وہ جب بر لبِ شیریں آیا
ڈالنے آیا کبھی جان یا لینے آیا
جب بھی آیا وہ بصد نازش و تمکیں آیا
دیر سے آیا مگر ناز و ادا سے ساقی
لے کے بر دوش سبوئے مئے دیریں آیا
آج انداز ہے ایسا کہ لگے ہے شیدا
لے کے شاید وہ دوائے دلِ غمگیں آیا

◆

وصلِ گل کو چاہیے جتنا چاہیے   خارِ ہجراں سے بھی بچنا چاہیے
خوگرِ غم میں سہی لیکن تجھے   ظلم اتنا بھی نہ کرنا چاہیے
ناز تیرا ٹھیک ہے اے گل مگر   کچھ خزاں سے بھی تو ڈرنا چاہیے
جو گزرتے دن ہیں فرقت میں تری   عمر میں ان کو نہ گننا چاہیے
کاروبارِ بلبل و گل کے رموز   جاننے کو عقلِ بینا چاہیے
اندرونِ پردۂ سودائے دل   دیکھنے کو چشمِ بینا چاہیے
کون کہتا ہے کہ دامِ عشق میں   مرغِ زیرک کو نہ آنا چاہیے

مرنا پیری میں ہے گر شیدا تو کیوں
مہ جبینوں پر نہ مرنا چاہیے

⊙

ہم ان کی بات پہ کیا اعتبار کرتے ہیں
جو شب میں بیٹھ کے یوں انتظار کرتے ہیں

شمار دیدۂ بے خواب سے ستاروں کا
شبِ فراق میں ہم بے شمار کرتے ہیں

ہے اختیار بس اتنا کہ نالہ و زاری
ہم ان کی یاد میں بے اختیار کرتے ہیں

قرارِ مہر و وفا پھر کبھی نہ کرنے کا
قرار ہم اے دلِ بے قرار کرتے ہیں

نظر کے تیر چلاتی نہیں وہ جب ہم پر
خود ہی اٹھا کے انھیں دل کے پار کرتے ہیں

ہم ہی نہیں ہیں جو کرتے ہیں بخت کا شکوہ
گلہ تو اس کا بھی کچھ بختیار کرتے ہیں

خرابیاں ہیں بہت اس میں گو، غریبِ وطن
بہت ہی یاد، پر اپنا دیار کرتے ہیں

ہوا جہاں میں ہے بازاریوں کا راج ایسا
چمن میں بلبل و گل کاروبار کرتے ہیں

ز رہ کار بہت یوں تو آپ ہیں شیدا
ولے خطائیں وہی ہیں بار بار کرتے ہیں

* * *

درازدستیِ گیسوئے عنبریں دیکھو   تطاولِ نظرِ چشمِ سرگیں دیکھو
نیاز مندیِ عشاق سے نہ ہو نالاں   کرشمۂ نگہِ نازِ نازنیں دیکھو
لگاؤ عیب نہ رندوں پہ موسمِ گل میں   چمن میں نرگس و نسرین و یاسمیں دیکھو
بالاتفاق چلایا تھا تم نے جو اک دن   ہوا ہے کیسا وہ اک تیر دلنشیں دیکھو
جو دیکھنا ہے تماشا تو صبح دم اے جاں   تڑپتا یاس سے میرا دلِ حزیں دیکھو
جو کہتے لوگ ہیں اپنے کو بت شکن، یارو   وہ کتنے رکھتے ہیں بت اندر آستیں دیکھو
مذاق میرے غمِ عشق کا اڑاتے ہیں   جفا شعاریِ یارانِ ہمنشیں دیکھو

کرو نہ شکوۂ بد شکلیِ زماں شیدا
لب و رخ و ذقنِ یارِ مہ جبیں دیکھو

◆

خوش مزاجی بھی ، مہربانی بھی　　خندہ روئی بھی ، شادمانی بھی
گرم جوشی بھی ، نرم خوئی بھی　　دستگیری بھی ، میزبانی بھی
لب و رخسارِ لالہ فامی بھی　　غنچہ دہنی بھی ، گل فشانی بھی
بینیِ نازکِ فرنگی بھی　　ابرو و چشمِ ترکمانی بھی
مہ جبینی بھی ، مہ لقائی بھی　　گیسوئے سرکشِ مغانی بھی
سربلندی بھی ، سرفرازی بھی　　قامتِ سروِ بوستانی بھی
رونق و رنگ و تابداری بھی　　دولتِ حسنِ جاودانی بھی
یہ بھی ہیں اور پاس ہیں اس کے　　خرمی ، تازگی ، جوانی بھی
سیکھی دشمن سے اُس نے ہے لیکن　　بدگمانی بھی ، سرگرانی بھی
آ گئی ہے زبان سے لب پر　　آب و آتش اُسے ملانی بھی
ناز و نازش سے بن گئی ہے وہ　　دشمنِ جاں بھی اور جانی بھی

کاش آ جائے وہ لیے شیدا
کچھ مئے نابِ ارغوانی بھی

◆

نہ ہم ہی دیکھ کر سرمستِ چشمِ یار ہوئے
بہت سے بزم میں مدہوش، ہوشیار ہوئے

جہاں میں پھیل گئی بات آشنائی کی
یہ کیسے عاشق و معشوق راز دار ہوئے

پیار آ ہی گیا ان کے، دیکھ کر، دل میں
کچھ ایسے دیکھ کے ہم ان کو بے قرار ہوئے

خزاں رسیدہ ہمیں دیکھ کر محبت میں
بہار میں گل و بلبل بھی سوگوار ہوئے

ہوایک، دل سے نکل کر جو دلنشین رہے
وگرنہ یوں تو بہت تیر دل کے پار ہوئے

رہی نثار کی ہمت نہ جان نثاروں میں
ہزار جان سے جب ان پہ ہم نثار ہوئے

تڑپ نہ دل کی ترے ہے کسی میں اے شیدا
گو ان پہ تجھ سے تو عاشق ہیں بے شمار ہوئے

◆

وہ اگر مائلِ وفا نہ ہوا   مجھ کو بھی شکوۂ جفا نہ ہوا

خوگرِ رنج و غم ہوں میں اتنا   نہ بھلا وہ ہوا ، بُرا نہ ہوا

شوقِ معشوقیت ہوا اس کو   عشق مجھ کو بھی والہانہ ہوا

آشنائی میں اس سے کرتا ہوں   جو کسی کا بھی آشنا نہ ہوا

دے ملا کر کچھ اس میں ، اے ساقی   بادۂ ناب جب دوا نہ ہوا

خوں بہا مانگنا قتیلوں کا   خوں بہانے کا اور بہانہ ہوا

اس کو قربت میں بھی جدائی ہے   دُور رہ کر بھی میں جدا نہ ہوا

کیا اسیری ہے اس کی زلفوں کی   میں رہائی میں بھی رہا نہ ہوا

کیا ہوا گر ہوا فدا شیؔدا
اس پہ قربان تو زمانہ ہوا

◆

بیٹھے ہیں اِدھر ہم، وہ اُدھر دیکھ رہے ہیں
پوچھے کوئی ان سے کہ کدھر دیکھ رہے ہیں

کس رشک سے، اے دوستو! ہم بزم میں انکی
لڑتی ہوئی غیروں سے نظر دیکھ رہے ہیں

اوروں کو یوں گر دیکھنے کا کرتا گلہ ہوں
کہتے ہیں ضرر کیا ہے اگر دیکھ رہے ہیں

کیا زورِ کماں پر نہیں کچھ اپنے بھروسہ
کیوں غور سے یوں زخمِ جگر دیکھ رہے ہیں

کافی نہیں کیا ان کے لیے نالہ و زاری
آکے جو مرا دیدۂ تر دیکھ رہے ہیں

آتا نہیں مرنے کا مرے ان کو یقیں کچھ
لکھی ہوئی پرچے میں خبر دیکھ رہے ہیں

دیکھو تو وہ کس ناز سے انداز کا اپنے
ہوتا ہے جو لوگوں پہ اثر دیکھ رہے ہیں

بیٹھے ہوئے کیا دور سے مجبوری و دُوری
کرتی ہیں جو شیدا کا حشر دیکھ رہے ہیں

◆

بازاروں میں، کوچوں میں، میری ہوئی رسوائی
اک جرم زمانے میں کرنا ہے شناسائی

نومیدی و کمزوری ایسی ہے ڈرتا ہوں
ہاتھوں سے نہ چھوٹ جائے دامانِ شکیبائی

ناکامی و محرومی تقدیر میں لکھی تھی
تجھ سے نہیں کچھ شکوہ ، اے شاہدِ ہرجائی

عکسِ رخِ روشن سے ہوتی ہے درخشاں مے
جب لب سے لگاتی ہے تُو ساغرِ مینائی

غارتگری تجھ جیسی کرتی نہ خزاں تک ہے
کرتی نہ بہاراں ہے تجھ سی چمن آرائی

دلجوئیِ بلبل کر تھوڑی سی بہاراں میں
دائم نہ رہے گی یہ، اے گُل تری رعنائی

ہنگاموں میں رہ کر بھی رہتا ہوں اکیلا میں
یارب دے کسی کو بھی میری سی نہ تنہائی

لیتا ہے جفاؤں کو، بدلے میں وفاؤں کے
کیا اچھا کیا سودا تُو نے ہے یہ سودائی

خوبانِ جہاں میں تُو ہے یکتا و بے ہمتا
شیدا سا بھی دنیا میں کوئی نہیں شیدائی

◆

یہاں کیسے کیسے ، وہاں کیسے کیسے
ترے غم سے ہیں ناتواں کیسے کیسے

کیے تو نے ہیں کارواں عاشقوں کے
رواں کیسے کیسے ، دواں کیسے کیسے

ہیں مجھ کو یہ خوش فہمیاں کیسی کیسی
تجھے ہیں گماں ، بدگماں کیسے کیسے

تری مسکراہٹ نے پیروں کے دل میں
کیے ولولے ہیں جواں کیسے کیسے

کیے ہیں ادیب و خطیب و مقرر
ترے حسن نے بے زباں کیسے کیسے

ترے سامنے واعظ و پیر و مرشد
ملاتے ہیں سب ہاں میں ہاں کیسے کیسے

بصد راز داری کیے محرموں نے
عیاں راز ہائے نہاں کیسے کیسے

رہا تو ہے ناکام پر دیکھ شیدا
ہوئے ہیں ترے امتحاں کیسے کیسے

⊙

نہ مجھ سے کہہ کہ بچا اپنا دل، مرے ہمراز
تو جا کے دیکھ وہ ابروئے یارِ تیرا انداز

خدایا زلف میں پہونچے گا اسکی یہ کیسے
ہے دست کوتہ مرا اور قدِ یار دراز

مجھے ہے دست طلب اور دستگیر ہے وہ
ہوں میں غریبِ وطن اور وہ غریب نواز

دی بندگی مجھے ، اسکو ملی خداوندی
ہے اوجِ ناز اُسے اور مجھے مقامِ نیاز

ق

ہو فرق عاشق و معشوق میں اگر اتنا
تو درمیان ہوں کیسے پھر ان کے راز و نیاز

نہ فاش راز کرے گا اگر غمِ جاناں
تو آشکارا یہ ہو گا بہ غمزۂ غماز

پلائے بادہ بہ اندازہ ہے اگر ساقی
کرے ہے اس کی تلافی بصد ہزار انداز

غبارِ راہ نہ شیداؔ غبارِ خاطر کر
ہیں بیش رہگزرِ عمر میں نشیب و فراز

⊙

جا بجا چرچے ہیں اس کے نام کے — کام دیکھو عاشقِ ناکام کے
وہ غمِ جاناں سے کچھ واقف نہیں — جن کو شکوے ہیں غمِ ایام کے
خار خارِ خار حرماں سے ہیں خوار — ہیں جو عاشق عارضِ گلفام کے
رکھتے پیچیدہ ہیں جانِ عاشقاں — پیچ گیسو یارِ سیم اندام کے
آرزو و خواہشِ مہتابِ رخ — ولولے ہیں زندگی کی شام کے

بن گئی آزار شیدا زندگی
فیض سے اک شوخِ دل آرام کے

◆

جب بھی دینے کو تسلی آ گئے   آگ الفت کی وہ اور بھڑکا گئے

آئے دلجوئی کو تھے پر دیکھ کر   مضطرب عشاق کو گھبرا گئے

کچھ غموں کو حاجتِ دُزدی نہ تھی   صاحبِ خانہ تھے گھر میں آ گئے

اس قدر خونخوار تھے غم عشق کے   کھا گئے دل بھی ، جگر بھی کھا گئے

کیا بھروسا دیدہ ہائے شوق کا   پاسباں تھے اور گھر لٹوا گئے

جا کے پھولوں سے کوئی پوچھے کہ وہ   کیوں کھلے اور کھل کے کیوں مرجھا گئے

ق

گردشِ گردونِ گرداں دیکھئے   آئے اور آ کر گئے ، پھر آ گئے

روتے روتے ہو گیا شیدا سکوں
آ گئے کیا واقعی وہ آ گئے

⊙

محبت میں سزا کیسی ، جزا کیا
ہے عاشق کے لیے اچھا بُرا کیا

ہو دردِ خلق جس بیمار دل میں
دوا اس کے لیے کیسی ، دعا کیا

ہے رونق عکسِ حسنِ یار سے سب
رکھا دنیا میں ہے اس کے سوا کیا

ہم عاشق آپ کے ہیں جان و دل سے
ہماری اس میں ہے ، کہیے ، خطا کیا

ادا پر آپ کی مرتے ہیں سب ہی
مرے ہم بھی اگر تو ہو گیا کیا

کچھ ہم کہتے ہیں ، سنتے آپ ہیں کچھ
بتائیں آپ کو پھر مدعا کیا

ہے پاؤں لنگ جب اور ہاتھ کوتہ
کریں ناحاصلی کا ہم گلا کیا

فنا جاناں میں جو ہوتا ہے شیدا
وہ شیدائی مرا کیا ، وہ جیا کیا

* * *

ہو لبِ بام جو جلوہ تری رعنائی کا   کم ہو، اے چاند، اندھیرا شبِ تنہائی کا

دیدۂ شوق، دلِ شیدا، طبیعت شائق   سارا سامان بہم ہے مری رسوائی کا

ناتواں ہجر میں ایسا ہوں کہ ڈر لگتا ہے   چھوٹ نہ جائے کہیں دامان شکیبائی کا

جابجا رہ کے بھی ہوتا نہیں اس دل سے جدا   دیکھو دستور ہے کیسا مرے ہرجائی کا

لیتا بدلے میں وفاؤں کے جفائیں ہیں بہت   کتنا اچھا ہے یہ سودا ترے سودائی کا

داغ لالہ کو دیا، خار دیئے پھولوں کو   شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا

چشمِ شیدا سے بہت گرتے ہیں انجم لیکن
کم نہیں ہوتا اندھیرا شبِ شیدائی کا

◆

عمر بھر اُن کی تمنا کیجیے پھر سدا قسمت کو رویا کیجیے

ہاتھ آئیں تاز و تگ کے بعد جو تھک کے سو جائیں تو پھر کیا کیجیے

اُن کی صورت دُور ہی سے بیٹھ کر رات بھر دل بھر کے دیکھا کیجیے

دیکھ کر شائق ہمیں لڑتی ہیں کیوں کچھ تو سوچا، کچھ تو سمجھا کیجیے

بات کرنے کا ملا موقع ہے اب یوں نہ عشوہ، یوں نہ غمزا کیجیے

آپ کا، میرا ہے دو عالم میں جو آئیے اس کو ہمارا کیجیے

جا رہا ہے آج شیدؔا جان سے
کیجیے کچھ اے مسیحا کیجیے

◆

مدفنِ آرزو جو دل کو بنا رکھا ہے   شورِ محشر کا یہ سینے میں چھپا رکھا ہے

ہوں تو مجنوں والے لوگوں کی خردمندی نے   اور بھی کچھ مجھے دیوانہ بنا رکھا ہے

بیچنے کے لیے چالاکی و ہشیاری کو   ہر جگہ عقل نے بازار لگا رکھا ہے

دلِ ویران بناتا گل و گلزار ہے یہ   گلِ رخسار جو قدرت نے کھلا رکھا ہے

زلف کو کر کے پریشان رخِ روشن پر   شبِ یلدا میں چراغ ایک جلا رکھا ہے

پرتوے حسنِ حقیقت سے بنا ہے دلکش   ورنہ اس عالمِ امکاں میں کیا رکھا ہے

شوقِ دیدار و حضوری جو ہے دل میں شیدا
یہ خدا کردہ، خداداد، خدا رکھا ہے

◆

جلوہ نما جو شاہدِ مستور ہو گیا — روشن چراغِ دیدۂ بے نور ہو گیا

دل پر گری جو برقِ تجلی مرے کبھی — ایسا جلا کہ نور علیٰ نور ہو گیا

اے دوست جبر اس پہ نہیں جب ترا کوئی — پھر دل کیوں اس قدر مرا مجبور ہو گیا

پہلے تو دل دکھاتا مرا تھا کبھی کبھی — لگتا ہے اب کہ یہ ترا دستور ہو گیا

جب سے چرائی آنکھ ہے اس نورِ چشم نے — بے نور آنکھ ہو گئی ، دل چور ہو گیا

ساقی ملا کے آنکھ پلائی جو تُو نے مے — قاتل کچھ اور دیدۂ مخمور ہو گیا

رسوا جہاں میں گر ہوا شیدؔا تو کیا ہوا
شکرِ خدا کہ یار تو مشہور ہو گیا

◆

جب بھی معشوق کبھی ترکِ ستم کرتے ہیں
دور یکدم دلِ عشاق سے غم کرتے ہیں
دیکھیے کیسے سبکبار غزالوں کی طرح
یہ پری زاد ہمیں دیکھ کے رم کرتے ہیں
اے مسیحا تو وداع کرنے ہی آجا ان کو
یہ جو بیمار سفر سوئے عدم کرتے ہیں
مانگنے کوچے میں آئے نہیں تیرے کچھ ہم
ہم تو عاشق ہیں، فقط طوفِ حرم کرتے ہیں
دیکھ کر خلق کو کہتے ہیں وہ جلوہ گہ میں
میرا عشاق بہت ناک میں دم کرتے ہیں
بخش دیتے ہیں گناہوں کو وہ سارے ان کے
جو ندامت سے کبھی چشم کو نم کرتے ہیں
ہو نہ مایوس، یہ عادت ہے خدا کی شیدا
ایک دو پر وہ نہیں، سب پہ کرم کرتے ہیں

◆

بخت کو آزما کے دیکھ لیا
دل کو تجھ سے لگا کے دیکھ لیا

نارسائی کو اپنی ، اے جاناں
حال تجھ کو سنا کے دیکھ لیا

سنگ دل تیرا ، چیر کر سینہ
دل کو اپنے دِکھا کے ، دیکھ لیا

یاد کوئی ہمیں نہیں کرتا
ہم نے جا جا کے، آ کے دیکھ لیا

تجھ کو جب چاہا دیکھنا ہم نے
دل کو اپنے اٹھا کے دیکھ لیا

غمِ ایام سے ملی فرصت
تُو نے جب مسکرا کے دیکھ لیا

کر دیا مست اور ساقی نے
آنکھ جب بھی مِلا کے دیکھ لیا

تابِ رخسارِ یار سے شیدا
دل بھی تم نے جلا کے دیکھ لیا

* * *

تری محفل سے اٹھ کر تیرے دیوانے کہاں جائیں
جلا کر پر شمعِ رخ سے یہ پروانے کہاں جائیں
چھلکتی آنکھ سے مے دیکھ کر جو مست ہیں ساقی
نکل کر بزم سے تیری وہ مستانے کہاں جائیں
نہاں ہے دردِ دل ، پنہاں ہے جب زخمِ جگر اپنا
بتائیں درد کس کو ، زخم دکھلانے کہاں جائیں
شناسائی ذرا بھی کی نہ جن سے آشناؤں نے
وہ پھر کوچے سے تیرے بن کے بیگانے کہاں جائیں
اے میرِ کاروانِ عشق ، ہم کو چھوڑ کر مت جا
ہیں ہم کھوئے ہوئے ایسے خدا جانے کہاں جائیں
بتوں سے دل لگانے میں کٹی ہے عمر جب شیدا
تو ہم پھر بت کدے سے دل کو بہلانے کہاں جائیں

* * *

کچھ رہی آہ و فغاں ، کچھ نالہ و زاری رہی
رات بھر دل کو ستاتی یادِ دلداری رہی

حلقہ در حلقہ ہیں کتنے زلفِ پیچا پیچ میں
بحث اک یہ حلقۂ عشاق میں جاری رہی

بار برداریِ غم جتنی بھی ہم کرتے رہے
تجھ کو اتنی ہی زیادہ ہم سے بیزاری رہی

پہلوے دشمن میں تو سوتی رہی جو رات بھر
تیرے قرباں، پوچھ مت ہم کو جو بیداری رہی

بچ کے رہ سکتا نہیں تھا دل بلاؤں سے کبھی
کیا ہوا گیسو کی گر اسکو گرفتاری رہی

سب ہی رہتے ہیں سبک سر نوجوانی میں مگر
ہیں وہ خرم جن کو پیری میں سبکباری رہی

عاشقی سے بچ کے رہنا تجھ کو آساں ہے و لے
پوچھ مت اے جان شیدا کو جو دشواری رہی

◆

آتا کہیں ظلمت میں نظر نور نہیں ہے
کٹتی کسی صورت شبِ دیجور نہیں ہے

اے برقِ تجلی میں کروں کیسے تقاضا
موسیٰ نہیں میں، گھر بھی مرا طور نہیں ہے

دے آ کے دلاسا اسے خود، دینا اگر ہے
بہلے کبھی تجھ بن دلِ رنجور نہیں ہے

اوجھل ہے اگر آنکھ سے میری تو ہوا کیا
دل سے کبھی رہتی مرے تُو دُور نہیں ہے

آتی ہے دکھانے کے لیے تُو مجھے جلوہ
کچھ آنکھ میں باقی جو رہا نور نہیں ہے

شہرت ہے ترے حسن کی دنیا میں کچھ ایسی
کچھ رہ کے بھی مستور تُو مستور نہیں ہے

دنیا ہی میں اس، یکتا و بے ہمتا نہیں تُو
تجھ سی کوئی جنت میں بھی اک حور نہیں ہے

شیدا تجھے رہتی ہے تگ و تاز کیوں اتنی
ملتا نہیں کوشش سے جو مقدور نہیں ہے

* * *

کبھی جلوہ بھی دکھلایا تو ہوتا   یہ دل کچھ اور تڑپایا تو ہوتا

نکل کر تُو کبھی پردے سے باہر   ہمارے سامنے آیا تو ہوتا

جہاں جلتے ہیں جبرائیل کے پَر   وہاں ہم کو بھی پہنچایا تو ہوتا

کچھ اپنی آنکھ کے ساغر سے بادہ   ملا کر آنکھ چھلکایا تو ہوتا

چھپایا شرم سے اپنوں سے منہ جو   تُو غیروں سے بھی شرمایا تو ہوتا

جفائیں کر کے ظالم ہم پہ اتنی   کبھی تھوڑا سا پچتایا تو ہوتا

کبھی جھوٹا سا کر کے ایک وعدہ   دلِ مضطر کو بہلایا تو ہوتا

پریشاں زلف سلجھائی جو تو نے   یہ الجھا دل بھی سلجھایا تو ہوتا

کیا رسوا ہے اتنا جس نے شیدؔا
کبھی اُس دل کو سمجھایا تو ہوتا

در مدحت و ستائشِ بینی

ہوں عاشق گرچہ میں انداز و نازِ نازنینی کا
ولے شیدا بھی ہوں تیرے لب و رخسار و بینی کا

رہا کچھ ہے نہ ذوقِ شربت و شیرہ و شیرینی
پڑا ہے ذائقہ جب سے لبوں کی انگبینی کا

لگی کرنے سماع و رقص زہرہ آسمانوں میں
ہوا کچھ اس طرح چرچا تری زُہرہ جبینی کا

بناتا ہے وہ تمثیلِ رخِ بے مثل و بے ثانی
ذرا دیکھے تو کوئی حوصلہ نقاشِ چینی کا

خوشی سے وہ جو غم کھاتے ہیں اور کھاتا ہے غم ان کو
نہ غم پھر کر تُو ان عشاق کی اندوہگینی کا

طلب ہو قلب کو زنجیر و بندِ آہنیں کی جب
کرے کیسے وہ شکوہ تیرے قلبِ آہنینی کا

پرستاریِ بینی سبک کرتا ہے جو شیدا
نہ اندیشہ کرے ہے پھر وہ لادینی و دینی کا

◆

عشق میں کھانا جگر بھی، خوں بھی پینا چاہیے
موت برحق ہے مگر مر مر کے جینا چاہیے

ناز برداری کی خُو دل میں ہے کچھ ایسی، ہمیں
ناز جتنا بھی کرے تو نازنینا، چاہیے

میکشوں کو چشمِ ساقی جب کرے ہے مست خود
کس کو صہبا و سبو و جام و مینا چاہیے

کرنی آتی خوب ہے دل کی جراحت گو تجھے
سیکھنا، سینہ بھی اے جراح، سینا چاہیے

ہیں زمیں پر بھی بہت پروین و زہرہ، انجم و مہ
بہرِ دیدارِ حسیناں چشمِ بینا چاہیے

وہ کرے جلوہ گری لیکن تجلی کے لیے
شوقِ دیدارِ کلیم و طورِ سینا چاہیے

ہجر نے لاغر کیا گرچہ تجھے شیدا و لے
وصل کی خاطر ابھی کچھ اور جینا چاہیے

* * *

مجھے بندِ غم سے نہ آزاد کر
خدارا ستم اور ایجاد کر

تو کر پاسِ ناموسِ رسمِ ستم
نہ اے بے رحم ، ترکِ بیداد کر

ہوا دار کو کچھ ، ہوا اور دے
یہ برباد دل اور برباد کر

اے خانہ بر انداز ، آ کر کبھی
تو غارت دلِ خانہ برباد کر

پریشاں اُسے اور، پریشاں جو ہے
پرستانِ دل ، اے پری زاد کر

نئے دے کے رنگِ عتاب و غضب
فزوں اور حسنِ خدا داد کر

گرا درگہِ حق سے تو خود ہے دل
نہ کر داد اتنی ، نہ فریاد کر

کٹی عمر شیدا ہوس میں تری
ہے وقت آخری ، اب خدا یاد کر

* * *

رہا باقی نہ کچھ دم خم ہمارا
یہ کیا تو نے کیا عالم ہمارا

ہے کیسا عشق کا حکمِ خموشی
لگا گھٹنے ہے اس سے دم ہمارا

یہ خونخواری ہے کیسی، دل کو کھا کر
پئے خونِ جگر ہے غم ہمارا

ہے گر عالم میں فائق حسن تیرا
نہیں ہے عشق بھی کچھ کم ہمارا

یہ کیا محفل تری ہے جس میں ساقی
رہا خالی ہے جامِ جم ہمارا

ڈر آہوں سے فقیروں کے دلوں کی
مزاج اتنا نہ کر برہم ہمارا

بہت طغیانیاں کرتا ہے برپا
اگر ہوتا ہے دیدہ نم ہمارا

یہ کیا شیون کدہ شیدا ہے جس میں
نہیں کرتا کوئی ماتم ہمارا

◆

وعدے پہ اعتبار کیا، میں نے کیا کیا
دن رات انتظار کیا، میں نے کیا کیا

دل کی لگام دے کے رہِ عشق میں اُسے
رہزن کو ایک یار کیا، میں نے کیا کیا

جز صبر جب علاج نہیں دردِ عشق کا
شکوہ جو ایک بار کیا، میں نے کیا کیا

پردہ دری کو غمزۂ غماز کم نہ تھا
جامہ جو تار تار کیا، میں نے کیا کیا

رسوائی دیکھ کر مری بولی گلہ نہ کر
تُو نے ہی خود کو خوار کیا، میں نے کیا کیا

پچھتا کے اور ڈھاوے ہے دل پر قیامتیں
ظالم کو شرمسار کیا، میں نے کیا کیا

غمخواری مدعا تھا، ملیں پر نصیحتیں
شیدا کو راز دار کیا، میں نے کیا کیا

⑤

ہے دورِ باغ میں پھولوں کے مسکرانے کا
چلی بھی آؤ کہ موسم ہے دل لگانے کا

گلاب مست ہے، مخمور چشمِ نرگس ہے
بندھا چمن میں سماں ہے شراب خانے کا

گلوں کے ہاتھ میں ساغر ہیں، تُو بھی آ ساقی
کہ آیا وقت ہے پینے کا اور پلانے کا

رہا ہے دیکھ کے بلبل کو خندۂ سوسن
قفس کا خوف نہ اندیشہ آشیانے کا

نہ تابِ دید اگر ہم میں ہے تو ان کو بھی
ملا ہے ایک بہانہ یہ منہ چھپانے کا

مزہ رہا نہ جلانے میں دل کو جب کوئی
وہ پوچھتی ہیں پتا میرے آشیانے کا

ملا تا مُنہ سے ہوں میں مُنہ اگر تو کہتی ہیں
صلہ یہ دیتا ہمیں ہے تو منہ لگانے کا

ملایا ان کو جو شیدا سے دیکھ کر بولیں
دکھاؤ ہم کو کوئی آدمی ٹھکانے کا

◆

لگی ہے ڈھلنے شبِ انتظار کہتے ہیں
نسیم لائی ہے بوئے نگار، کہتے ہیں
گل و گلاب کو نیرنگِ رنگ و بو دے کر
گیا ہے قافلۂ نو بہار، کہتے ہیں
بدل گئے ہیں قوانینِ عاشقی سارے
اب ان کا عہد بھی ہے استوار، کہتے ہیں
رواجِ اہلِ وفا بھی بدل گیا ہے بہت
قرار سے ہے دلِ بیقرار، کہتے ہیں
وہ سن کے بسملِ الفت کی نالہ و زاری
بہت ہے خاطرِ نازک پہ بار، کہتے ہیں
ذرا تو دیکھیے دانش کی خود فریبی کو
قضا کو اہلِ خرد اختیار کہتے ہیں

شبِ فراق کی ظلمت کو دیکھ کر شیدؔا
افعیِ گیسوئے شب رنگِ یار کہتے ہیں

◆

دے کر سلام، کر کے دعا، بھیجتا ہوں میں ‏ ‏ ‏ پیغام اک بدستِ صبا بھیجتا ہوں میں

یہ جان کر کہ یار جفا کار ہے مرا ‏ ‏ ‏ ہر دم پیام ہائے وفا بھیجتا ہوں میں

کیسی یہ سادگی ہے، دلِ لخت لخت کو ‏ ‏ ‏ قاتل کے پاس بہرِ شفا بھیجتا ہوں میں

قاصد کو دے کے زہرِ ہلاہل مرے لیے ‏ ‏ ‏ کہتا ہے تیرے دُکھ کی دوا بھیجتا ہوں میں

ق

پوچھا جو میں نے تحفہ یہ بھیجا ہے کس لیے ‏ ‏ ‏ کہنے لگا برائے خدا بھیجتا ہوں میں

ق

جز مرگ کچھ علاج نہیں تیرے درد کا ‏ ‏ ‏ کرنے سہل یہ تجھ پہ قضا بھیجتا ہوں میں

مطرب کے ساتھ شیدائے خستہ کی اک غزل
بدخو کو اُس، بساز و نوا بھیجتا ہوں میں

⊙

ساقیا بزم میں کچھ اور تجمل ہووے
دورِ ساغر میں اگر ایک تسلسل ہووے
آویں مے نوش ہر اک سُو سے صدا سن کر
محفلِ عیش میں شیشے جو قلقل ہووے
بیٹھ کر صحنِ گلستان میں توڑیں توبہ
ساغرِ گل سے چھلکتی ہوئی گر مُل ہووے
چشم و رخسار پہ بکھری ہوئی زلفوں سے تجمل
چشمِ نرگس، رخِ گل، گیسوئے سنبل ہووے
ہوویں خنداں نہ گل و لالہ چمن میں ایسے
نہ بہاراں میں اگر نالۂ بلبل ہووے
گر ترے لب سے لگے جامِ لبالب شیدا!
شور اتنا نہ ترا آج نہ غلغل ہووے

⊙

بزم کرتا ہے فروزاں رُوئے رخشاں آپکا
عکسِ رخ کرتا ہے جامِ مے درخشاں آپکا

کرتی زُہرہ ہے ستائش دیکھ کر زہرہ جبیں
ماہِ رخ نے کر دیا ہے مہ مدح خواں آپکا

کرنے آتے ہیں زمیں بوسی ستارے رات کو
جگمگاتا دیکھتے ہیں جب وہ ایواں آپکا

دیکھ کر گلزار میں اک دن گلِ رخسار کو
عاشقِ شیدا بنا ہے مرغِ شب خواں آپکا

زلف کی زنجیر مانگے ہے زلیخا آپ سے
چاہتا یوسف بھی ہے چاہِ زنخداں آپکا

ہوتی دیوانوں کی آشفتہ سری ہے اور فزوں
جب بھی کرتی ہے صبا کاکل پریشاں آپکا

آپ ہی کرتیں نہیں جور و ستم عشاق پر
ظلم کچھ کرتا نہ کم ہے ان پہ درباں آپکا

دیکھئے شیدا کو در پر بیٹھ کر کس رشک سے
دیکھتا رہتا ہے وہ شب بھر شبستاں آپکا

* * *

نامہرباں وہ کبھی گر مہرباں ہو جائے ہے
مجھ کو آہوں پر رسائی کا گماں ہو جائے ہے
ڈالتی ہے جب بھی وہ دلدار دزدیدہ نظر
دل سے رخصت یک بہ یک دردِ نہاں ہو جائے ہے
قصۂ نوشِ لبِ شیریں یہ دیکھو کس طرح
ذکرِ جُو و تیشہ و سنگِ گراں ہو جائے ہے
بارِ غم اتنا نہ دو اپنا کہ اِس کو دیکھ کر
ناتواں دل اور بھی کچھ ناتواں ہو جائے ہے
کھینچے ساقی ہاتھ ہے جب درمیانِ میکشی
اک کشاکش اس کے میرے درمیاں ہو جائے ہے
چشمِ دل سے دیکھتے ہیں جب بتِ کافر ادا
رازِ پنہاں صوفیوں پر بھی عیاں ہو جائے ہے
جب دکھاتی ناز ہے نازش سے کوئی نازنیں
دیکھ کر پیری میں پھر شیدا جواں ہو جائے ہے

◆

کم نہ ہوتی کسی صورت مری رنجوری ہے
وعدۂ وصل بڑھاتا غمِ مہجوری ہے

چھیڑتا کوئی ہے گر قصۂ زلفِ جاناں
اور بڑھ جاتی شبِ ہجر کی دیجوری ہے

فیض سے عشق کے اے ملکۂ خوباں تیرے
دیکھ کیسی مری ناچاری و مجبوری ہے

سادگی دیکھ بناتا ہوں میں رہبر اس کو
رہزنی جس کے لیے کارِ بدستوری ہے

رخ دکھاتے ہی چھپاتی جو ہے زلفوں میں اسے
کیسی یہ جلوہ گری، کیسی یہ مستوری ہے

جا کے کرتے ہیں درِ خلد پہ رضواں سے دعا
سن کے عشاق کہ تجھ سی کوئی واں حوری ہے

جب طلب گار ہیں میخانے میں اتنے ساقی
خم میں مستور یہ کیوں دخترِ انگوری ہے

ناز کر عشق پہ شیدا کہ رقیبوں کو بہت
باعثِ رشک تری خواری و مجبوری ہے

⊙

توبہ سے کم نہ شوقِ وصالِ صنم ہوا
خالی کبھی بتوں سے نہ دل کا حرم ہوا

ایسا ہے سر میں شوق کہ جب سے گئی ہے وہ
مسجود، جو بھی مل گیا نقشِ قدم، ہوا

دل جوئیِ حبیب کا دیکھو اثر ہے کیا
دل کو عزیز اور بھی کچھ اس کا غم ہوا

کیا مل گئی رسائی دلِ نامراد کو
کیسے یہ آج اہلِ ستم کا کرم ہوا

نرگس بھی دیکھ کر ہوئی شبنم کی منتظر
کچھ اس طرح یہ دیدۂ غمناک نم ہوا

ساقی سمجھ حقیر نہ جامِ سفال کو
اک جام بھی نہ بن سکا، جب خاک جم ہوا

ہے ساز تیرا زیر و زبر دل تو غم نہ کر
نغمہ وہ کیا ہے جس میں نہ کچھ زیر و بم ہوا

شیدا رہا نہ آپ میں دم خم تو کیا ہوا
فضلِ خدا کہ زلف کا کچھ کم نہ خم ہوا

* * *

ہے علاجِ غمِ دل شربتِ دیدار، مرا   شربتِ قند مگر دیوے ہے عطار مرا
میری تڑپن کو سمجھتا ہے وہ دھڑکن دل کی   کیسا ماہر ہے طبیبِ دلِ بیمار مرا
خون کی کوئی کمی ہے نہیں تیرے دل میں   کہتا وہ دیکھ کے ہے دیدۂ خونبار مرا
مرضِ دل کا وہ ہنر مند ہے لیکن یارب   دیکھنا اس کو سکھا دے تو دلِ زار مرا
اے معالج نہ مجھے بھیج تُو درمانگہ میں   ہے شفا خانہ مجھے کوچۂ دلدار مرا
نہ رہے مجھ کو طبیبوں سے، حکیموں سے غرض   مونسِ جان اگر ہووے لبِ یار مرا
گلِ رخسار نظر آتا خزاں میں بھی ہے گر   بنتا ہر گوشۂ دل ہے گل و گلزار مرا

جب سے آزاد کیا اس نے ہے شیدا مجھ کو
ہووے کوئی ہے نہ دنیا میں خریدار مرا

* * *

گر وصل نہیں، وصل کا اقرار ہے کافی
مجھ کو تو ترا وعدۂ دیدار ہے کافی

آزاد نہ کر مجھ کو، نہ کر فکر تو اتنی
زنداں میں مجھے روزنِ دیوار ہے کافی

کرتا ہوں طلب میں نہ مسیحائی کسی سے
مل جائے اگر، ایک ہی غم خوار ہے کافی

امید شفا کی ہے نہ خواہش ہے دوا کی
مجھ کو تو فقط پرسشِ بیمار ہے کافی

خنجر کی نہ شمشیر کی کوئی ہے ضرورت
مرنے کے لیے اک نگہِ یار ہی کافی

مت بیٹھ یوں آغوش میں اتنی کہ مجھے تو
تھوڑا سا ہی اک خدشۂ اغیار ہے کافی

کہتی ہے تُو، اس سے میں فقط کھیل رہی ہوں
کہتا ہوں میں، دشمن مرا ہشیار ہے کافی

ہے رات جواں، کھینچ نہ یوں ہاتھ کو ساقی
اس دل پہ ابھی غم کا مرے بار ہے کافی

کر اور نہ شیدا ہوسِ گیسوئے جاناں
پہلے ہی سے تو اس میں گرفتار ہے کافی

نواز شریف کے دور میں

لب پہ نالہ نہیں آنکھوں میں نہ کچھ پانی ہے   اے عزیزو! یہ اذیت میری روحانی ہے
کن گناہوں کی سزا تُو نے یہ دی ہے یارب   قلب بے حس ہوا، دانش ہوئی دیوانی ہے
ہو رہا ملک میں کیا ہے یہ خدایا میرے   مہنگا پانی ہے بہت خون کی ارزانی ہے
بھائی بھائی کا گلا کاٹ رہا ہے اپنے   کوئی بتلائے کہ کیسی یہ مسلمانی ہے
کارواں لوٹتے جب خود ہیں محافظ اس کے   کیسی نگرانی ہے یہ، کیسی نگہبانی ہے
رہزنوں، راہ نماؤں میں رہا فرق نہ کچھ   راہ پیچیدہ ہے، خطروں کی فراوانی ہے

یوں تو آرام سے امریکہ میں مَیں ہوں شیدا
سن کے پر حالِ وطن ہوتی پریشانی ہے

◆

جام میں ڈال کے رنگِ رخِ جانانہ دیا
دیکھو کیسا یہ مجھے بادۂ مستانہ دیا

دیکھنے آئے سماں مفتی و شحنہ اندر
کھول جب پیرِ مغاں نے درِ میخانہ دیا

داغ سے ایک، رخِ لالہ کی آرائش کی
خال سے ایک سجا عارضِ جانانہ دیا

حسنِ عالم سے بنایا شمعِ محفل اس کو
دل کو بھی ایک مرے جذبۂ پروانہ دیا

عقلِ ناقص ہی اگر حق میں تھی میرے یارب
شکر تیرا کہ مجھے اک دلِ دیوانہ دیا

پاس جبکہ تھا دمِ عیسیٰ مریم اس کے
میرے عطار کو کیوں پھر یہ دواخانہ دیا

قید کرنے کو کہا جب خمِ گیسو میں اسے
میں نے دل بھی دیا، دل سے اسے شکرانہ دیا

شیداؔ اچھا کیا ساقی نے، بہت ٹھیک کیا
ناپ کے، جانچ کے، گر اک تجھے پیمانہ دیا

◆

کچھ بھی اس کے لیے آتا ہے نہ جانا دل کا
دل لگی سے نہیں کچھ پیش لگانا دل کا

ہے یہ کیا سادگی دلدار کی ، دیکھو یارو
دلِ ستانی کو وہ سمجھے ہے ستانا دل کا

خوش جو ہوتی ہے دُکھا کر دلِ عشاق کو وہ
کاش آ جائے اسے اور دُکھانا دل کا

گر کہا میں نے دوا کر دلِ ناشاد کی کچھ
بولی ، تجھ کو تو یہ ہے مرض پرانا دل کا

پَر جلانا ہے اگرچہ اے شمع ٹھیک ترا
ٹھیک لیکن نہیں ہنس ہنس کے جلانا دل کا

دیکھنا اس کو نہ آتا ہے اگر دل شیدؔا
کچھ تجھے بھی نہیں آتا ہے دکھانا دل کا

◆

زہے نصیب کہ ساقیِ دلکشا آیا
سبو بدوش ، خراماں ، لیے دوا آیا

گلوں کو چھیڑنے آئی نسیم صبح دم
چمن میں نغمہ سرا مرغِ خوش نوا آیا

سماں بندھا ہے کچھ ایسا کہ آج مطرب بھی
بہ طبل و چنگ ، لیے قول آشنا آیا

یوں اسکے کوچۂ جاناں سے آیا قاصد ہے
لگے ہے لے کے وہ پیغامِ جانفزا آیا

رقیب کوچۂ دلدار میں ، بفضلِ خدا
گیا تھا سرخ رُو ، ہو کر وہ رُوسیا آیا

ہے نا امید کچھ ایسا عدو کہ خود لے کر
ہمارے پاس سفارش کی التجا آیا

عجیب بات ہے کیا ، اتفاق ہے کیسا
جو پیش آیا وہ سب حسبِ مدعا آیا

کمی ہے کوئی اگر اب تو صرف اتنی ہے
کہ ہاتھ تیرے نہ شیدا وہ دلربا آیا

◆

جب بھی دل بن گیا نشانہ ہے — لٹ گیا اُس کا سب خزانہ ہے
شوقِ معشوقیت ہے گر تجھ کو — عشق مجھ کو بھی والہانہ ہے
تیری الفت سہی فلاطونی — عشق میرا نہ فلسفانہ ہے
کرنا غمزے کی تیرے غمازی — کیسا اندازِ مجرمانہ ہے
کھانا آدم کا دانۂ گندم — کیوں ہوا عیبِ مردمانہ ہے
بتِ کافر کا پوجنا یارب — کیوں بنا جرمِ مسلمانہ ہے
خوں بہا مانگنا بنا میرا — خوں بہانے کا کیوں بہانہ ہے

کیا ہوا گر ہوا فدا شیدا
تجھ پہ قربان تو زمانہ ہے

⊙

لاغر ہوا، نحیف ہوا، ناتواں ہوا
لیکن نہ غم ترا کبھی مجھ پر گراں ہوا

اے یارِ تیز گام، تگ و تاز میں تری
کیسا رواں یہ دل ہوا، کیسا دواں ہوا

کرنے گیا تھا حال بیاں، دیکھ کر تجھے
گرچہ ہے صد زبان یہ دل بے زباں ہوا

دزدی سے دیکھتا ہے مجھے بزمِ غیر میں
کیا ضبط کا پھر آج مرا امتحاں ہوا

نا مہریِ رقیب کا کرتا ہے اب گلہ
کیا مہربان وہ مہ نا مہرباں ہوا

سرگوشیاں ہیں بزم میں کیسی یہ آج شب
کیا فاش، محرموں، مرا رازِ نہاں ہوا

آہ و فغاں میں کچھ نہ اثر کیا رہا مری
کیوں آج وہ نہ سن کے اسے سرگراں ہوا

شیداؔ نہ تو ہی پیر ہوا ماہ و سال سے
لگتا ہے پیر بھی ترا بختِ جواں ہوا

*

گمراہ کچھ اِدھر ملے اور کچھ اُدھر ملے
اپنی طرح ہی راہ میں سب ہمسفر ملے

کیسی ہے دیکھ خوبیِ قسمت کہ راہ میں
رہبر بھی گر ملے تو ہمیں بے خبر ملے

ان کو امیدِ منزلِ جاناں ہو کس طرح
اپنا ہی ڈھونڈنے سے جنھیں خود نہ گھر ملے

جدوجہد کسی میں نہ کوشش ملی کہیں
عشاق جس قدر بھی ملے، منتظر ملے

جلوہ گری جو سب کو چکا چوند کر گئی
صاحب نظر بھی کُو میں ترے بے بصر ملے

نے اوج کی امنگ، نہ پرواز کی تڑپ
شاہیں ملے اگر بھی تو بے بال و پر ملے

کرتے جہاں حکیم تھے دعویٰ علاج کا
لاچار واں بہت سے ہمیں چارہ گر ملے

شیدؔا نہ ڈر، ہو بحر میں پھر غوطہ زن کہ واں
شاید ملے صدف کوئی، کوئی گہر ملے

*

دی تو قدرت بھی ہے، طاقت بھی ہے، تدبیر بھی ہے
ہم کو لیکن ملی مجبوریِ تقدیر بھی ہے
کیا کہوں، کس کو دکھاؤں میں کے کیسے لکھوں
درد پنہاں بھی ہے، ناقابلِ تحریر بھی ہے
قتل کے واسطے کافی نہیں چشم و ابرو
خونِ عاشق کے لیے ہاتھ میں شمشیر بھی ہے
کم نہیں کرتی گرفتار ہیں باہیں گرچہ
باندھنے کے لیے اک زلف کی زنجیر بھی ہے
بے چلے پار جو ہو جائے جگر کے یکدم
مانگتا دل میرا ایسا وہ ترا تیر بھی ہے
ڈر خدا سے تُو اے قاتل کہ فرشتہ تیرا
نامہ لکھتا بھی ہے لیتا تری تصویر بھی ہے
جستجو دل میں مسلسل جو ہے تیرے شیدا
زہرِ قاتل بھی ہے، جاں کے لیے اکسیر بھی ہے

◆

برخلافِ رائے طبی خواہشِ یاری ہوئی
باوجودِ حبسِ دم ، دل کو ہواداری ہوئی

تھا غمِ فرقت اگرچہ ، فربہی بڑھتی گئی
کچھ فشارِ خون کی بھی دل کو دشواری ہوئی

سخت ہوتی جا رہی تھیں دم بہ دم دل کی رگیں
روغنی روٹی سے لیکن پیٹ کو یاری ہوئی

نوشِ تمباکو کیا اور عشق بھی کرتے رہے
کیا عجب ہے پھر کہ دل کی ہم کو بیماری ہوئی

دل ملا ورثے میں تھا بدحال ، لیکن کم نہیں
باعثِ افگاریِ دل کچھ جفا کاری ہوئی

تھے مریضِ قلب پہلے ہی سے لیکن ہجر میں
دل کا دورہ جب پڑا ، رقت بہت تاری ہوئی

حرکتِ دل بند بے پرہیزگاری کر گئی
موت کا باعث ولے شیدا ستمگاری ہوئی

* * *

ہے پریشان وہاں کوئی تو حیراں کوئی
تیرے کوچے میں نہیں صاحبِ عرفاں کوئی

بزمِ عشاق میں وحشت ہے کچھ ایسی کہ وہاں
چیرتا کوئی گریباں ہے تو داماں کوئی

ہے وہ غیروں سے گھری ایسی کہ ڈر لگتا ہے
نہ نگہباں ہے وہاں کوئی نہ نگراں کوئی

جل رہے ہیں پرِ پروانہ دل کیوں اتنے
بن گئی کیا ہے کہیں شمعِ شبستاں کوئی

غمِ دلِ زار نہ کر بے سرو سامانی کا
ایک دن اس کا بھی ہو جائے گا ساماں کوئی

ڈال کے تھوڑی سے انسانیت اس میں یارب
خاک سے ایک نیا ڈھال دے انساں کوئی

چشمِ دل کھول دے شیدا کی خدایا اپنے
تا رہے رازِ نہاں اُس سے نہ پنہاں کوئی

* * *

تھی تو اپنوں سے عداوت مگر ایسی تو نہ تھی
ظلم کی تھی انھیں عادت مگر ایسی تو نہ تھی

پہلوئے غیر میں رہتے ہیں وہ ہر دم جا کر
تھی تو پہلے بھی عنایت مگر ایسی تو نہ تھی

پاس آتے ہی عدو اُن سے چپک جاتے ہیں
تھی بہت اُن میں حلاوت مگر ایسی تو نہ تھی

اب تو سب دیکھتے ہی اُن پہ فدا ہوتے ہیں
تھی بہت اُن میں صباحت مگر ایسی تو نہ تھی

دیکھنے خلد سے آتے ہیں اُنھیں رضواں بھی
تھی تو حوروں سے شباہت مگر ایسی تو نہ تھی

سن کے اب قصہ مرا لوگ تڑپ جاتے ہیں
تھی بُری پہلے بھی حالت مگر ایسی تو نہ تھی

اب ہر اک بات پہ شیداؔ سے بگڑ جاتی ہیں
تھی تو پہلے بھی شکایت مگر ایسی تو نہ تھی

⊙

ہے نہ معلوم کسی کو کہاں رہتا ہے
اس کی قربت کا مگر دل کو گماں رہتا ہے
پردہ داری کا اسے شوق ہے ایسا دیکھو
دل میں رہ کر بھی وہ آنکھوں سے نہاں رہتا ہے
یوں تو رہتے ہیں جواں سب ہی جواں سالی میں
اس کو دیکھو کہ وہ پیری میں جواں رہتا ہے
ہو کے رہتا ہے مکیں کون و مکاں ہی میں نہیں
لامکاں میں بھی بنا کر وہ مکاں رہتا ہے
دل سے ہوتا نہ جدا ہے کبھی عشاق کے وہ
جائے بھی چھوڑ کر تو بن کے نشاں رہتا ہے
دل کو روشن کبھی کرتا ہے تجلی سے اگر
بن کے وہ داغ بھی شعلہ بھی وہاں رہتا ہے
عقل کی چشم سے گرچہ وہ نہاں ہے شیدا
آنکھ کے سامنے دل کی وہ عیاں رہتا ہے

⊙

نہیں تو آتی اگر دیکھنے دِکھانے کو   نہ آ خدا کے لیے دل بھی پھر دُکھانے کو

دل اور دیکھ کے ہوتا ہے ناتواں اسکو   نہ اس قدر دے اسے بارِ غم اُٹھانے کو

بہا نہ زخمِ جگر سے ہی خون سب اے دل   بچا کے رکھ بھی تو کچھ آنکھ سے گرانے کو

دلیری شوخ کی دیکھو کہ ظلمتِ شب میں   چراغِ رخ لیے آتی ہے دل چرانے کو

ق

جو ہوتی شہرت دُزدی ہے سن کے کہتی ہے   نہ جانے کیسے خبر ہوگئی زمانے کو

نہ کر بہار میں یوں نالہ و فُغاں شیدؔا
چمن میں دیکھ تو پھولوں کے مسکرانے کو

◆

بت ہم جب وہ کافر ادا دیکھتے ہیں　　کرشمہ ترا اے خدا دیکھتے ہیں

یہ کیا معجزہ ہے خدایا کہ اس پہ　　جسے دیکھتے ہیں ، فدا دیکھتے ہیں

چھپا ہے نظر سے تو کیا، چشمِ دل سے　　اُسے دم بہ دم ، جابجا دیکھتے ہیں

خود ہی جا کے کرتے نشانہ ہیں سیدھا　　جو تیر اس کا ہوتا خطا دیکھتے ہیں

وہ ظالم جو گھیرے ہے دل دوستوں کے　　اُسے دشمنوں سے گھرا دیکھتے ہیں

کریں خود ہی گہرا ہیں ناخون سے ہم　　اگر زخم بھرتا ہوا دیکھتے ہیں

ہوئی اب کے دُوری کچھ ایسی ہے ہم سے　　اُسے قرب میں بھی جُدا دیکھتے ہیں

غریبی ہے ایسی ہماری کہ کوئی　　نہ یک ہم سخن ، ہم نوا دیکھتے ہیں

دل ایسا بھرا زندگی سے ہے شیداؔ
کہ ہم زہر میں بھی دوا دیکھتے ہیں

◆

وہ آنے لگے ہیں وہ جانے لگے ہیں
اب آ کے مجھے خود منانے لگے ہیں

جو آنکھیں چراتے تھے اب مست ہو کر
وہ آنکھوں سے مجھ کو پلانے لگے ہیں

جو تلچھٹ پلاتے تھے اب عکسِ رخ سے
وہ ساغر مرا جگمگانے لگے ہیں

ہم آغوشِ خلوت میں ہونے کی خاطر
چراغوں کو خود ہی بجھانے لگے ہیں

جو مجھ کو دکھاتے جھلک تک نہیں تھے
وہ چلمن کو اب خود اٹھانے لگے ہیں

بلاتے نہ محفل میں جو تھے مجھے خود
وہ صدر اب بنا کے بٹھانے لگے ہیں

کبھی جو نہ آئے جواں جب تھے شیدؔا
وہ آئے ہیں اب جب وہ جانے لگے ہیں

◆

کر کے آنے کا وہ اقرار اگر جاتے ہیں
بیقرار اور دلِ زار کو کر جاتے ہیں

ڈالتی چشمِ غزالی ہے اگر ایک نظر
شیر افگن بھی اُسے دیکھ کر مر جاتے ہیں

جھانکتی زُہرہ وِ پرویں ہیں شبستانوں میں
نیم عریاں جو وہاں رشکِ قمر جاتے ہیں

دیکھتے نورِ خدا دیر میں بھی عاشق ہیں
پوجنے بُت وہ دل و جان سے گر جاتے ہیں

خانقاہوں کی، خرابات کی کچھ شرط نہیں
دیکھتے پرتوِ حق ہیں وہ جدھر جاتے ہیں

دیکھ کر عکسِ خدا خود میں، بہت اور بلند
وہ سلیب و رَسَن و دار کو کر جاتے ہیں

جاں پُر غم، دلِ پُر سوز و الم، سوئے عدم
تیرے دیوانے بھرا چھوڑ کے گھر جاتے ہیں

مرتے دم دیکھنی آساں نہیں شیدا کی تڑپ
تھام کر خود ملک الموت جگر جاتے ہیں

⊙

دنیا میں حسنِ یار کا ہم نام کر چلے
کیا خوب کام عاشقِ ناکام کر چلے

جتنے بھی گل بہار میں تھے باغ و راغ میں
ہم سب وہ نذرِ عارض گلفام کر چلے

لے کر سفید آئے تھے، رہ کر مگر یہاں
دفتر برنگِ زلف سیاہ فام کر چلے

جب قیدِ زندگی سے رِہا موت نے کیا
غمگین و غمزدہ غمِ ایام کر چلے

آئے تھے کرنے شیخ جو تحریمِ میکشی
خالی، وہ پی پلا کے، خُم و جام کر چلے

شیدا ہیں خوش نصیب کہ قیدِ حیات میں
آرام کچھ بہ فیضِ دل آرام کر چلے

◆

طنّاز وہ اک ناز سے دیکھے ہے جدھر بھی
زخمی وہ کرے دل بھی ہے سب کا وہ جگر بھی

کچھ ایسی سمائی ہے وہ آنکھوں میں ہماری
آتی ہے نظر ہم کو اِدھر بھی وہ اُدھر بھی

دردِ غمِ اُلفت میں ہے تاثیر کچھ ایسی
ہو جائے ہے زائل وہاں دارُو کا اثر بھی

پیچیدہ کچھ ایسی ہے رہِ منزلِ جاناں
ہو جائے ہے گمراہ وہاں جا کے خضر بھی

اللہ رے چلنے کا یہ انداز ہے کیسا
جب پاؤں لڑھکتا ہے لچکتی ہے کمر بھی

روتا ہے جدائی میں تری ابرِ بہاراں
دیدہ مرا بارش نے کیا اور ہے تر بھی

شیداؔ ہے طلب گار ترے نیمش نظر کا
اے جانِ جہاں نُوشِ رواں دیکھ اِدھر بھی

◆

آپ سا دل سے کبھی کوئی جدا ہوتا ہے
ہنس کے پھر دیکھئے پھر دیکھئے کیا ہوتا ہے

دل ہے دیوانہ مرا، دیکھئے آ کر تو کبھی
دیکھ کر آپ کو کیسے یہ فدا ہوتا ہے

کیجیے آ کے بہاراں میں مسیحائی دل
سبزہ و گل سے مرا زخم ہرا ہوتا ہے

پہلے ہی حشر سے اِک وادیِ خاموشاں میں
آپ آتی ہیں تو اِک حشر بپا ہوتا ہے

ناروا سب کو اگرچہ ہے دُکھانا دل کا
آپ کے واسطے لیکن وہ روا ہوتا ہے

شکوہ کرتے ہیں اگر، آپ کو ہوتا ہے گلا
نہ کریں شکوہ تو پھر اور گلا ہوتا ہے

ہوتے محشر میں ہیں سرشار مئے کوثر سے
جن کا پیمانۂ دل غم سے بھرا ہوتا ہے

عشق کرتے ہیں جو مخلوقِ خدا سے شیدؔا
ایسے عشاق کا مشتاق خدا ہوتا ہے

◆

خونخوار، چکھ کے خون کو، غم اس قدر ہوا
کھا کر یہ دل کو، در پئے خونِ جگر ہوا

جو چشمِ خونفشاں سے بچا کر رکھا تھا کچھ
سارا وہ خون تیغِ نظر کی نذر ہوا

تیرے بغیر، خانہ بر انداز دیکھ تو
برباد آرزو کا چمن کس قدر ہوا

گرچہ غموں نے ہوش نہ لینے دیا مجھے
میں کچھ خیال سے نہ ترے بے خبر ہوا

آنے کی تھی امید نہ تیری اگر تو کیوں
دل اس قدر یہ مضطرب و منتظر ہوا

کیا اب کریں علاج بتا ساقیا کہ جب
دارو سے بھی نہ چارۂ دردِ جگر ہوا

مایوس یوں ہے ہجر میں کیوں، دیکھ کسطرح
پیدا بطن سے رات کے نورِ سحر ہوا

بے چارگیِ دل تری شیدا وہ دیکھ کر
لاچار ہو کے، خود ہی ترا چارہ گر ہوا

* * *

گرچہ ملنے کے لیے آتا رہا جاتا رہا   پھر بھی میرے ہاتھ سے دلبر مرا جاتا رہا

رہ گئی رسمِ تکلف ، چل بسے راز و نیاز   وہ تعلق ، وہ تلطف ، وہ مزا جاتا رہا

دیکھیے کیسی مسیحائی ہے اُس جلاد میں   دیکھتے ہی اُس کو دردِ دوا لا جاتا رہا

کچھ غمِ فرقت نہ کم تھا ، چھوڑ کر جب تو گیا   مٹ گئی امید دل سے آسرا جاتا رہا

عشق کر کے غیر سے مجھ پر مہربانی ہے کیوں   کیا ترا جانِ جہاں ، ذوقِ جفا جاتا رہا

قتل سے کرتا نہیں آ کر علاجِ جانکنی   دل سے کافر کیا ترے خوفِ خدا جاتا رہا

دے کے دل کیوں ڈھونڈتا پھرتا ہے شیدؔا تُو اُسے
کیا ہوا گر کھو گیا ، اچھا ہوا جاتا رہا

○

دل بتوں سے تو لگانا چاہیے ان کا لیکن غم نہ کھانا چاہیے

تختِ گل پہ بیٹھ کر گلزار میں وقتِ گل پینا پلانا چاہیے

دیکھ کر ہم کو بھی ، پھولوں کی طرح گل رُخوں کو مسکرانا چاہیے

عید کیا جب بھی کبھی موقع ملے اُن کو سینے سے لگانا چاہیے

ظلم کی عادت ہے گرچہ آپ کو دل نہ اتنا بھی دُکھانا چاہیے

جتنا چاہے غیر سے ملیے مگر ملنے ہم سے بھی تو آنا چاہیے

ہیں تو شیدا آپ لیکن آپ کو
دل نہ اتنا بھی لگانا چاہیے

کلامِ شیدا بقلمِ شیدا

ا

ہو اب بام جو جلوہ تری رعنائی کا
کم ہو اے چاند اندھیرا شبِ تنہائی کا

دیدۂ شوق، دلِ شیدا، طبیعت نازک
سارا سامان بہم ہے مری رسوائی کا

ناتواں ہجر میں ایسا ہوں کہ ڈر لگتا ہے
چھوٹ نہ جائے کہیں دامان شکیبائی کا

جا بجا رکھتے کسی ہو تو نہیں ایک ہی دل ہے جدا
دیکھو دستور ہے کیسا مرے ہرجائی کا

لیتا پھرتے ہیں زمانوں کے خدا ہیں سب
کتنا اچھا ہے یہ سودا ترے سودائی کا

داغ لالہ کو دیا، خار دئیے پھولوں کو
شیوہ کیسا ہے یہ تیری چمن آرائی کا

بیش شیدا سے بہت گرچہ ہیں انجم لیکن
کم نہیں ہوتا اندھیرا شبِ شیدائی کا

سہرا

یہ جو عامرؔ کے سجا آج ہے رخ پہ سہرا   ایسا دیکھا ہے کسی نے کوئی دلبر سہرا

ایسی شہرت ہوئی عالم میں کہ مہماں بن کر   دیکھنے آتے ہیں امشب مہ و اختر سہرا

شاکرہؔ ہی کی زباں شکر سے شیریں نہ ہوئی   نورؔ کی چشم بھی کرتا ہے منور سہرا

بن گیا اپنی درخشانی و رخشانی سے   شاہؔ صاحب کے لیے بھی دُر و جوہر سہرا

دلکشی ایسی عمرؔ کے بھی لیے ہے اس میں   کرتا جراحیِ دل ہے یہ سراسر سہرا

یوں بھی آج عروسِ سخن شیداؔ ہے
کہ بنا حُسن کا ہے اُس کے یہ زیور سہرا

سہرا

سعد کے سر پہ جو پھولوں کا لگایا سہرا
پھولے یوں پھول کہ پھولا نہ سمایا سہرا
گل فروشوں کے لیے کام یہ آسان نہ تھا
پھول چن چن کے انھوں نے جو بنایا سہرا
اپنی زیبائی سے تھا غیرتِ گلشن ایسا
باغباں رشک سے پھر دیکھ نہ پایا سہرا
رہی پروا نہ گلستان و نشیمن کی اسے
بلبلِ زار کے یوں دل میں سمایا سہرا
کرنے عش عش لگے مہماں رخِ نوشہ پر
کر کے آراستہ جب ان کو دکھایا سہرا
لائے پر سامنے دولہا کو جو وقتِ شادی
منہ چھپا دیکھ کے دلہن کو نہ بھایا سہرا
کی تو کوشش ہے بہت آپ نے شیدا لیکن
کہنا اچھا سا کوئی پھر بھی نہ آیا سہرا

سہرا

روئے مُونس پہ جو اِک آج سجا ہے سہرا
مُونسِ جانِ محبوں کا ہوا ہے سہرا
ہجر کی جھیلی بلائیں ہیں بہت تب جا کر
دردِ مُونس کی ہوا آج دوا ہے سہرا
ماند کرتا ہے یہ الماس و دُر و لعل و گہر
گل و سُوری و سمن سے جو بنا ہے سہرا
بُشریٰ و کسریٰ و یُسریٰ کی بھی اور آپ کی بھی
یہ انیس ایک دعاؤں کا صلا ہے سہرا
دیکھنے آئے ہیں مہمان جو دنیا بھر سے
کس قدر، کہتے ہیں سب، زیبِ لقا ہے سہرا
منہ چھپا دیکھ کے مُونس کا مگر شادی میں
سعدیہ کو نہ ذرا سا بھی جچا ہے سہرا
لکھ تو شیدا دیا فرمائشِ بُشریٰ پہ مگر
تو کُجا، شعر کُجا اور کُجا ہے سہرا

کلام حافظ



حس اور اقبال

ڈاکٹر سید رشید انجم

ڈاکٹر خالد حمید شیدا کی مایۂ ناز کتب

پاکستان میں درج ذیل اداروں سے بھی دستیاب ہیں

- برائٹ بکس، اردو بازار، لاہور
- فیروز سنز، شاہراہِ قائدِ اعظم، لاہور
- ویلکم بک پورٹ، اردو بازار، کراچی
- بک سنٹر، حیدر روڈ، راولپنڈی
- بیکن بکس، گلگشت، ملتان
- ناشاد بکس، جناح روڈ، کوئٹہ
- بک بینک، ارباب روڈ، پشاور
- مسٹر بکس، آبپارہ مارکیٹ، اسلام آباد

بذریعہ وی پی طلب کیجیے۔ ڈاک خرچ بذمہ ادارہ

سورج پبلشنگ بیورو

2/12، میاں چیمبرز، 3 ٹمپل روڈ، لاہور۔ فون: 7146970, 6280305